فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ اَنْ يَّنْفَعَ اَخَاهُ فَلْيَنْفَعْهُ

یعنی تم میں سے جو شخص اپنے مسلمان بھائی کو نفع پہنچا سکے تو پہنچائے

صحیح مسلم جلد ۴ صفحہ ۱۷۲۶ طبع دار احیاء التراث العربی

الجامع الاوراد

ظاہری و باطنی بیماریوں کا روحانی علاج

بفیضانِ نظر

عالمی روحانی شخصیت

حضرت علامہ مولانا محمد لبشیر قادری فاروقی سیلانی مدظلہ العالی

بانی و مہتمم اعلیٰ عالمی مرکز مرجع خلائق سیلانی ویلفیئر انٹرنیشنل ٹرسٹ

مؤلف

حضرت علامہ مولانا مفتی محمد راشد القادری مدظلہ العالی

ضیاء القرآن پبلی کیشنز
لاہور۔ کراچی ○ پاکستان

Marfat.com

ختم قادریہ شریف

ہر اتوار نماز عصر تا مغرب

بمقام: سید الشہداء سیدنا امیر حمزہ رضی اللہ عنہ مسجد

گلبہار (گولیمار) چورنگی، عقب PSO پٹرول پمپ، ناظم آباد نمبر 2، کراچی

خواتین کے لئے پردہ کا انتظام ہے

قصیدہ بردہ شریف

الحمدللہ، بیماروں اور پریشان حالوں کے لئے خوشخبری

محفل قصیدہ بردہ شریف اور غمزدوں کے ہمراہ حضرت بشیر فاروقی قادری کی

رحمٰن عزوجل کے حضور دعائیں اور التجائیں۔

ہر انگریزی مہینے کے پہلے اور تیسرے ہفتے کی شب

وقت: عشاء کے فوراً بعد بمقام: عیدگاہ مسجد جامع کلاتھ، کراچی

قصیدہ بردہ شریف (دوسری محفل)

یہ محفل ہر انگریزی مہینے کے دوسرے ہفتے کو منعقد ہوگی

بمقام: نوری مسجد علی آباد نزد حسین آباد

خواتین بھی باپردہ اپنے گھر کے افراد کے ساتھ شریک ہوں۔

Marfat.com

عن أنس قال ثم رخص رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم

فی الرقية من العين و الحمة النملة

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے نظر بد،

ڈنک اور پھوڑے پھنسیوں کی صورت میں دم کروانے کی اجازت دی۔

(صحیح مسلم، ج ۴ ص ۱۷۲۵ طبع داراحیاء التراث العربی)

الجامِعُ الوَظائِف

ظاہری و باطنی بیماریوں کا رُوحانی عِلاج

بفیضانِ نظر

عالمی رُوحانی شخصیت

حضرت علامہ مولانا محمد لبشیر قادری فاروقی سیلانی مدظلہ العالی

بانی و مہتمم اعلیٰ عالمی مرکز مرجعِ خلائق سیلانی ویلفیئر انٹرنیشنل ٹرسٹ

مؤلف

حضرت علامہ مولانا مفتی محمد راشد القادری مدظلہ العالی

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور۔ کراچی ○ پاکستان

Marfat.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب	اَلْجَامِعُ الْوَظَائِف
	(ظاہری و باطنی بیماریوں کا طبی و روحانی علاج)
بفیضانِ نظر	حضرت علامہ مولانا محمد بشیر فاروقی مدظلہ العالی
مؤلف	حضرت علاّمہ مولانا مفتی محمد راشد القادری مدظلہ العالی
	0323-2382619 0333-2327829
باہتمام	محمد حفیظ البرکات شاہ
اشاعت بار ششم	جولائی 2014ء
تعداد	دو ہزار
ناشر	ضیاء القرآن پبلی کیشنز

ملنے کے پتے

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

داتا دربار روڈ، 37221953، فیکس:۔042-37238010

9۔الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور۔37247350 فیکس:۔042-37225085

14۔انفال سنٹر، اردو بازار، کراچی

فون:021-32212011-32630411 فیکس:۔021-32210212

e-mail:-info@zia-ul-quran.com

Visit our website:- www.zia-ul-quran.com

Marfat.com



Marfat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

"بارہ ماہ کے اوراد و وظائف"

عنقریب منظرِ عام پر آنے والی ہے

بفیضانِ نظر

حضرت علامہ مولانا محمد لبشیر قادری فاروقی سیلانی مدظلہ العالی

مؤلف

حضرت علامہ مولانا مفتی محمد راشد القادری مدظلہ العالی

الجامع الدعاء

قرآن وحدیث کی روشنی میں عبادات ومعاملات سے متعلق

دعاؤں کا حسین وجامع نسخہ عنقریب شائع ہونے والا ہے۔

بفیضانِ نظر

حضرت علامہ مولانا محمد لبشیر قادری فاروقی سیلانی مدظلہ العالی

مؤلف

حضرت علامہ مولانا مفتی محمد راشد القادری مدظلہ العالی

ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور۔ کراچی ○ پاکستان

Marfat.com

فہرست

عرض مرتب	۲۱
اورادووظائف اورتعویذات وعملیات کے دلائل شرعیہ	۲۲
فضائل بسم اللہ شریف	۲۸
بسم اللہ کی برکت کے تیرہ حروف کی نسبت سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے 13 مدنی پھول	۲۹
فضائل تلاوت	۳۲
درود شریف کی فضیلت	۳۲
سورۃ الحشر کی آخری آیات پڑھنے کی فضیلت	۳۲
کرم کے تین حروف کی نسبت سے سورۃ البقرہ کی آخری آیات پڑھنے کے 3 فضائل	۳۳
قرآن کے چار حروف کی نسبت سے آیۃ الکرسی کے 4 فضائل	۳۴
آیۃ الکرسی کی پانچ برکتیں	۳۵
آیت کریمہ کی فضیلت	۳۶
مصطفیٰ کے پانچ حروف کی نسبت سے سوت وقت پڑھے جانے والے 5 وظائف	۳۷
رحمت کے چار حروف کی نسبت سے سورۂ فاتحہ کے 4 فضائل	۳۸
رحمت کے چار حروف کی نسبت سے سورۂ کہف کے 4 فضائل	۳۹
سورۃ الکہف کے خواص	۴۰
یٰسین شریف کی برکات کے سولہ حروف کی نسبت سے سورۂ یٰسین شریف کے	

Marfat.com

16 فضائل	۵۶
سورۃ السجدہ کے فضائل وخواص، بیماری و پریشانی سے نجات	۶۷
برکت کے چار حروف کی نسبت سے سورۂ دخان کے چار فضائل	۷۱
سورۃ محمد کے فضائل وخواص	۷۵
فتح کے تین حروف کی نسبت سورۂ فتح کے 3 فضائل	۸۱
سورۂ حجرات کے فضائل	۸۷
سورۃ قٓ کے فضائل وخواص	۹۱
رحمٰن کے چار حروف کی نسبت سے سورۂ رحمٰن کے 4 فضائل	۹۵
سورۃ الرحمٰن کے دیگر فضائل وخواص	۹۶
سورۂ واقعہ کے فضائل	۱۰۰
سورۃ الواقعہ کے دیگر فضائل وخواص	۱۰۱
سورۃ الحشر کے فضائل وخواص	۱۰۶
سورۃ الجمعہ کے فضائل وخواص	۱۱۱
سورۃ التغابن کے فضائل وخواص	۱۱۳
مدنی انعام کے نو حروف کی نسبت سے سورۂ ملک کے 9 فضائل	۱۱۶
سورۂ ملک کے خواص	۱۱۸
سورۃ نوح کے فضائل وخواص	۱۲۲
سورۃ جن کے خواص	۱۲۴
سورۃ المزمل کے خواص	۱۲۸
سورۃ المدثر کے خواص	۱۳۰
سورۃ الدہر کے خواص	۱۳۶

Marfat.com

سورۃ النبأ کے خواص	۱۳۹
سورۃ الطارق کے خواص	۱۴۰
سورۃ الفجر کے خواص	۱۴۲
سورۃ الشمس کے خواص	۱۴۳
سورۃ الضحیٰ کے خواص	۱۴۴
سورۃ (انشراح) الم نشرح کے خواص	۱۴۵
سورۃ التین کے خواص	۱۴۶
سورۃ القدر کے خواص	۱۴۶
سورۃ الزلزال کے خواص	۱۴۷
سورۃ العادیات کے خواص	۱۴۸
سورۃ القارعۃ کے خواص	۱۴۹
سورۃ التکاثر کے خواص	۱۴۹
سورۃ العصر کے خواص	۱۵۰
سورۃ الہمزۃ کے خواص	۱۵۱
سورۃ الفیل کے خواص	۱۵۲
سورۃ القریش کے خواص	۱۵۲
سورۃ الماعون کے خواص	۱۵۳
سورۃ الکوثر کے خواص	۱۵۳
بری کے تین حروف کی نسبت سے سورۂ کافرون کے 3 فضائل	۱۵۳
سورۃ الکافرون کے خواص	۱۵۴
سورۃ النصر کے خواص	۱۵۵

Marfat.com

سورۃ اللھب کے خواص	۱۵۶
بسم اللہ کے سات حروف کی نسبت سے سورۃ الاخلاص کے 7 فضائل	۱۵۶
سورۃ الاخلاص کے خواص	۱۵۸
پنج تن کے پانچ حروف کی نسبت سے سورۂ فلق اور سورۂ ناس کے 5 فائل	۱۵۹
سورۃ الفلق کے خواص	۱۶۰
سورۃ الناس کے خواص	۱۶۱
فضائل ذکر اللہ	۱۶۲
مغفرت کے پانچ حروف کی نسبت سے استغفار کرنے کے 5 فضائل	۱۶۵
سید الاستغفار پڑھنے والے کے لیے جنت کی بشارت	۱۶۶
واحد کے چار حروف کی نسبت سے کلمہ طیبہ کے 4 فضائل	۱۶۷
جنت کے تین حروف کی نسبت سے سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ پڑھنے کے 3 فضائل	۱۶۸
آقا کے تین حروف کی نسبت سے لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ پڑھنے کے 3 فضائل	۱۶۹
بیدار ہوتے وقت کے 3 اوراد	۱۷۰
یا خدا کے پانچ حروف کی نسبت سے صبح وشام کے 5 اذکار	۱۷۱
احد کے تین حروف کی نسبت سے کلمہ توحید کے 3 فضائل	۱۷۲
پانچ مدنی پھول	۱۷۵
جادو اور بلاؤں سے حفاظت کے لیے شش قفل	۱۷۶
نماز کے بعد پڑھنے والے اوراد	۱۷۷
فضائل درود	۱۸۱

Marfat.com

بسم اللہ کے سات حروف کے نسبت سے درود شریف کے 7 فضائل	۱۸۱
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ کے انتیس حروف کی نسبت سے درود شریف کے 29 مدنی پھول	۱۸۳
سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دیدار کے طلبگار کے لیے تحفہ	۱۸۵
چھ خاص درود پاک	۱۸۶
رسول رحمت کے آٹھ حروف کی نسبت سے درود تاج کے 8 مدنی پھول	۱۹۰
درود تنجینا کے بارے میں ایمان افروز حکایت	۱۹۴
درود ماہی کے بارے میں مچھلی کی حکایت	۱۹۶
اسناد درود اکبر	۱۹۶
فضائل درود اکبر	۱۹۹
فضائل دعا	۲۲۵
قرآن مجید میں دعا کی اہمیت اور تاکید	۲۲۵
یاعفو کے پانچ حروف کی نسبت سے 5 مدنی پھول	۲۳۰
دعا مومن کا ہتھیار ہے کے سترہ حروف کی نسبت سے دعا مانگنے کے 17 مدنی پھول	۲۳۸
چہل ربنا، 40 قرآنی دعائیں	۲۴۱
لفظ رب سے 25 قرآنی دعائیں	۲۵۱
دین و دنیا کی بھلائیوں والی 49 دعائیں	۲۵۹
مختصر حالات مصنف دعائے حزب البحر	275
فضائل اوراد	۲۸۱
کعبۃ اللہ کے آٹھ حروف کی نسبت سے بسم اللہ شریف کے 8 اوراد	۲۸۱
بزرگوں سے منقول 38 مدنی وظائف	۲۸۴

Marfat.com

حلال روزی کمانے، روزی میں برکت، محتاجی دور کرنے اور فاقہ سے نجات کے وظائف	۲۹۶
قرض سے متعلق احادیث مبارکہ	۲۹۸
امراض سے شفاء کے وظائف	۳۰۰
ہر طرح کی جسمانی بیماریوں کے لیے وظائف	۳۰۱
رشتہ ہونے کے وظائف	۳۰۲
اولاد کے حصول کے لیے وظائف	۳۰۲
دشمنوں کے شر سے حفاظت اور نقصان سے بچاؤ	۳۰۳
گمشدہ شخص یا چیز کی واپسی کے وظائف	۳۰۵
جادو جنات سے نجات حاصل کرنے کے وظائف	۳۰۶
جائز حاجات پوری ہونے کے وظائف	۳۰۶
محبت واتفاق کے وظائف	۳۰۸
علم وعمل اور قوت حافظہ کے وظائف	۳۰۸
دکھ، تکلیف، رنج وغم اور پریشانی سے نجات کے لیے وظائف	۳۰۹
نافرمانی اور بری عادات ختم کروانے کے وظائف	۳۱۰
16، گناہوں سے چھٹکارہ اور روحانی درجات کیلئے وظائف	۳۱۰
آفات وبلاؤں سے حفاظت کے وظائف	۳۱۲
خوف وخطر کو دور کرنے کے وظائف	۳۱۲
ہر جائز کام میں کامیابی کے حصول کیلئے وظائف	۳۱۲
خیر وبرکت کے وظائف	۳۱۳
عزت وعظمت، قدر ومنزلت پانے کے وظائف	۳۱۳

علم وحکمت کے دروازے کھولنے کے وظائف	۳۱۳
دودھ بڑھانے کے وظائف	۳۱۳
اسقاط حمل سے حفاظت کے وظائف	۳۱۴
طاقت وقوت اور نورانیت پانے کے وظائف	۳۱۴
اصحاب کہف کے ناموں کی فضیلت	۳۱۴
اسماء الحسنٰی کے ورد کے خواص	۳۱۵
اسماء الحسنٰی کے خواص	۳۱۷
یَااَللّٰہُ (اے معبود برحق) کے وظائف	۳۱۸
یَارَحْمٰنُ (اے بڑے مہربان) کے وظائف	۳۱۸
یَارَحِیْمُ (اے رحم کرنے والے) کے وظائف	۳۱۸
یَا مَلِکُ (اے حقیقی بادشاہ) کے وظائف	۳۱۸
یَا قُدُّوْسُ (اے پاکیزہ) کے وظائف	۳۱۹
یَاسَلَامُ (اے امن وسلامتی دینے والے) کے وظائف	۳۱۹
یَامُؤْمِنُ (اے ایمان وامن دینے والے) کے وظائف	۳۱۹
یَامُهَیْمِنُ (اے نگہبان) کے وظائف	۳۲۰
یَاعَزِیْزُ (اے غلبہ دینے والے) کے وظائف	۳۲۰
یَاجَبَّارُ (اے عظمت والے) کے وظائف	۳۲۰
یَامُتَکَبِّرُ (اے بڑائی وبزرگی والے) کے وظائف	۳۲۱
یَاخَالِقُ (اے پیدا کرنے والے) کے وظائف	۳۲۱
یَابَارِئُ (اے جان ڈالنے والے) کے وظائف	۳۲۱
یَامُصَوِّرُ (اے صورت بنانے والے) کے وظائف	۳۲۲

Marfat.com

یَاغَفَّارُ (اے بڑے بخشنے والے) کے وظائف	۳۲۲
یَاقَهَّارُ (اے غلبہ والے) کے وظائف	۳۲۲
یَاوَهَّابُ (اے بہت عطا کرنے والے) کے وظائف	۳۲۲
یَارَزَّاقُ (اے روزی دینے والے) کے وظائف	۳۲۳
یَافَتَّاحُ (اے کھولنے والے) کے وظائف	۳۲۳
یَاعَلِیْمُ (اے جاننے والے) کے وظائف	۳۲۳
یَاقَابِضُ (اے تنگی کرنے والے) کے وظائف	۳۲۳
یَابَاسِطُ (اے کشادگی پیدا کرنے والے) کے وظائف	۳۲۴
یَاخَافِضُ (اے پست کرنے والے) کے وظائف	۳۲۴
یَارَافِعُ (اے بلند کرنے والے) کے وظائف	۳۲۴
یَامُعِزُّ (اے عزّت دینے والے) کے وظائف	۳۲۴
یَامُذِلُّ (اے ذلت دینے والے) کے وظائف	۳۲۵
یَاسَمِیْعُ (اے سننے والے) کے وظائف	۳۲۵
یَابَصِیْرُ (اے دیکھنے والے) کے وظائف	۳۲۵
یَاحَکَمُ (اے فیصلہ کرنے والے) کے وظائف	۳۲۶
یَاعَدْلُ (اے انصاف کرنے والے) کے وظائف	۳۲۶
یَا لَطِیْفُ (اے لطف وکرم فرمانے والے) کے وظائف	۳۲۶
یَا خَبِیْرُ (اے خبر رکھنے والے) کے وظائف	۳۲۷
یَا حَلِیْمُ (اے بُردباد) کے وظائف	۳۲۷
یَا عَظِیْمُ (اے بزرگی وعظمت والے) کے وظائف	۳۲۷
یَا غَفُوْرُ (اے بخشنے والے) کے وظائف	۳۲۸

Marfat.com

یَا شَکُوْرُ (اے صلہ دینے والے) کے وظائف	۳۲۸
یَا عَلِیُّ (اے بلند و برتر) کے وظائف	۳۲۸
یَا کَبِیْرُ (اے بڑائی والے) کے وظائف	۳۲۹
یَاحَفِیْظُ (اے حفاظت فرمانے والے) کے وظائف	۳۲۹
یَا مُقِیْتُ (اے قوت وتوانائی بخشنے والے) کے وظائف	۳۳۰
یَا حَسِیْبُ (اے کفایت کرنے والے) کے وظائف	۳۳۰
یَا جَلِیْلُ (اے بلند مرتبت والے) کے وظائف	۳۳۰
یَا کَرِیْمُ (اے کرم کرنے والے) کے وظائف	۳۳۱
یَا رَقِیْبُ (اے نگہبانی فرمانے والے) کے وظائف	۳۳۱
یَا مُجِیْبُ (اے دعا قبول کرنے والے) کے وظائف	۳۳۱
یَا وَاسِعُ (اے وسعت دینے والے) کے وظائف	۳۳۲
یَاحَکِیْمُ (اے حکمت والے) کے وظائف	۳۳۲
یا وَدُوْدُ (اے دوستی کرنے والے) کے وظائف	۳۳۲
یامَجِیْدُ (اے عزت والے) کے وظائف	۳۳۲
یابَاعِثُ (اے قبر سے اٹھانے والے) کے وظائف	۳۳۳
یَا شَہِیْدُ (اے موجود) کے وظائف	۳۳۳
یَا حَقُّ (اے ثابت کرنے والے) کے وظائف	۳۳۳
یَاوَکِیْلُ (اے کارساز) کے وظائف	۳۳۳
یَا قَوِیُّ (اے طاقت وقوت والے) کے وظائف	۳۳۳
یَا مَتِیْنُ (اے بہت مضبوطی والے) کے وظائف	۳۳۴
یَا وَلِیُّ (اے دوست) کے وظائف	۳۳۴

یَا حَمِیْدُ (اے تعریف کے لائق) کے وظائف	۳۳۴
یَا مُحْصِیُ (اے گھیرنے والے) کے وظائف	۳۳۴
یَا مُبْدِئُ (اے پیدائش کی ابتداء کرنے والے) کے وظائف	۳۳۵
یَا مُعِیْدُ (اے دوبارہ پیدا کرنے والے) کے وظائف	۳۳۵
یَا مُحْیُ (اے زندہ کرنے والے) کے وظائف	۳۳۵
یَا مُمِیْتُ (اے مارنے والے) کے وظائف	۳۳۵
یَا حَیُّ (اے زندہ) کے وظائف	۳۳۵
یَا قَیُّوْمُ (اے ہمیشہ سے قائم رہنے والے) کے وظائف	۳۳۶
یَا وَاجِدُ (اے پانے والے) کے وظائف	۳۳۶
یَا مَاجِدُ (اے بزرگی والے) کے وظائف	۳۳۶
یَا وَاحِدُ (اے یکتا) کے وظائف	۳۳۶
یَا اَحَدُ (اے واحد) کے وظائف	۳۳۶
یَا صَمَدُ (اے بے نیاز) کے وظائف	۳۳۶
یَا قَادِرُ (اے طاقت والے) کے وظائف	۳۳۷
یَا مُقْتَدِرُ (اے قدرت والے) کے وظائف	۳۳۷
یَا مُقَدِّمُ (اے بڑھانے والے) کے وظائف	۳۳۷
یَا مُؤَخِّرُ (اے پیچھے کرنے والے) کے وظائف	۳۳۷
یَا اَوَّلُ (اے سب سے پہلے) کے وظائف	۳۳۷
یَا اٰخِرُ (اے سب سے آخر میں رہنے والے) کے وظائف	۳۳۷
یَا ظَاهِرُ (اے سب سے ظاہر) کے وظائف	۳۳۸
یَا بَاطِنُ (اے سب سے پوشیدہ) کے وظائف	۳۳۸

Marfat.com

یَا وَالِیُ (اے کام بنانے والے) کے وظائف	۳۳۸
یَا مُتَعَالِیُ (اے سب سے اونچے) کے وظائف	۳۳۸
یَابَرُّ (اے نیکوکار) کے وظائف	۳۳۹
یَاتَوَّابُ (اے توبہ قبول کرنے والے) کے وظائف	۳۳۹
یَامُنْتَقِمُ (اے بدلہ لینے والے) کے وظائف	۳۳۹
یَاعَفُوُّ (اے معاف کرنے والے) کے وظائف	۳۳۹
یَارَءُوْفُ (اے مہربان) کے وظائف	۳۳۹
یَامَالِکَ الْمُلْکِ (اے مُلک کے مالک) کے وظائف	۳۳۹
یَاذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ (اے عظمت اور بزرگی والے) کے وظائف	۳۴۰
یَامُقْسِطُ (اے انصاف کرنے والے) کے وظائف	۳۴۰
یَاجَامِعُ (اے جمع کرنے والے) کے وظائف	۳۴۰
یَاغَنِیُّ (اے بے پرواہ) کے وظائف	۳۴۰
یَامُغْنِیُ (اے بے پرواکرنے والے) کے وظائف	۳۴۰
یَامُعْطِیُ (اے دینے والے) کے وظائف	۳۴۰
یَامَانِعُ (اے روکنے والے) کے وظائف	۳۴۱
یَاضَارُّ (اے نقصان پہنچانے والے) کے وظائف	۳۴۱
یَا نَافِعُ (اے نفع دینے والے) کے وظائف	۳۴۱
یَا نُوْرُ (اے روشنی کرنے والے) کے وظائف	۳۴۱
یَا هَادِیُ (اے ہدایت دینے والے) کے وظائف	۳۴۱
یَا بَدِیْعُ (اے بغیر ذریعے کے پیدا کرنے والے) کے وظائف	۳۴۲
یَا بَاقِیُ (اے ہمیشہ رہنے والے) کے وظائف	۳۴۲

Marfat.com

یَاوَارِثُ (اے مالک) کے وظائف	۳۴۲
یَارَشِیْدُ (اے سیدھی تدبیر والے) کے وظائف	۳۴۲
یَاصَبُوْرُ (اے سب سے بڑھ کر تحمل والے) کے وظائف	۳۴۲
خواص قصیدہ بردہ شریف	۳۴۶
متفرق وظائف	۳۴۶
ہفت ہیکل	۳۵۴
شش قفل	۳۶۵
دعائے گنج العرش	۳۶۸
اعتصام حزب البحر	۳۷۶
دعاء حزب البحر	۳۸۲
ختم قادریہ	۳۹۸
قصیدۂ غوثیہ	۴۰۰
ختم خواجگان	۴۰۲
فضائل نوافل	۴۰۴
تہجد گزار کے آٹھ حروف کی نسبت سے نیک بندوں اور بندیوں کی 8 حکایات	۴۰۶
نماز اشراق	۴۱۰
نماز چاشت کی فضیلت	۴۱۱
صلوٰۃ التسبیح	۴۱۱
استخارہ	۴۱۲
صلوٰۃ الاوابین کی فضیلت	۴۱۴
تحیۃ الوضو	۴۱۵

Marfat.com

صلوٰۃ الاسرار	۴۱۵
صلوٰۃ الحاجات	۴۱۶
گہن کی نماز	۴۱۹
نماز توبہ	۴۲۰
فضائل روزہ	۴۲۲
یاغوث الاعظم کے گیارہ حروف کی نسبت سے نفلی روزوں کے فضائل پر مشتمل 11 روایات	۴۲۳
ہر ماہ تین روزے رکھنے کا ثواب	۴۲۷
یارب محمد کے آٹھ حروف کی نسبت سے ایام بیض کے روزوں کے متعلق 8 روایات	۴۲۸
مصطفیٰ کے پانچ حروف کی نسبت سے پیر شریف اور جمعرات کے روزوں کے متعلق 5 روایات	۴۲۹
جنت کے تین حروف کی نسبت سے بدھ اور جمعرات کے روزوں کے 3 فضائل	۴۳۱
کرم کے تین حروف کی نسبت سے بدھ، جمعرات اور جمعہ کے روزوں کے 3 فضائل	۴۳۱
یانور کے پانچ حروف کی نسبت سے جمعہ کے روزوں کے متعلق 5 فضائل	۴۳۲
فضل کے تین حروف کی نسبت سے تنہا جمعہ کا روزہ رکھنے کی ممانعت کی 3 روایت	۴۳۳
ہفتہ اور اتوار کے روزے کے فضائل پر مشتمل دو روایات	۴۳۴
یاسلطان مدینہ کے بارہ حروف کی نسبت سے روزۂ نفلی کے 12 مدنی پھول	۴۳۵
فضائل ایام	۴۳۷
اتوار کا دن	۴۳۷
پیر کا دن	۴۳۹

Marfat.com

منگل کا دن	۴۴۳
بدھ کا دن	۴۴۵
جمعرات کا دن	۴۴۷
جمعۃ المبارک کا دن	۴۵۲
ہفتہ کا دن یعنی سنیچر	۴۶۶
فضائل شہور	۴۶۹
مبارک مہینے	۴۶۹
محرم الحرام	۴۶۹
اس حسین ابن حیدر پہ لاکھوں سلام کے پچیس حروف کی نسبت سے عاشورہ کو واقع ہونے والے 25 اہم واقعات	۴۷۰
حسین کے چار حروف کی نسبت سے عاشورہ کے روزے کے 4 فضائل	۴۷۳
دعائے عاشورہ	۴۷۴
ربیع النور شریف	۴۷۶
رجب المرجب	۴۷۹
شعبان المعظم	۴۸۰
دعائے نصف شعبان المعظم	۴۸۲
رمضان المبارک	۴۸۴
پانچ خصوصی کرم	۴۸۸
ہر شب ساٹھ ہزار کی بخشش	۴۸۹
شوال المکرم	۴۹۲
ذوالحجہ الحرام	۴۹۳

Marfat.com

اللہ کے چار حروف کی نسبت سے عشرہ ذوالحجۃ الحرام کے متعلق 4 روایات	۴۹۳
فضائل ایصال ثواب	۴۹۵
کرم کے تین حروف کی نسبت سے ایصال ثواب کے تین ایمان افروز فضائل	
دعاؤں کی برکت	۴۹۹
دین خیر خواہی کا نام ہے کے اٹھارہ حروف کی نسبت سے ایصال ثواب کے 18	
مدنی پھول	۵۰۱
ظاہری و باطنی بیماریوں کا روحانی علاج	۵۰۹
فضائل و خصائص آیات	۵۱۰
آیات شفاء	۵۱۰
متفرق علاج	۵۴۶
مختلف مدنی پھول	۵۶۹
مجدد اعظم مولانا امام احمد رضا کے پچیس حروف کی نسبت سے کھجور کے	
25 مدنی پھول	۵۶۹
شریعت و سنت کی پابندی کرنے میں نجات ہے کے تیس حروف کی نسبت سے	
30 غلطیوں کی نشاندہی	۵۷۳
49 انتہائی کارآمد مدنی پھول	۵۷۵
محتاط آدمی سدا سکھی کے سولہ حروف کی نسبت سے 16 گھریلو علاج اور کارآمد	
مدنی پھول	۵۸۰
اللہ کی رحمت کے دس حروف کی نسبت سے زمانہ حمل کی 10 احتیاطیں اور تدبیریں	۵۸۳
شہید کربلا علی اصغر کے سولہ حروف کی نسبت سے دودھ پیتے بچوں کے لیے	
16 مدنی پھول	۵۸۶

Marfat.com

مدینہ کے پانچ حروف کی نسبت سے بخار کے 5 مدنی علاج	۵۸۷
اجمیری کے چھ حروف کی نسبت سے آدھے سر کے درد کے 6 علاج	۵۸۸
مکہ شریف کے سات حروف کی نسبت درد سر کے 7 مدنی علاج	۵۸۸
بدہضمی کے دو مدنی علاج	۵۸۹
111 مدنی پھولوں کا گلدستہ	۵۹۵
دورد لکھی	۶۰۸
عہد نامہ	۶۱۴

صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

صَلٰوۃً وَّسَلَامًا عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

Marfat.com

عرضِ مؤلّف

الحمدللہ ربّ العالمین اس مجموعہ (Collection Paragon) میں حتی المقدور یہ کوشش کی گئی ہے کہ اس میں روزمرّہ کے اوراد و وظائف (Mediumism and Benefices) کے ساتھ ساتھ قرآنی آیتوں سے روحانی (Ghoul) اور جسمانی (Physical) بیماریوں (Diseases) کا علاج (Goldenremedy) بیان کیا گیا ہے۔ اور قرآن کریم کی چالیس (۴۰) وہ دعائیں جن کی ابتداء ربّنا کے ساتھ ہوتی ہے، اور پچیس (۲۵) وہ دعائیں جن کی ابتداء لفظِ "ربّ" سے ہوتی ہے وہ تمام بمعہ فضیلتوں (Preeminences) کے تحریر کی گئی ہیں تاکہ قاری ان کو پڑھ دین و دنیا کی برکتوں (Excellences) سے مالامال ہوسکے۔

یوں تو اوراد و وظائف اور پنج سورہ، دہ سورہ کی طباعت کا سلسلہ تقریباً سوا چار سو سال سے جاری وساری ہے، اور مسلمان ان کو پڑھ کر فیوض و برکات حاصل کررہے ہیں۔

ایک بار پھر طباعت (Publication) کی دنیا ایک ایسا مجموعہ (Collection Paragon) جو تمام اوراد و وظائف کا جامع (Compendious) ہو تشکیل دیئے جانے کا مشورہ (Advice) عالم اسلام کی مشہور روحانی و سماجی شخصیت حضرت علامہ مولانا محمد بشیر فاروقی مدظلہ العالی نے پیش فرمایا اور مجھے روحانی سمندر میں غوطہ لگانے کی تلقین (Accentuation) فرمائی، تاکہ اس کے ذریعہ رہتی دنیا تک لوگ قرآن وسنت کے اس طریقہ کو اپناتے ہوئے اپنے مسائل ازخود حل کرنے کا عزم کریں اور صلوۃ وسنت کے پابند ہوجائیں۔ اور اپنا رشتۂ عبدیت اپنے معبود برحق سے پختہ کرلیں۔

میں حضرت کا مشکور ہوں کہ انہوں نے میری اوراد و وظائف جمع کرنے میں مدد فرمائی، اور اپنے قیمتی مشوروں سے نوازا، اللہ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے اور اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول ومنظور فرمائے۔

محمد راشد القادری

اوراد و وظائف، اور تعویذات وعملیات کے دلائل شرعیہ

سورۂ طلاق کی آیت نمبر ۲ میں ارشاد باریٔ تعالیٰ ہے:

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ﴿۲﴾

ترجمہ: اور جو اللہ سے ڈرے اللہ اس کے لئے نجات کی راہ نکال دے گا

اس آیت کی تفسیر میں حضرت صدر الافاضل سید محمد نعیم الدین مراد آبادی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ''خزائن العرفان فی تفسیر القرآن'' میں فرماتے ہیں: جس سے وہ دنیا وآخرت کے غموں سے خلاص پائے اور ہر تنگی و پریشانی سے محفوظ رہے۔ سیّدِ عالَم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے کہ جو شخص اس آیت کو پڑھے اللہ تعالیٰ اس کیلئے شبہاتِ دنیا غمراتِ موت وشدائدِ روزِ قیامت سے خلاص کی راہ نکالے گا اور اس آیت کی نسبت سیّدِ عالَم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ بھی فرمایا کہ میرے علم میں ایک ایسی آیت ہے جسے لوگ محفوظ کرلیں تو ان کی ہر ضرورت وحاجت کیلئے کافی ہے۔ شانِ نزول: عوف بن مالک کے فرزند کو مشرکین نے قید کرلیا تو عوف نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہوں نے یہ بھی عرض کیا کہ میرا بیٹا مشرکین نے قید کرلیا ہے اور اسی کے ساتھ اپنی محتاجی وناداری کی شکایت کی، سیّدِ عالَم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا ڈر رکھو اور صبر کرو اور کثرت سے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ پڑھتے رہو عوف نے گھر آ کر اپنی بی بی سے یہ کہا اور دونوں نے پڑھنا شروع کیا وہ پڑھ ہی رہے تھے کہ بیٹے نے دروازہ کھٹکھٹایا دشمن غافل ہوگیا تھا اس نے موقع پایا قید سے نکل بھاگا اور چلتے ہوئے چار ہزار بکریاں بھی دشمن کی ساتھ لے آیا، عوف نے خدمتِ اقدس میں حاضر ہوکر دریافت کیا کہ یہ بکریاں انکے لئے حلال ہیں؟ حضور نے اجازت دی اور یہ آیت نازل ہوئی۔

امام مسلم بن حجاج نیشاپوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ''صحیح مسلم'' میں فرماتے ہیں: عن أنس قال ثم رخص رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم فى الرقية من العين

والحمة والنملة حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے نظر بد، ڈنک اور پھوڑے پھنسیوں کی صورت میں دم کروانے کی اجازت دی۔

(صحیح مسلم، ج ۴، ص ۱۷۲۵ طبع داراحیاء التراث العربی)

مُحَقِّق عَلَی الاِطلاق، حضرت علامہ شیخ محمد عبدالحق محدّث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ''اشعۃ اللمعات'' (فارسی) ج ۳ ص ۶۴۵ پر اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں: یاد رہے کہ تمام بیماریوں اور تکلیفوں میں دم کرنا جائز ہے، صرف ان تین کے ساتھ مخصوص نہیں، خاص طور پر ان کے ذکر کی وجہ یہ ہے کہ دوسری بیماریوں کی نسبت ان تین میں دم زیادہ مناسب اور مفید ہے۔

امام اہلسنت، ولی نعمت، عظیم البرکت، عظیم المرتبت، پروانۂ شمع رسالت، مجدد دین وملت، حضرت علامہ مولانا الحاج الحافظ القاری الشاہ احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن ''فتاوی افریقہ'' ص ۱۶۸ پر فرماتے ہیں: جائز تعویذ کہ قرآن کریم یا اسمائے الٰہیہ یا دیگر اذکار و دعوات (دعاؤں) سے ہو اس میں اصلاً حرج نہیں بلکہ مستحب ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: من استطاع منکم أن ینفع أخاہ فلینفعہ۔ یعنی تم میں سے جو شخص اپنے مسلمان بھائی کو نفع پہنچا سکے تو پہنچائے۔

(صحیح مسلم، ج ۴، ص ۱۷۲۶ طبع داراحیاء التراث العربی)

امام محمد بن عیسیٰ ترمذی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ''سنن ترمذی'' میں فرماتے ہیں: حضرت سیدنا ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت سیدنا ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ جنات اور انسانوں کی نظر سے پناہ مانگا کرتے تھے حتّٰی کہ سورۂ فلق وناس نازل ہوئیں، پھر آپ ﷺ نے ان کو اختیار فرمالیا اور ان کے ماسوا کو چھوڑ دیا۔ (سنن ترمذی، ج ۴ ص ۱۳ طبع دارالفکر بیروت)

طبیبِ اعظم ﷺ کا تعویذ لکھ کر عطا فرمانا

حضرت امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ ''کتاب الاتقان'' میں حضرت محدّث

Marfat.com

ابن سنی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت نقل فرماتے ہیں کہ جب حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کو وضع حمل کا وقت قریب ہوتا رسول اللہ ﷺ (سورۂ اعراف کی آیت ۵۴)

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَى الْعَرْشِ یُغْشِی الَّیْلَ النَّهَارَ یَطْلُبُهٗ حَثِیْثًا وَّ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ وَ النُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَ الْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۵۴﴾

اور معوذتین (یعنی سورۃ الفلق اور سورۃ الناس) لکھ کر عنایت فرمادیا کرتے تھے۔ جس سے وضع حمل میں آسانی ہوجایا کرتی تھی۔

ترجمان القرآن، مفسر قرآن حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے تعویذ لکھنے کا ثبوت

علامہ قرطبی علیہ رحمۃ نے ''تفسیر قرطبی'' میں (ج ۱۶ ص ۲۲۲ طبع دار الشعیب) اور علامہ صاوی علیہ رحمۃ نے ''حاشیہ صاوی علی تفسیر جلالین'' میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت نقل فرمائی ہے: **إذا عسر على المرأة ولدها تكتب هاتين الآيتين والكلمتين في صحيفة ثم تغسل وتسقى منها وهي بسم الله الرحمن الرحيم لا إله إلا الله العظيم الحليم الكريم سبحان الله رب السماوات ورب الأرض ورب العرش العظيم كأنهم يوم يرونها لم يلبثوا إلا عشية أو ضحاها كأنهم ما يوعدون لم يلبثوا إلا ساعة من نهار بلاغ فهل يهلك إلا القوم الفاسقون صدق الله العظيم۔** یعنی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جب عورت کو بچہ کی ولادت میں مشکل ہو تو وہ ان دو آیتوں اور دو کلموں کو کاغذ پر لکھے، پھر غسل کرے اور اسے پانی میں گھول کر پی لے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِیْمُ الْحَلِیْمُ الْكَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَ رَبِّ الْاَرْضِ وَ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ كَاَنَّهُمْ یَوْمَ یَرَوْنَ مَا یُوْعَدُوْنَ لَمْ یَلْبَثُوْۤا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ بَلٰغٌ

Marfat.com

فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفَاسِقُوْنَ۔ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰهَا (ج ۳ ص ۲۹۰ طبع مکتبہ غوثیہ، کراچی)

اسمِ اعظم کا ورد

(۱) وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ

ترجمہ کنزالایمان: اور تمہارا معبود ایک معبود ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں مگر وہی بڑی رحمت والا مہربان۔ (سورۃ البقرۃ آیت نمبر ۱۶۳)

اس آیت کی تفسیر میں حضرت صدر الافاضل سید محمد نعیم الدین مرادآبادی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ''خزائن العرفان فی تفسیر القرآن'' میں فرماتے ہیں: ''ابوداؤد و ترمذی'' میں ہے: کہ اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم ان دو آیتوں میں ہے ایک یہی آیت اور دوسری ''آل عمران آیت نمبر ۲''

(۲) الٓمّٓ ۝۱ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ۔ ترجمہ کنزالایمان: اللہ ہے جس کے سوا کسی کی پوجا نہیں، آپ زندہ اور وں کا قائم رکھنے والا۔

اس کے تحت مفسر قرآن حضرت امام الحافظ عماد الدین اسماعیل بن عمر بن کثیر الدمشقی الشافعی اپنی تصنیف ''تفسیر ابن کثیر'' میں فرماتے ہیں: حضرت ابوامامہ فرماتے ہیں: وہ اسم اعظم جس کی برکت سے اللہ تعالیٰ دعا قبول فرماتا ہے وہ تین سورتیں ہیں۔ بقرۃ آیت نمبر ۱۶۳، ال عمران آیت نمبر ۲، سورۃ طٰہٰ آیت نمبر ۱۱۱۔ ''وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ''

ترجمہ کنزالایمان: اور سب منہ جھک جائیں گے اس زندہ قائم رکھنے والے کے حضور۔

(تفسیر ابن کثیر، ج ۱ ص ۳۴۴ طبع دارالفکر بیروت)

اسمِ اعظم کے ساتھ دعا

(۱) حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کو ان الفاظ ''اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ بِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ'' کا ورد کرتے سنا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس بندے نے اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم اختیار کر کے دعا کی۔ یہ اسم اعظم ایسا ہے کہ اس

کے ذریعے جو دعا مانگی جاتی ہے اللہ قبول فرماتا ہے۔ (مشکوٰۃ المصابیح)

(۲) ''سنن نسائی'' میں ہے: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مسجد نبوی میں بیٹھا ہوا تھا۔ ایک شخص نماز پڑھ رہا تھا، نماز کے بعد اس نے یہ دعا مانگی، ''اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَسَالُکَ بِأَنَّ لَکَ الْحَمْدَ لَا إِلٰہَ إِلَّا أَنْتَ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ بَدِیْعُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْإِکْرَامِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ۔'' تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا! کہ اس شخص نے اللہ تعالیٰ کے اسم اعظم کے واسطہ سے دعا مانگی ہے اور اسم اعظم وہ نام ہے کہ اس کے زریعے اللہ تعالیٰ سے جو التجا کی جاتی ہے وہ پوری ہوتی ہے۔

(سنن نسائی، ج ۳ ص ۵۲ طبع مکتب المطبوعات الاسلامیۃ)

اوراد و وظائف کے تین (۳) شرائط

امام اہلسنّت، ولی نعمت، عظیم البرکت، عظیم المرتبت، پروانۂ شمع رسالت، مجدد دین وملت، حضرت علامہ مولانا الحاج الحافظ القاری الشاہ احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن'' فتاوی رضویہ'' ج ۲۳ ص ۵۵۸ پر فرماتے ہیں: وظائف و اعمال کے اثر کرنے میں تین شرائط ضروری ہیں۔

(۱) حُسنِ اعتقاد: دل میں دغدغہ (خدشہ، اندیشہ) نہ ہو کہ دیکھئے اثر ہوتا ہے یا نہیں؟ بلکہ اللہ عزوجل کے کرم پر پورا بھروسا ہو کہ ضرور اجابت (قبول) فرمائے گا۔ حدیث میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں: **ادعوا اللہ وانتم موقنون بالاجابۃ** یعنی اللہ تعالیٰ سے اس حال پر دعا کرو کہ تمہیں اجابت (قبولیت) کا یقین ہو۔

(۲) صبر و تحمل: دن گزریں تو گھبرائیں نہیں کہ اتنے دن پڑھتے گزرے ابھی کچھ اثر ظاہر نہ ہوا! یوں اجابت بند کر دی جاتی ہے بلکہ لپٹا رہے اور لَو لگائے رہے کہ اب اللہ و رسول (عزوجل و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اپنا فضل کرتے ہیں۔

اللہ عزوجل فرماتا ہے:

وَلَوْ اَنَّھُمْ رَضُوْا مَآ اٰتٰىھُمُ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ ۙ وَقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰہُ سَیُؤْتِیْنَا اللّٰہُ مِنْ

Marfat.com

فَضْلِهٖ وَرَسُوْلُهٗٓ اِنَّآ اِلَى اللّٰهِ رٰغِبُوْنَ (سورۃ التوبۃ، آیت ۵۹)

ترجمہ کنزالایمان: اور کیا اچھا ہوتا اگر وہ اس پر راضی ہوتے جو اللہ و رسول نے ان کو دیا اور کہتے ہمیں اللہ کافی ہے، اب دیتا ہے ہمیں اللہ اپنے فضل سے اور اللہ کا رسول اللہ ہی کی طرف رغبت ہے۔

حدیث میں ہے: یستجاب لأحدکم مالم یعجل فیقول قد دعوت فلا أو فلم یستجب لی۔ یعنی تمہاری دعائیں قبول ہوتی ہیں جب تک جلدی نہ کرو کہ میں نے دعا کی اور اب تک قبول نہ ہوئی۔ (صحیح مسلم، ج ۴ ص ۲۰۹۵، طبع داراحیاء التراث العربی)

(۳) (شرط) اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جملہ اجازات و وظائف و اعمال و تعویذات میں شرط ہے کہ نماز پنجگانہ باجماعت مسجد میں ادا کرنے کی کامل پابندی رہے۔ وباللہ التوفیق

اللہ تعالیٰ ہمیں ان شرائط کو ملحوظ خاطر رکھنے کی توفیق عطا فرمائے اور اس کی برکتوں سے مالامال فرمائے۔

محمد راشد القادری

Marfat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

فضائلِ بسم اللہ شریف

مصیبتوں اور بلاؤں سے نجات

اللہ عزوجل کے محبوب، دانائے غیوب، منزہ عن العیوب ﷺ کا ارشاد مبارک ہے:
''جسے کوئی مشکل پیش آئے اُسے مجھ پر کثرت سے درود پڑھنا چاہئے کیونکہ مجھ پر درود پڑھنا مصیبتوں اور بلاؤں کا ٹالنے والا ہے۔''

(القول البدیع۔ صفحہ ۳۸۳)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی محمَّد

بسم اللہ شریف کی فضیلت

حضرت سیدنا عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ امیر المومنین حضرت سیدنا عثمان ابن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبیوں کے سلطان، سرورِ ذیشان، سردارِ دو جہان، ﷺ سے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ (کی فضیلت) کے بارے میں استفسار (اس۔تف۔سار) کیا، تو اللہ عزوجل کے محبوب، دانائے غیوب، منزہ عن العیوب ﷺ نے فرمایا، ''یہ اللہ عزوجل کے ناموں میں سے ایک نام ہے اور اللہ عزوجل کے اسم اعظم اور اس کے درمیان ایسا ہی قرب ہے جیسے آنکھ کی سیاہی (پتلی) اور سفیدی کے درمیان ہے''۔

(مستدرک للحاکم، ج2، ص250 حدیث 2071)

پیارے بھائیو! ''اسم اعظم'' کی بہت برکتیں ہیں، اسم اعظم کے ساتھ جو دعا کی جائے وہ قبول ہو جاتی ہے، ''سرکار اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے والد ماجد حضرت رئیس المتکلمین مولانا نقی علی خان علیہ رحمۃ الحنان فرماتے ہیں، ''بعض علما نے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ

Marfat.com

الرَّحِیْم کو اسم اعظم کہا۔ سرکار بغداد حضور غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے، بسم اللہ زبان عارف (عارف یعنی اللہ عزوجل کو پہچاننے والا) سے ایسی ہے جیسے کلام خالق عزوجل سے "کُنْ"۔ (یعنی ہوجا) (احسن الوعاء، ص ٦٦)

ادھورا کام

سرکار مکہ مکرمہ، سردارِ مدینہ منورہ ﷺ نے فرمایا: "جو بھی اہم کام بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم کے ساتھ شروع نہیں کیا جاتا وہ ادھورا رہ جاتا ہے"۔ (الدر المنثور، ج ۱، ص ۲٦)

پیارے بھائیو! اپنے نیک اور جائز کاموں میں برکت داخل کرنے کے لیے ہمیں پہلے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ضرور پڑھ لینا چاہیے۔ کھانے کھلانے، پینے پلانے، رکھنے اٹھانے، دھونے پکانے، پڑھنے پڑھانے، چلنے (گاڑی وغیرہ) کے چلانے، اٹھنے اٹھانے، بیٹھنے بٹھانے، بتی جلانے، پنکھا چلانے، دسترخوان بچھانے بڑھانے، بچھونا لپیٹنے بچھانے، دکان کھولنے بڑھانے، تالا کھولنے لگانے، تیل ڈالنے عطر لگانے، بیان کرنے نعت شریف سنانے، جوتا پہننے عمامہ سجانے، دروازہ کھولنے بند فرمانے، الغرض ہر جائز کام کے شروع میں (جبکہ کوئی مانع شرعی نہ ہو) بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم پڑھنے کی عادت بنا کر اس کی برکتیں لوٹنا عین سعادت ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی محمَّد

"بِسْمِ اللّٰہِ کی برکت" کے تیرہ حروف کی نسبت

سے "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم" کے 13 مدنی پھول

1۔ حضرت سیدنا احمد بن علی البونی علیہ رحمۃ اللہ الغنی شمس المعارف (مترجم) کے صفحہ 37 پر لکھتے ہیں: حضرت سیدنا شیخ ابوالعباس احمد بن علی بونی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں: جو بلا ناغہ سات دن تک "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم" 786 بار (اول آخر ایک بار درود شریف) پڑھے ان شاء اللہ عزوجل اس کی ہر حاجت پوری ہو۔ اب وہ حاجت خواہ کسی بھلائی کے

Marfat.com

پانے کی ہو یا برائی دور ہونے کی یا کاروبار چلنے کی۔ (شمس المعارف مترجم، ص ۳۷)

2۔ جو کسی ظالم کے سامنے "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" 50 بار (اول آخر ایک بار درود شریف) پڑھے اس ظالم کے دل میں پڑھنے والے کی ہیبت پیدا ہو اور اس کے شر سے بچا رہے۔ (ایضاً، ص ۳۷)

3۔ جو شخص طلوع آفتاب کے وقت سورج کی طرف رخ کر کے "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" 300 بار اور درود شریف 300 بار پڑھے اللہ عزوجل اس کو ایسی جگہ سے رزق عطا فرمائے گا جہاں اس کا گمان بھی نہ ہوگا اور (روزانہ پڑھنے سے) ان شاء اللہ عزوجل ایک سال کے اندر اندر امیر و کبیر ہو جائے گا۔ (ایضاً، ص ۳۷)

4۔ کند ذہن اگر "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" 786 بار (اول آخر ایک بار درود شریف) پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لے تو ان شاء اللہ عزوجل اس کا حافظہ مضبوط ہو جائے اور جو بات سنے یاد رہے۔ (ایضاً، ص ۳۷)

5۔ اگر قحط سالی ہو تو "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" 61 بار (اول آخر ایک درود شریف) پڑھیں (پھر دعاء کریں) ان شاء اللہ عزوجل بارش ہوگی۔ (ایضاً، ص ۳۷)

6-7۔ "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" کاغذ پر 35 بار (اول آخر ایک بار درود شریف) لکھ کر گھر میں لٹکا دیں ان شاء اللہ عزوجل کاروبار خوب چمکے۔ (ایضاً، ص ۳۸)

8۔ یکم محرم الحرام کو "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" 130 بار لکھ کر (یا لکھوا کر) جو کوئی اپنے پاس رکھے (یا پلاسٹک کوٹنگ کروا کر کپڑے، ریگزین یا چمڑے میں سلوا کر پہن لے) ان شاء اللہ عزوجل عمر بھر اس کو یا اس کے گھر میں کسی کو کوئی برائی نہ پہنچے۔ (ایضاً، ص ۳۸)

مسئلہ: سونے یا چاندی یا کسی بھی دھات کی ڈبیا میں تعویذ پہننا مرد کو جائز نہیں۔ اسی طرح کسی بھی دھات کی زنجیر خواہ اس میں تعویذ ہو یا نہ ہو مرد کو پہننا ناجائز و گناہ ہے۔ اسی طرح سونے، چاندی اور اسٹیل وغیرہ کسی بھی دھات کی تختی یا کڑا جس پر کچھ لکھا ہوا ہو یا نہ لکھا ہوا ہو اگرچہ اللہ کا مبارک نام یا کلمہ طیبہ وغیرہ کھدائی کیا ہوا ہو اس کا پہننا مرد کے لیے

ناجائز ہے۔عورت سونے چاندی کی ڈیا میں تعویذ پہن سکتی ہے۔

9۔جس عورت کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں وہ "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" 61 بار لکھ کر (یا لکھوا کر) اپنے پاس رکھے (چاہے تو موم جامہ یا پلاسٹ کوٹنگ کر کے کپڑے، ریگزین یا چمڑے میں سی کر گلے میں پہن لے یا بازو میں باندھ لے)۔ان شاء اللہ عزوجل بچے زندہ رہیں گے۔

(ایضاً،ص ۳۸)

10۔گھر کا دروازہ بند کرتے وقت یاد کر کے "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" پڑھ لیجئے شیطان (سرکش جنات) گھر میں داخل نہ ہوسکیں گے۔

(ماخوذ از صحیح البخاری، ج ۳ ص ۵۹۱ حدیث ۵۶۲۳)

11۔رات کو کھانے پینے کے برتن بسم اللہ شریف پڑھ کر ڈھک دیجئے، اگر ڈھکنے کے لیے کوئی چیز نہ ہو تو "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" کہہ کر برتن کے منہ پر تنکا وغیرہ رکھ دیجئے۔

(ایضاً)

مسلم شریف کی ایک روایت میں ہے، سال میں ایک رات ایسی آتی ہے کہ اس میں وبا اترتی ہے جو برتن چھپا ہوا نہیں ہے یا مشک کا منہ بندھا ہوا نہیں ہے اگر وہاں سے وہ وبا گزرتی ہے تو اس میں اتر جاتی ہے۔(صحیح مسلم ص ۱۱۱۵ حدیث ۲۰۱۴)

12۔سونے سے قبل "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" پڑھ کر تین بار بستر جھاڑ لیجئے، ان شاء اللہ عزوجل موذیات (یعنی ایذا دینے والی چیزوں) سے پناہ حاصل ہوگی۔

13۔کاروبار میں جائز لین دین کے وقت یعنی جب کسی سے لیں تو "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" پڑھیں اور جب کسی کو دیں تو "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" کہیں۔ان شاء اللہ عزوجل خوب برکت ہوگی۔

یارب مصطفیٰ! عزوجل وصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" کی برکتوں سے مالا مال فرما اور ہر نیک و جائز کام کی ابتداء میں "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" پڑھنے کی توفیق عطا فرما۔

آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Marfat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

فضائلِ تلاوت

درود شریف کی فضیلت

حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:
''جس نے قرآن پڑھا اور اپنے رب کی حمد کی اور نبی کریم ﷺ پر درود شریف پڑھا تو اس نے خیر کو اپنی جگہ سے تلاش کر لیا۔''

(القول البدیع، صفحہ ۲۳۲)

معلوم ہوا کہ یہ تین عمل ایسے ہیں جو ان کو اپنے معاملات میں شامل کر لے اس کے لئے خیر ہی خیر ہے۔ دنیا میں بھی اور قبر و حشر میں بھی۔ (انشاء اللہ عزوجل)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب!　　صلَّی اللّٰهُ تعالٰی علی محمَّد

سورۃ الحشر کی آخری آیات پڑھنے کی فضیلت

حضرت سیدنا معقل بن یسار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جو شخص صبح کے وقت تین بار اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ کہے اور سورۂ حشر کی آخری تین آیات پڑھے تو اللہ عزوجل اس کے لیے ستر ہزار فرشتے مقرر کر دیتا ہے جو شام تک اس کے لیے دعائے رحمت کرتے ہیں اور اگر اس دن مرے تو شہید ہوگا اور شام کو پڑھے تو صبح تک یہی فضیلت ہے۔ (سنن الترمذی ج ۴ ص ۴۲۳ حدیث ۲۹۳۱)

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَ الشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ

الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۴﴾

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيْب!　　صلَّى اللّٰهُ تعالٰى على محمَّد

''کرم'' کے تین حروف کی نسبت سے سورۃ البقرہ کی آخری آیات پڑھنے کے 3 فضائل

1۔ حضرت سیدنا نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ شہنشاہ مدینہ قرار قلب و سینہ، صاحب معطر پسینہ، باعث نزول سکینہ، فیض گنجینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے زمین وآسمان کو پیدا کرنے سے دو ہزار سال پہلے ایک کتاب لکھی پھر اس میں سے سورۂ بقرہ کی آخری دو آیتیں نازل فرمائیں۔ جس گھر میں تین راتیں ان دو آیتوں کو پڑھا جائے گا شیطان اس گھر کے قریب نہ آئے گا۔ (سنن الترمذی ج ۴، ص ۴۰۴ حدیث ۲۸۹۱)

2۔ حضرت سیدنا ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نور کے پیکر، نبیوں کے سرور، دو جہاں کے تاجور، سلطان بحر و بر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بیشک اللہ عزوجل نے مجھے اپنے عرش کے نیچے کے خزانے میں سے ایسی دو آیتیں عطا فرمائیں جن کے ذریعے سورۂ بقرہ کا اختتام فرمایا، انہیں سیکھو اور اپنی عورتوں اور بچوں کو سکھاؤ بیشک یہ نماز اور قرآن اور دعا ہیں۔
(مستدرک للحاکم ج ۲ ص ۲۶۸ حدیث ۲۱۱۰)

3۔ حضرت سیدنا ابو مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور پاک، صاحب لولاک، سیاح افلاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص سورۂ بقرہ کی آخری دو آیتیں رات میں پڑھے گا وہ اسے کفایت کریں گی۔ (صحیح البخاری ج ۳ ص ۴۰۵ حدیث ۵۰۰۹)

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۫ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۫ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۫ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿۲۸۵﴾ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ

Marfat.com

وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ
اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ
وَاعْفُ عَنَّا ۟ وَاغْفِرْ لَنَا ۟ وَارْحَمْنَا ۟ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۧ

پیارے بھائیو! سورۂ بقرہ کی دو آیتیں کفایت کرنے سے مراد یہ ہے کہ یہ دو آیتیں اس کے اس رات کے قیام (رات کی عبادت) کے قائم مقام ہو جائیں گی یا اس رات اسے شیطان سے محفوظ رکھیں گی۔ ایک قول یہ بھی ہے کہ اس رات میں نازل ہونے والی آفات سے بچائیں گی۔ واللہ تعالیٰ اعلم (فتح الباری، ج۹ ص ۴۸)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی محمَّد

''قرآن'' کے چار حروف کی نسبت سے
آیۃ الکرسی کے 4 فضائل

1۔ حدیث شریف میں ہے کہ یہ آیت قرآن مجید کی آیتوں میں بہت ہی عظمت والی آیت ہے۔ (الدر المنثور ج ۲ ص ۶)

2۔ حضرت سیدنا ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حسن اخلاق کے پیکر، نبیوں کے تاجور، محبوب رب اکبر ﷺ نے فرمایا: اے ابو منذر! کیا تمہیں معلوم ہے کہ قرآن پاک کی جو آیتیں تمہیں یاد ہیں ان میں کون سی آیت عظیم ہے؟ میں نے عرض کیا: اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ پھر رسول اللہ عزوجل و ﷺ نے میرے سینے پر ہاتھ مارا اور فرمایا: اے ابو منذر! تمہیں علم مبارک ہو۔ (صحیح مسلم ص ۴۰۵ حدیث ۸۱۰)

3۔ مستدرک کی ایک روایت میں ہے کہ ''سورۂ بقرہ'' میں ایک آیت ہے جو قرآن پاک کی تمام آیتوں کی سردار ہے، وہ آیت جس گھر میں پڑھی جائے اس گھر سے شیطان نکل جاتا ہے اور وہ آیۃ الکرسی ہے۔ (مستدرک للحاکم، ج ۲ ص ۶۴۸ حدیث ۳۰۸۰)

4۔ امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم فرماتے ہیں کہ میں نے نور کے پیکر،

تمام نبیوں کے سرور، دو جہاں کے تاجور، سلطان بحر و بر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا جو شخص ہر نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھے اسے جنت میں داخل ہونے سے موت کے سوا کوئی چیز نہیں روکتی اور جو کوئی رات کو سوتے وقت اسے پڑھے گا اللہ عزوجل اسے، اس کے گھر کو اور آس پاس کے گھروں کو محفوظ فرمادے گا۔ (شعب الایمان ج ۲ ص ۴۵۸ حدیث ۲۳۹۵)

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ﴿۲۵۵﴾

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب!　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی محمَّد

آیۃ الکرسی کی پانچ برکتیں

پیارے بھائیو! جو شخص ہر نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھے گا اس کو حسب ذیل برکتیں نصیب ہوں گی

1۔ وہ مرنے کے بعد جنت میں جائے گا۔ ان شاء اللہ عزوجل

2۔ وہ شیطان اور جن کی تمام شرارتوں سے محفوظ رہے گا۔ ان شاء اللہ عزوجل

3۔ اگر محتاج ہوگا تو چند دنوں میں اس کی محتاجی اور غریبی دور ہو جائے گی۔

4۔ جو شخص صبح و شام اور بستر پر لیٹتے وقت آیۃ الکرسی اور اس کے بعد کی دو آیتیں لٰهِلُوْنَ تک پڑھا کرے گا وہ چوری، غرق آبی (پانی میں ڈوبنے) اور جلنے سے محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ عزوجل

5۔ اگر سارے مکان میں کسی اونچی جگہ پر لکھ کر اس کا کتبہ آویزاں کر دیا جائے تو ان شاء اللہ عزوجل اس گھر میں کبھی فاقہ نہ ہوگا بلکہ روزی میں برکت اور اضافہ ہوگا اور اس مکان میں کبھی چور نہ آسکے گا۔ ان شاء اللہ عزوجل (جنتی زیور ص ۵۸۹)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب!　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی محمَّد

آیت کریمہ کی فضیلت

حضرت سیدنا سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ شہنشاہ خوش خصال، پیکر حسن و جمال، دافع رنج و ملال، صاحب جود و نوال، رسول بے مثال، بی بی آمنہ کے لال صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ورضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: حضرت ذوالنون (یعنی حضرت یونس علیہ السلام) نے مچھلی کے پیٹ میں یہ کلمات کہے: لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ ۖ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ (ترجمہ کنز الایمان: کوئی معبود نہیں سوا تیرے پاکی ہے تجھ کو بے شک مجھ سے بے جا ہوا) (پ ۱۷، انبیاء: ۸۷) لہٰذا جو مسلمان ان کلمات کے ساتھ کسی مقصد کے لیے دعا مانگے اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول فرماتا ہے۔ (سنن الترمذی ج ۵ ص ۳۰۲ حدیث ۳۵۱۶)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب!　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علی محمَّد

”مصطفٰی“ کے پانچ حروف کی نسبت سے سوتے وقت پڑھے جانے والے 5 وظائف

1۔ حضرت سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سرور، دو جہاں کے تاجور، سلطان بحر و بر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم اپنا پہلو بستر پر رکھ کر سورۂ فاتحہ اور قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ (پوری سورت) پڑھ لو گے تو موت کے علاوہ ہر چیز سے امان میں آجاؤ گے۔ (مجمع الزوائد ج ۱۰ ص ۱۶۵ حدیث ۱۷۰۳۰)

2۔ حضرت سیدنا عرباض بن ساریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حسن اخلاق کے پیکر، نبیوں کے تاجور، محبوب رب اکبر عزوجل وصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سونے سے پہلے مسبحات پڑھا کرتے تھے اور فرمایا کرتے کہ ان میں ایک ایسی آیت ہے جو ہزار آیتوں سے بہتر ہے۔

(سنن ابی داؤد ج ۴ ص ۴۰۸ حدیث ۵۰۵۷)

حکیم الامت حضرت مفتی احمد یار خان علیہ رحمۃ الحنان اس حدیث پاک کے تحت

Marfat.com

فرماتے ہیں: یہ (یعنی مسبحات) سورتیں کل سات ہیں سورۂ اسریٰ، سورۂ حدید، سورۂ حشر، سورۂ صف، سورۂ جمعہ، سورۂ تغابن اور سورۂ اعلیٰ، ظاہر ہے کہ سرکار (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پوری سورتیں نہ پڑھتے ہوں گے کہ یہ تو بہت زیادہ ہیں بلکہ ان کی چیدہ چیدہ آیات تلاوت فرماتے ہوں گے۔ (مراۃ المناجیح، ج ۳، ص ۲۴۷)

3۔ حضرت سیدنا نوفل رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی مکرم، نور مجسم، رسول اکرم، شہنشاہ بنی آدم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: قُلْ یٰٓاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ پوری پڑھ کر سویا کرو کیونکہ یہ شرک سے براءت ہے۔ (سنن ابی داؤد، ج ۴، ص ۴۰۷ حدیث ۵۵۰۵)

4۔ حضرت سیدنا ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ خاتم المرسلین، رحمۃ للعالمین، شفیع المذنبین، انیس الغریبین، سراج السالکین، محبوب رب العالمین، جناب صادق وامین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو اپنے بستر پر آتے وقت تین مرتبہ پڑھ لے: اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ هُوَ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَيْهِ (ترجمہ: میں اللہ عزوجل سے بخشش چاہتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ زندہ اور قائم رکھنے والا ہے اور میں اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں)۔ اللہ تعالیٰ اس کے گناہ بخش دیتا ہے اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں، اگرچہ درختوں کے پتوں کے برابر ہوں، اگرچہ ٹیلوں کی ریت کے ذرات کے برابر ہوں، اگرچہ دنیا کے ایام کے برابر ہوں۔

(سنن الترمذی ج ۵ ص ۲۵۵ حدیث ۳۴۰۸)

5۔ نیچے دی ہوئی سورۂ کہف کی آخری چار آیتیں یعنی اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سے ختم سورۃ تک رات میں یا صبح جس وقت جاگنے کی نیت سے پڑھیں آنکھ کھل جائے گی (ان شاء اللہ عزوجل)

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿۱۰۷﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ﴿۱۰۸﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّیْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ﴿۱۰۹﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَیَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّ لَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ

Marfat.com

اَحَدًا ﴿۱۱۰﴾ (پ۱۵ الکہف: ۱۰۷ تا ۱۱۰)

(سنن الدارمی ج ۲ ص ۵۳۶ حدیث ۳۴۰۶، الوظیفۃ الکریمۃ ص ۲۹)

''رحمت'' کے چار حروف کی نسبت سے سورۂ فاتحہ کے 4 فضائل

1۔ حضور پاک، صاحب لاکلوک، سیاح افلاک ﷺ نے فرمایا کہ سورۂ فاتحہ ہر مرض کی دوا ہے اس سورت کا ایک نام ''شافیہ'' اور ایک نام ''سورۃ الشفاء'' ہے اس لیے کہ یہ ہر مرض کے لیے شفا ہے۔

(سنن الدارمی حدیث ۳۳۷۰ ج ۲ ص ۵۳۸۔ حاشیۃ الصاوی الفاتحہ، ج ۱ ص ۱۳)

2۔ مسند دارمی میں ہے کہ 100 مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر جو دعا مانگی جائے اس کو اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے۔ (جنتی زیور ص ۵۸۷)

3۔ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان میں 41 بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر مریض پر دم کرنے سے آرام ہو جاتا ہے اور آنکھ کا درد بہت جلد اچھا ہو جاتا ہے اور اگر اتنا پڑھ کر اپنا تھوک آنکھوں میں لگا دیا جائے تو بہت مفید ہے (ایضاً ص ۵۸۷)

4۔ سات دنوں تک روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ صرف اتنا پڑھیے اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔ اول آخر تین تین بار درود شریف بھی پڑھیے بیماریوں اور بلاؤں کو دور کرنے کے لیے بہت ہی مجرب عمل ہے۔ (جنتی زیور ص ۵۸۸)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱﴾ الرَّحْمٰنِ

سب خوبیاں اللہ کو جو مالک سارے جہان والوں کا بہت مہربان

الرَّحِیْمِ ﴿۲﴾ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ﴿۳﴾ اِیَّاكَ

رحمت والا روز جزا کا مالک ہم تجھی

Marfat.com

نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝٤ اِهْدِنَا

کو ہمیں اور تجھی سے مدد چاہیں ہم کر

الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝٥ صِرَاطَ الَّذِيْنَ

سیدھا راستہ چلا راستہ ان کا جن پر تو نے

اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝٦ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ

احسان کیا نہ ان کا جن پر غضب ہوا

عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝٧

اور نہ بہکے ہوؤں کا

”رحمت“ کے چار حروف کی نسبت سے

سورۂ کہف کے 4 فضائل

1۔ حضرت سیدنا براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص سورۂ کہف کی تلاوت کررہا تھا، ان کے گھر میں ایک جانور بندھا ہوا تھا اچانک وہ جانور بدکنے لگا۔ اس شخص نے دیکھا کہ ایک بادل نے اس کو ڈھانپا ہوا ہے اس شخص نے حضور اکرم، نور مجسم ﷺ سے اس واقعہ کا ذکر کیا، تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے فلاں! تلاوت کیا کرو، کہ یہ سکینہ ہے جو تلاوت قرآن کرتے وقت نازل ہوتا ہے۔ (صحیح مسلم حدیث ۷۹۵ ص ۳۹۹)

2۔ حضرت سیدنا معاذ بن انس جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ عزوجل و ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو سورۂ کہف کی اول و آخر سے تلاوت کرے گا اس کے سر تا پا نور ہی نور ہوگا، جو اس کی مکمل تلاوت کرے گا، اس کے لیے آسمان اور زمین کے درمیان نور ہوگا۔

(المسند للامام احمد بن حنبل حدیث معاذ بن انس الحدیث ۱۵۶۲۶ ج ۵ ص ۳۱۱)

3۔ حضرت سیدنا ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی مکرم، نور مجسم ﷺ نے فرمایا: ”جو جمعہ کے دن سورۂ کہف پڑھے اس کے لیے دو جمعوں کے درمیان ایک نور

روشن کردیا جاتا ہے"۔ایک روایت میں ہے:"جوشب جمعہ کو پڑھے اس کے اور بیت العتیق (یعنی کعبۃ اللہ شریف) کے درمیان ایک نور روشن کردیا جاتا ہے"۔
(شعب الایمان حدیث ۲۴۴۴ ج ۲ ص ۴۷۴)

4۔حضرت سیدنا ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ، نبی کریم، رؤف رحیم ﷺ نے فرمایا: جوسورۂ کہف کی پہلی دس آیتیں یادکرے گا دجال سے محفوظ رہے گا اور ایک روایت میں ہے، جوسورۂ کہف کی آخری دس آیتیں یادکرے گا دجال سے محفوظ رہے گا۔
(صحیح مسلم، الحدیث: ۸۰۹، ص ۴۰۴)

سورۃ الکہف کے وخواص

رزق میں برکت، قرض سے خلاصی، حفاظتِ حمل

سورۃ کہف کی آخری دس آیتوں کی تلاوت سے یا ابتدائی تین آیتوں کو یادکرنے سے یا آخری دس آیتیں پڑھنے سے فتنہ دجال سے محفوظ رہے گا۔

جوشخص جمعہ کے روز قبل از نماز جمعہ اس سورۃ کو پڑھے گا ان شاء اللہ دوسرے جمعہ تک اس کا دل نور سے منوّر رہوگا، اور فتنہ دجّال سے محفوظ رہے گا۔

شب جمعہ کو پڑھنے کی بڑی فضیلت آئی ہے۔جوشخص روزآنہ اس کی ابتدائی دس آیتوں کی تلاوت کرے گا وہ سرتاپاؤں منور ہوجائے گا۔مکمل روزانہ پڑھنے سے اس کے لئے زمین و آسمان کے درمیان نور ہی نور ہوگا۔

(۱) گیارہ روز متواتر پڑھنے سے غربت کا خاتمہ اور فراخی رزق کا سبب بن جائے گا۔

(۲) سورۃ الکہف، بعد نماز جمعہ مسجد میں بیٹھ کر ایک مرتبہ خلوص دل سے پڑھیں، جب تک قرض نہ اترے ہر جمعہ جاری رکھیں۔

(۳) یہ سورۃ ادائیگی قرض، دشمن کی زبان بندی، رفع غربت، ظالم سے نجات، بیماری حفاظت حمل کے لئے بہت مؤثر ہے۔

(۴) حفاظت حمل کے لئے عورت کو چاہئے کہ چالیس روز تک بعد نماز فجر پڑھے۔

Marfat.com

سُوْرَةُ الْكَهْفِ ۱۸ مَكِّيَّةٌ ۶۹ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۱۰ رُكُوْعَاتُهَا ۱۲

سورۃ کہف مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا — اس میں ایک سو دس آیات اور بارہ رکوع ہیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ

سب خوبیاں اللہ کو جس نے اپنے بندے پر کتاب اتاری اور اس میں اصلاً بالکل ذرا بھی کجی

عِوَجًا ۜ ﴿۱﴾ قَيِّمًا لِّيُنْذِرَ بَاْسًا شَدِيْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ

نہ رکھی۔ عدل والی کتاب کہ اللہ کے سخت عذاب سے ڈرائے اور ایمان والوں کو جو

الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا حَسَنًا ۙ ﴿۲﴾ مَّاكِثِيْنَ فِيْهِ

نیک کام کریں بشارت دے کہ ان کے لئے اچھا ثواب ہے، جس میں ہمیشہ

اَبَدًا ۙ ﴿۳﴾ وَّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۗ ﴿۴﴾ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ

رہیں گے، اور ان کو ڈرائے جو کہتے ہیں کہ اللہ نے اپنا کوئی بچہ بنایا۔ اس بارے میں نہ وہ کچھ

عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَآئِهِمْ ؕ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ؕ اِنْ

علم رکھتے ہیں نہ ان کے باپ دادا؛ کتنا بڑا بول ہے کہ ان کے منہ سے نکلتا ہے؛ نرا

يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا ﴿۵﴾ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اِنْ

جھوٹ کہہ رہے ہیں۔ تو کہیں تم اپنی جان پر کھیل جاؤ گے ان کے پیچھے اگر

لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا ﴿۶﴾ اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ

وہ اس بات پر ایمان نہ لائیں غم سے۔ بے شک ہم نے زمین کا سنگار کیا

زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ﴿۷﴾ وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا

جو کچھ اس پر ہے کہ انہیں آزمائیں ان میں کس کے کام بہتر ہیں۔ اور بے شک جو کچھ اس پر ہے ایک دن

صَعِيْدًا جُرُزًا ؕ ﴿۸﴾ اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ ۙ

ہم اسے پٹ پر میدان (ویران زمین) کر چھوڑ دیں گے کیا تمہیں معلوم ہوا کہ پہاڑ کی کھوہ اور جنگل کے کنارے والے

كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ﴿۹﴾ اِذْ اَوَى الْفِتْيَةُ اِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوْا

ہماری ایک عجیب نشانی تھے۔ جب ان نوجوانوں نے غار میں پناہ لی پھر بولے:

Marfat.com

رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ﴿۱۰﴾

اے ہمارے رب! ہمیں اپنے پاس سے رحمت دے اور ہمارے کام میں ہمارے لئے راہ یابی کے سامان کر۔

فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِى الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ﴿۱۱﴾ ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ

تو ہم نے اس غار میں ان کے کانوں پر کئی کے کئی برس تھپکا، پھر ہم نے انہیں جگایا

لِنَعْلَمَ اَىُّ الْحِزْبَيْنِ اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا ﴿۱۲﴾ نَحْنُ نَقُصُّ ع ۱۲

کہ دیکھیں وہ گروہوں میں کون ان کے ٹھہرنے کی مدت زیادہ ٹھیک بتاتا ہے۔ ہم ان کا ٹھیک

عَلَيْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ ۭ اِنَّهُمْ فِتْيَةٌ اٰمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَزِدْنٰهُمْ هُدًى ﴿۱۳﴾

ٹھیک حال تمہیں سنائیں؛ وہ کچھ جوان تھے کہ اپنے رب پر ایمان لائے اور ہم نے ان کو ہدایت بڑھائی۔

وَّرَبَطْنَا عَلٰي قُلُوْبِهِمْ اِذْ قَامُوْا فَقَالُوْا رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَ

اور ہم نے ان کی ڈھارس بندھائی جب کھڑے ہو کر بولے کہ ہمارا رب وہ ہے جو آسمان اور زمین کا رب

الْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَا مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلٰهًا لَّقَدْ قُلْنَآ اِذًا شَطَطًا ﴿۱۴﴾

ہے ہم اس کے سوا کسی معبود کو نہ پوجیں گے ایسا ہو تو ہم نے ضرور حد سے گزری ہوئی بات کہی۔

هٰٓؤُلَاۗءِ قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ۭ لَوْلَا يَاْتُوْنَ عَلَيْهِمْ

یہ جو ہماری قوم ہے اس نے اللہ کے سوا خدا بنا رکھے ہیں؛ کیوں نہیں لاتے ان پر

بِسُلْطٰنٍۢ بَيِّنٍ ۭ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَي اللّٰهِ كَذِبًا ﴿۱۵﴾ وَ

کوئی روشن سند؛ تو اس سے بڑھ کر ظالم کون جو اللہ پر جھوٹ باندھے۔ اور

اِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ فَاْوٗٓا اِلَى الْكَهْفِ يَنْشُرْ

جب تم ان سے اور جو کچھ وہ اللہ کے سوا پوجتے ہیں سب سے الگ ہو جاؤ تو غار میں پناہ لو تمہارا رب

لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ اَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا ﴿۱۶﴾ وَتَرَى

تمہارے لئے اپنی رحمت پھیلا دے گا اور تمہارے کام میں آسانی کے سامان بنا دے گا۔ اور اے مخاطب!

الشَّمْسَ اِذَا طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَاِذَا

تم سورج کو دیکھو گے کہ جب نکلتا ہے تو ان کے غار سے داہنی طرف کو جاتا ہے اور جب

Marfat.com

غَرَبَتْ تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ وَهُمْ فِيْ فَجْوَةٍ مِّنْهُ ذٰلِكَ مِنْ

ڈوبتا ہے تو ان سے بائیں طرف کترا جاتا ہے حالانکہ وہ اس غار کے کھلے میدان میں ہیں؛ یہ اللہ کی

اٰيٰتِ اللّٰهِ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ

نشانیوں میں سے ہے؛ جسے اللہ راہ دے تو وہی راہ پر ہے، اور جسے گمراہ کرے تو ہرگز اس کا

تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا ﴿۱۷﴾ وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ ۚ وَّ

کوئی حمایتی راہ دکھانے والا نہ پاؤ گے۔ اور تم انہیں جاگتا سمجھو اور وہ سوتے ہیں اور

نُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ ۚ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ ع ۲ ۱۳

ہم ان کی داہنی بائیں کروٹیں بدلتے ہیں اور ان کا کتا اپنی کلائیاں پھیلائے ہوئے ہے

بِالْوَصِيْدِ ۚ لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَّلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ

غار کی چوکھٹ پر؛ اے سننے والے! اگر تو انہیں جھانک کر دیکھے تو ان سے پیٹھ پھیر کر بھاگے اور ان سے ہیبت میں

رُعْبًا ﴿۱۸﴾ وَكَذٰلِكَ بَعَثْنٰهُمْ لِيَتَسَآءَلُوْا بَيْنَهُمْ ۚ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ

بھر جائے۔ اور یونہی ہم نے ان کو جگایا کہ آپس میں ایک دوسرے سے احوال پوچھیں؛ ان میں ایک کہنے والا بولا

كَمْ لَبِثْتُمْ ۚ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ۚ قَالُوْا رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا

تم یہاں کتنی دیر رہے؛ کچھ بولے کہ ایک دن رہے یا دن سے کم؛ دوسرے بولے تمہارا رب خوب جانتا ہے جتنا

لَبِثْتُمْ ۚ فَابْعَثُوْٓا اَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ هٰذِهٖٓ اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَلْيَنْظُرْ

تم ٹھہرے؛ تو اپنے میں ایک کو یہ چاندی لے کر شہر میں بھیجو پھر وہ غور کرے کہ وہاں کون سا

اَيُّهَآ اَزْكٰى طَعَامًا فَلْيَاْتِكُمْ بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا يُشْعِرَنَّ

کھانا زیادہ ستھرا ہے کہ تمہارے لیے اس میں سے کھانے کو لائے اور چاہیے کہ نرمی کرے اور ہرگز کسی کو

بِكُمْ اَحَدًا ﴿۱۹﴾ اِنَّهُمْ اِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوْكُمْ اَوْ يُعِيْدُوْكُمْ

تمہاری اطلاع نہ دے۔ بے شک اگر وہ تمہیں جان لیں گے تو تمہیں پتھراؤ کریں گے یا اپنے دین

فِيْ مِلَّتِهِمْ وَلَنْ تُفْلِحُوْٓا اِذًا اَبَدًا ﴿۲۰﴾ وَكَذٰلِكَ اَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ

میں پھیر لیں گے اور ایسا ہوا تو تمہارا کبھی بھلا نہ ہوگا۔ اور اسی طرح ہم نے ان کی اطلاع کر دی

لِيَعْلَمُوْٓا اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاَنَّ السَّاعَةَ لَا رَيْبَ فِيْهَا ۚ اِذْ

کہ لوگ جان لیں کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے اور قیامت میں کچھ شبہ نہیں، جب

يَتَنَازَعُوْنَ بَيْنَهُمْ اَمْرَهُمْ فَقَالُوا ابْنُوْا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا ۭ رَبُّهُمْ

وہ لوگ ان کے معاملہ میں باہم جھگڑنے لگے تو بولے: ان کے غار پر کوئی عمارت بناؤ؛ ان کا رب

اَعْلَمُ بِهِمْ ۭ قَالَ الَّذِيْنَ غَلَبُوْا عَلٰٓى اَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ

انہیں خوب جانتا ہے؛ وہ بولے جو اس کام میں غالب رہے تھے: قسم ہے کہ ہم تو ان پر

مَّسْجِدًا ﴿۲۱﴾ سَيَقُوْلُوْنَ ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ خَمْسَةٌ

مسجد بنائیں گے اب کہیں گے کہ وہ تین ہیں چوتھا ان کا کتا، اور کچھ کہیں گے پانچ ہیں

سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ رَجْمًۢا بِالْغَيْبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ سَبْعَةٌ وَّثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ۭ

چھٹا ان کا کتا بے دیکھے الاؤ کا (تیر کا) بات، اور کچھ کہیں گے سات ہیں اور آٹھواں ان کا کتا،

قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ بِعِدَّتِهِمْ مَا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا قَلِيْلٌ ۬ فَلَا تُمَارِ فِيْهِمْ

تم فرماؤ: میرا رب ان کی گنتی خوب جانتا ہے انہیں نہیں جانتے مگر تھوڑے۔ تو ان کے بارے میں

اِلَّا مِرَآءً ظَاهِرًا ۠ وَّلَا تَسْتَفْتِ فِيْهِمْ مِّنْهُمْ اَحَدًا ﴿۲۲﴾ وَلَا تَقُوْلَنَّ ع ۱۵

بحث نہ کرو مگر اتنی ہی بحث جو ظاہر ہو چکی اور ان کے بارے میں کسی کتابی سے کچھ نہ پوچھو۔ اور ہرگز کسی بات کو

لِشَايْءٍ اِنِّىْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا ﴿۲۳﴾ اِلَّآ اَنْ يَّشَاۗءَ اللّٰهُ ۡ وَاذْكُرْ

نہ کہنا کہ میں کل یہ کر دوں گا مگر یہ کہ اللہ چاہے، اور اپنے رب

رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ وَقُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّهْدِيَنِ رَبِّيْ لِاَقْرَبَ مِنْ

کی یاد کر جب تو بھول جائے اور یوں کہو کہ قریب ہے میرا رب مجھے اس سے نزدیک تر

هٰذَا رَشَدًا ﴿۲۴﴾ وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا

راستی کی راہ دکھائے۔ اور وہ اپنے غار میں تین سو برس ٹھہرے

تِسْعًا ﴿۲۵﴾ قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا ۚ لَهٗ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ

نو اوپر۔ تم فرماؤ: اللہ خوب جانتا ہے وہ جتنا ٹھہرے، اسی کے لئے ہیں آسمانوں اور زمینوں کے سب غیب؛

أَبْصِرْ بِهٖ وَأَسْمِعْ ۭ مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا يُشْرِكُ فِيْ

وہ کیا ہی دیکھتا اور کیا ہی سنتا ہے؛ اس کے سوا ان کا کوئی والی نہیں، اور وہ اپنے حکم میں کسی کو

حُكْمِهٖٓ اَحَدًا ۝۲۶ وَاتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ ۭ لَا

شریک نہیں کرتا۔ اور تلاوت کرو جو تمہارے رب کی کتاب تمہیں وحی ہوئی؛ اس کی

مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ۝۲۷ وَاصْبِرْ

باتوں کا کوئی بدلنے والا نہیں۔ اور ہرگز تم اس کے سوا پناہ نہ پاؤ گے۔ اور اپنی جان

نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ

ان سے مانوس رکھو جو صبح و شام اپنے رب کو پکارتے ہیں

يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ۚ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ

اس کی رضا چاہتے ہیں اور تمہاری آنکھیں انہیں چھوڑ کر اور پر نہ پڑیں، کیا تم دنیا کی زندگانی کا سنگار

الدُّنْيَا ۚ وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ

چاہو گے اور اس کا کہا نہ مانو جس کا دل ہم نے اپنی یاد سے غافل کر دیا اور وہ اپنی خواہش کے پیچھے چلا

وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ۝۲۸ وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۡ فَمَنْ شَاۗءَ فَلْيُؤْمِنْ

اور اس کا کام حد سے گزر گیا۔ اور فرما دو کہ حق تمہارے رب کی طرف سے ہے۔ تو جو چاہے ایمان لائے

وَّمَنْ شَاۗءَ فَلْيَكْفُرْ ۭ اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا ۙ اَحَاطَ بِهِمْ

اور جو چاہے کفر کرے بے شک ہم نے ظالموں کے لئے وہ آگ تیار کر رکھی ہے جس کی دیواریں انہیں

سُرَادِقُهَا ۭ وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَاۗءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِي الْوُجُوْهَ ۭ

گھیر لیں گی؛ اور اگر پانی کے لئے فریاد کریں تو ان کی فریاد رسی ہوگی اس پانی سے کہ چہرے دے (کھولتے) ہوئے دھات کی طرح ہے کہ ان کے منہ بھون دے گا

بِئْسَ الشَّرَابُ ۭ وَسَاۗءَتْ مُرْتَفَقًا ۝۲۹ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

کیا ہی برا پینا ہے اور دوزخ کیا ہی بری ٹھہرنے کی جگہ۔ بے شک جو ایمان لائے اور نیک

الصّٰلِحٰتِ ۙ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ۝۳۰ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ

کام کیے ہم ان کے نیک (انعام) ضائع نہیں کرتے جن کے کام اچھے ہوں۔ ان کے لئے ہے

Marfat.com

جَنَّتُ عَدْنٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ یُحَلَّوْنَ فِیْهَا مِنْ

باغ ہیں ان کے نیچے نہریں بہیں وہ اس میں سونے کے کنگن

اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّیَلْبَسُوْنَ ثِیَابًا خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ وَّ

پہنائے جائیں گے اور سبز کپڑے کریپ (باریک ریشم) اور دبیز (موٹا ریشم) کے

اِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـِٕیْنَ فِیْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ نِعْمَ الثَّوَابُ وَحَسُنَتْ

پہنیں گے وہاں تختوں پر تکیے لگائے؛ کیا ہی اچھا ثواب؛ اور جنت کی کیا ہی

مُرْتَفَقًا ﴿۳۱﴾ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَیْنِ جَعَلْنَا لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَیْنِ ع ۴ ۱۶

اچھی آرام کی جگہ۔ اور ان کے سامنے دو مردوں کا حال بیان کرو کہ ان میں ایک کو ہم نے

مِنْ اَعْنَابٍ وَّحَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ وَّجَعَلْنَا بَیْنَهُمَا زَرْعًا ﴿۳۲﴾ كِلْتَا الْجَنَّتَیْنِ

انگوروں کے دو باغ دیے اور ان کو کھجوروں سے گھیر لیا اور ان کے بیچ میں کھیتی رکھی۔ دونوں باغ اپنے

اٰتَتْ اُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَیْـًٔا ۙ وَّفَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ﴿۳۳﴾ وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ

پھل لائے اور اس میں کچھ کمی نہ دی اور دونوں کے بیچ میں ہم نے نہر بہائی۔ اور وہ پھل رکھتا تھا،

فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ یُحَاوِرُهٗۤ اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَّاَعَزُّ نَفَرًا ﴿۳۴﴾ وَ

تو اپنے ساتھی سے بولا اور وہ اس سے ردو بدل کرتا تھا میں تجھ سے مال میں زیادہ ہوں اور آدمیوں کا زیادہ زور رکھتا ہوں۔

دَخَلَ جَنَّتَهٗ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ مَاۤ اَظُنُّ اَنْ تَبِیْدَ هٰذِهٖۤ

اپنے باغ میں گیا اور اپنی جان پر ظلم کرتا ہوا، بولا: مجھے گمان نہیں کہ یہ کبھی فنا

اَبَدًا ﴿۳۵﴾ وَّمَاۤ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَىِٕنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى رَبِّیْ لَاَجِدَنَّ

ہو اور میں گمان نہیں کرتا کہ قیامت قائم ہو اور اگر میں اپنے رب کی طرف پھیرا گیا بھی تو ضرور اس

خَیْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ﴿۳۶﴾ قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَهُوَ یُحَاوِرُهٗۤ اَكَفَرْتَ بِالَّذِیْ

باغ سے بہتر پلٹنے کی جگہ پاؤں گا۔ اس کے ساتھی نے اس سے الٹ پھیر کرتے ہوئے جواب دیا کیا تو اس کے ساتھ کفر کرتا ہے جس نے

خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ رَجُلًا ﴿۳۷﴾ لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ

تجھے مٹی سے بنایا پھر نطفہ سے پھر تجھے ٹھیک مرد کیا۔ لیکن میں تو یہی کہتا ہوں

Marfat.com

رَبِّیْ وَلَآ اُشْرِكُ بِرَبِّیْٓ اَحَدًا ﴿۴۲﴾ وَلَوْلَآ اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا

کہ وہ اللہ ہی میرا رب ہے اور میں کسی کو اپنے رب کا شریک نہیں کرتا ہوں۔ اور کیوں نہ ہوا کہ جب تو اپنے باغ میں گیا تو کہا ہوتا

شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿۴۳﴾

جو چاہے اللہ ہمیں کچھ زور نہیں مگر اللہ کی مدد کا۔ اگر تو مجھے اپنے سے مال و اولاد میں کم دیکھتا ہے۔

فَعَسٰى رَبِّیْٓ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا

تو قریب ہے کہ میرا رب مجھے تیرے باغ سے اچھا دے اور تیرے باغ پر آسمان سے بجلیاں

مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا زَلَقًا ﴿۴۴﴾ اَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ

اترے تو وہ پٹ پر میدان (ویران زمین) ہو کر رہ جائے، یا اس کا پانی زمین میں دھنس جائے پھر تو

تَسْتَطِيْعَ لَهٗ طَلَبًا ﴿۴۵﴾ وَاُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَآ

اسے ہرگز تلاش نہ کر سکے۔ اور اس کے پھل گھیر لئے گئے تو اپنے ہاتھ ملتا رہ گیا اس لاگت پر

اَنْفَقَ فِيْهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُشْرِكْ

جو اس باغ میں خرچ کی تھی اور وہ اپنی چھتوں پر (چھپروں پر) گرا ہوا تھا اور کہہ رہا ہے: اے کاش! میں نے اپنے رب کا کسی کو

بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ﴿۴۶﴾ وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَمَا كَانَ

شریک نہ کیا ہوتا۔ اور اس کے پاس کوئی جماعت نہ تھی کہ اللہ کے سامنے اس کی مدد کرتی، نہ وہ بدلہ لینے

مُنْتَصِرًا ﴿۴۳﴾ هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ ۭ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ﴿۴۴﴾

کے قابل تھا۔ یہاں کھلا ہے کہ اختیار سچے اللہ کا ہے؛ اس کا ثواب سب سے بہتر اور اسے ماننے کا انجام سب سے بھلا۔

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ

اور ان کے سامنے زندگانی دنیا کی کہاوت بیان کر دے جیسے ایک پانی ہم نے آسمان سے اتارا تو اس کے سبب

بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى

زمین کا سبزہ گھنا ہو کر نکلا پھر سوکھی گھاس ہو گیا جسے ہوائیں اڑائیں؛ اور اللہ ہر چیز پر

كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ﴿۴۵﴾ اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَ

قابو والا ہے۔ مال اور بیٹے یہ جیتی دنیا کا سنگار ہے، اور

ع ۱۲ ۱۷

Marfat.com

الْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا ﴿۴۶﴾ وَيَوْمَ نُسَيِّرُ

باقی رہنے والی اچھی باتیں ان کا ثواب تمہارے رب کے یہاں بہتر اور وہ امید میں سب سے بھلی۔ اور جس دن ہم پہاڑوں کو

الْجِبَالَ وَتَرَى الْاَرْضَ بَارِزَةً ۙ وَّحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ﴿۴۷﴾

چلائیں گے اور تم زمین کو صاف کھلی ہوئی دیکھو گے اور ہم انہیں اٹھائیں گے تو ان میں سے کسی کو نہ چھوڑیں گے۔

وَعُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ؕ لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۭ

اور سب تمہارے رب کے حضور پرا باندھے پیش ہوں گے؛ بے شک تم ہمارے پاس ویسے ہی آئے جیسا ہم نے تمہیں پہلی بار بنایا تھا۔ بلکہ

بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا ﴿۴۸﴾ وَوُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ

تمہارا گمان تھا کہ ہم ہرگز تمہارے لئے کوئی وعدہ کا وقت نہ رکھیں گے۔ اور نامہ اعمال رکھا جائے گا تو تم مجرموں کو دیکھو گے کہ اس

مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ

کے لکھے سے ڈرتے ہوں گے اور کہیں گے ہائے خرابی ہماری اس نوشتہ کو کیا ہوا نہ اس نے کوئی

صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ اَحْصٰىهَا ۚ وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ۭ وَلَا

چھوٹا گناہ چھوڑا نہ بڑا، جسے گھیر نہ لیا ہو، اور اپنا سب کیا انہوں نے سامنے پایا؛ اور تمہارا

يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ﴿۴۹﴾ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ ع ۶ ۱۸

رب کسی پر ظلم نہیں کرتا۔ اور یاد کرو جب ہم نے فرشتوں کو فرمایا کہ آدم کو سجدہ کرو تو سب نے سجدہ کیا سوا

اِبْلِيْسَ ۭ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ ۭ اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ وَذُرِّيَّتَهٗٓ

ابلیس کے؛ قوم جن سے تھا تو اپنے رب کے حکم سے نکل گیا؛ بھلا کیا اسے اور اس کی اولاد کو

اَوْلِيَاۗءَ مِنْ دُوْنِيْ وَهُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ ۭ بِئْسَ لِلظّٰلِمِيْنَ بَدَلًا ﴿۵۰﴾ مَآ اَشْهَدْتُّهُمْ

میرے سوا دوست بناتے ہو اور وہ ہمارے دشمن ہیں ظالموں کو کیا ہی برا بدل ملا۔ نہ میں نے آسمانوں اور

خَلْقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَا خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ ۠ وَمَا كُنْتُ مُتَّخِذَ

زمین کو بناتے وقت انہیں سامنے بٹھا لیا تھا نہ خود ان کے بناتے وقت اور نہ میری شان کہ

الْمُضِلِّيْنَ عَضُدًا ﴿۵۱﴾ وَيَوْمَ يَقُوْلُ نَادُوْا شُرَكَاۗءِيَ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ

گمراہ کرنے والوں کو بازو بناؤں۔ اور جس دن فرمائے گا کہ پکارو میرے شریکوں کو جو تم گمان کرتے تھے

فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيبُوا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ مَوْبِقًا ﴿۵۲﴾ وَرَأَى الْمُجْرِمُونَ

تو انہیں پکاریں گے وہ انہیں جواب نہ دیں گے اور ہم ان کے درمیان ایک ہلاکت کا میدان کردیں گے۔ اور مجرم

النَّارَ فَظَنُّوا أَنَّهُمْ مُوَاقِعُوهَا وَلَمْ يَجِدُوا عَنْهَا مَصْرِفًا ﴿۵۳﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا ع ۱۹

دوزخ کو دیکھیں گے تو یقین کریں گے کہ انہیں اس میں گرنا ہے اور اس سے پھرنے کی کوئی جگہ نہ پائیں گے۔ اور بے شک ہم نے

فِي هَٰذَا الْقُرْآنِ لِلنَّاسِ مِن كُلِّ مَثَلٍ ۚ وَكَانَ الْإِنسَانُ أَكْثَرَ

لوگوں کے لئے اس قرآن میں ہر قسم کی مثل طرح طرح بیان فرمائی، اور آدمی ہر چیز سے بڑھ کر

شَيْءٍ جَدَلًا ﴿۵۴﴾ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ أَن يُؤْمِنُوا إِذْ جَاءَهُمُ الْهُدَىٰ وَيَسْتَغْفِرُوا

جھگڑا لو ہے۔ اور آدمیوں کو کس چیز نے اس سے روکا کہ ایمان لاتے جب ہدایت ان کے پاس آئی اور اپنے رب سے

رَبَّهُمْ إِلَّا أَن تَأْتِيَهُمْ سُنَّةُ الْأَوَّلِينَ أَوْ يَأْتِيَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلًا ﴿۵۵﴾ وَ

معافی مانگتے مگر یہ کہ ان پر اگلوں کا دستور آئے یا ان پر سامنے کا عذاب آئے۔ اور

مَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِينَ إِلَّا مُبَشِّرِينَ وَمُنذِرِينَ ۚ وَيُجَادِلُ الَّذِينَ

ہم رسولوں کو نہیں بھیجتے مگر خوشی اور سنانے والے، اور جو کافر ہیں وہ

كَفَرُوا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوا بِهِ الْحَقَّ وَاتَّخَذُوا آيَاتِي وَمَا أُنذِرُوا

باطل کے ساتھ جھگڑتے ہیں کہ اس سے حق کو ہٹا دیں اور انہوں نے میری آیتوں کی اور جو ڈرانہیں سنائے

هُزُوًا ﴿۵۶﴾ وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّن ذُكِّرَ بِآيَاتِ رَبِّهِ فَأَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِيَ مَا

گئے تھے۔ ان کی ہنسی بنالی۔ اور اس سے بڑھ کر ظالم کون جسے اس کے رب کی آیتیں یاد دلائی جائیں تو وہ ان سے منہ پھیر لے اور اس کے

قَدَّمَتْ يَدَاهُ ۚ إِنَّا جَعَلْنَا عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ أَكِنَّةً أَن يَفْقَهُوهُ وَفِي

ہاتھ جو آگے بھیج چکے؟ اسے بھول جائے، ہم نے ان کے دلوں پر غلاف کر دیئے ہیں کہ قرآن نہ سمجھیں اور ان کے کانوں میں

آذَانِهِمْ وَقْرًا ۖ وَإِن تَدْعُهُمْ إِلَى الْهُدَىٰ فَلَن يَهْتَدُوا إِذًا أَبَدًا ﴿۵۷﴾ وَ

گرانی؛ اور اگر تم انہیں ہدایت کی طرف بلاؤ تو جب بھی ہرگز کبھی راہ نہ پائیں گے۔ اور

رَبُّكَ الْغَفُورُ ذُو الرَّحْمَةِ ۖ لَوْ يُؤَاخِذُهُم بِمَا كَسَبُوا لَعَجَّلَ لَهُمُ الْعَذَابَ ۚ

تمہارا رب بخشنے والا، مہر والا ہے؛ اگر وہ انہیں ان کے کئے پر پکڑتا تو جلد ان پر عذاب بھیجتا؛

بَلْ لَّهُمْ مَّوْعِدٌ لَّنْ يَّجِدُوْا مِنْ دُوْنِهٖ مَوْئِلًا ﴿٥٨﴾ وَتِلْكَ الْقُرٰٓى اَهْلَكْنٰهُمْ

ہلکہ ان کے لئے ایک وعدہ کا وقت ہے جس کے سامنے کوئی پناہ نہ پائیں گے۔ اور یہ بستیاں ہم نے تباہ کر دیں

لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ مَّوْعِدًا ﴿٥٩﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِفَتٰىهُ ع ٨ ٦ ٢٠

جب انہوں نے ظلم کیا اور ہم نے ان کی بربادی کا ایک وعدہ رکھا تھا۔ اور (یاد کرو) جب موسیٰ نے اپنے خادم سے

لَآ اَبْرَحُ حَتّٰٓى اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ اَوْ اَمْضِيَ حُقُبًا ﴿٦٠﴾ فَلَمَّا بَلَغَا

کہا میں باز نہ رہوں گا جب تک وہاں نہ پہنچوں جہاں دو سمندر ملے ہیں یا قرنوں (مدتوں تک) چلا جاؤں۔ پھر جب وہ

مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوْتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ سَرَبًا ﴿٦١﴾ فَلَمَّا

دونوں ان دریاؤں کے ملنے کی جگہ پہنچے اپنی مچھلی بھول گئے اور اس نے سمندر میں اپنی راہ لی سرنگ بنائی۔ پھر جب

جَاوَزَا قَالَ لِفَتٰىهُ اٰتِنَا غَدَآءَنَا ۡ لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا ﴿٦٢﴾

وہاں سے گزر گئے موسیٰ نے خادم سے کہا ہمارا صبح کا کھانا لاؤ، بے شک ہمیں اپنے اس سفر میں بڑی مشقت کا سامنا ہوا۔

قَالَ اَرَءَيْتَ اِذْ اَوَيْنَآ اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّيْ نَسِيْتُ الْحُوْتَ ۡ وَمَآ

بولا: بھلا دیکھئے تو جب ہم نے اس چٹان کے پاس جگہ لی تھی تو بے شک میں مچھلی کو بھول گیا، اور مجھے

اَنْسٰنِيْهُ اِلَّا الشَّيْطٰنُ اَنْ اَذْكُرَهٗ ۚ وَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ ۖ عَجَبًا ﴿٦٣﴾

شیطان ہی نے بھلا دیا کہ میں اس کا تذکرہ کروں، اور اس نے تو سمندر میں اپنی راہ لی اچنبا ہے۔

قَالَ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۖ فَارْتَدَّا عَلٰٓى اٰثَارِهِمَا قَصَصًا ﴿٦٤﴾ فَوَجَدَا عَبْدًا

موسیٰ نے کہا: یہی تو ہم چاہتے تھے۔ تو پیچھے پلٹے اپنے قدموں کے نشان دیکھتے، تو ہمارے بندوں میں سے

مِّنْ عِبَادِنَآ اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا ﴿٦٥﴾

ایک بندہ پایا جسے ہم نے اپنے پاس سے رحمت دی اور اسے اپنا علم لدنی عطا کیا۔

قَالَ لَهٗ مُوْسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰٓى اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا ﴿٦٦﴾

اس سے موسیٰ نے کہا: کیا میں تمہارے ساتھ رہوں اس شرط پر کہ تم مجھے سکھا دو گے نیک بات جو تمہیں تعلیم ہوئی۔

قَالَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿٦٧﴾ وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ

کہا: آپ میرے ساتھ ہرگز نہ ٹھہر سکیں گے۔ اور اس بات پر کیونکر صبر کریں گے جسے آپ کا علم

Marfat.com

يه خُبرًا ﴿۶۸﴾ قَالَ سَتَجِدُنِيٓ إِن شَآءَ ٱللَّهُ صَابِرًا وَلَآ أَعۡصِي لَكَ

میدانیں۔ کہا: عنقریب اللہ چاہے تو تم مجھے صابر پاؤ گے اور میں تمہارے کسی حکم کے خلاف

أَمۡرًا ﴿۶۹﴾ قَالَ فَإِنِ ٱتَّبَعۡتَنِي فَلَا تَسۡـَٔلۡنِي عَن شَيۡءٍ حَتَّىٰٓ أُحۡدِثَ

نہ کروں گا کہا: تو اگر آپ میرے ساتھ رہتے ہیں تو مجھ سے کسی بات کو نہ پوچھنا جب تک میں خود اس کا

لَكَ مِنۡهُ ذِكۡرًا ﴿۷۰﴾ فَٱنطَلَقَا حَتَّىٰٓ إِذَا رَكِبَا فِي ٱلسَّفِينَةِ خَرَقَهَا قَالَ

ذکر نہ کروں۔ پھر دونوں چلے یہاں تک کہ جب کشتی میں سوار ہوئے اس بندہ نے اسے چیر ڈالا؛ موسیٰ نے کہا:

أَخَرَقۡتَهَا لِتُغۡرِقَ أَهۡلَهَا لَقَدۡ جِئۡتَ شَيۡـًٔا إِمۡرًا ﴿۷۱﴾ قَالَ أَلَمۡ أَقُلۡ إِنَّكَ

کیا تم نے اسے اس لئے چیرا کہ اس کے سواروں کو ڈبادو بے شک یہ تم نے بری بات کی۔ کہا: میں نہ کہتا تھا کہ آپ میرے

لَن تَسۡتَطِيعَ مَعِيَ صَبۡرًا ﴿۷۲﴾ قَالَ لَا تُؤَاخِذۡنِي بِمَا نَسِيتُ وَلَا

ساتھ ہرگز نہ ٹھہر سکیں گے۔ کہا: مجھ سے میری بھول پر گرفت نہ کرو اور

تُرۡهِقۡنِي مِنۡ أَمۡرِي عُسۡرًا ﴿۷۳﴾ فَٱنطَلَقَا حَتَّىٰٓ إِذَا لَقِيَا غُلَٰمٗا فَقَتَلَهُۥ

مجھ پر میرے کام میں مشکل نہ ڈالو۔ پھر دونوں چلے، یہاں تک کہ جب ایک لڑکا ملا تو اس بندہ نے اسے قتل کر دیا

قَالَ أَقَتَلۡتَ نَفۡسَۢا زَكِيَّةَۢ بِغَيۡرِ نَفۡسٖ لَّقَدۡ جِئۡتَ شَيۡـًٔا نُّكۡرًا ﴿۷۴﴾

موسیٰ نے کہا: کیا تم نے ایک ستھری جان کو کسی جان کے بدلے قتل کر دی؛ بے شک تم نے بہت بری بات کی۔

قَالَ أَلَمۡ أَقُل لَّكَ إِنَّكَ لَن تَسۡتَطِيعَ مَعِيَ صَبۡرًا ﴿۷۵﴾ قَالَ

کہا: میں نے آپ سے نہ کہا تھا کہ آپ ہرگز میرے ساتھ نہ ٹھہر سکیں گے۔ کہا:

إِن سَأَلۡتُكَ عَن شَيۡءِۭ بَعۡدَهَا فَلَا تُصَٰحِبۡنِي قَدۡ بَلَغۡتَ

اس کے بعد میں تم سے کچھ پوچھوں تو پھر میرے ساتھ نہ رہنا، بے شک میری طرف

مِن لَّدُنِّي عُذۡرًا ﴿۷۶﴾ فَٱنطَلَقَا حَتَّىٰٓ إِذَآ أَتَيَآ أَهۡلَ قَرۡيَةٍ ٱسۡتَطۡعَمَآ

سے تمہارا عذر پورا ہو چکا۔ پھر دونوں چلے، یہاں تک کہ جب ایک گاؤں والوں کے پاس آئے ان دہقانوں

أَهۡلَهَا فَأَبَوۡاْ أَن يُضَيِّفُوهُمَا فَوَجَدَا فِيهَا جِدَارٗا يُرِيدُ أَن

سے کھانا مانگا انہوں نے انہیں دعوت دینی قبول نہ کی پھر دونوں نے اس گاؤں میں ایک دیوار پائی کہ گرا چاہتی ہے اس

Marfat.com

يَّنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ ؕ قَالَ لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ اَجْرًا ﴿۷۷﴾ قَالَ

بندہ نے اُسے سیدھا کردیا؛ موسیٰ نے کہا: تم چاہتے تو اس پر کچھ مزدوری لے لیتے۔ کہا:

هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِيْ وَبَيْنِكَ ۚ سَاُنَبِّئُكَ بِتَاْوِيْلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ

یہ میری اور آپ کی جدائی ہے، اب میں آپ کو ان باتوں کا بھید (بھید) بتاؤں گا جن پر آپ

عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿۷۸﴾ اَمَّا السَّفِيْنَةُ فَكَانَتْ لِمَسٰكِيْنَ يَعْمَلُوْنَ فِي

سے صبر نہ ہو سکا۔ وہ جو کشتی تھی وہ کچھ محتاجوں کی تھی کہ دریا میں کام کرتے

الْبَحْرِ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَعِيْبَهَا وَكَانَ وَرَآءَهُمْ مَّلِكٌ يَّاْخُذُ كُلَّ

تھے تو میں نے چاہا کہ اسے عیب دار کردوں اور ان کے پیچھے ایک بادشاہ تھا کہ ہر ثابت کشتی

سَفِيْنَةٍ غَصْبًا ﴿۷۹﴾ وَاَمَّا الْغُلٰمُ فَكَانَ اَبَوٰهُ مُؤْمِنَيْنِ فَخَشِيْنَآ اَنْ

زبردستی چھین لیتا۔ اور وہ جو لڑکا تھا اس کے ماں باپ مسلمان تھے تو ہمیں ڈر ہوا کہ

يُّرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ﴿۸۰﴾ فَاَرَدْنَآ اَنْ يُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِّنْهُ

وہ ان کو سرکشی اور کفر پر چڑھا دے۔ تو ہم نے چاہا کہ ان دونوں کا رب اس سے بہتر ستھرا

زَكٰوةً وَّاَقْرَبَ رُحْمًا ﴿۸۱﴾ وَاَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلٰمَيْنِ يَتِيْمَيْنِ

اور اس سے زیادہ مہربانی میں قریب عطا کرے۔ رہی وہ دیوار وہ شہر کے دو یتیم لڑکوں کی

فِي الْمَدِيْنَةِ وَكَانَ تَحْتَهٗ كَنْزٌ لَّهُمَا وَكَانَ اَبُوْهُمَا صَالِحًا فَاَرَادَ

تھی اور اس کے نیچے اُن کا خزانہ تھا اور ان کا باپ نیک آدمی تھا، تو آپ

رَبُّكَ اَنْ يَّبْلُغَآ اَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنْزَهُمَا ۖ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۚ

کے رب نے چاہا کہ وہ دونوں اپنی جوانی کو پہنچیں اور اپنا خزانہ نکالیں آپ کے رب کی رحمت سے،

وَمَا فَعَلْتُهٗ عَنْ اَمْرِيْ ؕ ذٰلِكَ تَاْوِيْلُ مَا لَمْ تَسْطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿۸۲﴾

اور یہ کچھ میں نے اپنے حکم سے نہ کیا؛ یہ بھید (بھیلا) ہے ان باتوں کا جس پر آپ سے صبر نہ ہو سکا۔

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ ؕ قُلْ سَاَتْلُوْا عَلَيْكُمْ مِّنْهُ

اور تم سے ذوالقرنین کو (کے بارے) پوچھتے ہیں؛ تم فرماؤ: میں تمہیں اس کا مذکور پڑھ کر سناتا

Marfat.com

ذِكْرًا ﴿٨٣﴾ إِنَّا مَكَّنَّا لَهُ فِي الْأَرْضِ وَآتَيْنَاهُ مِن كُلِّ شَيْءٍ سَبَبًا ﴿٨٤﴾

ہوں۔ بے شک ہم نے اسے زمین میں قابو دیا اور ہر چیز کا ایک سامان عطا فرمایا۔

فَأَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٨٥﴾ حَتَّىٰ إِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَغْرُبُ

تو وہ ایک سامان کے پیچھے چلا یہاں تک کہ جب سورج ڈوبنے کی جگہ پہنچا اُسے ایک سیاہ کیچڑ کے

فِي عَيْنٍ حَمِئَةٍ وَوَجَدَ عِندَهَا قَوْمًا ۗ قُلْنَا يَا ذَا الْقَرْنَيْنِ إِمَّا

چشمے میں ڈوبتا پایا اور وہاں ایک قوم ملی؛ ہم نے فرمایا: اے ذوالقرنین! یا تو

أَن تُعَذِّبَ وَإِمَّا أَن تَتَّخِذَ فِيهِمْ حُسْنًا ﴿٨٦﴾ قَالَ أَمَّا مَن ظَلَمَ

تو انہیں عذاب دے یا اُن کے ساتھ بھلائی اختیار کر۔ عرض کی کہ وہ جس نے ظلم کیا

فَسَوْفَ نُعَذِّبُهُ ثُمَّ يُرَدُّ إِلَىٰ رَبِّهِ فَيُعَذِّبُهُ عَذَابًا نُّكْرًا ﴿٨٧﴾ وَ

اسے تو ہم عنقریب سزا دیں گے پھر اپنے رب کی طرف پھیرا جائے گا وہ اسے بُری مار دے گا۔ اور

أَمَّا مَنْ آمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُ جَزَاءً الْحُسْنَىٰ ۖ وَسَنَقُولُ

جو ایمان لایا اور نیک کام کیا تو اس کا بدلہ بھلائی ہے اور عنقریب ہم

لَهُ مِنْ أَمْرِنَا يُسْرًا ﴿٨٨﴾ ثُمَّ أَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٨٩﴾ حَتَّىٰ إِذَا بَلَغَ مَطْلِعَ

اسے آسان کام کہیں گے پھر ایک سامان کے پیچھے چلا۔ یہاں تک کہ جب سورج نکلنے کی جگہ

الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَطْلُعُ عَلَىٰ قَوْمٍ لَّمْ نَجْعَل لَّهُم مِّن دُونِهَا

پہنچا اُسے ایسی قوم پر نکلتا پایا جن کے لیے ہم نے سورج سے کوئی آڑ

سِتْرًا ﴿٩٠﴾ كَذَٰلِكَ ۖ وَقَدْ أَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ خُبْرًا ﴿٩١﴾ ثُمَّ أَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٩٢﴾

نہیں رکھی، بات یونہی ہے اور جو کچھ اس کے پاس تھا سب کو ہمارا علم محیط ہے۔ پھر ایک سامان کے پیچھے چلا۔

حَتَّىٰ إِذَا بَلَغَ بَيْنَ السَّدَّيْنِ وَجَدَ مِن دُونِهِمَا قَوْمًا ۙ لَّا

یہاں تک کہ جب دو پہاڑوں کے بیچ پہنچا اُن سے ادھر کچھ ایسے لوگ پائے کہ کوئی

يَكَادُونَ يَفْقَهُونَ قَوْلًا ﴿٩٣﴾ قَالُوا يَا ذَا الْقَرْنَيْنِ إِنَّ يَأْجُوجَ

بات کچھ سمجھ نہ سکتے تھے۔ انہوں نے کہا اے ذوالقرنین! بے شک یاجوج

Marfat.com

وَمَاْجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ فِی الْاَرْضِ فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ خَرْجًا عَلٰٓى

ماجوج زمین میں فساد مچاتے ہیں تو کیا ہم آپ کے لیے کچھ مال مقرر کردیں اس پر

اَنْ تَجْعَلَ بَیْنَنَا وَبَیْنَهُمْ سَدًّا ﴿۹۴﴾ قَالَ مَا مَكَّنِّیْ فِیْهِ رَبِّیْ خَیْرٌ

کہ آپ ہم میں اور اُن میں ایک دیوار بنا دیں۔ کہا: وہ جس پر مجھے میرے رب نے قابو دیا ہے بہتر ہے

فَاَعِیْنُوْنِیْ بِقُوَّةٍ اَجْعَلْ بَیْنَكُمْ وَبَیْنَهُمْ رَدْمًا ﴿۹۵﴾ اٰتُوْنِیْ زُبَرَ

تو میری مدد طاقت سے کرو کہ میں تم میں اور اُن میں ایک مضبوط آڑ بنا دوں، میرے پاس لوہے کے

الْحَدِیْدِ ؕ حَتّٰۤی اِذَا سَاوٰی بَیْنَ الصَّدَفَیْنِ قَالَ انْفُخُوْا ؕ

تختے لاؤ! یہاں تک کہ وہ جب دیوار دونوں پہاڑوں کے کناروں سے برابر کر دی کہا: دھونکو (پھونک مارو)؛

حَتّٰۤی اِذَا جَعَلَهٗ نَارًا ۙ قَالَ اٰتُوْنِیْۤ اُفْرِغْ عَلَیْهِ قِطْرًا ﴿۹۶﴾ فَمَا

یہاں تک کہ جب اُسے آگ کر دیا کہا: لاؤ میں اس پر گلا ہوا تانبہ اُنڈیل دوں۔ تو

اسْطَاعُوْۤا اَنْ یَّظْهَرُوْهُ وَمَا اسْتَطَاعُوْا لَهٗ نَقْبًا ﴿۹۷﴾ قَالَ هٰذَا

یاجوج و ماجوج اس پر نہ چڑھ سکیں اور نہ اس میں سوراخ کر سکیں۔ کہا: یہ

رَحْمَةٌ مِّنْ رَّبِّیْ ۚ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ رَبِّیْ جَعَلَهٗ دَكَّآءَ ۚ وَكَانَ وَعْدُ

میرے رب کی رحمت ہے، پھر جب میرے رب کا وعدہ آئے گا اُسے پاش پاش کر دے گا، اور میرے رب کا

رَبِّیْ حَقًّا ﴿۹۸﴾ وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ یَوْمَىِٕذٍ یَّمُوْجُ فِیْ بَعْضٍ وَّنُفِخَ فِی

وعدہ سچا ہے۔ اور اس دن ہم انہیں چھوڑیں گے کہ اُن کا ایک گروہ دوسرے پر ریلا (طغیانی) دے گا اور صور پھونکا

الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا ﴿۹۹﴾ وَّعَرَضْنَا جَهَنَّمَ یَوْمَىِٕذٍ لِّلْكٰفِرِیْنَ

جائے گا تو ہم سب کو اکٹھا کر لائیں گے اور ہم اس دن جہنم کافروں کے سامنے

عَرْضَا ﴿۱۰۰﴾ الَّذِیْنَ كَانَتْ اَعْیُنُهُمْ فِیْ غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِیْ وَ

لائیں گے وہ جن کی آنکھوں پر میری یاد سے پردہ پڑا تھا اور

كَانُوْا لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ سَمْعًا ﴿۱۰۱﴾ اَفَحَسِبَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اَنْ ع ۱۱ ۱۲

جو بات سن نہ سکتے تھے۔ تو کیا کافر یہ سمجھے ہیں کہ

Marfat.com

يَتَّخِذُوا عِبَادِي مِنْ دُونِي أَوْلِيَاءَ ۚ إِنَّا أَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكَافِرِينَ

میرے بندوں کو میرے سوا حمایتی بنا لیں گے؟ بے شک ہم نے کافروں کی مہمانی کو جہنم تیار

نُزُلًا ﴿١٠٢﴾ قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْأَخْسَرِينَ أَعْمَالًا ﴿١٠٣﴾ الَّذِينَ ضَلَّ

کر رکھی ہے۔ تم فرماؤ: کیا ہم تمہیں بتا دیں کہ سب سے بڑھ کر ناکام عمل کن کے ہیں۔ اُن کے جن کی ساری

سَعْيُهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ يُحْسِنُونَ

کوشش دنیا کی زندگی میں گم گئی اور وہ اس خیال میں ہیں کہ ہم اچھا کام کر رہے

صُنْعًا ﴿١٠٤﴾ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ وَلِقَائِهِ فَحَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ

ہیں یہ لوگ جنہوں نے اپنے رب کی آیتیں اور اس کا ملنا نہ مانا تو ان کا کیا دھرا سب اکارت ہے

فَلَا نُقِيمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَزْنًا ﴿١٠٥﴾ ذَٰلِكَ جَزَاؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوا

تو ہم ان کے لیے قیامت کے دن کوئی تول نہ قائم کریں گے۔ یہ ان کا بدلہ ہے جہنم اس پر کہ اُنہوں نے کفر کیا

وَاتَّخَذُوا آيَاتِي وَرُسُلِي هُزُوًا ﴿١٠٦﴾ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ

اور میری آیتوں اور میرے رسولوں کی ہنسی بنائی۔ بے شک جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے

كَانَتْ لَهُمْ جَنَّاتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿١٠٧﴾ خَالِدِينَ فِيهَا لَا يَبْغُونَ

فردوس کے باغ ان کی مہمانی ہے، وہ ہمیشہ ان ہی میں رہیں گے ان سے جگہ بدلنا

عَنْهَا حِوَلًا ﴿١٠٨﴾ قُلْ لَوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِكَلِمَاتِ رَبِّي لَنَفِدَ الْبَحْرُ

نہ چاہیں گے۔ تم فرما دو: اگر سمندر میرے رب کی باتوں کے لیے سیاہی ہو تو ضرور سمندر ختم ہو جائے گا

قَبْلَ أَنْ تَنْفَدَ كَلِمَاتُ رَبِّي وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهِ مَدَدًا ﴿١٠٩﴾ قُلْ إِنَّمَا

اور میرے رب کی باتیں ختم نہ ہوں گی اگرچہ ہم ویسا ہی اور اس کی مدد کو لے آئیں۔ تو فرماؤ: ظاہر صورت

أَنَا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ يُوحَىٰ إِلَيَّ أَنَّمَا إِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ ۖ فَمَنْ كَانَ يَرْجُو لِقَاءَ

بشری میں تو میں تم جیسا ہوں مجھے وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے، تو جسے اپنے رب سے ملنے کی امید

رَبِّهِ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهِ أَحَدًا ﴿١١٠﴾ ع ۱۲

ہو اسے چاہیے کہ نیک کام کرے اور اپنے رب کی بندگی میں کسی کو شریک نہ کرے۔

Marfat.com

''یٰسین شریف کی برکات'' کے سولہ حروف کی نسبت سے سورۂ یٰسین شریف کے 16 فضائل

1۔ حضرت سیدنا معقل بن یسار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سرکار والا تبار، ہم بے کسوں کے مددگار، شفیع روز شمار، دو عالم کے مالک ومختار، حبیب پروردگار ﷺ نے فرمایا: سورۂ یٰسین قرآن کا دل ہے جو اسے اللہ عزوجل کی رضا اور آخرت کی بہتری کے لیے پڑھے گا اس کی مغفرت کر دی جائے گی۔

(المسند للامام احمد بن حنبل، حدیث ۲۰۳۲۲ ج ۷ ص ۲۸۶ ملتقطاً)

2۔ حضرت سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم، نورِ مجسم ﷺ نے فرمایا: بیشک ہر چیز کا ایک دل ہے اور قرآن کا دل سورۂ یٰسین ہے اور جو ایک مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھے گا اس کے لیے دس مرتبہ قرآن پڑھنے کا ثواب لکھا جائے گا۔

(سنن الترمذی حدیث ۲۸۹۶ ج ۴ ص ۴۰۶)

3۔ حضرت سیدنا حسان بن عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سردارِ مکہ مکرمہ، سرکارِ مدینہ منورہ ﷺ نے فرمایا: تورات میں سورۂ یٰسین کا نام معمۃ ہے، کیونکہ یہ اپنی تلاوت کرنے والے کو دنیا اور آخرت کی ہر بھلائی عطا کرتی ہے، اور دنیا وآخرت کی بلائیں اس سے دور کرتی ہے۔ اور دنیا وآخرت کی ہولناکیوں سے نجات بخشتی ہے اور اس کا نام مدافعۃ القاضیۃ بھی ہے، کیونکہ یہ اپنی تلاوت کرنے والے سے ہر برائی کو دور کر دیتی ہے اور اس کی ہر حاجت پوری کرتی ہے، جس شخص نے اس کی تلاوت کی یہ اس کے لیے بیس حج کے برابر ہے، اور جس نے اس کو لکھا پھر اسے پیا تو اس کے پیٹ میں ہزار دوائیں، ہزار نور، ہزار یقین، ہزار برکتیں اور ہزار رحمتیں داخل ہوں گی اور اس سے ہر دھوکہ اور ہر بیماری دور ہو جائے گی۔ (الدر المنثور ج ۷، ص ۳۷)

4۔ حضرت سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم، نورِ مجسم، سرکار دو

Marfat.com

عالم ﷺ نے فرمایا: میری خواہش ہے کہ سورۂ یٰسین میری امت کے ہر انسان کے دل میں ہو۔ (ایضاً، ص ۳۸)

5۔ حضرت سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اکرم، رسول محتشم، شاہ بنی آدم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص دن کی ابتداء میں سورۂ یٰسین کی تلاوت کرے گا، اس کی تمام حاجات پوری کر دی جائیں گی۔ (ایضاً، ص ۳۸)

6۔ حضرت سیدنا عطاء بن ابو رباح تابعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ شہنشاہ مدینہ سرور قلب وسینہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص دن کی ابتداء میں سورۂ یٰسین کی تلاوت کرے گا، اس کی تمام حاجات پوری کر دی جائیں گی۔ (ایضاً ص ۳۸)

7۔ حضرت سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں: جو شخص بوقت صبح سورۂ یٰسین کی تلاوت کرے اس کی دن کی آسانی اسے شام تک عطا کی گئی، اور جس شخص نے رات کی ابتداء میں اس کی تلاوت کی اسے صبح تک اس رات کی آسانی دی گئی۔ (ایضاً ص ۳۸)

8۔ حضرت سیدنا معقل بن یسار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ بیشک حضور پاک، صاحب لولاک ﷺ نے فرمایا: سورۂ یٰسین قرآن کا دل ہے، جو شخص اس سورۂ مبارکہ کی اللہ عزوجل اور آخرت کے لیے تلاوت کرے گا، اس کے پہلے کے گناہ بخش دیئے جائیں گے، تو تم اس کی تلاوت اپنے مرنے والوں کے پاس کرو۔ (ایضاً ص ۳۸)

9۔ حضرت سیدنا ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اکرم، شاہ بنی آدم ﷺ نے فرمایا: جس مرنے والے کے پاس سورۂ یٰسین تلاوت کی جاتی ہے اللہ تبارک و تعالیٰ اس پر (اس کی روح قبض کرنے میں) نرمی فرماتا ہے۔ (ایضاً ص ۳۸)

10۔ حضرت سیدنا ابو قلابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں: جس نے سورۂ یٰسین کی تلاوت کی اس کی مغفرت ہو جائے گی، اور جس نے کھانے کے وقت اس کے کم ہونے کی حالت میں تلاوت کی تو وہ اسے کفایت کرے گا، اور جس نے کسی مرنے والے کے پاس اس کی تلاوت کی اللہ عزوجل (اس پر) موت کے وقت نرمی فرمائے گا اور

Marfat.com

جس نے کسی عورت کے پاس اس کے بچے کے ولادت کی تنگی پر سورۂ یٰسین کی تلاوت کی اس پر آسانی ہوگی، اور جس نے اس کی تلاوت کی گویا کہ اس نے گیارہ مرتبہ قرآن پاک کی تلاوت کی اور ہر چیز کے لیے دل ہے، اور قرآن کا دل سورۂ یٰسین ہے۔ (ایضاً ص ۹۳)

11۔ حضرت سیدنا ابو جعفر محمد بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں: جو شخص اپنے دل میں سختی پائے تو وہ ایک پیالے میں زعفران سے یٰسٓ ﴿۱﴾ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ﴿۲﴾ لکھے پھر اسے پی جائے۔ (ان شاء اللہ عزوجل اس کا دل نرم ہوگا)۔ (ایضاً ص ۳۹)

12۔ امیر المومنین حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سرکار مدینہ، راحت قلب وسینہ، صاحب معطر پسینہ باعث نزول سکینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے ہر جمعہ کو اپنے والدین، دونوں یا ایک کی قبر کی زیارت کی اور ان کے پاس یٰسین کی تلاوت کی تو اللہ عزوجل ہر حرف کے بدلے اس کی بخشش ومغفرت فرما دیتا ہے۔ (الدر المنثور، ج ۷، ص ۴۰)

13۔ حضرت سیدنا صفوان بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: مشائخ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم فرماتے ہیں کہ جب آپ قریب المرگ شخص کے پاس سورۂ یٰسین کی تلاوت کریں گے تو اس سے موت کی سختی کو ہلکا کیا جائے گا۔ (ایضاً ص ۳۹)

14۔ حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے محبوب، دانائے غیوب، منزہ عن العیوب عزوجل وصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے شب جمعہ سورۂ یٰسین کی تلاوت کی اس کی مغفرت کر دی جائے گی۔ (الترغیب والترہیب حدیث: ۴، ج ۱، ص ۲۹۸)

15۔ حضرت سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ سرکار مدینہ، راحت قلب وسینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قرآن حکیم میں ایک سورت ہے جسے اللہ تعالیٰ کے ہاں عظیم کہا جاتا ہے، اس کے پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ کے ہاں شریف کہا جاتا ہے، اس کو پڑھنے والا قیامت کے روز ربیعہ اور مضر قبائل سے زائد افراد کی شفاعت کرے گا، وہ سورۂ یٰسین ہے۔ (الدر المنثور، ج ۷، ص ۴۰)

Marfat.com

16۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالمصطفیٰ اعظمی علیہ رحمۃ اللہ القوی ''جنتی زیور'' صفحہ 594 پر سورۂ یٰسین پڑھنے کی بہت سی برکتیں شمار کی ہیں:

1۔ بھوکا آدمی اس کو پڑھے تو آسودہ کیا جائے۔ 2۔ پیاسا پڑھے تو سیراب کیا جائے۔ 3۔ ننگا پڑھے تو لباس ملے۔ 4۔ مرد بے عورت والا پڑھے تو جلد اس کی شادی ہو جائے۔ 5۔ عورت بے شوہر والی پڑھے تو جلدی شادی ہو جائے۔ 6۔ بیمار پڑھے تو شفا پائے۔ 7۔ قیدی پڑھے تو رہا ہو جائے۔ 8۔ مسافر پڑھے تو سفر میں اللہ عزوجل کی طرف سے مدد ہو۔ 9۔ غمگین پڑھے تو اس کا رنج و غم دور ہو جائے۔ 10۔ جس کی کوئی چیز گم ہو گئی ہو وہ پڑھے تو جو کھویا ہے وہ مل جائے۔ سورۂ یٰسین کی ایک آیت سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ○ (آیت:۵۸) کو ایک ہزار چار سو انہتر بار پڑھو، ان شاء اللہ تعالیٰ جس مقصد سے پڑھو گے مراد پوری ہوگی، خواجہ دیربی لکھتے ہیں: یہ مجرب ہے اور سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ○ (آیت:۵۸) کو پانچ جگہ ایک کاغذ پر لکھ کر تعویذ باندھو تو حوادثات اور چور وغیرہ سے حفاظت رہے گی جو شخص صبح کو سورۂ یٰسین پڑھے گا اس کا پورا دن اچھا گزرے گا اور جو شخص رات میں اس کو پڑھے گا اس کی پوری رات اچھی گزرے گی۔ حدیث شریف میں ہے کہ یٰسین قرآن کا دل ہے۔ (جنتی زیور، ص ۵۹۳)

سُوْرَۃُ یٰسٓ — بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ — الٓمّٓ ۸۳ — رکوعاتہا ۵

سورۂ یٰسین مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا — اس میں تراسی آیتیں اور پانچ رکوع ہیں

یٰسٓ ۚ﴿۱﴾ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِیْمِ ۙ﴿۲﴾ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ۙ﴿۳﴾ عَلٰی

حکمت والے قرآن کی قسم! بے شک تم سیدھی راہ

صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ؕ﴿۴﴾ تَنْزِیْلَ الْعَزِیْزِ الرَّحِیْمِ ۙ﴿۵﴾ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّا

پر بھیجے گئے ہو۔ عزت والے مہربان کا اتارا ہوا۔ تاکہ تم ڈر سناؤ اس قوم کو

اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ﴿۶﴾ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰۤی اَكْثَرِهِمْ

جن کے باپ دادا نہ ڈرائے گئے تو وہ بے خبر ہیں۔ بے شک ان میں اکثر پر بات ثابت ہو چکی ہے

Marfat.com

فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝٧ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى

تو وہ ایمان نہ لائیں گے۔ ہم نے ان کی گردنوں میں طوق کر دیے ہیں کہ وہ ٹھوڑیوں تک

الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝٨ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا

ہیں تو یہ اوپر کو منہ اُٹھائے رہ گئے۔ اور ہم نے اُن کے آگے دیوار بنا دی

وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝٩ وَسَوَآءٌ

اور ان کے پیچھے ایک دیوار اور اُنہیں اوپر سے ڈھانک دیا تو انہیں کچھ نہیں سوجھتا۔ اور اُنہیں

عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝١٠ اِنَّمَا تُنْذِرُ

ایک سا ہے تم انہیں ڈراؤ یا نہ ڈراؤ وہ ایمان لانے کے نہیں۔ تم تو اُسی کو ڈر سناتے ہو

مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ

جو نصیحت پر چلے اور رحمٰن سے بے دیکھے ڈرے، تو اُسے بخشش اور عزت کے

وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ۝١١ اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ۭ

وقف غفران

ثواب کی بشارت دو۔ بے شک ہم مُردوں کو جلائیں گے اور ہم لکھ رہے ہیں جو اُنہوں نے آگے بھیجا اور جو نشانیاں پیچھے چھوڑ گئے،

وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ۝١٢ ع وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا

ع ١ ١٢ ١٨

اور ہر چیز ہم نے گن رکھی ہے ایک بتانے والی کتاب میں۔ اور ان سے نشانیاں بیان کرو اس

اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ اِذْ جَاۗءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ۝١٣ ۚ اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمُ

وقف لازم

شہر والوں کی، جب اُن کے پاس فرستادے (رسول) آئے۔ جب ہم نے اُن کی طرف

اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ۝١٤

دو بھیجے پھر انہوں نے ان کو جھٹلایا تو ہم نے تیسرے سے زور دیا اب ان سب نے کہا کہ بے شک ہم تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں۔

قَالُوْا مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ وَمَآ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ شَيْءٍ ۙ

بولے: تم تو نہیں مگر ہم جیسے آدمی اور رحمٰن نے کچھ نہیں اُتارا

اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ۝١٥ قَالُوْا رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّآ اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ۝١٦

تم نرے جھوٹے ہو۔ وہ بولے: ہمارا رب جانتا ہے کہ بے شک ضرور ہم تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں۔

وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿١٧﴾ قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَئِنْ لَّمْ

اور ہمارے ذمہ نہیں مگر صاف پہنچادینا۔ بولے ہم تمہیں منحوس سمجھتے ہیں، بے شک اگر

تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿١٨﴾ قَالُوْا طَآئِرُكُمْ

تم باز نہ آئے تو ضرور ہم تمہیں سنگسار کریں گے بے شک ہمارے ہاتھوں تم پر دکھ کی مار پڑے گی۔ اُنہوں نے فرمایا: تمہاری نحوست

مَّعَكُمْ ۭ اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ۭ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿١٩﴾ وَجَآءَ مِنْ

تو تمہارے ساتھ ہے؛ کیا اس پر بدکتے ہو کہ تم سمجھائے گئے؟ بلکہ تم حد سے بڑھنے والے لوگ ہو۔ اور شہر کے

اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٢٠﴾

پرلے کنارے سے ایک مرد دوڑتا آیا، بولا: اے میری قوم! بھیجے ہوؤں کی پیروی کرو،

اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْـَٔلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿٢١﴾

ایسوں کی پیروی کرو جو تم سے کچھ نیگ (اجر) نہیں مانگتے اور وہ راہ پر ہیں۔

وَمَا لِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٢٢﴾ ءَاَتَّخِذُ

اور مجھے کیا ہے کہ اس کی بندگی نہ کروں جس نے مجھے پیدا کیا اور اسی کی طرف تمہیں پلٹنا ہے۔ کیا اللہ

مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّيْ

کے سوا اور خدا ٹھہراؤں کہ اگر رحمٰن میرا کچھ بُرا چاہے تو ان کی سفارش میرے

شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ﴿٢٣﴾ اِنِّيْٓ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٢٤﴾

کچھ کام نہ آئے اور نہ وہ مجھے بچا سکیں۔ بے شک جب تو میں کھلی گمراہی میں ہوں۔

اِنِّيْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ ﴿٢٥﴾ قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ۭ قَالَ يٰلَيْتَ

بے شک میں تمہارے رب پر ایمان لایا تو میری سنو۔ اس سے فرمایا گیا کہ جنت میں داخل ہو؛ کہا: کسی طرح

قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ ﴿٢٦﴾ بِمَا غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿٢٧﴾

میری قوم جانتی، جیسی میرے رب نے میری مغفرت کی اور مجھے عزت والوں میں کیا۔

وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰي قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا

اور ہم نے اس کے بعد اس کی قوم پر آسمان سے کوئی لشکر نہ اُتارا اور نہ ہمیں

Marfat.com

كُنَّا مُنْزِلِيْنَ ﴿٢٨﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ﴿٢٩﴾

وہاں کوئی لشکر اُتارنا تھا۔ وہ تو بس ایک ہی چیخ تھی جبھی وہ بجھ کر رہ گئے۔

يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ

اور کہا گیا کہ ہائے افسوس ان بندوں پر جب اُن کے پاس کوئی رسول آتا ہے تو اُس سے

يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٣٠﴾ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ

ٹھٹھا ہی کرتے ہیں۔ کیا اُنہوں نے نہ دیکھا ہم نے اُن سے پہلے کتنی سنگتیں ہلاک فرمائیں کہ وہ اب

اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٣١﴾ وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿٣٢﴾ ع ۲

ان کی طرف پلٹنے والے نہیں۔ اور جتنے بھی ہیں سب کے سب ہمارے حضور حاضر لائے جائیں گے۔

وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۚ اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ

اور ان کے لیے ایک نشانی مُردہ زمین ہے ہم نے اُسے زندہ کیا اور پھر اس سے اناج نکالا تو اس میں

يَاْكُلُوْنَ ﴿٣٣﴾ وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا

سے کھاتے ہیں۔ اور ہم نے اس میں باغ بنائے کھجوروں اور انگوروں کے اور ہم نے

فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ﴿٣٤﴾ لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ۭ

اس میں کچھ چشمے بہائے، کہ اس کے پھلوں میں سے کھائیں اور یہ ان کے ہاتھ کے بنائے نہیں!

اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٣٥﴾ سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ

تو کیا حق نہ مانیں گے۔ پاکی ہے اُسے جس نے سب جوڑے بنائے ان چیزوں سے جنہیں

الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٦﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ ۚ

زمین اُگاتی ہے اور خود ان سے اور اُن چیزوں سے جن کی انہیں خبر نہیں۔ اور ان کے لیے ایک نشانی رات ہے،

نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ﴿٣٧﴾ وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ

ہم اس پر سے دن کھینچ لیتے ہیں جبھی وہ اندھیروں میں ہیں، اور سورج چلا ہے اپنے

لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ۭ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿٣٨﴾ وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ

ایک ٹھہراؤ کے لیے، یہ حکم ہے زبردست علم والے کا۔ اور چاند کے لیے ہم نے منزلیں

Marfat.com

مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ ﴿٣٩﴾ لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ

مقرر کیں یہاں تک کہ پلٹ ہو گیا جیسے کھجور کی پرانی ڈال (ٹہنی)۔ سورج کو نہیں پہنچتا

لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ؕ وَكُلٌّ فِيْ

کہ چاند کو پکڑ لے اور نہ رات دن پر سبقت لے جائے؛ اور ہر ایک

فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿٤٠﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ

ایک گھیرے میں تیر رہا ہے۔ اور ان کے لیے ایک نشانی یہ ہے کہ انہیں اُن کے بزرگوں کی پیٹھ میں ہم نے بھری کشتی

الْمَشْحُوْنِ ﴿٤١﴾ وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ﴿٤٢﴾ وَاِنْ نَّشَاْ

میں سوار کیا اور اُن کے لیے ویسی ہی کشتیاں بنا دیں جن پر سوار ہوتے ہیں۔ اور ہم چاہیں تو

نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ ﴿٤٣﴾ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَ

انہیں ڈبو دیں، تو نہ کوئی ان کی فریاد کو پہنچنے والا ہو اور نہ وہ بچائے جائیں، مگر ہماری طرف کی رحمت اور

مَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿٤٤﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَ

ایک وقت تک برتنے دینا۔ اور جب اُن سے فرمایا جاتا ہے ڈرو تم اس سے جو تمہارے سامنے ہے اور

مَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿٤٥﴾ وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ

جو تمہارے پیچھے آنے والا ہے اس امید پر کہ تم پر مہر ہو تو منہ پھیر لیتے ہیں۔ اور جب کبھی اُن کے رب کی نشانیوں سے کوئی نشانی اُن

رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿٤٦﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ

کے پاس آتی ہے تو اس سے منہ ہی پھیر لیتے ہیں۔ اور جب اُن سے فرمایا جائے: اللہ کے دیے میں سے کچھ اُس کی

اللّٰهُ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ

راہ میں خرچ کرو تو کافر مسلمانوں کے لیے کہتے ہیں کہ کیا ہم اسے کھلائیں جسے اللہ چاہتا تو

اَطْعَمَهٗٓ ۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٤٧﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا

کھلا دیتا۔ تم تو نہیں مگر کھلی گمراہی میں۔ اور کہتے ہیں: کب آئے گا یہ

الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٤٨﴾ مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً

وعدہ اگر تم سچے ہو۔ راہ نہیں دیکھتے مگر ایک چیخ کی کہ

تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ﴿٤٩﴾ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى

انہیں آ لے گی جب وہ دنیا کے جھگڑے میں پھنسے ہوں گے۔ تو نہ وصیت کر سکیں گے اور نہ اپنے

اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿٥٠﴾ وَنُفِخَ فِى الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ ع ١٨ ٢

گھر پلٹ کر جائیں۔ اور پھونکا جائے گا صور جبھی وہ قبروں سے اپنے

اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ﴿٥١﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜ

رب کی طرف دوڑتے چلیں گے۔ کہیں گے: ہائے ہماری خرابی کس نے ہمیں سوتے سے جگا دیا؟

هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٥٢﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا

یہ ہے وہ جس کا رحمٰن نے وعدہ دیا تھا اور رسولوں نے حق فرمایا۔ وہ تو نہ ہو گی مگر

صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿٥٣﴾ فَالْيَوْمَ لَا

ایک چنگھاڑ جبھی وہ سب کے سب ہمارے حضور حاضر ہو جائیں گے۔ تو آج کسی جان

تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٥٤﴾ اِنَّ اَصْحٰبَ

پر کچھ ظلم نہ ہو گا اور تمہیں بدلہ نہ ملے گا مگر اپنے کئے کا۔ بے شک جنت

الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِىْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ﴿٥٥﴾ هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِىْ ظِلٰلٍ عَلَى

والے آج دل کے بہلاووں میں چین کرتے ہیں۔ وہ اور اُن کی بیبیاں سایوں میں ہیں

الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ ﴿٥٦﴾ لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ﴿٥٧﴾ سَلٰمٌ

تختوں پر تکیے لگائے۔ اُن کے لیے اس میں میوہ ہے اور ان کے لیے ہے اس میں جو مانگیں۔ اُن پر سلام ہو گا

قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿٥٨﴾ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٥٩﴾ اَلَمْ

مہربان رب کا فرمایا ہوا۔ اور آج الگ پھٹ جاؤ اے مجرمو! اے

اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِىْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ

اولادِ آدم! کیا میں نے تم سے عہد نہ لیا تھا کہ شیطان کو نہ پوجنا، بے شک وہ تمہارا کھلا

مُّبِيْنٌ ﴿٦٠﴾ وَّاَنِ اعْبُدُوْنِىْ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿٦١﴾ وَلَقَدْ اَضَلَّ

دشمن ہے اور میری بندگی کرنا! یہ سیدھی راہ ہے۔ اور بے شک اس نے

وقف غفران

Marfat.com

مِنكُمْ جِبِلًّا كَثِيرًا ۖ أَفَلَمْ تَكُونُوا تَعْقِلُونَ ﴿٦٢﴾ هَٰذِهِ جَهَنَّمُ الَّتِي

تم میں سے بہت سی خلقت کو بہکا دیا؟ تو کیا تمہیں عقل نہ تھی؟ یہ ہے وہ جہنم جس کا

كُنتُمْ تُوعَدُونَ ﴿٦٣﴾ اصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ ﴿٦٤﴾ الْيَوْمَ

تم سے وعدہ تھا۔ آج اسی میں جاؤ بدلہ اپنے کفر کا۔ آج

نَخْتِمُ عَلَىٰ أَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَا أَيْدِيهِمْ وَتَشْهَدُ أَرْجُلُهُم بِمَا كَانُوا

ہم اُن کے مونھوں پر مُہر کر دیں گے اور اُن کے ہاتھ ہم سے بات کریں گے اور اُن کے پاؤں اُن کے کئے

يَكْسِبُونَ ﴿٦٥﴾ وَلَوْ نَشَاءُ لَطَمَسْنَا عَلَىٰ أَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ

کی گواہی دیں گے۔ اور اگر ہم چاہتے تو اُن کی آنکھیں مٹا دیتے پھر لپک کر رستہ کی طرف جاتے

فَأَنَّىٰ يُبْصِرُونَ ﴿٦٦﴾ وَلَوْ نَشَاءُ لَمَسَخْنَاهُمْ عَلَىٰ مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوا

تو انہیں کچھ نہ سوجھتا۔ اور اگر ہم چاہتے تو ان کے گھر بیٹھے ان کی صورتیں بدل دیتے نہ آگے بڑھ سکتے

مُضِيًّا وَلَا يَرْجِعُونَ ﴿٦٧﴾ وَمَن نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ۖ أَفَلَا ع ٤

نہ پیچھے لوٹتے۔ اور جسے ہم بڑی عمر کا کریں اُسے پیدائش میں الٹا پھیریں؟ تو کیا

يَعْقِلُونَ ﴿٦٨﴾ وَمَا عَلَّمْنَاهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنبَغِي لَهُ ۚ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ وَ

سمجھتے نہیں؟ اور ہم نے ان کو شعر کہنا نہ سکھایا اور نہ وہ اُن کی شان کے لائق ہے؛ وہ تو نہیں مگر نصیحت اور

قُرْآنٌ مُّبِينٌ ﴿٦٩﴾ لِّيُنذِرَ مَن كَانَ حَيًّا وَيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى

روشن قرآن، کہ اسے ڈرائے جو زندہ ہو اور کافروں پر بات ثابت

الْكَافِرِينَ ﴿٧٠﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا خَلَقْنَا لَهُم مِّمَّا عَمِلَتْ أَيْدِينَا أَنْعَامًا

ہو جائے۔ اور کیا انہوں نے نہ دیکھا کہ ہم نے اپنے ہاتھ کے بنائے ہوئے چوپائے اُن کے لیے پیدا کئے

فَهُمْ لَهَا مَالِكُونَ ﴿٧١﴾ وَذَلَّلْنَاهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوبُهُمْ وَمِنْهَا يَأْكُلُونَ ﴿٧٢﴾

تو یہ ان کے مالک ہیں۔ اور انہیں ان کے لیے نرم کر دیا تو کسی پر سوار ہوتے ہیں اور کسی کو کھاتے ہیں۔

وَلَهُمْ فِيهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۖ أَفَلَا يَشْكُرُونَ ﴿٧٣﴾ وَاتَّخَذُوا مِن

اور ان کے لیے ان میں کئی طرح کے نفع اور پینے کی چیزیں ہیں؛ تو کیا شکر نہ کریں گے؟ اور انہوں نے اللہ کے سوا

Marfat.com

دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿٧٤﴾ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ وَ

اور خدا ٹھہرالیے کہ شاید اُن کی مدد ہو۔ وہ اُن کی مدد نہیں کر سکتے اور

هُمْ لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ﴿٧٥﴾ فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ

وہ ان کے لشکر سب گرفتار حاضر آئیں گے۔ تو تم اُن کی بات کا غم نہ کرو، بے شک ہم جانتے ہیں جو وہ چھپاتے ہیں

وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿٧٦﴾ اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ

اور ظاہر کرتے ہیں۔ اور کیا آدمی نے نہ دیکھا کہ ہم نے اُسے پانی کی بوند سے بنایا جبھی وہ

خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ﴿٧٧﴾ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ؕ قَالَ مَنْ

صریح جھگڑالو ہے۔ اور ہمارے لیے کہاوت کہتا ہے اور اپنی پیدائش بھول گیا؛ بولا ایسا کون ہے

يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ﴿٧٨﴾ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ

کہ ہڈیوں کو زندہ کرے جب وہ بالکل گل گئیں۔ تم فرماؤ: اُنہیں وہ زندہ کرے گا جس نے پہلی بار اُنہیں بنایا؛

وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمُ ۙ﴿٧٩﴾ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ

اور اسے ہر پیدائش کا علم ہے، جس نے تمہارے لیے ہرے پیڑ میں آگ

نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ﴿٨٠﴾ اَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

پیدا کی جبھی تم اس سے سلگاتے ہو۔ اور کیا وہ جس نے آسمان

وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ؕ بَلٰى ۗ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﴿٨١﴾

اور زمین بنائے ان جیسے اور نہیں بنا سکتا؛ کیوں نہیں اور وہی بڑا پیدا کرنے والا، سب کچھ جانتا۔

اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿٨٢﴾ فَسُبْحٰنَ

اس کا کام تو یہی ہے کہ جب کسی چیز کو چاہے تو اس سے فرمائے: ہو جا وہ فوراً ہو جاتی ہے۔ تو پاکی ہے

الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٨٣﴾ ع

اُسے جس کے ہاتھ ہر چیز کا قبضہ ہے اور اسی کی طرف پھیرے جاؤ گے

وقف لازم

وقف غفران

Marfat.com

سورۃ السجدۃ کے فضائل وخواص
بیماری و پریشانی سے نجات

حدیث میں ہے کہ حضور اکرم ﷺ سورۃ السجدۃ اور سورۃ الملک پڑھے بغیر نہیں سوتے تھے، جو اسے روزانہ مغرب وعشاء کے درمیان پڑھے، گویا اس نے لیلۃ القدر کا قیام کیا۔ یہ سورت غلبہ اور عزت پیدا کرنے کے لئے مفید ہے۔ افسران کو مہربان کرنے کیلئے سات روز تک بعد نماز فجر اس سورت کو تین مرتبہ پڑھے۔

(۱) اس سورت کو تین بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلایا جائے تو صحت حاصل ہوگی۔

(۲) اگر کسی شخص کو مخالف فریق نے پریشان کر رکھا ہو تو اسے چاہئے کہ اکیس (۲۱) روز تک بعد نماز عشاء روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔

سُوْرَةُ السَّجْدَةِ ۳۲ مَكِّيَّةٌ ۳۰ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۳۰ رُكُوْعَاتُهَا ۳

سجدہ کی ہے | اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا | اس میں تیس آیتیں اور تین رکوع ہیں

الٓمّٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲﴾ اَمْ

کتاب کا اتارنا ہے شک پروردگار عالم کی طرف سے ہے۔ کیا

يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ

کہتے ہیں ان کی بنالی ہوگی ہے، بلکہ وہی حق ہے تمہارے رب کی طرف سے کہ تم ڈراؤ ایسے لوگوں کو جن کے

مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۳﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ

پاس تم سے پہلے کوئی ڈر سنانے والا نہ آیا اس امید پر کہ وہ راہ پائیں۔ اللہ ہے جس نے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ؕ

آسمان اور زمین اور جو کچھ ان کے بیچ میں ہے چھ دن میں بنائے پھر عرش پر استوا فرمایا؛

مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيْعٍ ؕ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴﴾ يُدَبِّرُ

اس سے چھوٹ کر (لاتعلق ہو کر) تمہارا کوئی حمایتی، نہ سفارشی؛ تو کیا تم دھیان نہیں کرتے۔ کام کی

Marfat.com

الْاَمْرَ مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗٓ

تدبیر فرماتا ہے آسمان سے زمین تک پھر اسی کی طرف رجوع کرے گا اس دن کہ جس کی مقدار

اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ۝ ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ

ہزار برس ہے تمہاری گنتی میں۔ یہ ہے ہر نہاں اور عیاں کا جاننے والا، عزت و

الرَّحِيْمُ ۝ الَّذِيْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ

رحمت والا، وہ جس نے جو چیز بنائی خوب بنائی اور پیدائش انسان کی ابتدا

مِنْ طِيْنٍ ۝ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ۝ ثُمَّ

مٹی سے فرمائی۔ پھر اس کی نسل رکھی ایک بے قدر پانی کے خلاصہ سے۔ پھر

سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَ

اسے ٹھیک کیا اور اس میں اپنی طرف کی روح پھونکی اور تمہیں کان اور آنکھیں اور

الْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ وَقَالُوْٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِي الْاَرْضِ

دل عطا فرمائے؛ کیا ہی تھوڑا حق مانتے ہو۔ اور بولے: کیا جب ہم مٹی میں مل جائیں گے

ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۭ بَلْ هُمْ بِلِقَاۗئِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ۝ قُلْ

کیا پھر نئے بنیں گے؟ بلکہ وہ اپنے رب کے حضور حاضری سے منکر ہیں۔ تم فرماؤ:

يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ۝ ع ١١ ١٤

تمہیں وفات دیتا ہے موت کا فرشتہ جو تم پر مقرر ہے پھر اپنے رب کی طرف واپس جاؤ گے۔

وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا

اور کہیں تم دیکھو جب مجرم اپنے رب کے پاس سر نیچے ڈالے ہوں گے؛ اے ہمارے رب اب ہم نے دیکھا

وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ۝ وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا

اور سنا ہمیں پھر بھیج کہ نیک کام کریں ہم کو یقین آگیا۔ اور اگر ہم چاہتے

كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّيْ لَاَمْلَــَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنَ

ہر جان کو اس کی ہدایت فرماتے مگر میری بات قرار پا چکی کہ ضرور جہنم کو بھر دوں گا ان

الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿١٣﴾ فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا

جنوں اور آدمیوں سب سے۔ اب چکھو بدلہ اس کا کہ تم اپنے اس دن کی حاضری بھولے،

اِنَّا نَسِيْنٰكُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٤﴾ اِنَّمَا

ہم نے تمہیں چھوڑ دیا اب ہمیشہ کا عذاب چکھو اپنے کیے کا بدلہ۔ ہماری

يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا

آیتوں پر وہی ایمان لاتے ہیں کہ جب وہ انہیں یاد دلائی جاتی ہیں سجدہ میں گر جاتے ہیں

بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿١٥﴾ تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ

اور اپنے رب کی تعریف کرتے ہوئے اس کی پاکی بولتے ہیں اور تکبر نہیں کرتے:۔ اُن کی کروٹیں جدا ہوتی ہیں خواب گاہوں سے

يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا ۖ وَّمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿١٦﴾ فَلَا

اور اپنے رب کو پکارتے ہیں ڈرتے اور اُمید کرتے، اور ہمارے دیے ہوئے سے کچھ خیرات کرتے ہیں۔ تو کسی

تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ ۚ جَزَآءً بِمَا كَانُوْا

جی کو نہیں معلوم جو آنکھ کی ٹھنڈک ان کے لیے چھپا رکھی ہے، صلہ اُن کے کاموں

يَعْمَلُوْنَ ﴿١٧﴾ اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا ۭ لَا يَسْتَوٗنَ ﴿١٨﴾

کا۔ تو کیا جو ایمان والا ہے وہ اس جیسا ہو جائے گا جو بے حکم ہے؟ یہ برابر نہیں۔

اَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰى ۭ نُزُلًا

جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے ان کے لیے رہنے کے باغ ہیں، ان کے

بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٩﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوْا فَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۭ كُلَّمَآ

کاموں کے صلہ میں مہمان داری رہے وہ جو بے حکم ہیں ان کا ٹھکانا آگ ہے! جب کبھی

اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَآ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَقِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا عَذَابَ

اس میں سے نکلنا چاہیں گے پھر اسی میں پھیر دیے جائیں گے اور اُن سے کہا جائے گا: چکھو اس

النَّارِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿٢٠﴾ وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ الْاَدْنٰى

آگ کا عذاب جسے تم جھٹلاتے تھے۔ اور ضرور ہم انہیں چکھائیں گے کچھ نزدیک کا عذاب

Marfat.com

دُوْنَ الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿٢١﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ

اس بڑے عذاب سے پہلے جسے دیکھنے والا امید کرے کہ ابھی باز آئیں گے۔ اور اس سے بڑھ کر ظالم کون جسے اس کے

بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ثُمَّ اَعْرَضَ عَنْهَا ؕ اِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ مُنْتَقِمُوْنَ ﴿٢٢﴾ وَ ع ١١ ١٥

رب کی آیتوں سے نصیحت کی گئی پھر اس نے اُن سے منہ پھیر لیا؛ بے شک ہم مجرموں سے بدلہ لینے والے ہیں۔ اور

لَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآئِهٖ وَجَعَلْنٰهُ

بے شک ہم نے موسیٰ کو کتاب عطا فرمائی تو تم اس کے ملنے میں شک نہ کرو اور ہم نے اُسے

هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿٢٣﴾ وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا

بنی اسرائیل کے لیے ہدایت کیا۔ اور ہم نے اُن میں سے کچھ امام بنائے کہ ہمارے حکم سے بتاتے

لَمَّا صَبَرُوْا ؕ وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يُوْقِنُوْنَ ﴿٢٤﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ

جب کہ انھوں نے صبر کیا۔ اور وہ ہماری آیتوں پر یقین لاتے تھے۔ بے شک تمہارا رب ان میں فیصلہ کر دے گا

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿٢٥﴾ اَوَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا

قیامت کے دن جس بات میں اختلاف کرتے تھے۔ اور کیا انہیں اس پر ہدایت نہ ہوئی

مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

کہ ہم نے اُن سے پہلے کتنی سنگتیں (قومیں) ہلاک کر دیں کہ آج یہ اُن کے گھروں میں چل پھر رہے ہیں؛ بے شک اس میں

لَاٰيٰتٍ ؕ اَفَلَا يَسْمَعُوْنَ ﴿٢٦﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَسُوْقُ الْمَآءَ اِلَى الْاَرْضِ

ضرور نشانیاں ہیں؛ تو کیا سنتے نہیں؟ اور کیا نہیں دیکھتے کہ ہم پانی بھیجتے ہیں خشک زمین کی

الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا تَاْكُلُ مِنْهُ اَنْعَامُهُمْ وَاَنْفُسُهُمْ ؕ اَفَلَا

طرف پھر اس سے کھیتی نکالتے ہیں کہ اس میں سے اُن کے چوپائے اور وہ خود کھاتے ہیں؛ تو کیا

يُبْصِرُوْنَ ﴿٢٧﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْفَتْحُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٢٨﴾ الثلثون

انہیں سوجھتا نہیں۔ اور کہتے ہیں: یہ فیصلہ کب ہوگا اگر تم سچے ہو؟

قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِيْمَانُهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿٢٩﴾

تم فرماؤ: فیصلہ کے دن کافروں کو ان کا ایمان لانا نفع نہ دے گا اور نہ انہیں مہلت ملے

Marfat.com

فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانْتَظِرْ اِنَّهُمْ مُّنْتَظِرُوْنَ ﴿۵۹﴾ ع ۳ ۸ ۱۶

تو اُن سے منہ پھیر لو اور انتظار کرو بے شک انہیں بھی انتظار کرنا ہے۔

''برکت'' کے چار حروف کی نسبت سے

سورۂ دخان کے چار فضائل

1۔ حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو کسی رات میں سورۂ دخان پڑھے گا تو صبح ہونے تک ستر ہزار فرشتے اس کیلئے دعائے مغفرت کرتے رہیں گے۔ (سنن الترمذی ج ۴ ص ۴۰۶ حدیث ۲۸۹۷)

2۔ حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے شب جمعہ میں سورۂ دخان پڑھی اس کی مغفرت کردی جائے گی۔

(سنن الترمذی حدیث ۲۸۹۸ ص ۴۰۷)

3۔ حضرت سیدنا ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ عزوجل و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو جمعہ کے دن یا رات میں سورۂ دخان پڑھے گا اللہ عزوجل جنت میں اس کے لیے ایک گھر بنائے گا۔ (المعجم الکبیر الحدیث ۸۰۲۶ ج ۸ ص ۲۶۴)

4۔ کوئی مشکل درپیش ہو تو اس کو سات بار پڑھیں اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف بھی پڑھ لیں۔ (جنتی زیور، ص ۵۹۶)

سُوْرَةُ الدُّخَان ۴۴ مکیۃ ۳ رکوعاتہا ۵۹ اٰیاتہا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۂ دخان مکی ہے اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا اس میں انسٹھ آیتیں اور تین رکوع ہیں

حٰمٓ ﴿۱﴾ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۲﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ اِنَّا كُنَّا ع ۱۲

حٰمٓ اس روشن کتاب کی، بے شک ہم نے اُسے برکت والی رات میں اُتارا بے شک ہم

مُنْذِرِيْنَ ﴿۳﴾ فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ ﴿۴﴾ اَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا ؕ اِنَّا

ڈر سنانے والے ہیں۔ اس میں بانٹ دیا جاتا ہے ہر حکمت والا کام ہمارے پاس کے حکم سے! بیشک ہم

Marfat.com

كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ۝٥ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝٦ رَبُّ

بھیجنے والے ہیں۔ تمہارے رب کی طرف سے رحمت؛ بے شک وہی سنتا جانتا ہے، وہ جو رب ہے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۭ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ۝٧ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

وقف لازم

آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے، اگر تمہیں یقین ہو۔ اس کے سوا کسی

هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۭ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَاۗىِٕكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ۝٨ بَلْ هُمْ فِيْ

کی بندگی نہیں وہ جلائے اور مارے؛ تمہارا رب اور تمہارے اگلے باپ دادا کا رب۔ بلکہ وہ شک میں پڑے

شَكٍّ يَّلْعَبُوْنَ ۝٩ فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِي السَّمَاۗءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ ۝١٠

کھیل رہے ہیں۔ تو تم اس دن کے منتظر رہو جب آسمان ایک ظاہر دھواں لائے گا

يَّغْشَى النَّاسَ ۭ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝١١ رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ

کہ لوگوں کو ڈھانپ لے گا؛ یہ ہے دردناک عذاب اس دن کہیں گے: اے ہمارے رب ہم پر سے عذاب کھول دے

اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ ۝١٢ اَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى وَقَدْ جَاۗءَهُمْ رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ۝١٣ ثُمَّ

ہم ایمان لاتے ہیں۔ کہاں سے ہو انہیں نصیحت ماننا حالانکہ ان کے پاس صاف بیان فرمانے والا رسول تشریف لا چکا پھر

تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ مَّجْنُوْنٌ ۝١٤ اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا اِنَّكُمْ

وقف لازم

اس سے روگرداں ہوئے اور بولے سکھایا ہوا دیوانہ ہے۔ ہم کچھ دنوں کو عذاب کھولے دیتے ہیں تم پھر

عَاۗىِٕدُوْنَ ۝١٥ يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى ۚ اِنَّا مُنْتَقِمُوْنَ ۝١٦ وَ

وقف لازم

وہی کرو گے۔ جس دن ہم سب سے بڑی پکڑ پکڑیں گے، بے شک ہم بدلہ لینے والے ہیں۔ اور

لَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ وَجَاۗءَهُمْ رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ ۝١٧ اَنْ اَدُّوْٓا

بے شک ہم نے ان سے پہلے فرعون کی قوم کو جانچا اور ان کے پاس ایک معزز رسول تشریف لایا، کہ اللہ کے بندوں

اِلَيَّ عِبَادَ اللّٰهِ ۭ اِنِّىْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ۝١٨ ۙ وَّاَنْ لَّا تَعْلُوْا عَلَى اللّٰهِ ۚ

کو مجھے سپرد کر دو؛ بے شک میں تمہارے لیے امانت والا رسول ہوں، اور اللہ کے مقابل سرکشی نہ کرو،

اِنِّىْٓ اٰتِيْكُمْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝١٩ ۚ وَاِنِّىْ عُذْتُ بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ اَنْ

میں تمہارے پاس ایک روشن سند لاتا ہوں۔ اور میں پناہ لیتا ہوں اپنے رب اور تمہارے رب کی اس سے

Marfat.com

تَرْجُمُوْنِ ﴿۲۰﴾ وَاِنْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا لِیْ فَاعْتَزِلُوْنِ ﴿۲۱﴾ فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنَّ هٰۤؤُلَآءِ

کہ تم مجھے سنگسار کرو۔ اور اگر میرا یقین نہ لاؤ تو مجھ سے کنارے ہو جاؤ۔ تو اس نے اپنے رب سے دعا کی کہ

قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ ﴿۲۲﴾ فَاَسْرِ بِعِبَادِیْ لَیْلًا اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَاتْرُكِ الْبَحْرَ

یہ مجرم لوگ ہیں۔ ہم نے حکم فرمایا کہ میرے بندوں کو راتوں رات لے نکل ضرور تمہارا پیچھا کیا جائے گا، اور دریا کو یونہی

رَهْوًا ؕ اِنَّهُمْ جُنْدٌ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۲۴﴾ كَمْ تَرَكُوْا مِنْ جَنّٰتٍ وَّعُیُوْنٍ ﴿۲۵﴾

ہکہ ہکہ سے کھلا چھوڑ دے! بے شک وہ لشکر ڈبویا جائے گا۔ کتنے چھوڑ گئے باغ اور چشمے،

وَّزُرُوْعٍ وَّمَقَامٍ كَرِیْمٍ ﴿۲۶﴾ وَّنَعْمَةٍ كَانُوْا فِیْهَا فٰكِهِیْنَ ﴿۲۷﴾ كَذٰلِكَ ۫

اور کھیت اور عمدہ مکانات، اور نعمتیں جن میں فارغ البال تھے، ہم نے یونہی کیا۔

وَاَوْرَثْنٰهَا قَوْمًا اٰخَرِیْنَ ﴿۲۸﴾ فَمَا بَكَتْ عَلَیْهِمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ وَ

اور ان کا وارث دوسری قوم کو کر دیا۔ تو ان پر آسمان اور زمین نہ روئے اور

مَا كَانُوْا مُنْظَرِیْنَ ﴿۲۹﴾ وَلَقَدْ نَجَّیْنَا بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ مِنَ الْعَذَابِ ع ۱۴/۱۵

انہیں مہلت نہ دی گئی۔ اور بے شک ہم نے بنی اسرائیل کو ذلت کے عذاب سے نجات

الْمُهِیْنِ ﴿۳۰﴾ مِنْ فِرْعَوْنَ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَالِیًا مِّنَ الْمُسْرِفِیْنَ ﴿۳۱﴾ وَ

بخشی، فرعون سے؛ بے شک وہ تکبر حد سے بڑھنے والوں میں سے تھا۔ اور

لَقَدِ اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰی عِلْمٍ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ ﴿۳۲﴾ وَاٰتَیْنٰهُمْ مِّنَ الْاٰیٰتِ

بے شک ہم نے انہیں دانستہ چن لیا اس زمانہ والوں سے۔ اور ہم نے انہیں وہ نشانیاں عطا فرمائیں

مَا فِیْهِ بَلٰٓؤٌا مُّبِیْنٌ ﴿۳۳﴾ اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ لَیَقُوْلُوْنَ ﴿۳۴﴾ اِنْ هِیَ اِلَّا مَوْتَتُنَا

جن میں صریح انعام تھا۔ بے شک یہ کہتے ہیں وہ تو نہیں مگر ہمارا ایک دفعہ کا

الْاُوْلٰی وَمَا نَحْنُ بِمُنْشَرِیْنَ ﴿۳۵﴾ فَاْتُوْا بِاٰبَآىِٕنَاۤ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۳۶﴾

مرنا اور ہم اٹھائے نہ جائیں گے۔ تو ہمارے باپ دادا کو لے آؤ اگر تم سچے ہو۔

اَهُمْ خَیْرٌ اَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ ۙ وَّالَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۛ اَهْلَكْنٰهُمْ ۖ اِنَّهُمْ كَانُوْا

کیا وہ بہتر ہیں یا تبع کی قوم اور جو ان سے پہلے تھے؛ ہم نے انہیں ہلاک کر دیا، بے شک وہ

Marfat.com

مُجْرِمِيْنَ ﴿۴۰﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿۴۱﴾ مَا

مجرم لوگ تھے۔ اور ہم نے نہ بنائے آسمان اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے کھیل کے طور پر۔ ہم

خَلَقْنٰهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۲﴾ اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ

نے انہیں نہ بنایا مگر حق کے ساتھ لیکن ان میں اکثر جانتے نہیں۔ بے شک فیصلہ کا دن

مِيْقَاتُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۳﴾ يَوْمَ لَا يُغْنِيْ مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى شَيْـًٔا وَّلَا هُمْ

ان سب کی میعاد ہے، جس دن کوئی دوست کسی دوست کے کچھ کام نہ آئے گا اور نہ ان

يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۴﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ اللّٰهُ اِنَّهٗ هُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۴۵﴾ اِنَّ شَجَرَتَ ع ۱۲ ۱۵

کی مدد ہو گی، مگر جس پر اللہ رحم کرے؛ بے شک وہی عزت والا، مہربان ہے۔ بے شک تھوہر

الزَّقُّوْمِ ﴿۴۶﴾ طَعَامُ الْاَثِيْمِ ﴿۴۷﴾ كَالْمُهْلِ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ﴿۴۸﴾ كَغَلْيِ

کا پیڑ گنہگاروں کی خوراک ہے۔ گلے ہوئے تانبے کی طرح، پیٹوں میں جوش مارتا ہے جیسا کھولتا پانی

الْحَمِيْمِ ﴿۴۹﴾ خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿۵۰﴾ ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ

جوش مارے۔ اسے پکڑو لیک بھڑکتی آگ کی طرف بزور گھسیٹتے لے جاؤ۔ پھر اس کے سر کے اوپر

رَاْسِهٖ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ ﴿۵۱﴾ ذُقْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ﴿۵۲﴾ اِنَّ

کھولتے پانی کا عذاب ڈالو۔ چکھ ہاں ہاں تو ہی بڑا عزت والا کرم والا ہے۔ بے شک

هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ تَمْتَرُوْنَ ﴿۵۳﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ مَقَامٍ اَمِيْنٍ ﴿۵۴﴾ فِيْ

یہ ہے وہ جس میں تم شبہ کرتے تھے۔ بے شک ڈر والے امان کی جگہ میں ہیں،

جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۵۵﴾ يَّلْبَسُوْنَ مِنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۵۶﴾

باغوں اور چشموں میں، پہنیں گے کریب اور قادیز آمنے سامنے،

كَذٰلِكَ ۗ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ﴿۵۷﴾ يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ

یونہی ہے۔ اور ہم نے انہیں بیاہ دیا نہایت بڑی روشن بڑی آنکھوں والیوں سے۔ اس میں ہر قسم کا میوہ منگائیں گے

اٰمِنِيْنَ ﴿۵۸﴾ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا الْمَوْتَ اِلَّا الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى ۚ وَوَقٰىهُمْ

امن و امان سے، اس میں پہلی موت کے سوا پھر موت نہ چکھیں گے، اور اللہ نے

Marfat.com

عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿۵۱﴾ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكَ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۵۲﴾

انہیں آگ کے عذاب سے بچالیا۔ تمہارے رب کے فضل سے؛ یہی بڑی کامیابی ہے۔

فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾ فَارْتَقِبْ اِنَّهُمْ مُّرْتَقِبُوْنَ ﴿۵۹﴾ ع ۱۶

تو ہم نے اس قرآن کو تمہاری زبان میں آسان کیا کہ وہ سمجھیں۔ تو تم انتظار کرو وہ بھی کسی انتظار میں ہیں۔

سورۃ محمد کے فضائل وخواص

عزّت ومرتبہ، برے خواب سے نجات

روزانہ پڑھنے سے حضور اکرم ﷺ کی محبت پیدا ہوگی۔

(۱) بلاناغہ تہجد کے بعد تین مرتبہ پڑھنے سے دنیا میں بے پناہ عزّت، اور بلند مرتبہ ملے گا۔

(۲) برے خواب سے نجات کے لئے گیارہ روز تک رات سوتے وقت ایک مرتبہ پڑھیں۔ برے خواب سے نجات ملے گی۔

(۳) دشمن پر فتح ونصرت پانے کے لئے چالیس دن تک بعد نماز عصر گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

سُوْرَةُ مُحَمَّدٍ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۳۸ — رُكُوْعَاتُهَا ۴

سورۃ محمد ﷺ مدنی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا — اس میں اڑتیس آیتیں اور چار رکوع ہیں

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ﴿۱﴾

جنہوں نے کفر کیا اور اللہ کی راہ سے روکا اللہ نے اُن کے عمل برباد کیے۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ

اور جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے اور اس پر ایمان لائے جو محمد ﷺ پر اتارا گیا

وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَاَصْلَحَ بَالَهُمْ ﴿۲﴾

اور وہی اُن کے رب کے پاس سے حق ہے اللہ نے ان کی برائیاں اُتار دیں اور اُن کی حالتیں سنوار دیں۔

ذٰلِكَ بِاَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ وَاَنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

یہ اس لیے کہ کافر باطل کے پیرو ہوئے اور ایمان والوں نے

Marfat.com

اتَّبَعُوا الْحَقَّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ ۝

حق کی پیروی کی جو ان کے رب کی طرف سے ہے؛ اللہ لوگوں سے ان کے احوال یونہی بیان فرماتا ہے۔

فَاِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ الرِّقَابِ حَتّٰٓى اِذَآ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ

تو جب کافروں سے تمہارا سامنا ہو تو گردنیں مارنا ہے، یہاں تک کہ جب انہیں خوب قتل کرلو

فَشُدُّوا الْوَثَاقَ ۙ فَاِمَّا مَنًّۢا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَآءً حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ

تو مضبوط باندھو: پھر اس کے بعد چاہے احسان کر کے چھوڑ دو چاہے فدیہ لے لو یہاں تک کہ لڑائی اپنا

اَوْزَارَهَا ۚ ذٰلِكَ ۛ وَلَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ وَلٰكِنْ لِّيَبْلُوَا

بوجھ رکھ دے بات یہ ہے، اور اللہ چاہتا تو آپ ہی اُن سے بدلہ لیتا مگر اس لیے کہ تم میں ایک کو

بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ ۗ وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَنْ يُّضِلَّ

دوسرے سے جانچے؛ اور جو اللہ کی راہ میں مارے گئے اللہ ہرگز ان کے

اَعْمَالَهُمْ ۝ سَيَهْدِيْهِمْ وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ ۝ وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ

عمل ضائع نہ فرمائے گا۔ جلد انہیں راہ دے گا اور اُن کا کام بنا دے گا۔ اور انہیں جنت میں لے جائے گا

عَرَّفَهَا لَهُمْ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ

انہیں اس کی پہچان کرادی ہے۔ اے ایمان والو اگر تم دینِ خدا کی مدد کرو گے اللہ تمہاری مدد کرے گا اور تمہارے

اَقْدَامَكُمْ ۝ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَتَعْسًا لَّهُمْ وَاَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝

قدم جما دے گا۔ اور جنہوں نے کفر کیا تو اُن پر تباہی پڑے اور اللہ ان کے اعمال برباد کرے۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَرِهُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ۝ اَفَلَمْ

یہ اس لیے کہ انہیں ناگوار ہوا جو اللہ نے اُتارا تو اللہ نے ان کا کیا دھرا اکارت کیا۔ تو کیا

يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ

انہوں نے زمین میں سیر نہ کیا کہ دیکھتے ان سے اگلوں کا کیسا انجام

قَبْلِهِمْ ۭ دَمَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۭ وَلِلْكٰفِرِيْنَ اَمْثَالُهَا ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّ

ہوا؟ اللہ نے اُن پر تباہی ڈالی، اور ان کافروں کے لیے بھی ویسی کتنی ہی ہیں۔ یہ اس لیے کہ

مع ۱۳ وقف لازم ولکن لیبلوا ۔ ۱۴ وقف لازم ولن یضل ۔ ۱۵ وقف لازم ولا یصلح بالهم ۔ ۱۶ وقف لازم عرفها لهم ۔ ۱۷ وقف لازم اقدامکم ۔ ۱۸ وقف لازم اعمالهم ۔ ۱۹ وقف لازم امثالها ۔

اللّٰهَ مَوْلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاَنَّ الْكٰفِرِيْنَ لَا مَوْلٰى لَهُمْ ﴿۱۱﴾ اِنَّ ع ۱۱ ۵

مسلمانوں کا مولیٰ اللہ ہے اور کافروں کا کوئی مولیٰ نہیں۔ بے شک

اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ

اللہ داخل فرمائے گا انہیں جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے باغوں میں جن کے

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَتَمَتَّعُوْنَ وَيَاْكُلُوْنَ كَمَا

نیچے نہریں رواں؛ اور کافر برتتے ہیں اور کھاتے ہیں جیسے

تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ﴿۱۲﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ هِيَ

چوپائے کھائیں اور آگ میں ان کا ٹھکانا ہے۔ اور کتنے ہی شہر کہ اس شہر سے قوت

اَشَدُّ قُوَّةً مِّنْ قَرْيَتِكَ الَّتِيْٓ اَخْرَجَتْكَ اَهْلَكْنٰهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ﴿۱۳﴾

میں زیادہ تھے جس نے تمہیں تمہارے شہر سے باہر کیا، ہم نے انہیں ہلاک فرمایا تو ان کا کوئی مددگار نہیں۔

اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ كَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَ

تو کیا جو اپنے رب کی طرف سے روشن دلیل پر ہو اس جیسا ہوگا جس کے بُرے عمل اُسے بھلے دکھائے گئے اور

اتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۴﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ فِيْهَآ اَنْهٰرٌ

وہ اپنی خواہشوں کے پیچھے چلے۔ احوال اس جنت کا جس کا وعدہ پرہیزگاروں سے ہے، اس میں ایسی

مِّنْ مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَاَنْهٰرٌ

پانی کی نہریں ہیں جو کبھی نہ گندے اور ایسے دودھ کی نہریں ہیں جس کا مزہ نہ بدلا، اور ایسی

مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ؕ وَلَهُمْ

شراب کی نہریں ہیں جسکے پینے میں لذت ہے اور ایسی شہد کی نہریں ہیں جو صاف کیا گیا؛ اور ان کے لیے

فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ؕ كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ

اس میں ہر قسم کے پھل ہیں اور اپنے رب کی مغفرت، کیا ایسے جہنم والے ان کے برابر ہو جائیں گے

فِي النَّارِ وَسُقُوْا مَآءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَآءَهُمْ ﴿۱۵﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ

جنہیں ہمیشہ آگ میں رہنا اور انہیں کھولتا پانی پلایا جائے گا کہ آنتوں کے ٹکڑے ٹکڑے کر دے۔ اور ان میں سے

يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ حَتّٰٓى اِذَا خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ اُوْتُوا

بعض تمہارے ارشاد سنتے ہیں، یہاں تک کہ جب تمہارے پاس سے نکل کر جائیں علم والوں سے کہتے ہیں

الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ اٰنِفًا ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

ابھی انہوں نے کیا فرمایا؟ یہ ہیں وہ جن کے دلوں پر اللہ نے مہر کر دی

وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۶﴾ وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَّاٰتٰىهُمْ

اور اپنی خواہشوں کے تابع ہوئے۔ اور جنہوں نے راہ پائی اللہ نے ان کی ہدایت اور زیادہ فرمائی اور ان کی

تَقْوٰىهُمْ ﴿۱۷﴾ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً ۚ فَقَدْ

پرہیزگاری انہیں عطا فرمائی۔ تو کاہے کے انتظار میں ہیں مگر قیامت کے کہ ان پر اچانک آجائے، کہ اس کی

جَآءَ اَشْرَاطُهَا ۚ فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ﴿۱۸﴾ فَاعْلَمْ اَنَّهٗ

علامتیں تو آ ہی چکی ہیں، پھر جب وہ آ جائے گی تو کہاں وہ اور کہاں ان کا سمجھنا؟ تو جان لو کہ اللہ کے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ

سوا کسی کی بندگی نہیں اور اے محبوب! اپنے خاصوں اور عام مسلمان مردوں اور عورتوں کے گناہوں کی معافی مانگو؛

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ﴿۱۹﴾ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْلَا ع ۲ ۸ ۶

اور اللہ جانتا ہے دن کو تمہارا پھرنا اور رات کو تمہارا آرام لینا اور مسلمان کہتے ہیں: کوئی

نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ ۚ فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ فِيْهَا الْقِتَالُ ۙ

سورت کیوں نہ اتاری گئی، پھر جب کوئی پختہ سورت اتاری گئی اور اس میں جہاد کا حکم فرمایا گیا،

رَاَيْتَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يَّنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ

تو تم دیکھو گے انہیں جن کے دلوں میں بیماری ہے کہ تمہاری طرف اس کا سا دیکھنا دیکھتے ہیں

عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ؕ فَاَوْلٰى لَهُمْ ﴿۲۰﴾ طَاعَةٌ وَّقَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ ؕ فَاِذَا عَزَمَ

جس پر مردنی چھائی ہو؛ تو ان کے حق میں بہتر یہ تھا کہ فرمانبرداری کرتے اور اچھی بات کہتے۔ پھر جب حکم ثابت

الْاَمْرُ ۫ فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ﴿۲۱﴾ فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ

ہو چکا، تو اگر اللہ سے سچ رہتے تو ان کا بھلا تھا۔ تو کیا تمہارے یہ لچھن (کرتوت) نظر آتے ہیں کہ

Marfat.com

تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَكُمْ ﴿۲۲﴾ اُولٰٓئِكَ

اگر تمہیں حکومت ملے تو زمین میں فساد پھیلاؤ اور اپنے رشتے کاٹ دو۔ یہ ہیں وہ

الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰٓى اَبْصَارَهُمْ ﴿۲۳﴾ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ

لوگ جن پر اللہ نے لعنت کی اور انہیں حق سے بہرا کر دیا اور ان کی آنکھیں پھوڑ دیں۔ تو کیا وہ قرآن کو

الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰي قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا ﴿۲۴﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰٓى

سوچتے نہیں یا بعضے دلوں پر اُن کے قفل لگے ہیں۔ بے شک وہ جو اپنے پیچھے پلٹ

اَدْبَارِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى ۙ الشَّيْطٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ

گئے بعد اس کے کہ ہدایت ان پر کھل چکی تھی شیطان نے انہیں فریب دیا؛

وَاَمْلٰى لَهُمْ ﴿۲۵﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ كَرِهُوْا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ

اور انہیں دنیا میں مدتوں رہنے کی امید دلائی۔ یہ اس لیے کہ انہوں نے کہا ان لوگوں سے جنہیں اللہ کا اتارا ہوا ناگوار ہے:

سَنُطِيْعُكُمْ فِيْ بَعْضِ الْاَمْرِ ۖ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِسْرَارَهُمْ ﴿۲۶﴾ فَكَيْفَ اِذَا

ایک کام میں ہم تمہاری مانیں گے اور اللہ ان کی چھپی ہوئی جانتا ہے۔ تو کیسا ہو گا جب

تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ ﴿۲۷﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ

فرشتے ان کی روح قبض کریں گے ان کے منہ اور ان کی پیٹھیں مارتے ہوئے۔ یہ اس لیے کہ وہ ایسی

اتَّبَعُوْا مَآ اَسْخَطَ اللّٰهَ وَكَرِهُوْا رِضْوَانَهٗ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ﴿۲۸﴾ اَمْ ع ۳

بات کے تابع ہوئے جس میں اللہ کی ناخوشی ہے اور اس کی خوشی انہیں گوارا نہ ہوئی تو اس نے ان کے اعمال اکارت کر دیے۔ کیا

حَسِبَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَنْ لَّنْ يُّخْرِجَ اللّٰهُ

جن کے دلوں میں بیماری ہے اس گھمنڈ میں ہیں کہ اللہ ان کے کینے (دشمنی)

اَضْغَانَهُمْ ﴿۲۹﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَاَرَيْنٰكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ۭ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ

ظاہر نہ فرمائے گا۔ اور اگر ہم چاہیں تو تمہیں ان کو دکھا دیں کہ تم ان کی صورت سے پہچان لو! اور ضرور تم

فِيْ لَحْنِ الْقَوْلِ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۰﴾ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ

انہیں بات کے اسلوب میں پہچان لوگے! اور اللہ تمہارے عمل جانتا ہے۔ اور ضرور ہم تمہیں جانچیں گے یہاں تک کہ

الْمُجٰهِدِيْنَ مِنْكُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ ۙ وَنَبْلُوَا۟ اَخْبَارَكُمْ ﴿٣١﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

دیکھ لیں تمہارے جہاد کرنے والوں اور صابروں کو اور تمہاری خبریں آزمالیں۔ بے شک وہ جنھوں نے

كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَشَآقُّوا الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ

کفر کیا اور اللہ کی راہ سے روکا اور رسول کی مخالفت کی بعد اس کے کہ

مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدٰى ۙ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ وَسَيُحْبِطُ اَعْمَالَهُمْ ﴿٣٢﴾

ہدایت اُن پر ظاہر ہو چکی تھی وہ ہرگز اللہ کو کچھ نقصان نہ پہنچائیں گے؛ اور بہت جلد اللہ ان کا کیا دھرا اکارت کردے گا۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْۤا

اے ایمان والو! اللہ کا حکم مانو اور رسول کا حکم مانو اور اپنے عمل باطل

اَعْمَالَكُمْ ﴿٣٣﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ مَاتُوْا

نہ کرو۔ بے شک جنھوں نے کفر کیا اور اللہ کی راہ سے روکا پھر کافر

وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ﴿٣٤﴾ فَلَا تَهِنُوْا وَتَدْعُوْۤا اِلَى السَّلْمِ ۖۚ

ہی مرگئے تو اللہ ہرگز انہیں نہ بخشے گا۔ تو تم سستی نہ کرو اور آپ صلح کی طرف نہ بلاؤ

وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ ۚ وَاللّٰهُ مَعَكُمْ وَلَنْ يَّتِرَكُمْ اَعْمَالَكُمْ ﴿٣٥﴾ اِنَّمَا

اور تم ہی غالب آؤ گے، اور اللہ تمہارے ساتھ ہے اور وہ ہرگز تمہارے اعمال میں تمہیں نقصان نہ دے گا۔ دنیا

الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا يُؤْتِكُمْ اُجُوْرَكُمْ وَ

کی زندگی تو یہی کھیل کود ہے؛ اور اگر تم ایمان لاؤ اور پرہیزگاری کرو تو وہ تم کو تمہارے ثواب عطا فرمائے گا اور

لَا يَسْـَٔلْكُمْ اَمْوَالَكُمْ ﴿٣٦﴾ اِنْ يَّسْـَٔلْكُمُوْهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوْا وَيُخْرِجْ

کچھ تم سے تمہارے مال نہ مانگے گا۔ اگر انہیں تم سے طلب کرے اور زیادہ طلب کرے تم بخل کرو گے اور وہ بخل تمہارے

اَضْغَانَكُمْ ﴿٣٧﴾ هٰۤاَنْتُمْ هٰۤؤُلَآءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ

دلوں کے میل ظاہر کردے گا۔ ہاں ہاں! یہ جو تم ہو بلائے جاتے ہو کہ اللہ کی راہ میں خرچ کرو،

فَمِنْكُمْ مَّنْ يَّبْخَلُ ۚ وَمَنْ يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا يَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ وَاللّٰهُ

تو تم میں کوئی بخل کرتا ہے، اور جو بخل کرے وہ اپنی ہی جان پر بخل کرتا ہے؛ اور اللہ

Marfat.com

الْغَنِيُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ثُمَّ

بے نیاز ہے اور تم سب محتاج، اور اگر تم منہ پھیرو تو وہ تمہارے سوا اور لوگ بدل لے گا پھر

لَا يَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ ﴿٣٨﴾

وہ تم جیسے نہ ہوں گے۔

ع ۱۰ ۸

''فتح'' کے تین حروف کی نسبت

سورۂ فتح کے 3 فضائل

1۔حدیبیہ سے واپسی میں مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے راستے میں اس سورت کا نزول ہوا۔ جب یہ سورت نازل ہوئی تو نبی کریم رؤف رحیم ﷺ نے فرمایا: آج رات مجھ پر ایک ایسی سورت نازل ہوئی جو مجھے دنیا کی ہر چیز سے زیادہ پیاری ہے۔

(صحیح البخاری کتاب التفسیر الحدیث ۴۸۳۳ ج ۳ ص ۳۲۸)

2۔جس وقت رمضان شریف کا چاند دیکھا جائے تو سورۂ فتح کو تین بار پڑھنے سے تمام سال رزق میں فراخی ہوتی ہے۔ کشتی میں سوار ہوتے وقت پڑھنے سے غرق ہونے سے مامون رہتا ہے۔جدال اور قتال کے وقت لکھ کر پاس رکھنے سے حفاظت ہوتی ہے۔

(جنتی زیور ص ۵۹۶)

3۔دشمنوں پر فتح پانے کیلئے اس کو 21 مرتبہ پڑھئے اگر رمضان کا چاند دیکھ کر اس کے سامنے پڑھا جائے تو ان شاء اللہ تعالیٰ سال بھر امن رہے گا۔(جنتی زیور ص ۵۹۶)

سُوْرَةُ الْفَتْحِ ۴۸ مَدَنِيَّةٌ ۱۱۱ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۲۹ رُكُوْعَاتُهَا ۴

سورۂ فتح مدنی ہے | اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا | اور اس میں انتیس آیتیں اور چار رکوع ہیں

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ﴿١﴾ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ

بے شک ہم نے تمہارے لیے روشن فتح فرما دی، تاکہ اللہ تمہارے سبب سے گناہ بخشے تمہارے اگلوں کے

Marfat.com

وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۙ﴿٢﴾

اور تمہارے پچھلوں کے اور اپنی نعمتیں تم پر تمام کردے اور تمہیں سیدھی راہ دکھا دے،

وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ﴿٣﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ

اور اللہ تمہاری زبردست مدد فرمائے۔ وہی ہے جس نے ایمان والوں کے دلوں میں

قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ۭ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ

اطمینان اُتارا تاکہ اُنہیں یقین پر یقین بڑھے؛ اور اللہ ہی کی ملک ہیں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ﴿٤﴾ لِّيُدْخِلَ

تمام لشکر آسمانوں اور زمین کے؛ اور اللہ علم و حکمت والا ہے، تاکہ ایمان والے

الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

مردوں اور ایمان والی عورتوں کو باغوں میں لے جائے جن کے نیچے نہریں رواں

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ

ہمیشہ اُن میں رہیں اور ان کی بُرائیاں اُن سے اُتار دے؛ اور یہ اللہ کے یہاں

فَوْزًا عَظِيْمًا ۙ﴿٥﴾ وَّيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ

بڑی کامیابی ہے، اور عذاب دے منافق مردوں اور منافق عورتوں اور مشرک مردوں

وَالْمُشْرِكٰتِ الظَّاۗنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ۭ عَلَيْهِمْ دَاۗىِٕرَةُ السَّوْءِ ۚ

اور مشرک عورتوں کو جو اللہ پر برا گمان رکھتے ہیں؛ انہیں پر ہے بُری گردش،

وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ۭ وَسَاۗءَتْ

اور اللہ نے ان پر غضب فرمایا اور انہیں لعنت کی اور ان کے لیے جہنم تیار فرمایا؛ اور وہ کیا ہی

مَصِيْرًا ﴿٦﴾ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا

بُرا انجام ہے۔ اور اللہ ہی کی ملک ہیں آسمانوں اور زمین کے سب لشکر؛ اور اللہ عزت و

حَكِيْمًا ﴿٧﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿٨﴾ لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ

حکمت والا ہے۔ بے شک ہم نے تمہیں بھیجا حاضر و ناظر اور خوشی اور ڈر سناتا، تاکہ اے لوگو تم اللہ اور

وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ ؕ وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝

اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور رسول کی تعظیم و توقیر کرو؛ اور صبح و شام اللہ کی پاکی بولو۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ؕ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ

وہ جو تمہاری بیعت کرتے ہیں وہ تو اللہ ہی سے بیعت کرتے ہیں؛ ان کے ہاتھوں پر

اَيْدِيْهِمْ ۚ فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَوْفٰى

اللہ کا ہاتھ ہے۔ تو جس نے عہد توڑا اس نے اپنے بڑے عہد کو توڑا، اور جس نے پورا کیا

بِمَا عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝١٠ ع سَيَقُوْلُ لَكَ ١٠/٩

وہ عہد جو اس نے اللہ سے کیا تھا تو بہت جلد اللہ اُسے بڑا ثواب دے گا۔ اب تم سے کہیں گے جو

الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَاۤ اَمْوَالُنَا وَاَهْلُوْنَا فَاسْتَغْفِرْ

گنوار (دیہاتی) پیچھے رہ گئے تھے کہ ہمیں ہمارے مال اور ہمارے گھر والوں نے مشغول رکھا اب حضور ہماری مغفرت

لَنَا ۚ يَقُوْلُوْنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ

چاہیں اپنی زبانوں سے وہ بات کہتے ہیں جو اُن کے دلوں میں نہیں؛ تم فرماؤ: تو اللہ کے سامنے کسے

لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ؕ بَلْ كَانَ

تمہارا کچھ اختیار ہے اگر وہ تمہارا بُرا چاہے یا تمہاری بھلائی کا ارادہ فرمائے، بلکہ اللہ کو

اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝١١ بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ

تمہارے کاموں کی خبر ہے۔ بلکہ تم تو یہ سمجھے ہوئے تھے کہ رسول اور مسلمان ہرگز

وَالْمُؤْمِنُوْنَ اِلٰۤى اَهْلِيْهِمْ اَبَدًا وَّزُيِّنَ ذٰلِكَ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَظَنَنْتُمْ

گھروں کو واپس نہ آئیں گے اور اسی کو اپنے دلوں میں بھلا سمجھے ہوئے تھے اور تم نے

ظَنَّ السَّوْءِ ۖ وَكُنْتُمْ قَوْمًۢا بُوْرًا ۝١٢ وَمَنْ لَّمْ يُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

بُرا گمان کیا، اور تم ہلاک ہونے والے لوگ تھے۔ اور جو ایمان نہ لائے اللہ اور اس کے رسول پر

فَاِنَّاۤ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَعِيْرًا ۝١٣ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

تو بے شک ہم نے کافروں کے لیے بھڑکتی آگ تیار کر رکھی ہے۔ اور اللہ ہی کے لیے ہے آسمانوں اور زمین کی سلطنت؛

Marfat.com

يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۴﴾

جسے چاہے بخشے اور جسے چاہے عذاب کرے؛ اور اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

سَيَقُوْلُ الْمُخَلَّفُوْنَ اِذَا انْطَلَقْتُمْ اِلٰى مَغَانِمَ لِتَاْخُذُوْهَا ذَرُوْنَا

اب کہیں گے پیچھے بیٹھ رہنے والے: جب تم غنیمتیں لینے چلو تو ہمیں بھی اپنے پیچھے

نَتَّبِعْكُمْ ۚ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّبَدِّلُوْا كَلٰمَ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا كَذٰلِكُمْ

آنے دو، وہ چاہتے ہیں اللہ کا کلام بدل دیں؛ تم فرماؤ: ہرگز تم ہمارے ساتھ نہ آؤ

قَالَ اللّٰهُ مِنْ قَبْلُ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ بَلْ تَحْسُدُوْنَنَا ؕ بَلْ كَانُوْا لَا

اللہ نے پہلے سے یونہی فرما دیا ہے، تو اب کہیں گے بلکہ تم ہم سے جلتے ہو؛ بلکہ وہ بات نہ

يَفْقَهُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۵﴾ قُلْ لِّلْمُخَلَّفِيْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ

سمجھتے تھے مگر تھوڑی۔ اُن پیچھے رہ گئے ہوئے گنواروں سے فرماؤ: عنقریب تم

اِلٰى قَوْمٍ اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ يُسْلِمُوْنَ ۚ فَاِنْ

ایک سخت لڑائی والی قوم کی طرف بلائے جاؤ گے کہ اُن سے لڑو یا وہ مسلمان ہو جائیں، پھر اگر

تُطِيْعُوْا يُؤْتِكُمُ اللّٰهُ اَجْرًا حَسَنًا ۚ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ قَبْلُ

تم فرمان مانو گے اللہ تمہیں اچھا ثواب دے گا، اور اگر پھر جاؤ گے جیسے پہلے پھر گئے

يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۶﴾ لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ

تو تمہیں دردناک عذاب دے گا۔ اندھے پر تنگی نہیں اور نہ لنگڑے پر

حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ

مضائقہ اور نہ بیمار پر مواخذہ؛ اور جو اللہ اور اس کے رسول کا حکم مانے اللہ اسے

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۷﴾ ع

باغوں میں لے جائے گا جن کے نیچے نہریں رواں، اور جو پھر جائے گا اُسے دردناک عذاب فرمائے گا۔

لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ

بے شک اللہ راضی ہوا ایمان والوں سے: جب وہ اس پیڑ کے نیچے تمہاری بیعت کرتے تھے

Marfat.com

فَعَلِمَ مَا فِي قُلُوبِهِمْ فَأَنْزَلَ السَّكِينَةَ عَلَيْهِمْ وَأَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيبًا ﴿١٨﴾

تو اللہ نے جانا جو اُن کے دلوں میں ہے تو ان پر اطمینان اُتارا اور انہیں جلد آنے والی فتح کا انعام دیا،

وَمَغَانِمَ كَثِيرَةً يَأْخُذُونَهَا ۗ وَكَانَ اللَّهُ عَزِيزًا حَكِيمًا ﴿١٩﴾ وَعَدَكُمُ اللَّهُ

اور بہت سی غنیمتیں جن کو لیں؛ اور اللہ عزت و حکمت والا ہے۔ اور اللہ نے تم سے وعدہ

مَغَانِمَ كَثِيرَةً تَأْخُذُونَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هَٰذِهِ وَكَفَّ أَيْدِيَ النَّاسِ

کیا ہے بہت سی غنیمتوں کا کہ تم لوگے تو تمہیں یہ جلد عطا فرما دی اور لوگوں کے ہاتھ تم سے روک

عَنْكُمْ وَلِتَكُونَ آيَةً لِلْمُؤْمِنِينَ وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا مُسْتَقِيمًا ﴿٢٠﴾ وَ

دیے، اور اس لیے کہ ایمان والوں کے لیے نشانی ہو اور تمہیں سیدھی راہ دکھا دے، اور

أُخْرَىٰ لَمْ تَقْدِرُوا عَلَيْهَا قَدْ أَحَاطَ اللَّهُ بِهَا ۚ وَكَانَ اللَّهُ عَلَىٰ

ایک اور جو تمہارے بل (طاقت) کی نہ تھی وہ اللہ کے قبضہ میں ہے؛ اور اللہ

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرًا ﴿٢١﴾ وَلَوْ قَاتَلَكُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوَلَّوُا الْأَدْبَارَ ثُمَّ لَا

ہر چیز پر قادر ہے۔ اور اگر کافر تم سے لڑیں تو ضرور تمہارے مقابلہ سے پیٹھ پھیر دیں گے

يَجِدُونَ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ﴿٢٢﴾ سُنَّةَ اللَّهِ الَّتِي قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ ۖ

پھر نہ کوئی حمایتی پائیں گے نہ مددگار۔ اللہ کا دستور ہے کہ پہلے سے چلا آتا ہے

وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللَّهِ تَبْدِيلًا ﴿٢٣﴾ وَهُوَ الَّذِي كَفَّ أَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَ

اور ہرگز تم اللہ کا دستور بدلا نہ پاؤ گے۔ اور وہی ہے جس نے اُن کے ہاتھ تم سے روک دیے اور

أَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْ بَعْدِ أَنْ أَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ ۚ وَكَانَ

تمہارے ہاتھ ان سے روک دیے وادی مکہ میں بعد اس کے کہ تمہیں ان پر قابو دے دیا تھا؛ اور

اللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرًا ﴿٢٤﴾ هُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ

اللہ تمہارے کام دیکھتا ہے۔ وہ وہ ہیں جنہوں نے کفر کیا اور تمہیں مسجد حرام سے

الْحَرَامِ وَالْهَدْيَ مَعْكُوفًا أَنْ يَبْلُغَ مَحِلَّهُ ۚ وَلَوْلَا رِجَالٌ مُؤْمِنُونَ

روکا اور قربانی کے جانور کو روکے پڑے اپنی جگہ پہنچنے سے؛ اور اگر یہ نہ ہوتا کہ کچھ مسلمان مرد

وَنِسَآءٌ مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ تَطَـُٔوْهُمْ فَتُصِيْبَكُمْ مِّنْهُمْ مَّعَرَّةٌۢ

اور کچھ مسلمان عورتیں جن کے تمہیں خبر نہیں کہیں تم انہیں روند ڈالو تو تمہیں اُن کی طرف سے انجانی میں کوئی ضرر پہنچے تو ہم

بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ لِيُدْخِلَ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۚ لَوْ تَزَيَّلُوْا لَعَذَّبْنَا

تمہیں ان کی قتال کی اجازت دیتے، ان کا یہ بچاؤ اس لیے ہے کہ اللہ اپنی رحمت میں داخل کرے جسے چاہے، اگر وہ جدا ہو جاتے تو ضرور ہم

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝ اِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ

ان میں کے کافروں کو دردناک عذاب دیتے۔ جب کہ کافروں نے اپنے دلوں میں آڑ (ضد) رکھی

الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى

وہی زمانہء جاہلیت کی اڑ (ضد) تو اللہ نے اپنا اطمینان اپنے رسول اور ایمان والوں

الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَكَانُوْٓا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا ۭ وَ

پر اُتارا اور پرہیز گاری کا کلمہ اُن پر لازم فرمایا اور وہ اس کے زیادہ سزاوار اور اس کے اہل تھے! اور

كَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝ لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا ع ۱۱

اللہ سب کچھ جانتا ہے بے شک اللہ نے سچ کر دیا اپنے رسول کا سچا

بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ۙ مُحَلِّقِيْنَ

خواب، بے شک تم ضرور مسجد حرام میں داخل ہو گے اگر اللہ چاہے امن و امان سے، اپنے سروں

رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ ۙ لَا تَخَافُوْنَ ۭ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ

کے بال منڈاتے یا ترشواتے بے خوف؛ تو اس نے جانا جو تمہیں معلوم نہیں تو اس سے پہلے

دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ۝ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَ

ایک نزدیک آنے والی فتح رکھی۔ وہی ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچے

دِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۝ مُحَمَّدٌ

دین کے ساتھ بھیجا کہ اُسے سب دینوں پر غالب کرے؛ اور اللہ کافی ہے گواہ۔ محمد

رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ

اللہ کے رسول ہیں؛ اور ان کے ساتھ والے کافروں پر سخت ہیں اور آپس میں نرم دل تو انہیں

رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ

دیکھے گا رکوع کرتے سجدے میں گرتے، اللہ کا فضل و رضا چاہتے، ان کی علامت اُن کے چہروں

مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ۚ وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ ۚ

میں ہے سجدوں کے نشان سے؛ یہ ان کی صفت توریت میں ہے، اور ان کی صفت انجیل میں،

كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْـَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ

جیسے ایک کھیتی اس نے اپنا پٹھا نکالا پھر اُسے طاقت دی پھر دبیز ہوئی، پھر اپنی ساق پر سیدھی کھڑی ہوئی، کسانوں

الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ۗ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

کو بھلی لگتی ہے، تاکہ اُن سے کافروں کے دل جلیں؛ اللہ نے وعدہ کیا ان سے جو ان میں ایمان اور اچھے

الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۲۹﴾

کاموں والے ہیں بخشش اور بڑے ثواب کا۔

سورۂ حجرات کے فضائل

اس سورت کی سب سے بڑی فضیلت یہ ہے کہ صاحب روح المعانی علامہ محمود آلوسی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ "روح المعانی" جلد ۲۶ صفحہ ۱۱۹ پر فرماتے ہیں: اس سورت کی ابتداء میں اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ کی بہت ہی تکریم فرمائی ہے اور اس میں حضرات صحابہ کرام سے خلافت کا وعدہ فرمایا گیا ہے۔

سورۂ حجرات کے خواص

(۱) جریان کے مریض کو سورۃ الحجرات تین مرتبہ پانی پر دم کر کے ۴۱ دن تک پلائی جائے، ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

(۲) ہر بیماری کے دفع ہونے کے لئے اس کو دس (۱۰) مرتبہ پڑھے۔

(۳) اگر اس سورت کو لکھ کر حاملہ کے گلے میں ڈالیں تو بچہ صحت و تندرستی سے پیدا ہوگا۔

(۴) اگر کسی دودھ والی کو پلائیں اور گلے میں ڈالیں تو دودھ زیادہ ہوگا۔

Marfat.com

سُوْرَةُ الْحُجُرٰت
۴۹ مدنیۃ ۱۳۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اٰیاتہا ۱۸ — رکوعاتہا ۲

سورۃ حجرات مدنی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا — اس میں اٹھارہ آیتیں اور دو رکوع ہیں

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا

اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول سے آگے نہ بڑھو اور اللہ

اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝۱ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا

سے ڈرو بے شک اللہ سنتا جانتا ہے۔ اے ایمان والو! اپنی آوازیں

اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ

اونچی نہ کرو اس غیب بتانے والے (نبی) کی آواز سے اور ان کے حضور بات چلا کر نہ کہو جیسے آپس میں

بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۝۲ اِنَّ

ایک دوسرے کے سامنے چلاتے ہو کہ کہیں تمہارے عمل اکارت نہ ہو جائیں اور تمہیں خبر نہ ہو۔ بے شک

الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ

وہ جو اپنی آوازیں پست کرتے ہیں رسول اللہ کے پاس وہ ہیں جن کا

امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰى ۭ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝۳ اِنَّ

دل اللہ نے پرہیز گاری کے لیے پرکھ لیا ہے؛ ان کے لیے بخشش اور بڑا ثواب ہے۔ بے شک

الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَاۗءِ الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝۴ وَ

وہ جو تمہیں حجروں کے باہر سے پکارتے ہیں ان میں اکثر بے عقل ہیں۔ اور

لَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰى تَخْرُجَ اِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

اگر وہ صبر کرتے یہاں تک کہ تم آپ اُن کے پاس تشریف لاتے تو یہ اُن کے لیے بہتر تھا؛ اور اللہ بخشنے والا،

رَّحِيْمٌ ۝۵ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَاۗءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا اَنْ

مہربان ہے۔ اے ایمان والو! اگر کوئی فاسق تمہارے پاس کوئی خبر لائے تو تحقیق کر لو کہ کہیں

تُصِيْبُوْا قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰي مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ۝۶ وَاعْلَمُوْٓا

کسی قوم کو بے جانے ایذا نہ دے بیٹھو، پھر اپنے کیے پر پچھتاتے رہ جاؤ۔ اور جان لو

اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَلٰكِنَّ

کہ تم میں اللہ کے رسول ہیں؛ بہت معاملوں میں اگر یہ تمہاری خوشی کریں تو تم ضرور مشقت میں پڑو لیکن

اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ

اللہ نے تمہیں ایمان پیارا کر دیا ہے اور اُسے تمہارے دلوں میں آراستہ کر دیا اور کفر اور حکم عدولی

وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۙ﴿۷﴾ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ

اور نافرمانی تمہیں ناگوار کر دی؛ ایسے ہی لوگ راہ پر ہیں، اللہ کا فضل

وَنِعْمَةً ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۸﴾ وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

اور احسان؛ اور اللہ علم و حکمت والا ہے۔ اور اگر مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں

اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى

لڑیں تو ان میں صلح کراؤ، پھر اگر ایک دوسرے پر زیادتی کرے

فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا

تو اس زیادتی والے سے لڑو یہاں تک کہ وہ اللہ کے حکم کی طرف پلٹ آئے، پھر اگر پلٹ آئے تو انصاف کے ساتھ

بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ﴿۹﴾ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ

ان میں اصلاح کرو اور عدل کرو؛ بے شک عدل والے اللہ کو پیارے ہیں۔ مسلمان مسلمان

اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۱۰﴾ يٰٓاَيُّهَا ع ۱ ۱۳

بھائی ہیں، تو اپنے دو بھائیوں میں صلح کرو اور اللہ سے ڈرو کہ تم پر رحمت ہو۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ وَ

ایمان والو نہ مرد مردوں سے ہنسیں، عجب نہیں کہ وہ ان ہنسنے والوں سے بہتر ہوں اور

لَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ

نہ عورتیں عورتوں سے، ڈور نہیں کہ وہ ان ہنسنے والیوں سے بہتر ہوں، اور آپس میں طعنہ نہ کرو

وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ؕ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِيْمَانِ ۚ وَ

اور ایک دوسرے کے برے نام نہ رکھو کیا ہی برا نام ہے مسلمان ہو کر فاسق کہلانا، اور

Marfat.com

مَنْ لَّمْ يَتُبْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿١١﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا

جو توبہ نہ کریں تو وہی ظالم ہیں۔ اے ایمان والو بہت گمانوں

كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ ۫ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ

سے بچو، بے شک کوئی گمان گناہ ہو جاتا ہے اور عیب نہ ڈھونڈو اور ایک

بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ۭ اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا

دوسرے کی غیبت نہ کرو؛ کیا تم میں کوئی پسند رکھے گا کہ اپنے مرے بھائی کا گوشت کھائے؟

فَكَرِهْتُمُوْهُ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٢﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ

تو یہ تمہیں گوارا نہ ہوگا؛ اور اللہ سے ڈرو؛ بے شک اللہ بہت توبہ قبول کرنے والا، مہربان ہے۔ اے لوگو ہم نے

اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَاۗىِٕلَ لِتَعَارَفُوْا

تمہیں ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا اور تمہیں شاخیں اور قبیلے کیا کہ آپس میں پہچان رکھو؛

اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ﴿١٣﴾ قَالَتِ الْاَعْرَابُ

بیشک اللہ کے یہاں تم میں زیادہ عزت والا وہ جو تم میں زیادہ پرہیزگار ہے؛ بیشک اللہ جاننے والا، خبردار ہے۔ گنوار بولے:

اٰمَنَّا ۭ قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ قُوْلُوْٓا اَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ

ہم ایمان لائے؛ تم فرماؤ: تم ایمان تو نہ لائے ہاں یوں کہو کہ ہم مطیع ہوئے اور ابھی ایمان تمہارے دلوں میں

فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ وَاِنْ تُطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَا يَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ شَيْـــًٔا

کہاں داخل ہوا، اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرو گے تو تمہارے کسی عمل کا تمہیں نقصان نہ دے گا،

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٤﴾ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔ ایمان والے تو وہی ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے

ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ

پھر شک نہ کیا اور اپنی جان اور مال سے اللہ کی راہ میں جہاد کیا؛

اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ﴿١٥﴾ قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ بِدِيْنِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ

وہی سچے ہیں۔ تم فرماؤ: کیا تم اللہ کو اپنا دین بتاتے ہو؟ اور اللہ

يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۶﴾

جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے؛ اور اللہ سب کچھ جانتا ہے۔

يَمُنُّوْنَ عَلَيْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا ؕ قُلْ لَّا تَمُنُّوْا عَلَيَّ اِسْلَامَكُمْ ۚ بَلِ

اے محبوب! وہ تم پر احسان جتاتے ہیں کہ مسلمان ہوگئے؛ تم فرماؤ: اپنے اسلام کا احسان مجھ پر نہ رکھو، بلکہ

اللّٰهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ لِلْاِيْمَانِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۷﴾

اللہ تم پر احسان رکھتا ہے کہ اس نے تمہیں اسلام کی ہدایت کی اگر تم سچے ہو۔

اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾ ع ۱ ۲ ۱۴

بے شک اللہ جانتا ہے آسمانوں اور زمین کے سب غیب؛ اور اللہ تمہارے کام دیکھ رہا ہے۔

سورۃ قٓ کے فضائل وخواص

ضعف بصارت، دشمن سے حفاظت، بخار سے شفایابی

(۱) تین مرتبہ سرمہ پر دم کر کے آنکھوں میں ڈالنے سے ضعف بصارت سے محفوظ رہے گا۔

(۲) دشمن سے حفاظت کے لیے اس سورۃ مبارکہ کی پلاسٹک کوٹنگ کروا کر اپنی جیب میں رکھے۔

(۳) مسلسل بخار سے نجات کے لئے تین مرتبہ پانی پر دم کر کے مریض کو پلا دیں۔

سُوْرَةُ قٓ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — الجزء ۲۶ — رکوعاتہا ۳

سورۃ ق کی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا — اور اس میں پینتالیس آیتیں اور تین رکوع ہیں

قٓ ۟ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ۟ ﴿۱﴾ بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ فَقَالَ

عزت والے قرآن کی قسم! بلکہ انہوں اس کا چنبھا ہوا کہ ان کے پاس انہی میں کا ایک ڈر سنانے والا تشریف لایا، تو

الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا شَيْءٌ عَجِيْبٌ ۟ ﴿۲﴾ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ۚ ذٰلِكَ رَجْعٌ

کافر بولے: یہ تو عجیب بات ہے کیا جب ہم مرجائیں اور مٹی ہو جائیں گے پھر جئیں گے؟ یہ پلٹنا

Marfat.com

بَعِيْدٌ ۝۴ قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْاَرْضُ مِنْهُمْ ۚ وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ

دُور ہے۔ ہم جانتے ہیں جو کچھ زمین ان میں سے گھٹاتی ہے، اور ہمارے پاس ایک یاد رکھنے

حَفِيْظٌ ۝۴ بَلْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ فَهُمْ فِيْٓ اَمْرٍ مَّرِيْجٍ ۝۵ اَفَلَمْ

والی کتاب ہے۔ بلکہ انہوں نے حق کو جھٹلایا جب وہ ان کے پاس آیا، تو وہ ایک مضطرب بے ثبات بات میں ہیں۔ تو کیا

يَنْظُرُوْٓا اِلَى السَّمَآءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَزَيَّنّٰهَا وَمَا لَهَا مِنْ

انہوں نے اپنے اوپر آسمان نہ دیکھا ہم نے اُسے کیسا بنایا اور سنوارا اور اس میں کہیں

فُرُوْجٍ ۝۶ وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا

رخنہ نہیں؟ اور زمین کو ہم نے پھیلایا اور اس میں لنگر ڈالے (بھاری وزن رکھے) اور اس میں

مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ۝۷ تَبْصِرَةً وَّذِكْرٰى لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ۝۸

ہر بارونق جوڑا اُگایا؟ سوجھ اور سمجھ ہر رجوع والے بندے کے لیے۔

وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ جَنّٰتٍ وَّحَبَّ الْحَصِيْدِ ۝۹

اور ہم نے آسمان سے برکت والا پانی اُتارا تو اس سے باغ اُگائے اور اناج کہ کاٹا جاتا ہے،

وَالنَّخْلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَّضِيْدٌ ۝۱۰ رِّزْقًا لِّلْعِبَادِ ۙ وَاَحْيَيْنَا بِهٖ

اور کھجور کے لمبے درخت جن کا گابھا بندوں کی روزی کے لیے اور ہم نے اس سے

بَلْدَةً مَّيْتًا ۭ كَذٰلِكَ الْخُرُوْجُ ۝۱۱ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّاَصْحٰبُ

مردہ شہر جلایا؛ یونہی قبروں سے تمہارا نکلنا ہے۔ ان سے پہلے جھٹلایا نوح کی قوم اور رس والوں

الرَّسِّ وَثَمُوْدُ ۝۱۲ وَعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ وَاِخْوَانُ لُوْطٍ ۝۱۳ وَّاَصْحٰبُ

اور ثمود، اور عاد اور فرعون اور لوط کے ہم قوموں، اور بن والوں

الْاَيْكَةِ وَقَوْمُ تُبَّعٍ ۭ كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيْدِ ۝۱۴ اَفَعَيِيْنَا

اور تبع کی قوم نے؛ ان میں ہر ایک نے رسولوں کو جھٹلایا تو میرے عذاب کا وعدہ ثابت ہو گیا۔ تو کیا ہم

بِالْخَلْقِ الْاَوَّلِ ۭ بَلْ هُمْ فِيْ لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۝۱۵ وَلَقَدْ

پہلی بار بنا کر تھک گئے؟ بلکہ وہ نئے بننے سے شبہ میں ہیں۔ اور بے شک

ع ۱

Marfat.com

خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهٖ نَفْسُهٗ ۚ وَنَحْنُ اَقْرَبُ

ہم نے آدمی کو پیدا کیا اور ہم جانتے ہیں جو وسوسہ اس کا نفس ڈالتا ہے، اور ہم دل کی رگ

اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ ﴿۱۶﴾ اِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيٰنِ عَنِ الْيَمِيْنِ وَ

سے بھی اس سے زیادہ نزدیک ہیں۔ اور جب اس سے لیتے ہیں دو لینے والے ایک داہنے بیٹھا اور

عَنِ الشِّمَالِ قَعِيْدٌ ﴿۱۷﴾ مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ ﴿۱۸﴾

ایک بائیں۔ کوئی بات وہ زبان سے نہیں نکالتا کہ اس کے پاس ایک محافظ تیار نہ بیٹھا ہو۔

وَجَآءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ۭ ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيْدُ ﴿۱۹﴾ وَ

اور آئی موت کی بے ہوشی حق کے ساتھ؛ یہ ہے جس سے تو بھاگتا تھا۔ اور

نُفِخَ فِي الصُّوْرِ ۭ ذٰلِكَ يَوْمُ الْوَعِيْدِ ﴿۲۰﴾ وَجَآءَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا

پھونکا گیا؛ یہ ہے وعدۂ عذاب کا دن۔ اور ہر جان یہاں حاضر ہوگی کہ اس کے ساتھ ایک

سَآئِقٌ وَّشَهِيْدٌ ﴿۲۱﴾ لَقَدْ كُنْتَ فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا

ہانکنے والا اور ایک گواہ بے شک تو اس سے غفلت میں تھا تو ہم نے تجھ پر

عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ﴿۲۲﴾ وَقَالَ قَرِيْنُهٗ هٰذَا

سے پردہ اٹھایا تو آج تیری نگاہ تیز ہے۔ اور اس کا ہم نشین فرشتہ بولا یہ ہے

مَا لَدَيَّ عَتِيْدٌ ﴿۲۳﴾ اَلْقِيَا فِيْ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿۲۴﴾ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ

جو میرے پاس حاضر ہے۔ حکم ہوگا: تم دونوں جہنم میں ڈال دو ہر بڑے ناشکرے ہٹ دھرم کو، جو بھلائی سے بہت روکنے والا،

مُعْتَدٍ مُّرِيْبِ ﴿۲۵﴾ الَّذِيْ جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَاَلْقِيٰهُ فِي

حد سے بڑھنے والا، شک کرنے والا، جس نے اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود ٹھہرایا تم دونوں اسے سخت

الْعَذَابِ الشَّدِيْدِ ﴿۲۶﴾ قَالَ قَرِيْنُهٗ رَبَّنَا مَآ اَطْغَيْتُهٗ وَلٰكِنْ كَانَ

عذاب میں ڈالو۔ اس کے ساتھی شیطان نے کہا: ہمارے رب میں نے اسے سرکش نہ کیا ہاں یہ آپ

فِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۲۷﴾ قَالَ لَا تَخْتَصِمُوْا لَدَيَّ وَقَدْ قَدَّمْتُ اِلَيْكُمْ

ہی دور کی گمراہی میں تھا۔ فرمائے گا: میرے پاس نہ جھگڑو میں تمہیں پہلے ہی عذاب کا ڈر سنا

Marfat.com

بِالْوَعِيْدِ ﴿۴۵﴾ مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ وَمَآ اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۴۶﴾ ع ۲ ۱۶

چکا تھا۔ میرے یہاں بات بدلتی نہیں اور نہ میں بندوں پر ظلم کروں۔

يَوْمَ نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَاْتِ وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ ﴿۴۷﴾ وَ

جس دن ہم جہنم سے فرمائیں گے: کیا تو بھر گئی؟ وہ عرض کرے گی: کچھ اور زیادہ ہے؟ اور

اُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ غَيْرَ بَعِيْدٍ ﴿۴۸﴾ هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِكُلِّ

پاس لائی جائے گی جنت پرہیزگاروں کے کہ ان سے دُور نہ ہو گی۔ یہ ہے وہ جس کا تم وعدہ دیے جاتے ہو ہر

اَوَّابٍ حَفِيْظٍ ﴿۴۹﴾ مَّنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ

رجوع لانے والے نگہداشت کرنے والے۔ جو رحمٰن سے بے دیکھے ڈرتا ہے اور رجوع کرتا ہوا

مُّنِيْبِ ﴿۵۰﴾ ادْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُوْدِ ﴿۵۱﴾ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ

دل لایا۔ ان سے فرمایا جائے گا: جنت میں چلو سلامتی کے ساتھ یہ ہمیشگی کا دن ہے۔ اُن کے لیے ہے اس میں جو چاہیں

فِيْهَا وَلَدَيْنَا مَزِيْدٌ ﴿۵۲﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَشَدُّ

اور ہمارے پاس اس سے بھی زیادہ ہے۔ اور اُن سے پہلے ہم نے کتنی سختیں (قومیں) ہلاک فرما دیں کہ گرفت میں اُن

مِنْهُمْ بَطْشًا فَنَقَّبُوْا فِي الْبِلَادِ هَلْ مِنْ مَّحِيْصٍ ﴿۵۳﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

سے سخت تھیں تو شہروں میں کاوشیں کیں؛ ہے کہیں بھاگنے کی جگہ؟ بے شک اس میں ضرور

لَذِكْرٰى لِمَنْ كَانَ لَهٗ قَلْبٌ اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيْدٌ ﴿۵۴﴾ وَ

ہے اس کے لیے جو دل رکھتا ہو یا کان لگائے اور متوجہ ہو۔ اور

لَقَدْ خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ۖ وَّمَا

بے شک ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے چھ دن میں بنایا، اور

مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ ﴿۵۵﴾ فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ

کچھ ہمارے پاس نہ آئی۔ تو ان کی باتوں پر صبر کرو اور اپنے رب کی تعریف کرتے ہوئے اس کی پاکی بولو

الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ ﴿۵۶﴾ وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ السُّجُوْدِ ﴿۵۷﴾ وَ

سورج چمکنے سے پہلے اور ڈوبنے سے پہلے۔ اور کچھ رات گئے اس کی تسبیح کرو اور نمازوں کے بعد۔ اور

Marfat.com

اسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ﴿۴۱﴾ يَّوْمَ يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ

کان لگا کر سنو جس دن پکارنے والا پکارے گا ایک پاس جگہ سے، جس دن چنگھاڑ سنیں گے

بِالْحَقِّ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوْجِ ﴿۴۲﴾ اِنَّا نَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَاِلَيْنَا الْمَصِيْرُ ﴿۴۳﴾ يَوْمَ

حق کے ساتھ؛ یہ دن ہے قبروں سے باہر آنے کا۔ بے شک ہم جلائیں اور ہم ماریں اور ہماری طرف پھرنا ہے، جس دن

بے شک ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا کہ ان کو ڈرا اس سے پہلے کہ ان پر

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۱ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۲ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ

دردناک عذاب آئے۔ اس نے فرمایا اے میری قوم! میں تمہارے لیے صریح ڈر سنانے والا ہوں، کہ اللہ کی بندگی کرو

وَاتَّقُوْهُ وَاَطِيْعُوْنِ ۝۳ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُؤَخِّرْكُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ

اور اس سے ڈرو اور میرا حکم مانو، وہ تمہارے کچھ گناہ بخش دے گا اور ایک مقرر میعاد تک تمہیں

مُّسَمًّى ۭ اِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ اِذَا جَاۗءَ لَا يُؤَخَّرُ ۘ لَوْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝۴ قَالَ

مہلت دے گا؛ بے شک اللہ کا وعدہ جب آتا ہے ہٹایا نہیں جاتا، کسی طرح تم جانتے۔ عرض کی

رَبِّ اِنِّيْ دَعَوْتُ قَوْمِيْ لَيْلًا وَّنَهَارًا ۝۵ فَلَمْ يَزِدْهُمْ دُعَاۗءِيْٓ اِلَّا

اے میرے رب! میں نے اپنی قوم کو رات دن بلایا، تو میرے بلانے سے انہیں بھاگنا ہی

Marfat.com

فِرَارًا ۝٦ وَإِنِّي كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ جَعَلُوا أَصَابِعَهُمْ فِي آذَانِهِمْ

بڑھا۔ اور میں نے جتنی بار انہیں بلایا کہ تو ان کو بخشے انہوں نے اپنے کانوں میں انگلیاں دے لیں

وَاسْتَغْشَوْا ثِيَابَهُمْ وَأَصَرُّوا وَاسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًا ۝٧ ثُمَّ إِنِّي دَعَوْتُهُمْ

اور اپنے کپڑے اوڑھ لیے اور ہٹ کی اور بڑا غرور کیا۔ پھر میں نے انہیں بلایا

جِهَارًا ۝٨ ثُمَّ إِنِّي أَعْلَنْتُ لَهُمْ وَأَسْرَرْتُ لَهُمْ إِسْرَارًا ۝٩ فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوا

بلایا، پھر میں نے ان سے باعلان بھی کہا اور آہستہ خفیہ بھی کہا، تو میں نے کہا: اپنے رب سے

رَبَّكُمْ إِنَّهُ كَانَ غَفَّارًا ۝١٠ يُرْسِلِ السَّمَاءَ عَلَيْكُمْ مِدْرَارًا ۝١١ وَيُمْدِدْكُمْ

معافی مانگو؛ وہ بڑا معاف فرمانے والا ہے، تم پر خزانے کا (موسلا دھار) مینہ بھیجے گا، اور مال اور

بِأَمْوَالٍ وَبَنِينَ وَيَجْعَلْ لَكُمْ جَنَّاتٍ وَيَجْعَلْ لَكُمْ أَنْهَارًا ۝١٢ مَا لَكُمْ

بیٹوں سے تمہاری مدد کرے گا اور تمہارے لیے باغ بنا دے گا اور تمہارے لیے نہریں بنائے گا۔ تمہیں کیا ہو

لَا تَرْجُونَ لِلَّهِ وَقَارًا ۝١٣ وَقَدْ خَلَقَكُمْ أَطْوَارًا ۝١٤ أَلَمْ تَرَوْا كَيْفَ خَلَقَ

اللہ سے عزت حاصل کرنے کی امید نہیں کرتے۔ حالانکہ اس نے تمہیں طرح طرح بنایا۔ کیا تم نہیں دیکھتے اللہ نے

اللَّهُ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ طِبَاقًا ۝١٥ وَجَعَلَ الْقَمَرَ فِيهِنَّ نُورًا وَجَعَلَ

کیونکر سات آسمان بنائے ایک پر ایک؟ اور ان میں چاند کو روشن کیا اور

الشَّمْسَ سِرَاجًا ۝١٦ وَاللَّهُ أَنْبَتَكُمْ مِنَ الْأَرْضِ نَبَاتًا ۝١٧ ثُمَّ يُعِيدُكُمْ

سورج کو چراغ۔ اور اللہ نے تمہیں سبزے کی طرح زمین سے اگایا، پھر تمہیں اسی میں

فِيهَا وَيُخْرِجُكُمْ إِخْرَاجًا ۝١٨ وَاللَّهُ جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ بِسَاطًا ۝١٩

لے جائے گا اور دوبارہ نکالے گا۔ اور اللہ نے تمہارے لیے زمین کو بچھونا بنایا،

لِتَسْلُكُوا مِنْهَا سُبُلًا فِجَاجًا ۝٢٠ قَالَ نُوحٌ رَبِّ إِنَّهُمْ عَصَوْنِي وَاتَّبَعُوا ع ۲

کہ اس کے وسیع راستوں میں چلو۔ نوح نے عرض کی: اے میرے رب! انہوں نے میری نافرمانی کی اور

مَنْ لَمْ يَزِدْهُ مَالُهُ وَوَلَدُهُ إِلَّا خَسَارًا ۝٢١ وَمَكَرُوا مَكْرًا كُبَّارًا ۝٢٢ وَ

ایسے کے پیچھے ہو لیے جسے اس کے مال اور اولاد نے نقصان ہی بڑھایا۔ اور بہت بڑا داؤں کھیلے اور

Marfat.com

قَالُوْا لَا تَذَرُنَّ اٰلِهَتَكُمْ وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا وَّلَا سُوَاعًا ۙ وَّلَا يَغُوْثَ

بولے: ہر گز نہ چھوڑنا اپنے خداؤں کو اور ہر گز نہ چھوڑنا ودّ اور سواع اور یغوث

وَيَعُوْقَ وَنَسْرًا ﴿۲۳﴾ وَقَدْ اَضَلُّوْا كَثِيْرًا ۚ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا ضَلٰلًا ﴿۲۴﴾

اور یعوق اور نسر کو ۔ اور بے شک انہوں نے بہتوں کو بہکایا، اور تو ظالموں کو زیادہ نہ کرنا مگر گمراہی

مِمَّا خَطِيْٓـٰٔتِهِمْ اُغْرِقُوْا فَاُدْخِلُوْا نَارًا ۙ فَلَمْ يَجِدُوْا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ

اپنی کیسی خطاؤں پر ڈبوئے گئے پھر آگ میں داخل کئے گئے تو انہوں نے اللہ کے مقابل اپنا کوئی

اللّٰهِ اَنْصَارًا ﴿۲۵﴾ وَقَالَ نُوْحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ

مددگار نہ پایا۔ اور نوح نے عرض کی: اے میرے رب! زمین پر کافروں میں سے کوئی بسنے والا نہ

دَيَّارًا ﴿۲۶﴾ اِنَّكَ اِنْ تَذَرْهُمْ يُضِلُّوْا عِبَادَكَ وَلَا يَلِدُوْٓا اِلَّا فَاجِرًا

چھوڑ۔ بے شک اگر تو انہیں رہنے دے گا تو تیرے بندوں کو گمراہ کر دیں گے اور ان کے اولاد ہو گی تو وہ بھی نہ ہو گی مگر بدکار

كَفَّارًا ﴿۲۷﴾ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّ

بڑی ناشکر۔ اے میرے رب! مجھے بخش دے اور میرے ماں باپ کو اور اسے جو ایمان کے ساتھ میرے گھر میں ہے اور

لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا ﴿۲۸﴾ ع

سب مسلمان مردوں اور سب مسلمان عورتوں کو؛ اور کافروں کو نہ بڑھا مگر تباہی۔

ع ۲ (النصف) ۱۰

سورۃ جن کے خواص

جنّات وآسیب سے نجات، قید سے رہائی، مال کی حفاظت، راحت وسکون کیلئے، ظالم کے شر سے نجات کیلئے

(۱) جس پر جنّات کا اثر ہو اس سورت کو ۴۱ مرتبہ پڑھیں، گیارہ روز تک پانی پر دم کر کے پلائیں، آخری روز اس سورت کی فوٹو کاپی کرا کر تعویذ بنا کر اس کے گلے میں ڈالنے سے اثرات ختم ہو جائیں گے۔

(۲) کوئی شخص قید میں ہو تو اسے پڑھے اسے رہائی نصیب ہو جائے گی۔

Marfat.com

(۳) کسی مال یا خزانے کے ضائع ہونے کا ڈر ہو تو پانی پر دم کر کے اس پر چھڑک دیں۔
(۴) سوتے وقت ایک مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالیں تو ہمیشہ پر سکون رہے گا، کسی قسم کے غم و فکر میں مبتلا نہ ہوگا، جب کسی دشمن یا ظالم کے سامنے جائے گا تو اس کے شر سے محفوظ رہے گا۔

سورۃ الجن مکیۃ ۲ رکوعاتہا ۲۸ اٰیاتہا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۂ جن مکی ہے اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا اس میں اٹھائیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا

تم فرماؤ: مجھے وحی ہوئی کہ کچھ جنوں نے میرا پڑھنا کان لگا کر سنا تو بولے: ہم نے ایک عجیب قرآن

عَجَبًا ۙ﴿۱﴾ يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ۭ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۙ﴿۲﴾

سنا، کہ بھلائی کی راہ بتاتا ہے تو ہم اس پر ایمان لائے؛ اور ہم ہرگز کسی کو اپنے رب کا شریک نہ کریں گے،

وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۙ﴿۳﴾ وَّاَنَّهٗ كَانَ

اور یہ کہ ہمارے رب کی شان بہت بلند ہے نہ اس نے عورت اختیار کی اور نہ بچہ، اور یہ کہ ہم میں کا

يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۙ﴿۴﴾ وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ تَقُوْلَ

بے وقوف اللہ پر بڑھ کر بات کہتا تھا، اور یہ کہ ہمیں خیال تھا کہ ہرگز

الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۙ﴿۵﴾ وَّاَنَّهٗ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْاِنْسِ

آدمی اور جن اللہ پر جھوٹ نہ باندھیں گے، اور یہ کہ آدمیوں میں کچھ مرد جنوں کے

يَعُوْذُوْنَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوْهُمْ رَهَقًا ۙ﴿۶﴾ وَّاَنَّهُمْ ظَنُّوْا

کچھ مردوں کے پناہ لیتے تھے تو اس سے اور بھی ان کا تکبر بڑھا، اور یہ کہ انہوں نے گمان کیا

كَمَا ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ اَحَدًا ۙ﴿۷﴾ وَّاَنَّا لَمَسْنَا السَّمَآءَ

جیسا تمہیں گمان ہے کہ اللہ ہرگز کوئی رسول نہ بھیجے گا، اور یہ کہ ہم نے آسمان کو چھوا

فَوَجَدْنٰهَا مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيْدًا وَّشُهُبًا ۙ﴿۸﴾ وَّاَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا

تو اسے پایا کہ سخت پہرے اور آگ کی چنگاریوں سے بھر دیا گیا ہے، اور یہ کہ ہم پہلے آسمان میں سننے کے لیے

Marfat.com

مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ ۚ فَمَنْ يَّسْتَمِعِ الْاٰنَ يَجِدْ لَهٗ شِهَابًا رَّصَدًا ۙ﴿۹﴾ وَّ

کچھ موقعوں پر بیٹھا کرتے تھے؛ پھر اب جو کوئی سنے وہ اپنی تاک میں آگ کا لوکا (شعلہ) پائے، اور

اَنَّا لَا نَدْرِيْٓ اَشَرٌّ اُرِيْدَ بِمَنْ فِي الْاَرْضِ اَمْ اَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ

یہ کہ ہمیں نہیں معلوم کہ زمین والوں سے کوئی برائی کا ارادہ فرمایا گیا ہے یا ان کے رب نے کوئی بھلائی

رَشَدًا ﴿۱۰﴾ وَّاَنَّا مِنَّا الصّٰلِحُوْنَ وَمِنَّا دُوْنَ ذٰلِكَ ۭ كُنَّا طَرَاۗىِٕقَ

چاہی ہے، اور یہ کہ ہم میں کچھ نیک ہیں اور کچھ دوسری طرح کے ہیں؛ ہم کئی راہیں

قِدَدًا ﴿۱۱﴾ وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ نُّعْجِزَ اللّٰهَ فِي الْاَرْضِ وَلَنْ نُّعْجِزَهٗ

بٹے ہوئے ہیں، اور یہ کہ ہم کو یقین ہوا کہ ہرگز زمین میں اللہ کے قابو سے نہ نکل سکیں گے اور نہ بھاگ کر اس کے قبضہ

هَرَبًا ﴿۱۲﴾ وَّاَنَّا لَمَّا سَمِعْنَا الْهُدٰٓى اٰمَنَّا بِهٖ ۭ فَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِرَبِّهٖ فَلَا

سے باہر ہوں، اور یہ کہ ہم نے جب ہدایت سنی اس پر ایمان لائے؛ تو جو اپنے رب پر ایمان لائے اسے نہ

يَخَافُ بَخْسًا وَّلَا رَهَقًا ﴿۱۳﴾ وَّاَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُوْنَ وَمِنَّا الْقٰسِطُوْنَ ۭ

کسی کمی کا خوف اور نہ زیادتی کا، اور یہ کہ ہم میں کچھ مسلمان ہیں اور کچھ ظالم؛

فَمَنْ اَسْلَمَ فَاُولٰۗىِٕكَ تَحَرَّوْا رَشَدًا ﴿۱۴﴾ وَاَمَّا الْقٰسِطُوْنَ فَكَانُوْا

تو جو اسلام لائے انہوں نے بھلائی سوچی۔ اور رہے ظالم وہ جہنم کے

لِجَهَنَّمَ حَطَبًا ﴿۱۵﴾ وَّاَنْ لَّوِ اسْتَقَامُوْا عَلَى الطَّرِيْقَةِ لَاَسْقَيْنٰهُمْ مَّاۗءً

ایندھن ہوئے، اور فرماؤ کہ مجھے یہ وحی ہوئی ہے کہ اگر وہ راہ پر سیدھے رہتے تو ضرور ہم

غَدَقًا ﴿۱۶﴾ لِّنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ۭ وَمَنْ يُّعْرِضْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهٖ يَسْلُكْهُ

انہیں وافر پانی دیتے کہ اس پر انہیں جانچیں؛ اور جو اپنے رب کی یاد سے منہ پھیرے وہ اسے

عَذَابًا صَعَدًا ﴿۱۷﴾ وَّاَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ﴿۱۸﴾

چڑھتے عذاب میں ڈالے گا، اور یہ کہ مسجدیں اللہ ہی کی ہیں تو اللہ کے ساتھ کسی کی بندگی نہ کرو،

وَّاَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ كَادُوْا يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا ﴿۱۹﴾

اور یہ کہ جب اللہ کا بندہ اس کی بندگی کرنے کھڑا ہوا تو قریب تھا کہ وہ جن اس پر ٹھٹھ کے ٹھٹھ ہو جائیں۔

Marfat.com

قُلْ اِنَّمَآ اَدْعُوْا رَبِّیْ وَلَآ اُشْرِكُ بِهٖٓ اَحَدًا ﴿۲۰﴾ قُلْ اِنِّیْ لَآ اَمْلِكُ

تم فرماؤ میں تو اپنے رب ہی کی بندگی کرتا ہوں اور کسی کو اس کا شریک نہیں ٹھہراتا۔ تم فرماؤ: میں تمہارے کسی

لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا رَشَدًا ﴿۲۱﴾ قُلْ اِنِّیْ لَنْ یُّجِیْرَنِیْ مِنَ اللّٰهِ اَحَدٌ ۙ وَّ

بُرے بھلے کا مالک نہیں۔ تم فرماؤ: ہر گز مجھے اللہ سے کوئی نہ بچائے گا اور

لَنْ اَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿۲۲﴾ اِلَّا بَلٰغًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِسٰلٰتِهٖ ؕ وَ

ہر گز اس کے سوا کوئی پناہ نہ پاؤں گا، مگر اللہ کے پیام پہنچانا اور اس کی رسالتیں؛ اور

مَنْ یَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِیْنَ فِیْهَآ اَبَدًا ﴿۲۳﴾

جو اللہ اور اس کے رسول کا حکم نہ مانے تو بے شک ان کے لیے جہنم کی آگ ہے جس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں۔

حَتّٰٓی اِذَا رَاَوْا مَا یُوْعَدُوْنَ فَسَیَعْلَمُوْنَ مَنْ اَضْعَفُ نَاصِرًا وَّ

یہاں تک کہ جب دیکھیں گے جو وعدہ دیا جاتا ہے تو اب جان جائیں گے کہ کس کا مددگار کمزور اور

اَقَلُّ عَدَدًا ﴿۲۴﴾ قُلْ اِنْ اَدْرِیْٓ اَقَرِیْبٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ اَمْ یَجْعَلُ

کس کی گنتی کم۔ تم فرماؤ: میں نہیں جانتا آیا نزدیک ہے وہ جس کا تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے یا میرا رب

لَهٗ رَبِّیْٓ اَمَدًا ﴿۲۵﴾ عٰلِمُ الْغَیْبِ فَلَا یُظْهِرُ عَلٰی غَیْبِهٖٓ اَحَدًا ﴿۲۶﴾ اِلَّا

اسے کچھ وقت دے گا۔ غیب کا جاننے والا تو اپنے غیب پر کسی کو مسلط نہیں کرتا، سوائے

مَنِ ارْتَضٰی مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ یَسْلُكُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَمِنْ

اپنے پسندیدہ رسولوں کے کہ ان کے آگے پیچھے پہرا مقرر کر

خَلْفِهٖ رَصَدًا ﴿۲۷﴾ لِّیَعْلَمَ اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا رِسٰلٰتِ رَبِّهِمْ وَاَحَاطَ بِمَا

دیتا ہے، تاکہ دیکھ لے کہ انہوں نے اپنے رب کے پیام پہنچا دیے اور

لَدَیْهِمْ وَاَحْصٰی كُلَّ شَیْءٍ عَدَدًا ﴿۲۸﴾ ع

جو کچھ ان کے پاس ہے سب اس کے علم میں ہے اور اس نے ہر چیز کی گنتی شمار کر رکھی ہے۔

Marfat.com

سورۃ المزمّل کے خواص

مصائب سے خلاصی، مشکلات آسان، افلاس کے دور کرنے، فراخی رزق، نیک اعمال کی طرف مائل ہونے کے لئے

(۱) حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کے لئے ایک مرتبہ سوتے وقت یا تہجد کے وقت پڑھیں، ان شاء اللہ زیارت نصیب ہوگی۔

(۲) جو ایک سال تک بعد نماز فجر روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھے گا اس کے رزق میں اضافہ ہوگا اور کبھی غریب و محتاج نہ ہوگا۔

(۳) کشادگی رزق کیلئے روزانہ سات مرتبہ پڑھے۔

(۴) اگر کوئی مسئلہ حل نہیں ہو رہا ہو تو چالیس روز تک خلوت میں بیٹھ کر ۴۰ مرتبہ پڑھیں۔

سُوْرَةُ الْمُزَّمِّل ۷۳ مکیۃ ۳ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰیاتہا ۲۰ رکوعاتہا ۲

سورۃ مزمل مکی ہے | اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا | اور اس میں بیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۙ﴿۱﴾ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۙ﴿۲﴾ نِّصْفَهٗٓ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ

اے جھرمٹ مارنے والے! | رات میں قیام فرما سوا کچھ رات کے، | آدھی رات یا اس سے کچھ کم

قَلِيْلًا ۙ﴿۳﴾ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ۭ﴿۴﴾ اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ

کردو | یا اس پر کچھ بڑھاؤ | اور قرآن خوب ٹھہر ٹھہر کر پڑھو۔ | بے شک عنقریب ہم تم پر

قَوْلًا ثَقِيْلًا ﴿۵﴾ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ﴿۶﴾ اِنَّ

ایک بھاری بات ڈالیں گے۔ | بے شک رات کا اٹھنا وہ زیادہ دباؤ ڈالتا ہے | اور بات خوب سیدھی نکلتی ہے۔ | بے شک

لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ﴿۷﴾ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ

دن میں تو تم کو بہت سے کام ہیں۔ | اور اپنے رب کا نام یاد کرو اور سب سے ٹوٹ کر اسی

تَبْتِيْلًا ﴿۸﴾ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ﴿۹﴾

کے ہو رہو۔ | وہ پورب (مشرق) کا رب اور پچھم (مغرب) کا رب اس کے سوا کوئی معبود نہیں | تو تم اسی کو اپنا کارساز بناؤ۔

Marfat.com

وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ﴿۱۰﴾ وَذَرْنِيْ وَ

اور کافروں کی باتوں پر صبر فرماؤ اور انہیں اچھی طرح چھوڑ دو۔ اور مجھ پر چھوڑ دو ان

الْمُكَذِّبِيْنَ اُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا ﴿۱۱﴾ اِنَّ لَدَيْنَآ اَنْكَالًا وَّ

جھٹلانے والے مال داروں کو اور انہیں تھوڑی مہلت دو۔ بے شک ہمارے پاس بھاری بیڑیاں ہیں اور

جَحِيْمًا ﴿۱۲﴾ وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۳﴾ يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ

بھڑکتی آگ۔ اور گلے میں پھنستا کھانا اور درد ناک عذاب۔ جس دن تھرتھرائیں گے زمین

وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ﴿۱۴﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا

اور پہاڑ اور پہاڑ ہو جائیں گے ریتے کا ٹیلہ بہتا ہوا۔ بے شک ہم نے تمہاری طرف ایک رسول بھیجے

شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾ فَعَصٰى فِرْعَوْنُ

کہ تم پر حاضر ناظر ہیں جیسے ہم نے فرعون کی طرف رسول بھیجے۔ تو فرعون نے اس رسول

الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ﴿۱۶﴾ فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا

کا حکم نہ مانا تو ہم نے اسے سخت گرفت سے پکڑا۔ پھر کیسے بچو گے اگر کفر کرو اس دن

يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا ﴿۱۷﴾ السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌ بِهٖ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ﴿۱۸﴾

جو بچوں کو بوڑھا کر دے گا۔ آسمان اس کے صدمہ سے پھٹ جائے گا؛ اللہ کا وعدہ ہو کر رہنا۔

اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿۱۹﴾ اِنَّ رَبَّكَ

بے شک یہ نصیحت ہے، تو جو چاہے اپنے رب کی طرف راہ لے۔ بے شک تمہارا رب

يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ

جانتا ہے کہ تم قیام کرتے ہو کبھی دو تہائی رات کے قریب، کبھی آدھی رات، کبھی تہائی، اور ایک جماعت

مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ عَلِمَ اَنْ لَّنْ

تمہارے ساتھ والی؛ اور اللہ رات اور دن کا اندازہ فرماتا ہے؛ اسے معلوم ہے کہ اے مسلمانو تم سے

تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ عَلِمَ اَنْ

رات کا شمار نہ ہو سکے گا تو اس نے اپنی مہر سے تم پر رجوع فرمائی اب قرآن میں سے جتنا تم پر آسان ہو اتنا پڑھو؛ اسے معلوم ہے کہ

سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى ۙ وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِى الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ

عنقریب کچھ تم میں سے بیمار ہوں گے اور کچھ زمین میں سفر کریں گے اللہ کا

مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۙ وَاٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ فَاقْرَءُوْا

فضل تلاش کرتے اور کچھ اللہ کی راہ میں لڑتے ہوں گے تو جتنا قرآن

مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۙ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا

میسر ہو پڑھو اور نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ دو اور اللہ کو اچھا قرض

حَسَنًا ۭ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا

دو؛ اور اپنے لیے جو بھلائی آگے بھیجو گے اسے اللہ کے پاس بہتر

وَّاَعْظَمَ اَجْرًا ۭ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ ع ۲ ۱۴

اور بڑے ثواب کی پاؤ گے؛ اور اللہ سے بخشش مانگو؛ بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔

سورۃ المدثر کے خواص

حفظ قرآن آسان، فراخی رزق

(۱) اس سورت کو پڑھ کر قرآن پاک حفظ ہونے کی دعا کرے ان شاء اللہ آسان ہو جائے گا۔

(۲) روزانہ پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے فراخی رزق ہوگی۔

سُوْرَةُ الْمُدَّثِّرِ مَكِّيَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۵۶ رُكُوْعُهَا ۲

سورۃ مدثر مکی ہے اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا اس میں چھپن آیتیں اور دو رکوع ہیں

يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝۱ قُمْ فَاَنْذِرْ ۝۲ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ۝۳ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ۝۴ وَ

اے بالا پوش اوڑھنے والے کھڑے ہو جاؤ پھر ڈر سناؤ اور اپنے رب ہی کی بڑائی بولو اور اپنے کپڑے پاک رکھو اور

الرُّجْزَ فَاهْجُرْ ۝۵ وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ۝۶ وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ۝۷ فَاِذَا نُقِرَ

بتوں سے دور رہو، اور زیادہ لینے کی نیت سے کسی پر احسان نہ کرو، اور اپنے رب کے لیے صبر کئے رہو۔ پھر جب

فِي النَّاقُورِ ﴿٨﴾ فَذَٰلِكَ يَوْمَئِذٍ يَوْمٌ عَسِيرٌ ﴿٩﴾ عَلَى الْكَافِرِينَ غَيْرُ يَسِيرٍ ﴿١٠﴾

سو پھونکا جائے گا۔ تو وہ دن بڑا (سخت) دن ہے۔ کافروں پر آسان نہیں۔

ذَرْنِي وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِيدًا ﴿١١﴾ وَجَعَلْتُ لَهُ مَالًا مَّمْدُودًا ﴿١٢﴾ وَ

اسے مجھ پر چھوڑ جسے میں نے اکیلا پیدا کیا۔ اور اسے وسیع مال دیا۔ اور

بَنِينَ شُهُودًا ﴿١٣﴾ وَمَهَّدتُّ لَهُ تَمْهِيدًا ﴿١٤﴾ ثُمَّ يَطْمَعُ أَنْ أَزِيدَ ﴿١٥﴾

بیٹے (پاس) حاضر رہنے والے۔ اور میں نے اس کے لیے طرح طرح کی تیاریاں کیں۔ پھر یہ طمع کرتا ہے کہ میں اور زیادہ دوں۔

كَلَّا ۖ إِنَّهُ كَانَ لِآيَاتِنَا عَنِيدًا ﴿١٦﴾ سَأُرْهِقُهُ صَعُودًا ﴿١٧﴾ إِنَّهُ فَكَّرَ وَ

ہرگز نہیں وہ تو ہماری آیتوں سے عناد رکھتا ہے۔ قریب ہے کہ میں اسے آگ کے پہاڑ صعود پر چڑھاؤں۔ بے شک وہ سوچا اور دل میں

قَدَّرَ ﴿١٨﴾ فَقُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ﴿١٩﴾ ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ﴿٢٠﴾ ثُمَّ نَظَرَ ﴿٢١﴾ ثُمَّ

کچھ بات ٹھہرائی۔ تو اس پر لعنت ہو کیسی ٹھہرائی۔ پھر اس پر لعنت ہو کیسی ٹھہرائی۔ پھر نظر اٹھا کر دیکھا، پھر

عَبَسَ وَبَسَرَ ﴿٢٢﴾ ثُمَّ أَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ ﴿٢٣﴾ فَقَالَ إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ يُؤْثَرُ ﴿٢٤﴾

تیوری چڑھائی اور منہ بگاڑا۔ پھر پیٹھ پھیری اور تکبر کیا۔ پھر بولا: یہ تو وہی جادو ہے اگلوں سے سیکھا ہوا،

إِنْ هَٰذَا إِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ ﴿٢٥﴾ سَأُصْلِيهِ سَقَرَ ﴿٢٦﴾ وَمَا أَدْرَاكَ مَا سَقَرُ ﴿٢٧﴾

یہ نہیں مگر آدمی کا کلام کوئی دم جاتا ہے کہ میں اسے دوزخ میں جھونکوں۔ اور تم نے کیا جانا دوزخ کیا ہے؟

لَا تُبْقِي وَلَا تَذَرُ ﴿٢٨﴾ لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ ﴿٢٩﴾ عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ ﴿٣٠﴾ وَمَا جَعَلْنَا

نہ چھوڑے نہ گلی (کسر نہ رکھے)۔ آدمی کی کھال اتار لیتی ہے۔ اس پر انیس (۱۹) داروغہ ہیں۔ اور ہم نے

أَصْحَابَ النَّارِ إِلَّا مَلَائِكَةً ۙ وَمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ إِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ

دوزخ کے داروغہ نہ کیے مگر فرشتے اور ہم نے ان کی یہ گنتی نہ رکھی مگر کافروں کی جانچ

كَفَرُوا لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ وَيَزْدَادَ الَّذِينَ آمَنُوا

کو اس لیے کہ کتاب والوں کو یقین آئے اور ایمان والوں کا ایمان

إِيمَانًا وَلَا يَرْتَابَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ وَالْمُؤْمِنُونَ ۙ وَلِيَقُولَ

بڑھے اور کتاب والوں اور مسلمانوں کو کوئی شک نہ رہے اور دل کے روگی

الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْكٰفِرُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا

(مریض) اور کافر کہیں: اس اچنبے کی بات میں اللہ کا کیا مطلب

مَثَلًا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَا

ہے؛ یونہی اللہ گمراہ کرتا ہے جسے چاہے اور ہدایت فرماتا ہے جسے چاہے؛ اور

يَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ ؕ وَمَا هِيَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْبَشَرِ ۝ كَلَّا وَالْقَمَرِ ۝ ع ۱۵

تمہارے رب کے لشکروں کو اس کے سوا کوئی نہیں جانتا؛ اور وہ تو نہیں مگر آدمی کے لیے نصیحت۔ ہاں ہاں چاند کی قسم!

وَالَّيْلِ اِذْ اَدْبَرَ ۝ وَالصُّبْحِ اِذَآ اَسْفَرَ ۝ اِنَّهَا لَاِحْدَى الْكُبَرِ ۝

اور رات کی جب پیٹھ پھیرے اور صبح کی جب اُجالا ڈالے بے شک دوزخ بہت بڑی چیزوں میں کی ایک ہے

نَذِيْرًا لِّلْبَشَرِ ۝ لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّتَقَدَّمَ اَوْ يَتَاَخَّرَ ؕ ۝ كُلُّ نَفْسٍ

آدمیوں کو ڈراؤ، اُسے جو تم میں چاہے کہ آگے آئے یا پیچھے رہے۔ ہر جان

بِمَا كَسَبَتْ رَهِيْنَةٌ ۝ اِلَّآ اَصْحٰبَ الْيَمِيْنِ ؕ ۝ فِيْ جَنّٰتٍ ؕ ع ۱۶

اپنی کرنی (اعمال) میں گروی ہے، مگر داہنی طرف والے۔ باغوں میں۔

يَتَسَآءَلُوْنَ ۝ عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝ مَا سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ ۝ قَالُوْا

پوچھتے ہیں، مجرموں سے، تمہیں کیا بات دوزخ میں لے گئی۔ وہ بولے:

لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ ۝ وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ ۝ وَكُنَّا

ہم نماز نہ پڑھتے تھے، اور مسکین کو کھانا نہ دیتے تھے؛ اور بیہودہ

نَخُوْضُ مَعَ الْخَآئِضِيْنَ ۝ وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ۝ حَتّٰٓى اَتٰىنَا

لگر والوں کے ساتھ بیہودہ لگریں کرتے تھے، اور ہم انصاف کے دن کو جھٹلاتے رہے، یہاں تک کہ ہمیں

الْيَقِيْنُ ۝ فَمَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشّٰفِعِيْنَ ۝ فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ

موت آئی۔ تو انہیں سفارشیوں کی سفارش کام نہ دے گی۔ تو انہیں کیا ہوا نصیحت سے

مُعْرِضِيْنَ ۝ كَاَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَةٌ ۝ فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَةٍ ۝ بَلْ يُرِيْدُ

منہ پھیرنے ہیں، گویا وہ بدکے ہوئے گدھے ہوں، کہ شیر سے بھاگے ہوں۔ بلکہ ان میں

Marfat.com

كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ اَنْ يُّؤْتٰى صُحُفًا مُّنَشَّرَةً ۙ﴿۵۲﴾ كَلَّا ؕ بَلْ لَّا يَخَافُوْنَ

سے ہر شخص چاہتا ہے کہ کھلے صحیفے اس کے ہاتھ میں دے دیے جائیں، ہرگز نہیں؛ بلکہ ان کو آخرت کا

الْاٰخِرَةَ ؕ﴿۵۳﴾ كَلَّاۤ اِنَّهٗ تَذْكِرَةٌ ۚ﴿۵۴﴾ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ؕ﴿۵۵﴾ وَمَا يَذْكُرُوْنَ اِلَّاۤ

ڈر نہیں۔ ہاں ہاں! بے شک وہ نصیحت ہے تو جو چاہے اس سے نصیحت لے۔ اور وہ کیا نصیحت مانیں مگر

اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ع﴿۵۶﴾

جب اللہ چاہے؛ وہی ہے ڈرنے کے لائق اور اسی کی شان ہے مغفرت فرمانا۔

سورۃ الدھر کے خواص

فراخی رزق، باہمی محبت، ظلم سے نجات

بواسیر سے نجات، پریشانی سے نجات

(۱) جو شخص ۷۵ مرتبہ اس کو روزانہ ۲۱ دن تک پڑھے گا اس کی روزی میں بیحد برکت ہوگی۔

(۲) میاں بیوی کی محبت کے لئے کوئی بیوی اس کو گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھ کر آخری دن پانی پر دم کر کے اپنے خاوند کو پلائے تو وہ ہمیشہ سکھی رہے گی اس کا خاوند اس کی محبت میں مبتلا رہے گا۔

(۳) جو شخص اکیس روز تک روزانہ تین مرتبہ ظلم سے نجات پانے کی خاطر پڑھے تو ان شاء اللہ وہ ظالم کے ظلم سے ہمیشہ کے لئے محفوظ رہے گا۔

(۴) اس سورت کی آیت ۲۹ تا ۳۱ بواسیر خونی و بادی کے لئے بہت مجرّب ہے، ان آیات کو روزانہ سترہ ۱۷ مرتبہ پڑھ کر ۴۰ روز تک پانی پر دم کر کے پینا اس مرض سے نجات کا ذریعہ ہے۔

(۵) کوئی تنگ یا پریشان کرتا ہو تو اس سورت کی آیات ۲۳ اور ۲۴ کو تین مرتبہ تیرہ ۱۳ دن تک پڑھے۔

Marfat.com

سُوْرَةُ الدَّهْرِ ۷۶ مکیۃ ۹۸ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | الٓمٓ ۲ رکوعہا

سورۂ دہر مدنی ہے | اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا | اس میں اکتیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْـًٔا

بیشک آدمی پر ایک وقت وہ گزرا کہ کہیں اس کا نام بھی نہ

مَّذْكُوْرًا ۝۱ اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ ۖ نَّبْتَلِيْهِ

تھا بیشک ہم نے آدمی کو پیدا کیا ملی ہوئی منی سے کہ اسے جانچیں

فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ۝۲ اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا

تو اُسے سنتا دیکھتا کر دیا۔ بے شک ہم نے اسے راہ بتائی یا حق مانتا یا

كَفُوْرًا ۝۳ اِنَّا اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَلٰسِلَا۠ وَاَغْلٰلًا وَّسَعِيْرًا ۝۴ اِنَّ

ناشکری کرتا۔ بے شک ہم نے کافروں کے لیے تیار کر رکھی ہیں زنجیریں اور طوق اور بھڑکتی آگ۔ بیشک

الْاَبْرَارَ يَشْرَبُوْنَ مِنْ كَاْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوْرًا ۝۵ عَيْنًا يَّشْرَبُ

نیک ہوں گے اس جام میں سے جس کی ملونی (آمیزش) کافور ہے وہ کافور کیا ایک چشمہ ہے جس میں سے اللہ کے

بِهَا عِبَادُ اللّٰهِ يُفَجِّرُوْنَهَا تَفْجِيْرًا ۝۶ يُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُوْنَ

نہایت خاص بندے پئیں گے اپنے محلوں میں اُسے جہاں چاہیں بہا کر لے جائیں گے۔ اپنی منتیں پوری کرتے ہیں اور اُس دن سے ڈرتے

يَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا ۝۷ وَيُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ

ہیں جس کی برائی پھیلی ہوئی ہے۔ اور کھانا کھلاتے ہیں اس کی محبت پر

مِسْكِيْنًا وَّيَتِيْمًا وَّاَسِيْرًا ۝۸ اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ

مسکین اور یتیم اور اسیر کو۔ ان سے کہتے ہیں ہم تمہیں خاص اللہ کے لیے کھانا دیتے ہیں تم سے

مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا ۝۹ اِنَّا نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوْسًا

کوئی بدلہ یا شکر گزاری نہیں مانگتے۔ بے شک ہمیں اپنے رب سے ایک ایسے دن کا ڈر ہے جو بہت ترش

قَمْطَرِيْرًا ۝۱۰ فَوَقٰىهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَقّٰىهُمْ نَضْرَةً وَّ

نہایت سخت ہے تو انہیں اللہ نے اس دن کے شر سے بچا لیا اور انہیں تازگی اور

Marfat.com

سُرُوْرًا ﴿۱۱﴾ وَجَزٰىهُمْ بِمَا صَبَرُوْا جَنَّةً وَّحَرِيْرًا ﴿۱۲﴾ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا

شادمانی دی۔ اور ان کے صبر پر انہیں جنت اور ریشمی کپڑے صلہ میں دیے، جنت میں تختوں پر

عَلَى الْاَرَآئِكِ ۚ لَا يَرَوْنَ فِيْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيْرًا ﴿۱۳﴾ وَدَانِيَةً

تکیہ لگائے ہوں گے، نہ اس میں دھوپ دیکھیں گے نہ ٹھٹھر (سخت سردی) اور اس کے

عَلَيْهِمْ ظِلٰلُهَا وَذُلِّلَتْ قُطُوْفُهَا تَذْلِيْلًا ﴿۱۴﴾ وَيُطَافُ عَلَيْهِمْ بِاٰنِيَةٍ

سائے ان پر جھکے ہوں گے اور اس کے گچھے جھکا کر نیچے کر دیے گئے ہوں گے۔ اور ان پر چاندی کے برتنوں

مِّنْ فِضَّةٍ وَّاَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيْرَا۠ ﴿۱۵﴾ قَوَارِيْرَا۠ مِنْ فِضَّةٍ قَدَّرُوْهَا

اور کوزوں کا دور ہو گا جو شیشے کے مثل ہو رہے ہوں گے، کیسے شیشے چاندی کے ساقیوں نے انہیں

تَقْدِيْرًا ﴿۱۶﴾ وَيُسْقَوْنَ فِيْهَا كَاْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنْجَبِيْلًا ﴿۱۷﴾ عَيْنًا

پورے اندازہ پر رکھا ہو گا۔ اور اس میں وہ جام پلائے جائیں گے جس کی ملونی ادرک ہو گی۔ وہ ادرک کیا ہے

فِيْهَا تُسَمّٰى سَلْسَبِيْلًا ﴿۱۸﴾ وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ۚ

(آمیزش) جنت میں ایک چشمہ ہے جسے سلسبیل کہتے ہیں۔ اور ان کے آس پاس خدمت میں پھریں گے ہمیشہ رہنے والے لڑکے،

اِذَا رَاَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنْثُوْرًا ﴿۱۹﴾ وَاِذَا رَاَيْتَ ثَمَّ رَاَيْتَ

جب تو انہیں دیکھے تو انہیں سمجھے کہ موتی ہیں بکھیرے ہوئے۔ اور جب تو ادھر نظر اٹھائے ایک چین

نَعِيْمًا وَّمُلْكًا كَبِيْرًا ﴿۲۰﴾ عٰلِيَهُمْ ثِيَابُ سُنْدُسٍ خُضْرٌ وَّاِسْتَبْرَقٌ ۫

دیکھے اور بڑی سلطنت۔ ان کے بدن پر ہیں کریب (باریک ریشم) کے سبز کپڑے اور قنادیز (موٹا ریشم) کے

وَّحُلُّوْٓا اَسَاوِرَ مِنْ فِضَّةٍ ۚ وَسَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُوْرًا ﴿۲۱﴾ اِنَّ

اور انہیں چاندی کے کنگن پہنائے گئے، اور انہیں ان کے رب نے ستھری شراب پلائی۔ ان سے

هٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَآءً وَّكَانَ سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿۲۲﴾ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا

فرمایا جائے گا یہ تمہارا صلہ ہے اور تمہاری محنت ٹھکانے لگی۔ بے شک ہم نے تم پر

عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ تَنْزِيْلًا ﴿۲۳﴾ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ

قرآن بتدریج اتارا۔ تو اپنے رب کے حکم پر صابر رہو اور ان میں کسی گنہگار یا ناشکرے

قرء حفص بغیر الالف فی الوصل فیهما ووقف علی الاول بالالف وعلی الثانی بغیر الالف ۱۲

ع ۲۲ ۱۹

Marfat.com

اِثْمًا اَوْ كَفُوْرًا ﴿۲۴﴾ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿۲۵﴾ وَمِنَ

کی بات نہ سنو۔ اور اپنے رب کا نام صبح و شام یاد کرو۔ اور کچھ رات میں

الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيْلًا ﴿۲۶﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ

اسے سجدہ کرو اور بڑی رات تک اس کی پاکی بولو۔ بے شک یہ لوگ

يُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُوْنَ وَرَآءَهُمْ يَوْمًا ثَقِيْلًا ﴿۲۷﴾

پاؤں تلے کی (دنیاوی فائدے کو) عزیز رکھتے ہیں اور اپنے پیچھے ایک بھاری دن کو چھوڑ بیٹھے ہیں۔

نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ وَشَدَدْنَآ اَسْرَهُمْ ۚ وَاِذَا شِئْنَا

ہم نے انہیں پیدا کیا اور ان کے جوڑ بند مضبوط کیے، اور ہم جب چاہیں

بَدَّلْنَآ اَمْثَالَهُمْ تَبْدِيْلًا ﴿۲۸﴾ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ

ان جیسے اور بدل دیں۔ بے شک یہ نصیحت ہے، تو جو چاہے

شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿۲۹﴾ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ

اپنے رب کی طرف راہ لے۔ اور تم کیا چاہو مگر

اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۳۰﴾

یہ کہ اللہ چاہے؛ بے شک اللہ علم و حکمت والا ہے۔

يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ وَالظّٰلِمِيْنَ اَعَدَّ لَهُمْ

اپنی رحمت میں لیتا ہے جسے چاہے؛ اور ظالموں کے لیے اس نے دردناک

عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۳۱﴾ ع

عذاب تیار کر رکھا ہے۔

ع ۲

سورۃ النبا کے خواص

بصارت تیز اور زائل ہونے سے محفوظ، عزّت میں اضافہ

(۱) اس سورت کو ظہر کے بعد پڑھنے سے بصارت میں اضافہ اور بعد عصر پڑھنے سے

بصارت زائل ہونے سے محفوظ رہتی ہے۔

(۲) اس کے عامل کو بے پناہ عزت ملتی ہے۔

سُوْرَةُ النَّبَإِ مَكِّيَّةٌ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۴۰ رُكُوْعَاتُهَا ۲

سورۂ نبا مکی ہے | اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا | اس میں چالیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ ۝۱ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ ۝۲ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ

یہ آپس میں کاہے کی پوچھ گچھ کر رہے ہیں۔ | بڑی خبر کی، | جس میں وہ کئی

مُخْتَلِفُوْنَ ۝۳ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۝۴ ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ۝۵ اَلَمْ نَجْعَلِ

رہے ہیں۔ | ہاں ہاں اب جان جائیں گے، | پھر ہاں ہاں! جان جائیں گے۔ | کیا ہم نے

الْاَرْضَ مِهٰدًا ۝۶ وَّالْجِبَالَ اَوْتَادًا ۝۷ وَّخَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا ۝۸ وَّ

زمین کو بچھونا نہ کیا؟ | اور پہاڑوں کو میخیں، | اور تمہیں جوڑے بنایا، | اور

جَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ۝۹ وَّجَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ۝۱۰ وَّجَعَلْنَا النَّهَارَ

تمہاری نیند کو آرام کیا، | اور رات کو پردہ پوش کیا، | اور دن کو روزگار کے

مَعَاشًا ۝۱۱ وَّبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ۝۱۲ وَّجَعَلْنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا ۝۱۳

لیے بنایا۔ | اور تمہارے اوپر سات مضبوط چنائیاں چنیں (تعمیر کیں)، | اور ان میں ایک نہایت چمکتا چراغ رکھا،

وَّاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا ۝۱۴ لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا ۝۱۵

اور بھرے بادلوں سے زور کا پانی اتارا، | کہ اس سے پیدا فرمائیں اناج اور سبزہ،

وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا ۝۱۶ اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ۝۱۷ يَّوْمَ يُنْفَخُ

اور گھنے باغ۔ | بے شک فیصلہ کا دن ٹھہرا ہوا وقت ہے، | جس دن صور

فِي الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا ۝۱۸ وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا ۝۱۹ وَّ

پھونکا جائے گا تو تم چلے آؤ گے فوجوں کی فوجیں، | اور آسمان کھولا جائے گا کہ دروازے ہو جائے گا، | اور

سُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا ۝۲۰ اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ۝۲۱

پہاڑ چلائے جائیں گے کہ ہو جائیں گے جیسے چمکتا ریتا، | بے شک جہنم تاک میں ہے،

Marfat.com

لِلطّٰغِيْنَ مَاٰبًا ﴿۲۲﴾ لٰبِثِيْنَ فِيْهَآ اَحْقَابًا ﴿۲۳﴾ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا

سرکشوں کا ٹھکانا ان میں قرنوں (مدتوں) رہیں گے۔ ان میں کسی طرح کی ٹھنڈک کا مزہ نہ پائیں گے

وَّلَا شَرَابًا ﴿۲۴﴾ اِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا ﴿۲۵﴾ جَزَآءً وِّفَاقًا ﴿۲۶﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا

اور نہ کچھ پینے کو، مگر کھولتا پانی اور دوزخیوں کا بہتا پیپ جیسے کو تیسا بدلہ۔ بیشک انہیں حساب

يَرْجُوْنَ حِسَابًا ﴿۲۷﴾ وَّكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا ﴿۲۸﴾ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ

کا خوف نہ تھا، اور انہوں نے ہماری آیتیں خوب جھٹلائیں۔ اور ہم نے ہر چیز لکھ کر شمار کر

ع ۱۰/۱ كِتٰبًا ﴿۲۹﴾ فَذُوْقُوْا فَلَنْ نَّزِيْدَكُمْ اِلَّا عَذَابًا ﴿۳۰﴾ اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا ﴿۳۱﴾

رکھی ہے، اب چکھو کہ ہم تمہیں نہ بڑھائیں گے مگر عذاب بیشک ڈر والوں کو کامیابی کی جگہ ہے،

حَدَآئِقَ وَاَعْنَابًا ﴿۳۲﴾ وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًا ﴿۳۳﴾ وَّكَاْسًا دِهَاقًا ﴿۳۴﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ

باغ ہیں اور انگور، اور اٹھتے جوبن والیاں ایک عمر کی، اور چھلکتا جام۔ جس میں نہ کوئی

فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا كِذّٰبًا ﴿۳۵﴾ جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً حِسَابًا ﴿۳۶﴾ رَّبِّ السَّمٰوٰتِ

بیہودہ بات سنیں نہ جھٹلانا۔ صلہ تمہارے رب کی طرف سے نہایت کافی عطا، وہ جو رب ہے آسمانوں کا

وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا ﴿۳۷﴾ يَوْمَ

اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے رحمٰن کہ اس سے بات کرنے کا اختیار نہ رکھیں گے۔ جس دن

يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا ۙ لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ

جبریل کھڑا ہوگا اور سب فرشتے پر ا باندھے (صفیں بنائے)، کوئی نہ بول سکے گا مگر جسے رحمٰن نے اذن

الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ﴿۳۸﴾ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ

دیا اور اس نے ٹھیک بات کہی وہ سچا دن ہے، اب جو چاہے اپنے رب

اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ﴿۳۹﴾ اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِيْبًا ۚ يَوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا

کی طرف راہ بنالے۔ ہم تمہیں ایک عذاب سے ڈراتے ہیں کہ نزدیک آگیا، جس دن آدمی دیکھے گا جو کچھ اس

ع ۱۰/۲ قَدَّمَتْ يَدٰهُ وَيَقُوْلُ الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرٰبًا ﴿۴۰﴾

کے ہاتھوں نے آگے بھیجا اور کافر کہے گا ہائے میں کسی طرح خاک ہو جاتا

Marfat.com

سورۃ الطارق کے خواص

آسیب، رکاوٹیں دور

(۱) اگر کسی پر آسیب کا اثر ہو تو اس کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے آسیب زدہ کو پلائیں۔

(۲) اگر کوئی کام اٹک گیا ہو تو چند افراد جمع کر کے بعد نماز جمعہ ۸۶ مرتبہ سات جمعہ تک پڑھائیں، ان شاء اللہ کام ہو جائے گا۔

سُوْرَةُ الطَّارِقِ — مَكِّيَّةٌ — ۸۶ — ۳۶ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۷ | رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ الطارق مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا — اس میں سترہ آیتیں اور ایک رکوع ہے

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ۝۱ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ۝۲ النَّجْمُ الثَّاقِبُ ۝۳

آسمان کی قسم اور رات کو آنے والے کی، اور کچھ تم نے جانا وہ رات کو آنے والا کیا ہے، خوب چمکتا تارہ،

اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۝۴ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ۝۵

کوئی جان نہیں جس پر نگہبان نہ ہو۔ تو چاہیے کہ آدمی غور کرے کہ کس چیز سے بنایا گیا۔

خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ۝۶ يَّخْرُجُ مِنْۢ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ۝۷

خلق کرتے (اچھلتے ہوئے) پانی سے جو نکلتا ہے پیٹھ اور سینوں کے بیچ سے۔

اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ۝۸ يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ۝۹ فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ

بے شک اللہ اس کے واپس کر دینے پر قادر ہے۔ جس دن چھپی باتوں کی جانچ ہو گی، تو آدمی کے پاس نہ کچھ زور ہو گا

وَّلَا نَاصِرٍ ۝۱۰ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۝۱۱ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۝۱۲

نہ کوئی مددگار آسمان کی قسم جس سے مینہ اترتا ہے، اور زمین کی جو اس سے کھلتی ہے،

اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ۝۱۳ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ۝۱۴ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝۱۵

بے شک قرآن ضرور فیصلہ کی بات ہے اور کوئی ہنسی کی بات نہیں۔ بے شک کافر اپنا سا داؤں (فریب) چلتے ہیں،

وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝۱۶ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝۱۷ ع ۱

اور میں اپنی خفیہ تدبیر فرماتا ہوں۔ تو تم کافروں کو ڈھیل دو انہیں کچھ تھوڑی مہلت دو۔

Marfat.com

سورۃ الفجر کے خواص

غم وتفکرات دور، ترقی رزق

(۱) یہ سورت دنیاوی آسانیوں اور آسائشوں کے لئے بہت مؤثر ہے۔

(۲) روزانہ بعد نماز فجر اس کی تلاوت کی برکت سے روحانی خوشی، دنیا کے غم وتفکرات سے بچا رہے گا۔

(۳) ترقی رزق کیلئے اس کا ختم پڑھنا نہایت مفید ہے، ترکیب ختم یہ ہے کہ سات روزے متواتر رکھے جائیں ہر روز سات مسکینوں اور سات یتیموں کو کھلایا جائے، اور ۱۴۱ مرتبہ روزانہ سات روز تک اس سورت کو ایک جگہ ایک مجلس میں پڑھے۔ ان شاء اللہ سارا سال فراخی رہے گی۔

سُوْرَةُ الْفَجْرِ ۸۹ مَكِّيَّةٌ ۱۰ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۳۰ رُكُوْعُهَا ۱

سورۂ فجر مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا — اس میں تیس آیتیں ہے اور ایک رکوع ہے

وَالْفَجْرِ ۙ﴿۱﴾ وَلَيَالٍ عَشْرٍ ۙ﴿۲﴾ وَّالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ ۙ﴿۳﴾ وَالَّيْلِ اِذَا يَسْرِ ۚ﴿۴﴾

اس صبح کی قسم، اور دس راتوں کی، اور جفت اور طاق کی، اور رات کی جب چل دے۔

هَلْ فِيْ ذٰلِكَ قَسَمٌ لِّذِيْ حِجْرٍ ؕ﴿۵﴾ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ

کیوں اس میں عقل مند کے لیے قسم ہوئی۔ کیا تم نے نہ دیکھا تمہارے رب نے عاد کے ساتھ

بِعَادٍ ۙ﴿۶﴾ اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ۙ﴿۷﴾ الَّتِيْ لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ ۙ﴿۸﴾

کیسا کیا؟ وہ ارم حد سے زیادہ طول والے کہ ان جیسا شہروں میں پیدا نہ ہوا

وَثَمُوْدَ الَّذِيْنَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ ۙ﴿۹﴾ وَفِرْعَوْنَ ذِي الْاَوْتَادِ ۙ﴿۱۰﴾

اور ثمود جنہوں نے وادی میں پتھر کی چٹانیں کاٹیں، اور فرعون کہ چومیخا کرتا (سخت سزائیں دیتا)

الَّذِيْنَ طَغَوْا فِي الْبِلَادِ ۙ﴿۱۱﴾ فَاَكْثَرُوْا فِيْهَا الْفَسَادَ ۙ﴿۱۲﴾ فَصَبَّ عَلَيْهِمْ

جنہوں نے شہروں میں سرکشی کی، پھر ان میں بہت فساد پھیلایا، تو ان پر تمہارے

Marfat.com

رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ﴿۱۳﴾ إِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ﴿۱۴﴾ فَأَمَّا الْإِنسَانُ

رب نے عذاب کا کوڑا بقوت مارا بے شک تمہارے رب کی نظر سے کچھ غائب نہیں۔ لیکن آدمی تو جب اسے

إِذَا مَا ابْتَلَاهُ رَبُّهُ فَأَكْرَمَهُ وَنَعَّمَهُ ۙ فَيَقُولُ رَبِّي أَكْرَمَنِ ﴿۱۵﴾

اس کا رب آزمائے کہ اس کو جاہ اور نعمت دے جب تو کہتا ہے میرے رب نے مجھے عزت دی۔

وَأَمَّا إِذَا مَا ابْتَلَاهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهُ ۙ فَيَقُولُ رَبِّي أَهَانَنِ ﴿۱۶﴾

اور اگر آزمائے اور اس کا رزق اس پر تنگ کرے تو کہتا ہے! میرے رب نے مجھے خوار کیا۔

كَلَّا بَل لَّا تُكْرِمُونَ الْيَتِيمَ ﴿۱۷﴾ وَلَا تَحَاضُّونَ عَلَىٰ طَعَامِ الْمِسْكِينِ ﴿۱۸﴾

یوں نہیں! بلکہ تم یتیم کی عزت نہیں کرتے، اور آپس میں ایک دوسرے کو مسکین کے کھلانے کی رغبت نہیں دیتے،

وَتَأْكُلُونَ التُّرَاثَ أَكْلًا لَّمًّا ﴿۱۹﴾ وَتُحِبُّونَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ﴿۲۰﴾ كَلَّا

اور میراث کا مال ہپ ہپ کھاتے ہو، اور مال کی نہایت محبت رکھتے ہو۔ ہاں ہاں!

إِذَا دُكَّتِ الْأَرْضُ دَكًّا دَكًّا ﴿۲۱﴾ وَجَاءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا ﴿۲۲﴾

جب زمین ٹکرا کر پاش پاش کر دی جائے، اور تمہارے رب کا حکم آئے اور فرشتے قطار قطار۔

وَجِايْءَ يَوْمَئِذٍ بِجَهَنَّمَ ۙ يَوْمَئِذٍ يَتَذَكَّرُ الْإِنسَانُ وَأَنَّىٰ لَهُ

اور اس دن جہنم لائی جائے، اس دن آدمی سوچے گا اور اب اسے سوچنے

الذِّكْرَىٰ ﴿۲۳﴾ يَقُولُ يَا لَيْتَنِي قَدَّمْتُ لِحَيَاتِي ﴿۲۴﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُعَذِّبُ

کا وقت کہاں کہے گا: ہائے! کسی طرح میں نے جیتے جی نیکی آگے بھیجی ہوتی۔ تو اس دن اس کا سا عذاب

عَذَابَهُ أَحَدٌ ﴿۲۵﴾ وَلَا يُوثِقُ وَثَاقَهُ أَحَدٌ ﴿۲۶﴾ يَا أَيَّتُهَا النَّفْسُ

کوئی نہیں کرتا، اور اس کا سا باندھنا کوئی نہیں باندھتا۔ اے اطمینان والی

الْمُطْمَئِنَّةُ ﴿۲۷﴾ ارْجِعِي إِلَىٰ رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ﴿۲۸﴾ فَادْخُلِي

جان: اپنے رب کی طرف واپس ہو یوں کہ تو اس سے راضی وہ تجھ سے راضی۔ پھر میرے

فِي عِبَادِي ﴿۲۹﴾ وَادْخُلِي جَنَّتِي ﴿۳۰﴾

خاص بندوں میں داخل ہو، اور میری جنت میں آ۔

Marfat.com

سورۃ الشمس کے خواص

جان و مال کی سلامتی، فالج، لقوہ، رعشہ، حفاظت حمل

(۱) سلامتی جان و مال کے لئے روزانہ ایک بار پڑھنا بہت مفید ہے۔

(۲) اشراق کی نماز کے بعد ایک دفعہ پڑھنا موذی امراض فالج، لقوہ، رعشہ سے محفوظ رہنے کا ذریعہ بنتا ہے۔

(۳) جس عورت کے بچے مرجاتے ہوں اسے دوران حمل اس سورت کو بعد نماز اشراق ۴۱ مرتبہ پڑھے پھر پانی پر دم کر کے پئے۔

(۴) بدزبان کے لئے ۴۱ مرتبہ اس سورت کو پڑھ کر دم کر کے بدزبان کو پلانے سے بدزبانی ختم ہو جائیگی۔

سُوْرَةُ الشَّمْسِ ۹۱ مَكِّيَّةٌ ۳۶ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۱۵ رُكُوْعُهَا ۱

سورۂ شمس مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا — اس میں پندرہ آیتیں ہیں اور ایک رکوع ہے

وَالشَّمْسِ وَضُحٰىهَا ۝۱ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰىهَا ۝۲ وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰىهَا ۝۳

سورج اور اس کی روشنی کی قسم، اور چاند کی جب اس کے پیچھے آئے، اور دن کی جب اسے چمکائے،

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰىهَا ۝۴ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰىهَا ۝۵ وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰىهَا ۝۶

اور رات کی جب اسے چھپائے، اور آسمان اور اس کے بنانے والے کی قسم، اور زمین اور اس کے پھیلانے والے کی قسم،

وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰىهَا ۝۷ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ۝۸ قَدْ اَفْلَحَ

اور جان کی اور اس کی جس نے اسے ٹھیک بنایا، پھر اس کی بدکاری اور اس کی پرہیزگاری دل میں ڈالی، بے شک مراد کو پہنچایا

مَنْ زَكّٰىهَا ۝۹ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰىهَا ۝۱۰ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ

جس نے اسے ستھرا کیا، اور نامراد ہوا جس نے اسے معصیت میں چھپایا۔ ثمود نے اپنی سرکشی

بِطَغْوٰىهَآ ۝۱۱ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰىهَا ۝۱۲ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ

سے جھٹلایا، جب کہ اس کا سب سے بدبخت اٹھ کھڑا ہوا، تو ان سے اللہ کے رسول نے فرمایا

Marfat.com

نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ﴿۱۳﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۙ فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ

اللہ کے ناقہ اور اس کی پینے کی باری سے بچو۔ تو انھوں نے اسے جھٹلایا پھر ناقہ کی کوچیں کاٹ دیں، تو ان پر ان کے رب نے ان کے

رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ﴿۱۴﴾ وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ﴿۱۵﴾

گناہ کے سبب تباہی ڈال کر وہ بستی برابر کر دی، اور اس کے پیچھا کرنے کا اُسے خوف نہیں۔

سورۃ الضحیٰ کے خواص

بھاگے ہوئے کو بلانا، بدخوابی وڈرنا، تجارتی رکاوٹ دور

(۱) بھاگے ہوئے کو بلانے کیلئے اس کو روزانہ ایک سو گیارہ مرتبہ گیارہ روز تک پڑھیں۔

(۲) کوئی اپنے کسی کام کے متعلق فکر مند ہو تو بعد نماز عشاء پاک وصاف دھلے ہوئے کپڑے پہن کر اس کو ۲۱ مرتبہ سات روز تک پڑھے ان شاء اللہ بذریعۂ خواب کام کا انجام معلوم ہو جائے گا۔

(۳) بدخوابی یا سوتے ہوئے ڈرنے کی صورت میں سات مرتبہ پڑھ کر سونا بہت مفید ہوگا۔

(۴) ۳۱۳ مرتبہ ۲۱ دن تک پڑھنا رُکی ہوئی تجارت کے جاری ہونے کے لئے اکسیر ہے۔

سُوْرَةُ الضُّحٰى ۹۳ مَكِّيَّةٌ ۱۱ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۱۱ رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ ضحیٰ مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا — اس میں گیارہ آیتیں ہیں اور ایک رکوع ہے

وَالضُّحٰى ﴿۱﴾ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ﴿۲﴾ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ﴿۳﴾

چاشت کی قسم اور رات کی جب پردہ ڈالے کہ تمہیں تمہارے رب نے نہ چھوڑا اور نہ مکروہ جانا۔

وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ﴿۴﴾ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ

اور بیشک پچھلی تمہارے لیے پہلی سے بہتر ہے اور بیشک قریب ہے کہ تمہارا رب تمہیں اتنا دے گا کہ

فَتَرْضٰى ﴿۵﴾ اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ﴿۶﴾ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ﴿۷﴾

تم راضی ہو جاؤ گے۔ کیا اس نے تمہیں یتیم نہ پایا پھر جگہ دی اور تمہیں اپنی محبت میں خود رفتہ پایا تو اپنی طرف راہ دی

Marfat.com

وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ﴿۸﴾ فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ﴿۹﴾ وَاَمَّا السَّآئِلَ

اور تمہیں حاجت مند پایا پھر غنی کر دیا۔ تو یتیم پر دباؤ نہ ڈالو۔ اور منگتا کو نہ

فَلَا تَنْهَرْ ﴿۱۰﴾ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ﴿۱۱﴾ ع ۱۱/۱۸

جھڑکو۔ اور اپنے رب کی نعمت کا خوب چرچا کرو۔

سورۃ (انشراح) الم نشرح کے خواص

مال و دولت میں اضافہ، بیماریوں سے محفوظ، مشکل آسان، غم و فکر دور، پتھری سے نجات

(۱) اس سورت کو پڑھنے سے مال و دولت میں اضافہ ہوتا ہے۔

(۲) خاندان ہر طرح کی بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔

(۳) بعد نماز عشاء روزانہ اس کو ۴۱ روز تک پڑھنے سے مشکل کام آسان ہو جاتے ہیں۔

(۴) رات سوتے وقت اس سورت کو گیارہ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنانے سے اللہ تعالیٰ ہمیشہ اسے بے غم کر دے گا۔

(۵) اس سورت کو لکھ کر پانی میں گھول کر پینے سے پتھری ریزہ ریزہ ہو جائے گی، اور درد مثانہ سے نجات ملے گی۔

سورۃ الم نشرح مکیۃ ۱۲ — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — آیاتہا ۸ رکوعہا ۱

سورۃ انشراح مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا — اس میں آٹھ آیتیں ہیں اور ایک رکوع ہے

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ﴿۱﴾ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ﴿۲﴾ الَّذِيْٓ

کیا ہم نے تمہارا سینہ کشادہ نہ کیا۔ اور تم پر سے تمہارا وہ بوجھ اتار لیا؟ جس نے

اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ﴿۳﴾ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ﴿۴﴾ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ﴿۵﴾

تمہاری پیٹھ توڑی تھی۔ اور ہم نے تمہارے لیے تمہارا ذکر بلند کر دیا۔ تو بے شک دشواری کے ساتھ آسانی ہے۔

Marfat.com

ع ۱ ۸ ۱۹

اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝٦ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝٧ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝٨

بے شک دشواری کے ساتھ آسانی ہے۔ تو جب تم نماز سے فارغ ہو تو دعا میں محنت کرو اور اپنے رب ہی کی طرف رغبت کرو۔

سورۃ التّین کے خواص

غائب کو بلانا، دشمنی کو محبت میں تبدیل، اولاد نرینہ کا حصول

(۱) ۱۰۰ مرتبہ پڑھنے سے غائب شخص واپس آجائے گا۔

(۲) دشمنی کو ختم کرنے کے اور محبت کو پیدا کرنے کیلئے بعد نماز عشاء ۲۱ روز تک ۴۱ مرتبہ پڑھیں۔

(۳) اولاد نرینہ کے لئے حمل کے شروع سے لے کر آخر تک اس کو روزانہ گیارہ مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائیں، ان شاء اللہ کامیابی ملے گی۔

سورۃ التین مکیۃ ۹۵ ۲۸ | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم | آیاتہا ۸ رکوعہا ۱

سورۃ تین مکی ہے اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا اس میں آٹھ آیتیں ہیں اور ایک رکوع ہے

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۝١ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۝٢ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ۝٣

انجیر کی قسم اور زیتون، اور طور سینا، اور اس امان والے شہر کی،

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۝٤ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ

بیشک ہم نے آدمی کو اچھی صورت پر بنایا۔ پھر اسے ہر نیچی سے نیچی حالت

سٰفِلِيْنَ ۝٥ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ

کی طرف پھیر دیا، مگر جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے کہ انہیں بے حد

غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝٦ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۝٧

ثواب ہے۔ تو اب کیا چیز تجھے انصاف کے جھٹلانے پر باعث ہے۔

ع ۱ ۸ ۲۰

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۝٨

کیا اللہ سب حاکموں سے بڑھ کر حاکم نہیں۔

Marfat.com

سورۃ القدر کے خواص

گھر، جان، مال کی حفاظت، روزی میں اضافہ، بینائی کی حفاظت، لقوے کے مرض سے شفایابی، بلیّات سے حفاظت

(۱) اس سورت کو سوتے وقت سات مرتبہ پڑھ کر سونا گھر، جان، مال کی حفاظت، روزی میں اضافہ، بینائی کی حفاظت، لقوے کے مرض سے شفایابی، آخرت میں ذریعہ نجات ہے۔ اور یہ سورت بلیّات سے حفاظت کیلئے بھی مفید ہے۔

(۲) جو کوئی اس سورت کو صبح و شام تین تین مرتبہ پڑھ لے اس کی عزت و قدر رہوگی۔

سُوْرَةُ الْقَدْرِ ۹۷ مَكِّيَّة ۲۵ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۵ رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ قدر مکی ہے | اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا | اس میں پانچ آیتیں ہیں اور ایک رکوع ہے

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۝۱ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝۲

بے شک ہم نے اسے | شب قدر میں اتارا۔ | اور تم نے کیا جانا کیا شب قدر۔

لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۙ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۝۳ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ

شب قدر | ہزار مہینوں سے بہتر۔ | اس میں فرشتے اور جبریل

فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۝۴ سَلٰمٌ ۛ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝۵

اترتے ہیں | اپنے رب کے حکم سے، ہر کام کے لیے، | وہ سلامتی ہے۔ صبح چمکنے تک۔

سورۃ الزلزال کے خواص

آسیب سے نجات، مشکل آسان

(۱) اس سورت کو لکھ کر آسیب زدہ مکان میں رکھنے سے اثرات ختم ہو جائیں گے۔

(۲) مشکل کام کو آسان کرنے کے لئے اس سورت کو ۱۴۱ مرتبہ سات دن تک پڑھیں۔

(۳) بعد نماز فجر روزانہ کا معمول بنا لینے سے دل میں خوف الٰہی پیدا ہوگا۔ دل نیک اعمال کی طرف مائل ہوگا۔

Marfat.com

سورۃ الزلزال ۹۹ مکیہ ۹۳ | بسم اللہ الرحمن الرحیم | اٰیاتہا ۸ رکوعہا ۱

سورۂ زلزال مدنی ہے | اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا | اس میں آٹھ آیتیں ہیں اور ایک رکوع ہے

إِذَا زُلْزِلَتِ الْأَرْضُ زِلْزَالَهَا ۝١ وَأَخْرَجَتِ الْأَرْضُ أَثْقَالَهَا ۝٢ وَ

جب زمین تھرا دی جائے جیسا اس کا تھرانا ٹھہرا ہے | اور زمین اپنے بوجھ باہر پھینک دے، | اور

قَالَ الْإِنسَانُ مَا لَهَا ۝٣ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخْبَارَهَا ۝٤ بِأَنَّ رَبَّكَ

آدمی کہے: اسے کیا ہوا | اس دن وہ اپنی خبریں بتائے گی، | اس لیے کہ تمہارے رب

أَوْحَىٰ لَهَا ۝٥ يَوْمَئِذٍ يَصْدُرُ النَّاسُ أَشْتَاتًا لِّيُرَوْا أَعْمَالَهُمْ ۝٦

نے اسے حکم بھیجا۔ | اس دن لوگ اپنے رب کی طرف پھریں گے کئی راہ ہو کر تاکہ اپنا کیا دکھائے جائیں۔

فَمَن يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ ۝٧ وَمَن يَعْمَلْ مِثْقَالَ

تو جو ایک ذرہ بھر بھلائی کرے | اسے دیکھے گا۔ | اور جو ایک ذرہ برائی کرے

ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ ۝٨

اسے دیکھے گا۔

سورۃ العٰدیٰت کے خواص

نظر بد، قرض، آسان معاش، امن وخوف کے لئے

(۱) اس سورت کو تین روز تک ۴۱ مرتبہ پانی پر دم کر کے نظر شدہ کو پلانے سے اثر ختم ہو جائے گا۔

(۲) قرض اتارنے کے لئے اس کو دریا کے کنارے سات روز تک پڑھے۔

(۳) آسانی معاش اور امن وخوف کے لئے اس سورت کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

سورۃ العٰدیٰت مکیہ ۱۰۰ مدنیہ ۱۳ | بسم اللہ الرحمن الرحیم | اٰیاتہا ۱۱ رکوعہا ۱

سورۃ العٰدیٰت مکی ہے | اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا | اس میں گیارہ آیتیں ہیں اور ایک رکوع ہے

وَالْعَادِيَاتِ ضَبْحًا ۝١ فَالْمُورِيَاتِ قَدْحًا ۝٢ فَالْمُغِيرَاتِ صُبْحًا ۝٣

قسم ان کی جو دوڑتے ہیں ہانپنے سے آواز نکلتی ہوئی، پھر پتھروں سے آگ نکالتے ہیں سم مار کر پھر صبح ہوتے تاراج کرتے ہیں،

Marfat.com

فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ۙ﴿۴﴾ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ۙ﴿۵﴾ اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ

پھر اس وقت غبار اڑاتے ہیں، پھر دشمن کے بیچ لشکر میں جاتے ہیں، بیشک آدمی اپنے رب کا بڑا

لَكَنُوْدٌ ۚ﴿۶﴾ وَاِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ ۚ﴿۷﴾ وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ؕ﴿۸﴾

ناشکرا ہے۔ اور بے شک وہ اس پر خود گواہ ہے۔ اور بے شک وہ مال کی چاہت میں ضرور کڑا (تیز) ہے۔

اَفَلَا يَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِى الْقُبُوْرِ ۙ﴿۹﴾ وَحُصِّلَ مَا فِى الصُّدُوْرِ ۙ﴿۱۰﴾

تو کیا نہیں جانتا جب اٹھائے جائیں گے جو قبروں میں ہیں، اور کھول دی جائے گی جو سینوں میں ہے؟

اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّخَبِيْرٌ ۚ﴿۱۱﴾ ع ۱ ۱۱ ۲۵

بے شک ان کے رب کو اس دن ان کی سب خبر ہے۔

سورۃ القارعۃ کے خواص

استقامت ایمان، بلیّات سے حفاظت، عمل صالح کی توفیق، مہمّات میں آسانی کے لئے

(۱) اس سورت کو روزانہ سوتے وقت گیارہ مرتبہ پڑھنے سے استقامت ایمان، بلیّات سے حفاظت، عمل صالح کی توفیق ہوگی۔

(۲) مہمّات میں آسانی پیدا کرنے کے لئے اس کو (۱۸۰) مرتبہ پڑھیں۔

(۳) اس کو کثرت سے پڑھنے سے برائیاں ختم ہوں گی اور دل نیک کاموں کی طرف خوب مائل ہوگا۔

سُوْرَةُ الْقَارِعَةِ ۱۰۱ مَكِّيَّةٌ ۳۰ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۱۱ رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ القارعہ مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا — اس میں گیارہ آیتیں ہیں اور ایک رکوع ہے

اَلْقَارِعَةُ ۙ﴿۱﴾ مَا الْقَارِعَةُ ۚ﴿۲﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْقَارِعَةُ ؕ﴿۳﴾ يَوْمَ يَكُوْنُ

دل دہلانے والی، کیا وہ دہلانے والی؟ اور تو نے کیا جانا کیا ہے دہلانے والی؟ جس دن

النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ ۙ﴿۴﴾ وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ ؕ﴿۵﴾

آدمی ہوں گے جیسے پھیلے پتنگے، اور پہاڑ ہوں گے جیسے دھنکی اون۔

Marfat.com

فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ ۙ﴿۶﴾ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ؕ﴿۷﴾ وَاَمَّا مَنْ

تو جس کی تولیں بھاری ہوئیں وہ تو من مانتے عیش میں ہیں۔ اور جس کی تولیں

خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ ۙ﴿۸﴾ فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ ؕ﴿۹﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا هِيَهْ ؕ﴿۱۰﴾ نَارٌ حَامِيَةٌ ۧ﴿۱۱﴾

ہلکی پڑیں۔ وہ نیچا دکھانے والی گود میں ہے۔ اور تو نے کیا جانا کیا ہے نیچا دکھانے والی۔ ایک آگ شعلے مارتی۔

سورۃ التکاثر کے خواص

قرض، مال و دولت کا لالچ ختم کرنے کے لئے

(۱) قرض سے نجات کیلئے بعد نماز عشاء سترہ روز تک پڑھیں، ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

(۲) روزانہ رات کو سوتے وقت ۱۲۰ دن تک پڑھیں، زر پرستی کا لالچ نکل جائے گا، اور دل عبادت کی طرف مائل ہوگا۔

سورۃ التکاثر ۱۰۲ مکیۃ ۱۹ | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم | آیاتہا ۸ رکوعہا ۱

سورۃ تکاثر مکی ہے اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا اس میں آٹھ آیتیں ہیں اس میں ایک رکوع ہے

اَلْهٰىكُمُ التَّكَاثُرُ ۙ﴿۱﴾ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ؕ﴿۲﴾ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ﴿۳﴾

تمہیں غافل رکھا مال کی زیادہ طلبی نے یہاں تک کہ تم نے قبروں کا منہ دیکھا۔ ہاں ہاں جلد جان جاؤ گے

ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ؕ﴿۴﴾ كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ ؕ﴿۵﴾ لَتَرَوُنَّ

پھر ہاں ہاں جلد جان جاؤ گے ہاں ہاں اگر یقین کا جاننا جانتے تو مال کی محبت نہ رکھتے۔ بیشک ضرور

الْجَحِيْمَ ۙ﴿۶﴾ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ ۙ﴿۷﴾ ثُمَّ لَتُسْـَٔلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ ۧ﴿۸﴾

جہنم کو دیکھو گے پھر بے شک ضرور اسے یقینی دیکھنا دیکھو گے، پھر بے شک ضرور اس دن تم سے نعمتوں کی پرسش ہوگی۔

سورۃ العصر کے خواص

پریشانی دور، مصائب پر صبر کی توفیق، حصول مقاصد

(۱) اس سورت کو سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مصیبت زدہ کو پلانے سے اس کی

Marfat.com

پریشانی دور کرنے کا سبب بنے گا۔

(۲) بعد نماز فجر اس کا روزانہ ۱۱۱ مرتبہ پڑھنا حق پر قائم رہنے اور مصائب پر صبر کرنے کی توفیق ملتی ہے۔

(۳) حصول مقاصد کے لئے تین جمعہ تک بعد نماز جمعہ ۱۱۱ مرتبہ اول آخر درود شریف پڑھ کر دعا مانگیں۔

سُوْرَةُ الْعَصْرِ ۱۰۳ مَكِّيَّةٌ ۱۳ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۳ رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ عصر مکی ہے | اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا | اس میں تین آیتیں ہیں ایک رکوع ہے

وَالْعَصْرِ ۙ﴿۱﴾ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ۙ﴿۲﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

اس زمانہ محبوب کی قسم، بے شک آدمی ضرور نقصان میں ہے، مگر جو ایمان لائے اور اچھے

الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ﴿۳﴾ ع ۱ ۲ ۲۸

کام کئے اور ایک دوسرے کو حق کی تاکید کی اور ایک دوسرے کو صبر کی وصیت کی۔

سورۃ الھُمَزَۃ کے خواص

دشمن کے ظلم سے محفوظ، برائیوں سے دور، نیکیوں کی طرف رغبت

(۱) گیارہ مرتبہ پڑھنے سے دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا۔

(۲) سوتے وقت ایک مرتبہ پڑھنے سے خوف الٰہی پیدا ہوتا ہے، پڑھنے والا برائیوں سے دور اور نیکیوں کی طرف راغب ہوگا۔

سُوْرَةُ الْهُمَزَةِ ۱۰۴ مَكِّيَّةٌ ۳۲ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۹ رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ ہمزہ مکی ہے | اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا | اس میں نو آیتیں ہیں اور ایک رکوع ہے

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ ۙ﴿۱﴾ الَّذِيْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ ۙ﴿۲﴾ يَحْسَبُ

خرابی ہے اس کے لیے جو لوگوں کے منہ پر عیب کرے پیٹھ پیچھے بدی کرے، جس نے مال جوڑا اور گن گن کر رکھا کیا، یہ سمجھتا ہے

اَنَّ مَالَهٗۤ اَخْلَدَهٗ ۝۳ كَلَّا لَيُنْۢبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ ۝۴ وَمَاۤ اَدْرٰىكَ

کہ اس کا مال اسے دنیا میں ہمیشہ رکھے گا۔ ہرگز نہیں ضرور وہ روندنے والی میں پھینکا جائے گا۔ اور تو نے کیا جانا

مَا الْحُطَمَةُ ۝۵ نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ۝۶ الَّتِيْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ ۝۷

کیا ہے روندنے والی اللہ کی آگ کہ بھڑک رہی ہے وہ جو دلوں پر چڑھ جائے گی۔

اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ۝۸ فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۝۹

بے شک وہ ان پر بند کر دی جائے گی، لمبے لمبے ستونوں میں۔

سورۃ الفیل کے خواص

موذی امراض (بلڈ پریشر، شوگر) وغیرہ، دشمن سے محفوظ

(۱) یہ سورت ہر موذی صفت رکھنے والی چیز سے چھٹکارا پانے کے لئے بہت مجرّب ہے خواہ وہ موذی بیماری ہو یا جانور، بعد نماز عشاء ۳۱۳ مرتبہ ۴۰ روز تک پڑھے۔

(۲) اس کو گیارہ روز تک ۱۱۱ مرتبہ بعد نماز ظہر پڑھیں تو دشمن سے محفوظ رہیں گے۔

سُوْرَةُ الْفِيْل — مکی — رکوعہا ۱ — اٰیاتہا ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۂ فیل مکی ہے اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا اس میں پانچ آیتیں ہیں اور ایک رکوع ہے

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ۝۱ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ

اے محبوب! کیا تم نے نہ دیکھا تمہارے رب نے ان ہاتھی والوں کا کیا حال کیا۔ کیا ان کا داؤں تباہی میں

فِيْ تَضْلِيْلٍ ۝۲ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ۝۳ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ

نہ ڈالا؟ اور ان پر پرندوں کی ٹکڑیاں (جماعتیں) بھیجیں، کہ انہیں کنکر کے پتھروں

مِّنْ سِجِّيْلٍ ۝۴ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ۝۵

سے مارتے، تو انہیں کر ڈالا جیسے کھائی کھیتی کی پتی (بھوسہ)

Marfat.com

سورۃ القریش کے خواص

ڈر وخوف، کاروبار میں ترقی، موذی امراض سے نجات

(۱) اگر کسی بچے کو ڈر لگتا ہو تو اس کو سات دن تک روزانہ ۴۱ مرتبہ پانی پر دم کر کے پلانے سے ڈر ختم ہو جائے گا۔

(۲) روزانہ کثرت سے پڑھنے سے کاروبار میں ترقی و برکت ہوگی۔

(۳) روزانہ بعد نماز عشاء ۱۱۱ مرتبہ پڑھنے سے موذی امراض سے نجات ملے گی۔

(۴) کھانے پر دم کر کے کھانے سے ہر قسم کے ضرر سے محفوظ رہے گا۔

سُوْرَةُ قُرَيْشٍ ۱۰۶ مَكِّيَّةٌ ۲۹ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۴ رُكُوْعُهَا ۱

سورۂ قریش مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا — اس میں چار آیتیں ہیں اور ایک رکوع ہے

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۙ﴿۱﴾ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۚ﴿۲﴾ فَلْيَعْبُدُوْا

اس لیے کہ قریش کو میل دلایا، ان کے جاڑے اور گرمی دونوں کے کوچ میں میل دلایا (رغبت دلائی)۔ تو انہیں چاہیے اس

رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۙ﴿۳﴾ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۧ﴿۴﴾ ع ۱ ۲ ۲۱

گھر کے رب کی بندگی کریں، جس نے انہیں بھوک میں کھانا دیا، اور انہیں ایک بڑے خوف سے امان بخشی۔

سورۃ الماعون کے خواص

اشیاء کی حفاظت، دشمن سے نجات

(۱) اس سورت کو پڑھ کر استعمال شدہ اشیاء پر دم کرنے سے اشیاء محفوظ رہیں گی۔

(۲) دین حق کے دشمن سے نجات کیلئے روزانہ بعد نماز عشاء گیارہ سو مرتبہ چالیس دن تک پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کرنے سے چھٹکارا ملے گا۔

سُوْرَةُ الْمَاعُوْنِ ۱۰۷ مَكِّيَّةٌ ۱۷ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۷ رُكُوْعُهَا ۱

سورۂ ماعون مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا — اس میں سات آیتیں ہیں اور ایک رکوع ہے

Marfat.com

أَرَءَيْتَ الَّذِى يُكَذِّبُ بِالدِّينِ ﴿١﴾ فَذَٰلِكَ الَّذِى يَدُعُّ الْيَتِيمَ ﴿٢﴾

بھلا دیکھو تو جو دین کو جھٹلاتا ہے؟ پھر وہ ہے جو یتیم کو دھکے دیتا ہے،

وَلَا يَحُضُّ عَلَىٰ طَعَامِ الْمِسْكِينِ ﴿٣﴾ فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّينَ ﴿٤﴾ الَّذِينَ

اور مسکین کو کھانا دینے کی رغبت نہیں دیتا۔ تو ان نمازیوں کی خرابی ہے جو اپنی

هُمْ عَن صَلَاتِهِمْ سَاهُونَ ﴿٥﴾ الَّذِينَ هُمْ يُرَاءُونَ ﴿٦﴾ وَيَمْنَعُونَ الْمَاعُونَ ﴿٧﴾

ع ۱ ۲۲

نماز سے بھولے بیٹھے ہیں، وہ جو دکھاوا کرتے ہیں، اور برتنے کی چیز مانگے نہیں دیتے۔

سورۃ الکوثر کے خواص

اولاد کی سلامتی، رزق میں برکت کیلئے

(۱) جس کی اولاد زندہ نہ رہتی ہو تو وہ ۴۱ دن تک روزانہ سات مرتبہ پڑھے، ان شاء اللہ اولاد زندہ سلامت رہے گی۔

(۲) روزانہ ایک مرتبہ پڑھنے کا معمول بنانے سے رزق میں برکت ہوگی۔

سُورَةُ الْكَوْثَرِ — مَكِّيَّةٌ ۱۰۸ — ۱۵ — اٰیَاتُهَا ۳ — رُكُوعُهَا ۱

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

سورۃ کوثر مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا — اس میں تین آیتیں ہیں اور ایک رکوع ہے

إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ ﴿١﴾ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ﴿٢﴾ إِنَّ

اے محبوب بے شک ہم نے تمہیں بے شمار خوبیاں عطا فرمائیں۔ تو تم اپنے رب کے لیے نماز پڑھو اور قربانی کرو۔ بے شک

شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ ﴿٣﴾

ع ۲۲-۲

جو تمہارا دشمن ہے وہی ہر خیر سے محروم ہے۔

”بری“ کے تین حروف کی نسبت سے

سورۂ کافرون کے 3 فضائل

1۔ حضرت سیدنا فروہ بن نوفل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انہوں نے نبی کریم

Marfat.com

ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی: یارسول اللہ! عزوجل و ﷺ مجھے ایسی چیز بتائیں جسے میں بستر پر جاتے وقت پڑھا کروں نبی کریم ﷺ نے فرمایا: قُلْ یٰٓاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ پڑھا کرو، یہ شرک سے براءت (یعنی آزادی) ہے۔

(سنن الترمذی حدیث ۳۴۱۴ ج ۵ ص ۲۵۷)

2۔ حضرت سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ شہنشاہ مدینہ، قرارِ قلب وسینہ، صاحب معطر پسینہ، باعث نزول سکینہ، فیض گنجینہ ﷺ نے ایک صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا: اے فلاں! کیا تم نے شادی کر لی ہے؟'' تو اس نے عرض کی: ''یارسول اللہ! ﷺ خدا کی قسم! نہیں کی، میرے پاس شادی کرنے کے لیے کچھ نہیں'' فرمایا: کیا تمہیں قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ یاد نہیں؟'' اس نے عرض کی: ''کیوں نہیں'' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''یہ تہائی قرآن کے برابر ہے'' پھر فرمایا: ''کیا تمہیں اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ یاد نہیں؟'' اس نے عرض کی: ''کیوں نہیں'' فرمایا: ''یہ چوتھائی قرآن کے برابر ہے'' پھر دریافت فرمایا: ''کیا تمہیں قُلْ یٰٓاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ یاد نہیں؟'' اس نے عرض کی: ''کیوں نہیں'' فرمایا: ''یہ چوتھائی قرآن کے برابر ہے'' پھر فرمایا: ''کیا تجھے اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ یاد نہیں؟'' اس نے عرض کی: ''کیوں نہیں'' فرمایا: ''یہ چوتھائی قرآن ہے'' پھر فرمایا: ''شادی کر لو''، ''شادی کر لو''۔ (سنن الترمذی حدیث ۲۹۰۴ ج ۴ ص ۴۰۹)

3۔ حضرت سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سرور، دو جہاں کے تاجور، سلطان بحر و بر ﷺ نے فرمایا: اِذَا زُلْزِلَتِ نصف قرآن کے برابر ہے اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ تہائی قرآن کے برابر ہے اور قُلْ یٰٓاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ چوتھائی قرآن کے برابر ہے''۔ (سنن الترمذی الحدیث ۲۹۰۳ ج ۴، ص ۴۰۹)

سورۃ الکفرون کے خواص

ڈر، بغض، حسد، کینہ، جھوٹ، فریب نفاق، اخلاقی برائیوں سے نجات

(۱) کوئی اس سورت کو بعد نماز فجر یا عشاء گیارہ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اس کے دل

سے ڈر، بغض، حسد، کینہ، جھوٹ، فریب نفاق، اخلاقی برائیاں نکل جائیں گی، اور شیطانی وسوسوں سے محفوظ رہے گا۔

سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ ۱۰۹ مَكِّيَّةٌ ۱۸ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۶ رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ کافرون مکی ہے | اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا | اس میں چھ آیتیں ہیں اور ایک رکوع ہے

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ﴿۱﴾ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ﴿۲﴾ وَلَآ اَنْتُمْ

تم فرماؤ: اے کافرو! نہ میں پوجتا ہوں جو تم پوجتے ہو، اور نہ تم

عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۚ﴿۳﴾ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ﴿۴﴾ وَلَآ اَنْتُمْ

پوجتے ہو جو میں پوجتا ہوں۔ اور نہ میں پوجوں گا جو تم نے پوجا، اور نہ تم

عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ؕ﴿۵﴾ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ﴿۶﴾ ع

پوجو گے جو میں پوجتا ہوں۔ تمہیں تمہارا دین اور مجھے میرا دین۔

ع ۱ ۶ ۲۴

سورۃ النصر کے خواص

مشکل آسان، دشمن سے حفاظت، مرادیں پوری

(۱) ۳۱۳ مرتبہ پڑھنے سے ہر قسم کی مراد پوری ہوگی۔

(۲) روزانہ سات مرتبہ پڑھنے کا معمول بنانے سے مشکل آسان ہوتی چلی جاتی ہیں۔

(۳) اس سورت کا روز پڑھنا ایمان کی سلامتی اور خاتمہ بالخیر کا موجب ہوگا۔

سُوْرَةُ النَّصْرِ ۱۱۰ مَدَنِيَّةٌ ۱۳ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۳ رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ النصر مدنی ہے | اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا | اس میں تین آیتیں ہیں اور ایک رکوع ہے

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۙ﴿۱﴾ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ

جب اللہ کی مدد اور فتح آئے، اور لوگوں کو تم دیکھو کہ اللہ کے دین میں

دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۙ﴿۲﴾ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ؕ

فوج فوج داخل ہوتے ہیں، تو اپنے رب کی ثناء کرتے ہوئے اس کی پاکی بولو اور اس سے بخشش چاہو!

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

إِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا ﴿٢﴾

بے شک وہ بہت توبہ قبول کرنے والا ہے۔

ع ۲ ۲۵

سورۃ اللّٰھَب کے خواص

دشمن کے شر سے محفوظ، نقصان سے بچاؤ، درد و تکلیف میں کمی

(۱) روزانہ سات مرتبہ پڑھنے سے دشمن کے شر سے محفوظ رہیں گے۔

(۲) اس کو پڑھ کر دشمن کے سامنے جائیں گے تو وہ کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔

(۳) بہت درد یا تکلیف ہو تو اس کو لکھ کر باندھنے سے درد میں کمی ہوگی۔

سُوْرَۃُ اللَّھَب — بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ — الجزء ۱ — الربع ۱

سورۃ لہب مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا — اس میں پانچ آیتیں اور ایک رکوع ہے

تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ﴿١﴾ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ﴿٢﴾ سَيَصْلٰى

ہلاک ہو جائیں ابولہب کے دونوں ہاتھ اور وہ ہلاک ہو ہی گیا۔ اُسے کچھ کام نہ آیا اس کا مال اور نہ جو کمایا۔ اب دھنسا ہے

نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ﴿٣﴾ وَّامْرَاَتُهٗ ۭ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ﴿٤﴾ فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ﴿٥﴾

لپٹ مارتی آگ میں وہ، اور اس کی جورو لکڑیوں کا گٹھا سر پر اٹھائی۔ اس کے گلے میں کھجور کی چھال کا رسا۔

ع ۵ ۲۶

”بسم اللہ“ کے سات حروف کی نسبت سے

سورۃ الاخلاص کے 7 فضائل

1۔ حضرت سیدنا ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور پاک، صاحب لولاک سیاح افلاک ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم میں سے کوئی شخص رات میں تہائی قرآن کیوں نہیں پڑھتا؟“ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عرض کیا: کوئی شخص تہائی قرآن کیسے پڑھ سکتا ہے؟ ارشاد فرمایا قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ تہائی قرآن کے برابر ہے“۔

(صحیح مسلم حدیث ۸۱۱ ص ۴۰۵)

2۔ حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سید المرسلین، خاتم النبیین، جناب رحمۃ للعالمین ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اکٹھے ہو جاؤ کیونکہ ابھی میں تمہارے سامنے تہائی قرآن پڑھوں گا''۔ چنانچہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں سے جنہیں جمع ہونا تھا وہ جمع ہو گئے پھر نبی کریم ﷺ تشریف لائے اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھی اور واپس تشریف لے گئے۔ ہم ایک دوسرے سے کہنے لگے: ''شاید آسمان سے کوئی خبر آئی ہے جس کی وجہ سے حضور ﷺ واپس تشریف لے گئے ہیں''۔ جب آپ ﷺ دوبارہ تشریف لائے تو فرمایا: ''میں نے تمہارے سامنے تہائی قرآن پڑھنے کا کہا تھا تو سن لو! یہی سورت تہائی قرآن کے برابر ہے''۔ (صحیح مسلم، حدیث: ۸۱۲، ص ۴۰۵)

3۔ حضرت سیدنا ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ''ایک شخص نے کسی کو بار بار قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھتے ہوئے سنا تو صبح کے وقت رسول اکرم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اس کا تذکرہ کیا وہ صاحب گویا اسے کم سمجھ رہے تھے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے یہ سورت تہائی قرآن کے برابر ہے''۔ (صحیح البخاری الحدیث ۵۰۱۳ ج ۳ ص ۴۰۶)

4۔ حضرت سیدنا معاذ بن انس جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے محبوب، دانائے غیوب، منزہ عن العیوب عزوجل و ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص دس مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھے گا اللہ عزوجل اس کے لیے جنت میں ایک محل بنائے گا''۔ حضرت سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا: ''یا رسول اللہ! ﷺ پھر تو ہم اسے کثرت سے پڑھا کریں گے''۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ عزوجل بہت زیادہ عطا فرمانے والا اور پاک ہے''۔ (مسند امام احمد بن حنبل حدیث ۱۵۶۱۰ ج ۵ ص ۳۰۸)

5۔ ام المومنین حضرت سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ نور کے پیکر، نبیوں کے سرور، دو جہاں کے تاجور، سلطان بحر و بر ﷺ نے ایک صاحب کو ایک سریہ کا امیر بنا کر بھیجا یہ اپنے اصحاب کو نماز پڑھاتے تو اس میں اور سورت کے ساتھ اخیر میں قُلْ هُوَ

Marfat.com

اللّٰہُ اَحَدٌ پڑھتے۔ سریہ سے لوٹنے کے بعد لوگوں نے رسول اللہ ﷺ سے اس کا تذکرہ کیا تو نبی ﷺ نے فرمایا: ''اس سے پوچھو وہ ایسا کیوں کرتا ہے؟'' لوگوں نے اس سے پوچھا تو اس نے بتایا کہ ''میں اس کو ہر نماز میں اس لیے پڑھتا ہوں کہ یہ رحمٰن عزوجل کی صفت ہے اور میں اس کے پڑھنے کو پسند کرتا ہوں''۔ یہ سن کر نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''اس کو خبر دو کہ اللہ عزوجل بھی اس سے محبت فرماتا ہے''۔ (صحیح البخاری الحدیث ۷۳۷۵ ج ۴ ص ۵۳۱)

6۔ حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں خاتم المرسلین، رحمۃ للعالمین، شفیع المذنبین، انیس الغریبین، سراج السالکین، محبوب رب العالمین، جناب صادق وامین ﷺ کے ساتھ کہیں جا رہا تھا کہ آپ ﷺ نے کسی شخص کو سورۂ اخلاص پڑھتے ہوئے سنا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''واجب ہوگئی''۔ میں نے عرض کیا: ''یارسول اللہ! عزوجل و ﷺ کیا چیز واجب ہوگئی؟'' فرمایا: ''جنت''۔

(الموطا للامام مالک الحدیث ۴۹۵ ج ۱ ص ۱۹۸)

7۔ حضرت سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ تاجدار رسالت، شہنشاہ نبوت، مخزن جود وسخاوت، پیکر عظمت وشرافت، محبوب رب العزت، محسن انسانیت ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص روزانہ دو سو مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھے گا اس کے پچاس برس کے گناہ مٹا دیئے جائیں گے مگر یہ کہ اس پر قرض ہو''۔ (سنن الترمذی حدیث ۲۹۰۷ ج ۴ ص ۴۱۱)

سورۃ الاخلاص کے خواص

ہر جائز حاجت، محبوب خلائق

(۱) جو اس کو ایک ہزار مرتبہ روزانہ بعد نماز عشاء ۱۲۵ دن تک پڑھے، تو اس کی ہر حاجت پوری ہوگی۔

(۲) جو روزانہ ۱۱۱ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے وہ ان شاء اللہ محبوب الخلائق ہو جائے گا۔

Marfat.com

سورۃ الاخلاص مکیۃ ۱۱۲ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰیاتہا ۴ رکوعہا ۱

سورۃ اخلاص مکی ہے | اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا | اس میں چار آیتیں ہیں اور ایک رکوع ہے

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝۱ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝۲ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝۳

تم فرماؤ: وہ اللہ ہے وہ ایک ہے۔ | اللہ بے نیاز ہے۔ | نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝۴

اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی۔

ع ۱ ۲ ۴

''پنج تن'' کے پانچ حروف کی نسبت سے
سورۂ فلق اور سورۂ ناس کے 5 فضائل

1۔ حضرت سیدنا جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ سرکارِ والا تبار، ہم بے کسوں کے مددگار، شفیع روزِ شمار، دو عالم کے مالک ومختار، حبیب پروردگار ﷺ نے مجھ سے فرمایا: ''اے جابر! پڑھو''۔ میں نے عرض کی: ''یارسول اللہ! ﷺ میرے ماں باپ آپ پر قربان! کیا پڑھوں؟'' فرمایا: قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پھر میں نے یہ دونوں (سورتیں) پڑھیں تو فرمایا: ''ان دونوں کو پڑھا کرو کیونکہ تم ان کی مثل ہرگز نہ پڑھ سکو گے''۔ (الاحسان بترتیب صحیح ابن حبان، الحدیث: ۷۹۳، ج ۲ ص ۸۴)

2۔ حضرت سیدنا عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں ایک سفر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''اے عقبہ! کیا میں تمہیں پڑھی جانے والی دو بہترین سورتیں نہ سکھاؤں؟'' پھر آپ ﷺ نے مجھے قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ سکھائیں''۔ (سنن ابی داؤد، الحدیث: ۱۴۶۲، ج ۲، ص ۱۰۳)

3۔ حضرت سیدنا عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ''میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جحفہ اور ابواء (دو مقامات) کے درمیان سے گزر رہا تھا کہ ہمیں شدید آندھی اور تاریکی نے گھیر لیا تو رسول اللہ ﷺ نے قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ

النّاس کے ذریعے پناہ مانگنا شروع کی اور مجھ سے فرمایا: ''اے عقبہ! ان دونوں کے ذریعے پناہ مانگا کرو کسی پناہ چاہنے والے نے اس کی مثل کسی چیز کے وسیلہ سے پناہ نہیں مانگی''۔

(سنن ابی داؤد، الحدیث: ۱۴۲۳، ج ۲، ص ۱۰۳)

4۔ ام المومنین حضرت سیدتنا عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ آرام فرمانے کے لیے بستر پر تشریف لاتے تو دونوں ہاتھوں کو جوڑ کر سورۂ اخلاص، فلق اور ناس پڑھ کر دم کرتے اور بدن اقدس کے جس حصے تک ہاتھ پہنچتے وہاں ہاتھ پھیرتے مگر ہاتھ پھیرنے کی ابتدا سر اور چہرے سے ہوتی اور جسم اقدس کے اگلے حصے سے اور اسی طرح تین مرتبہ یہ عمل کرتے تھے۔ (صحیح البخاری الحدیث ۵۰۱۷، ج ۳، ص ۴۰۷)

5۔ حضرت سیدنا عبداللہ بن حبیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ سرکار دو عالم، نور مجسم، شاہ بنی آدم، رسول محتشم ﷺ نے ان سے فرمایا قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اور معوذتین (سورۂ فلق اور سورۂ ناس) روزانہ تین تین مرتبہ صبح و شام پڑھ لیا کرو یہ تمہارے لیے ہر چیز سے کفایت کریں گی۔ (الدر المنثور، ج ۸، ص ۶۸۱)

سورۃ الفلق کے خواص

آسیب سایہ، جنّات، ڈر و خوف اور مصیبت سے نجات

(۱) رات سوتے وقت پڑھ کر اپنے اوپر دم کرنے سے ڈر و خوف اور مصیبت سے محفوظ رہیں گے۔

(۲) حاکم کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے اس کے سامنے پڑھ کر جائے۔

سُوْرَةُ الْفَلَقِ ۱۱۳ مَكِّيَّةٌ ۲۰ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۵ رُكُوْعُهَا ۱

سورۃ فلق مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا — اس میں پانچ آیتیں ہیں اور ایک رکوع ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ﴿۱﴾ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ﴿۲﴾

تم فرماؤ: میں اس کی پناہ لیتا ہوں جو صبح کا پیدا کرنے والا ہے — اس کی سب مخلوق کی شر سے۔

Marfat.com

وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝۳ وَمِنْ شَرِّ

اور اندھیری ڈالنے والے کے شر سے جب وہ ڈوبے، اور ان عورتوں کے شر سے

النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۝۴ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ

جو گرہوں میں پھونکتی ہیں، اور حسد والے کے شر سے جب

اِذَا حَسَدَ ۝۵ ع

وہ مجھ سے جلے۔

سورۃ الناس کے خواص

جنات، شیاطین، جادو، کالے علم سے نجات

(۱) کالے علم، جادو کے لئے اسے گیارہ روز تک ۱۱۰۰ مرتبہ اول آخر درود شریف کے ساتھ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں، ان شاء اللہ اثرات ختم ہو جائیں گے۔

سُوْرَةُ النَّاسِ — ۱۱۴ مکیۃ ۲۱ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰیاتُہا ۶ — رکوعُہا ۱

سورۃ ہاس کی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحم والا — اس میں چھ آیتیں ہیں اور ایک رکوع ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝۱ مَلِكِ النَّاسِ ۝۲

تم کہو میں اس کی پناہ میں آیا جو سب لوگوں کا رب، سب لوگوں کا بادشاہ

اِلٰهِ النَّاسِ ۝۳ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۝۴

سب لوگوں کا خدا، اس کے شر سے جو دل میں برے خطرے ڈالے اور دبک رہے،

الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝۵

وہ جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتے ہیں،

مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ ۝۶ ع

جن اور آدمی۔

Marfat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

فضائلِ ذکر اللہ

درود شریف کی فضیلت

سرکار دو جہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان مغفرت نشان ہے: جو میری محبت اور میری طرف شوق کی وجہ سے مجھ پر ہر دن اور ہر رات کو تین تین بار درود شریف پڑھے تو اللہ عزوجل پر حق ہے کہ وہ اس کے اس دن اور اس رات کے گناہ بخش دے۔

(المعجم الکبیر، جلد ۱۸، صفحہ ۳۶۱، حدیث ۹۲۸)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

ایمان مفصل

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِکَتِهٖ وَکُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَ
الْقَدْرِ خَیْرِهٖ وَشَرِّهٖ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰی وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ ؕ

ترجمہ: میں ایمان لایا اللہ پر اور اس کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر اور قیامت کے دن پر اور اس پر کہ اچھی اور بری تقدیر اللہ کی طرف سے ہے اور موت کے بعد اٹھائے جانے پر۔

ایمان مجمل

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ کَمَا هُوَ بِاَسْمَآئِهٖ وَصِفَاتِهٖ وَقَبِلْتُ جَمِیْعَ
اَحْکَامِهٖ اِقْرَارٌ بِاللِّسَانِ وَتَصْدِیْقٌ بِالْقَلْبِ ؕ

ترجمہ: میں ایمان لایا اللہ پر جیسا کہ وہ اپنے ناموں اور اپنی صفتوں کے ساتھ ہے اور میں نے اس کے تمام احکام قبول کیے زبان سے اقرار کرتے ہوئے اور دل سے تصدیق کرتے

Marfat.com

ہوئے۔

اول کلمہ طیب

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں۔

دوسرا کلمہ شہادت

اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ
وَ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ

ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔

تیسرا کلمہ تمجید

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ وَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ
وَلَاحَوْلَ وَ لَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

ترجمہ: اللہ پاک ہے اور سب خوبیاں اللہ کے لیے ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی توفیق اللہ ہی کی طرف سے ہے جو سب سے بلند عظمت والا ہے۔

چوتھا کلمہ توحید

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ
الْحَمْدُ یُحْیٖ وَ یُمِیْتُ وَ ھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا،
ذُو الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِیَدِہِ الْخَیْرُ، وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ،

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کے لیے ہے بادشاہی اور اسی کے لیے حمد ہے وہی زندہ کرتا اور مارتا ہے اور وہ زندہ ہے اس کو ہرگز کبھی

موت نہیں آئے گی۔ بڑے جلال اور بزرگی والا ہے۔ اس کے ہاتھ میں بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

پانچواں کلمہ استغفار

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُہٗ عَمَدًا اَوْ خَطَأً سِرًّا اَوْ عَلَانِیَۃً وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ مِنَ الذَّنْبِ الَّذِیْ اَعْلَمُ وَمِنَ الذَّنْبِ الَّذِیْ لَا اَعْلَمُ اِنَّکَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ وَسَتَّارُ الْعُیُوْبِ وَ غَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝

ترجمہ: میں اللہ سے معافی مانگتا ہوں جو میرا پروردگار ہے ہر گناہ سے جو میں نے جان بوجھ کر کیا یا بھول کر، چھپ کر کیا یا ظاہر ہو کر اور میں اس کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں اس گناہ سے جس کو میں جانتا ہوں اور اس گناہ سے بھی جس کو میں نہیں جانتا، (اے اللہ) بے شک تو غیبوں کا جاننے والا اور عیبوں کا چھپانے والا اور گناہوں کا بخشنے والا ہے اور گناہ سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے جو سب سے بلند عظمت والا ہے۔

چھٹا کلمہ رد کفر اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ اَنْ اُشْرِکَ بِکَ شَیْئًا وَّ اَنَا اَعْلَمُ بِہٖ وَاَسْتَغْفِرُکَ لِمَا لَا اَعْلَمُ بِہٖ تُبْتُ عَنْہُ وَتَبَرَّأْتُ مِنَ الْکُفْرِ وَالشِّرْکِ وَالْکِذْبِ وَالْغِیْبَۃِ وَالْبِدْعَۃِ وَالنَّمِیْمَۃِ وَالْفَوَاحِشِ وَالْبُھْتَانِ وَالْمَعَاصِیْ کُلِّھَا وَاَسْلَمْتُ وَاَقُوْلُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ۝

ترجمہ: اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ میں کسی شے کو تیرا شریک بناؤں جان بوجھ کر اور بخشش مانگتا ہوں تجھ سے اس (شرک) کی جس کو میں نہیں جانتا اور میں نے اس سے توبہ کی اور میں بیزار ہوا کفر سے اور شرک سے اور جھوٹ سے اور غیبت سے اور بدعت سے اور چغلی اور بے حیائیوں سے اور بہتان سے اور تمام گناہوں سے اور میں اسلام

Marfat.com

لایا اور میں کہتا ہوں اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں۔

''مغفرت'' کے پانچ حروف کی نسبت سے
استغفار کرنے کے 5 فضائل

(1) دلوں کے زنگ کی صفائی

حضرت سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ خاتم النبیین، صاحب قرآن مبین، محبوب رب العالمین، جناب صادق وامین عزوجل وصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان دلنشین ہے: بے شک لوہے کی طرح دلوں کو بھی زنگ لگ جاتا ہے اور اس کی جلاء (یعنی صفائی) استغفار کرنا ہے۔ (مجمع الزوائد، جلد ۱۰، صفحہ ۳۴۶، حدیث ۱۷۵۷۵)

(2) پریشانیوں اور تنگیوں سے نجات

حضرت سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ محبوب رب ذوالجلال، صاحب جود ونوال، شہنشاہ خوش خصال، سلطان شیریں مقال، پیر وحسن وجمال عزوجل وصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان دلنشین ہے: جس نے استغفار کو اپنے اوپر لازم کرلیا اللہ عزوجل اس کی ہر پریشانی دور فرمائے گا اور ہر تنگی سے اسے راحت عطا فرمائے گا اور اسے ایسی جگہ سے رزق عطا فرمائے گا جہاں سے اسے گمان بھی نہ ہوگا۔

(سنن ابن ماجہ، جلد ۴، صفحہ ۲۵۷، حدیث ۳۸۱۹)

(3) خوش کرنے والا اعمال نامہ

حضرت سیدنا زبیر بن عوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی مکرم، نور مجسم، رسول اکرم، شہنشاہ بنی آدم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان مسرت نشان ہے: جو اس بات کو پسند کرتا ہے کہ اس کا نامہ اعمال اسے خوش کرے تو اسے چاہیے کہ اس میں استغفار کا اضافہ کرے۔

(مجمع الزوائد، جلد ۱۰، صفحہ ۳۴۷، حدیث ۱۷۵۷۹)

Marfat.com

(4) خوشخبری

حضرت سیدنا عبداللہ بن بشر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے شہنشاہ مدینہ، قرار قلب وسینہ، صاحب معطر پسینہ، باعث نزول سکینہ، فیض گنجینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ خوشخبری ہے اس کے لیے جو اپنے نامہ اعمال میں استغفار کو کثرت سے پائے۔

(سنن ابن ماجہ، جلد ۴، صفحہ ۲۵۷، حدیث ۳۸۱۸)

سید الاستغفار پڑھنے والے کے لیے جنت کی بشارت

حضرت سیدنا شداد بن اوس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ خاتم المرسلین، رحمۃ للعالمین، شفیع المذنبین، انیس الغریبین، سراج السالکین، محبوب رب العالمین، جناب صادق امین عزوجل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ یہ سید الاستغفار ہے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَ اَنَا عَلٰی عَھْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْٓءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْٓءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ

ترجمہ: اے اللہ! عزوجل تو میرا رب ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو نے مجھے پیدا کیا میں تیرا بندہ ہوں اور بقدر طاقت تیرے عہد و پیمان پر قائم ہوں، میں اپنے کیے کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں، تیری نعمت کا جو مجھ پر ہے اقرار کرتا ہوں اور اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہوں مجھے بخش دے کہ تیرے سوا کوئی گناہ نہیں بخش سکتا"۔

جس نے اسے دن کے وقت ایمان و یقین کے ساتھ پڑھا پھر اسی دن شام ہونے سے پہلے اس کا انتقال ہو گیا تو وہ جنتی ہے اور جس نے رات کے وقت اسے ایمان و یقین کے ساتھ پڑھا پھر صبح ہونے سے پہلے اس کا انتقال ہو گیا تو وہ جنتی ہے۔

(صحیح البخاری، جلد ۴، صفحہ ۱۹۰، حدیث ۶۲۰۶)

”واحد“ کے چار حروف کی نسبت سے کلمہ طیبہ کے 4 فضائل

(1) خوش نصیب کون

حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! عزوجل وصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قیامت کے دن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت سے بہرہ مند ہونے والے خوش نصیب لوگ کون ہوں گے؟ فرمایا: اے ابو ہریرہ! میرا گمان یہ تھا کہ تم سے پہلے مجھ سے یہ بات کوئی نہ پوچھے گا کیونکہ میں حدیث سننے کے معاملہ میں تمہاری حرص کو جانتا ہوں، قیامت کے دن میری شفاعت پانے والا خوش نصیب وہ ہوگا جو صدق دل سے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہے گا۔ (صحیح البخاری، جلد ۱، صفحہ ۵۳، حدیث ۹۹)

(2) افضل ذکر و دعا

حضرت سیدنا جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: میں نے شہنشاہ مدینہ، قرار قلب و سینہ، صاحب معطر پسینہ، باعث نزول سکینہ، فیض گنجینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: سب سے افضل ذکر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہے اور سب سے افضل دعا الحمد للہ ہے۔

(سنن ابن ماجہ، جلد ۴، صفحہ ۲۴۷، حدیث ۳۸۰۰)

(3) آسمانوں کے دروازے کھل جاتے ہیں

حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سرور، دو جہاں کے تاجور، سلطان بحر و بر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس بندے نے اخلاص کے ساتھ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہا تو آسمانوں کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں، یہاں تک کہ وہ عرش تک پہنچ جاتا ہے جب کہ کبیرہ گناہوں سے بچتا رہے۔

(سنن الترمذی، جلد ۵، صفحہ ۳۴۰، حدیث ۳۶۰۱)

(4) تجدید ایمان

حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سید المبلغین، رحمۃ للعالمین

Marfat.com

ﷺ نے فرمایا: اپنے ایمان کی تجدید کر لیا کرو۔ عرض کیا گیا: یا رسول اللہ! عزوجل و ﷺ ہم اپنے ایمان کی تجدید کیسے کیا کریں؟ فرمایا: لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کثرت سے پڑھا کرو۔

(مسند للامام احمد بن حنبل، جلد ۳، صفحہ ۲۸۱، حدیث ۸۷۱۸)

''جنت'' کے تین حروف کی نسبت سے سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ پڑھنے کے 3 فضائل

(1) گناہ مٹا دیئے جاتے ہیں

حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ تاجدار رسالت، شہنشاہ نبوت، مخزن جود و سخاوت، پیکر عظمت و شرافت، محبوب رب العزت، محسن انسانیت ﷺ کا فرمان مغفرت نشان ہے: جو سو مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ پڑھتا ہے اس کے گناہ مٹا دیئے جاتے ہیں اگرچہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں۔

(سنن الترمذی جلد ۵، صفحہ ۲۸۷، حدیث ۳۴۷۷)

(2) سونے کا پہاڑ صدقہ کرنے کا ثواب

حضرت سیدنا ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ خاتم المرسلین، رحمۃ اللعلمین، شفیع المذنبین، انیس الغریبین، سراج السالکین، محبوب رب العالمین، جناب صادق و امین عزوجل و ﷺ کا فرمان دلنشین ہے: جس کے لیے رات میں عبادت کرنا دشوار ہو یا وہ اپنا مال خرچ کرنے میں بخل سے کام لیتا ہو یا دشمن سے جہاد کرنے سے ڈرتا ہو تو وہ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ کثرت سے پڑھا کرے کیونکہ ایسا کرنا اللہ عزوجل کو اپنی راہ میں سونے کا پہاڑ صدقہ کرنے سے زیادہ پسند ہے۔

(مجمع الزوائد، جلد ۱۰، صفحہ ۱۱۲، حدیث ۱۶۸۷۶)

(3) جنت میں کھجور کا درخت

حضرت سیدنا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نور کے پیکر، تمام

Marfat.com

نبیوں کے سرور، دو جہاں کے تاجور، سلطان بحر و بر ﷺ نے فرمایا: جو سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ پڑھتا ہے اُس کے لیے جنت میں کھجور کا ایک درخت لگا دیا جاتا ہے۔

(مجمع الزوائد، جلد ۱۰، صفحہ ۱۱۱، حدیث ۱۶۸۷۵)

”آقا“ کے تین حروف کی نسبت سے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ پڑھنے کے 3 فضائل

(1) جنت کا دروازہ

حضرت سیدنا معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور پاک، صاحب لولاک، سیاح افلاک ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں جنت کے درازوں میں سے ایک دروازے کے بارے میں نہ بتاؤں؟ عرض کی گئی: وہ کیا ہے؟ ارشاد فرمایا: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ (مجمع الزوائد، جلد ۱۰، صفحہ ۱۱۸، حدیث ۱۶۸۹۷)

(2) ننانوے بیماریوں کے لیے دوا

حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ سرکار والا تبار، ہم بے کسوں کے مددگار، شفیع روز شمار، دو عالم کے مالک و مختار، حبیب پروردگار عزوجل و ﷺ نے فرمایا: جس نے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ کہا تو یہ (اس کے لیے) ننانوے بیماریوں کی دوا ہے ان میں سب سے ہلکی بیماری رنج والم ہے۔

(الترغیب والترہیب جلد ۲، صفحہ ۲۵۸، حدیث ۲۴۴۸)

(3) نعمت کی حفاظت کا نسخہ

حضرت سیدنا عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سرور، دو جہاں کے تاجور، سلطان بحر و بر ﷺ نے فرمایا: جسے اللہ عزوجل نے کوئی نعمت عطا فرمائی پھر وہ بندہ اس نعمت کو باقی رکھنا چاہتا ہو تو اسے چاہیے کہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ کی کثرت کرے۔ (المعجم الکبیر، جلد ۱۷، صفحہ ۳۱۱، حدیث ۷۵۹)

Marfat.com

بیدار ہوتے وقت کے 3 اوراد

(1) حضرت سیدنا عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور پاک، صاحب لولاک، سیاح افلاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے نیند سے بیدار ہو کر کہا:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْکَ لَهٗ لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

ترجمہ: اللہ عزوجل کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہی ہے اور اسی کی خوبیاں اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے اللہ عزوجل پاک ہے اور اللہ عزوجل خوبیوں والا ہے اور اللہ عزوجل کے سوا کوئی معبود نہیں، اور اللہ عزوجل سب سے بڑا ہے اور گناہ سے بچنے کی قوت اور نیکی کرنے کی طاقت اللہ عزوجل ہی کی طرف سے حاصل ہوتی ہے۔) پھر اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ کہا یا کوئی دعا مانگی تو اسے قبول کر لیا جائے گا، پھر اگر وضو کیا اور نماز پڑھی تو اس کی نماز قبول کر لی جائے گی۔ (صحیح البخاری، جلد ۱، صفحہ ۳۹۱، حدیث ۱۱۵۴)

(2) حضرت سیدنا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سرکار والا تبار، ہم بے کسوں کے مددگار، شفیع روز شمار، دو عالم کے مالک و مختار، حبیب پروردگار عزوجل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے نیند سے بیدار ہوتے وقت بِسْمِ اللّٰهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ، اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَ كَفَرْتُ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ (ترجمہ اللہ عزوجل کے نام سے، اللہ پاک ہے، میں اللہ پر ایمان لایا اور بت اور شیطان سے منکر ہوا) دس، دس مرتبہ پڑھا تو ہر اس گناہ سے بچا لیا جائے گا جس کا اسے خوف ہو اور کوئی گناہ اس تک نہ پہنچ سکے گا۔

(مجمع الزوائد، جلد ۱۰، صفحہ ۱۷۴، حدیث ۱۷۰۶۰)

(3) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَحْيَانَا بَعْدَ مَآ اَمَاتَنَا وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کیلئے جس نے ہمیں موت (نیند) کے بعد حیات (بیداری) عطا فرمائی اور ہمیں اسی کی طرف لوٹنا ہے۔ (صحیح البخاری، جلد ۴، صفحہ ۱۹۲، حدیث ۶۳۱۲)

Marfat.com

”یاخدا“ کے پانچ حروف کی نسبت سے صبح وشام کے 5 اذکار

(1) حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص بارگاہ رسالت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: یارسول اللہ! عزوجل وصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں نے ایسا بچھو کبھی نہیں دیکھا جس نے مجھے گزشتہ رات کاٹا۔ سرکار والا تبار، ہم بے کسوں کے مددگار، شفیع روز شمار، عالم کے مالک ومختار، حبیب پروردگار عزوجل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نے شام کے وقت

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

(ترجمہ) میں اللہ تعالیٰ کے پورے اور کامل کلمات کے ساتھ مخلوق کے شر سے پناہ لیتا ہوں (یہاں مخلوق سے مراد وہ مخلوق ہے جس سے شر ہو سکے) کیوں نہ پڑھ لیا کہ بچھو تمہیں کوئی نقصان نہ پہنچاتا۔ (صحیح ابن حبان، جلد ۱، صفحہ ۱۸۰، حدیث ۱۰۱۶)

(2) حضرت سیدنا ابان بن عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ آقائے مظلوم، سرور معصوم، حسن اخلاق کے پیکر، نبیوں کے تاجور، محبوب رب اکبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص صبح وشام تین تین مرتبہ یہ پڑھے گا، تو اسے کوئی چیز نقصان نہ پہنچا سکے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَالسَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

(ترجمہ) اللہ تعالیٰ کے نام سے جس کے نام کی برکت سے زمین وآسمان کی کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی اور وہی سنتا جانتا ہے۔ (سنن الترمذی، جلد ۵، صفحہ ۲۵۱، حدیث ۳۳۹۹)

(3) حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی مکرم، نور مجسم، رسول اکرم، شہنشاہ بنی آدم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے صبح وشام سو سو مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ پڑھا قیامت کے دن اس سے افضل عمل لے کر آنے والا کوئی نہ ہوگا مگر جو اس کی مثل کہے یا اس سے زیادہ پڑھے۔ (صحیح مسلم، صفحہ ۱۴۴۵، حدیث ۲۶۹۲)

(4) حضرت سیدنا ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جس نے صبح وشام سات سات مرتبہ پڑھا:

حَسْبِیَ اللّٰہُ ؕ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ؕ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ﴿۱۲۹﴾

(ترجمہ) مجھے اللہ کافی ہے اس کے سوا کسی کی بندگی نہیں میں نے اسی پر بھروسا کیا اور وہ بڑے عرش کا مالک ہے۔) اللہ عزوجل اس کی تمام پریشانیوں میں کفایت کرے گا۔

(سنن ابی داؤد، جلد ۴، صفحہ ۴۱۶، حدیث ۵۰۸۱)

(5) حضرت سیدنا منذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سرور، دو جہاں کے تاجور، سلطان بحر و بر ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جو صبح کے وقت یہ پڑھے:

رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّ بِمُحَمَّدٍ نَّبِیًّا

(ترجمہ) میں اللہ کے رب ہونے اور اسلام کے دین ہونے اور حضرت محمد ﷺ کے نبی ہونے پر راضی ہوں۔ تو میں اسے اپنے ہاتھ سے پکڑ کر جنت میں داخل کرنے کی ضمانت دیتا ہوں۔ (مجمع الزوائد، جلد ۱۰، صفحہ ۱۵۷، حدیث ۱۷۰۰۵)

''احد'' کے تین حروف کی نسبت سے کلمہ توحید کے 3 فضائل

(1) حضرت سیدنا ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ خاتم المرسلین، رحمۃ للعالمین، شفیع المذنبین، انیس الغریبین، سراج السالکین، محبوب رب العلمین، جناب صادق وامین عزوجل و ﷺ نے فرمایا: جس نے

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

(ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کے لیے ہے بادشاہی اور اسی کے لیے حمد ہے اور وہ ہر چیز پر قادر)۔ کہا تو اس کلمہ سے کوئی عمل آگے نہ بڑھ سکے گا اور اس کے ساتھ کوئی گناہ باقی نہ رہے گا۔

(مجمع الزوائد، جلد ۱۰، صفحہ ۹۴، حدیث ۱۶۸۲۴)

(2) حضرت سیدنا عمرو بن شعیب رضی اللہ تعالیٰ عنہما بواسطہ والد اپنے دادا سے روایت

Marfat.com

کرتے ہیں کہ شہنشاہ خوش خصال، پیکر حسن و جمال، دافع رنج وملال، صاحب جود ونوال، رسول بے مثال، بی بی آمنہ کے لال ﷺ نے فرمایا: بہترین دعا یوم عرفہ کی دعا ہے اور سب سے بہتر کلمہ جو میں نے اور مجھ سے پہلے کے انبیاء علیہم السلام نے کہا (وہ یہ ہے):

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

(جامع ترمذی، جلد ۵، صفحہ ۳۳۹، حدیث ۳۵۹۶)

(3) حضرت سیدنا براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سرکار والا تبار، ہم بے کسوں کے مددگار، شفیع روز شمار، دو عالم کے مالک ومختار، حبیب پروردگار عزوجل و ﷺ نے فرمایا: جس نے چاندی یا دودھ صدقہ کیا یا اندھے کو راستہ بتایا تو یہ ایک غلام آزاد کرنے کی طرح ہے اور جس نے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

کہا تو یہ بھی ایک غلام آزاد کرنے کی طرح ہے۔

(المسند للامام احمد بن حنبل، جلد ۶، صفحہ ۴۰۸، حدیث ۱۷۵۴۱)

ایمان پر خاتمہ کے چار اوراد

ایک شخص بارگاہ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ میں حاضر ہو کر ایمان پر خاتمہ بالخیر کے لیے دعا کا طالب ہوا تو آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اس کے لیے دعا فرمائی اور ارشاد فرمایا:

(1) (روزانہ) 41 بار صبح کو يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ (اے ہمیشہ زندہ رہنے والے! ہمیشہ قائم رہنے والے! کوئی معبود نہیں مگر تو) اول وآخر درود شریف نیز (2) سوتے وقت اپنے سب اوراد کے بعد سورۂ کافرون روزانہ پڑھ لیا کیجئے اس کے بعد کلام وغیرہ نہ کیجئے ہاں اگر ضرورت ہو تو کلام کے بعد پھر سورۂ کافرون تلاوت کر لیں خاتمہ اسی پر ہو ان شاء اللہ عزوجل خاتمہ ایمان پر ہوگا۔ اور (3) تین بار صبح اور تین بار شام اس دعا کا ورد

Marfat.com

رکھیں: اَللّٰھُمَّ اِنَّانَعُوْذُ بِکَ مِنْ اَنْ نُّشْرِکَ بِکَ شَیْئًا نَّعْلَمُہٗ وَنَسْتَغْفِرُکَ لِمَا لَا نَعْلَمُہٗ (اے اللہ عزوجل ہم تیری پناہ مانگتے ہیں اس سے کہ جان کر ہم تیرے ساتھ کسی چیز کو شریک کریں اور ہم اس سے استغفار کرتے ہیں جس کو نہیں جانتے) (الملفوظ حصہ ۲، صفحہ ۲۳۴، حامد اینڈ کمپنی مرکز الاولیاء لاہور) (4) بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی دِیْنِیْ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی نَفْسِیْ وَوُلْدِیْ وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ۔ (اللہ تعالیٰ کے نام کی برکت سے میرے دین، جان، اولاد اور اہل و مال کی حفاظت ہو) صبح و شام تین تین بار پڑھیے، دین، ایمان، جان، مال، بچے سب محفوظ رہیں۔ (شجرہ قادریہ رضویہ صفحہ ۲۱، مکتبۃ المدینہ باب المدینہ کراچی) (غروب آفتاب سے صبح صادق تک رات اور آدھی رات ڈھلے سے سورج کی پہلی کرن چمکنے تک صبح ہے)

گناہوں کی بخشش

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَسُبْحٰنَ اللّٰہِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ جو شخص یہ ورد پڑھتا ہے اس کے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں اگرچہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں۔ (المسند للامام احمد بن حنبل، جلد ۲، صفحہ ۲۶۲، حدیث ۶۹۷۷)

چار کروڑ نیکیاں کمائیں

اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ اِلٰھًا وَّاحِدًا اَحَدًا صَمَدًا لَّمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَۃً وَّلَا وَلَدًا وَّلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ

حضرت تمیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ شہنشاہ مدینہ، قرار قلب و سینہ، صاحب معطر پسینہ، باعث نزول سکینہ، فیض گنجینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان عالی شان ہے کہ جو شخص یہ کلمات دس مرتبہ کہے، اس آدمی کے لیے چار کروڑ نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔

(سنن الترمذی، جلد ۵، صفحہ ۲۸۹، حدیث ۳۴۷۴)

شیطان سے بچنے کا عمل

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی مکرم، نور مجسم، رسول اکرم، شہنشاہ بنی آدم ﷺ کا فرمان عالی شان ہے: ''جس نے یہ کلمات دن میں سو بار کہے تو اس کا یہ عمل دس غلام آزاد کرنے کے برابر ہوگا اور اس کے نامہ اعمال میں سو نیکیاں لکھی جائے گی اور اس کے سو گناہ معاف کر دیئے جائیں گے اور یہ کلمات اس دن شام تک شیطان سے اس کی حفاظت کریں گے اور کوئی شخص اس سے بہتر عمل لے کر نہیں آئے گا مگر وہ جس نے اس سے زیادہ یہ عمل کیا''۔ (صحیح البخاری حدیث ۳۲۹۳، جلد ۲، صفحہ ۴۰۲)

غیبت سے بچنے کا مدنی نسخہ

تاجدار رسالت، شہنشاہ نبوت، مخزن جود وسخاوت، پیکر عظمت وشرافت، محبوب رب العزت، محسن انسانیت ﷺ کا فرمان خوشگوار ہے: جب کسی مجلس میں (یعنی لوگوں میں) بیٹھو تو کہو:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ

تو اللہ عزوجل تم پر ایک فرشتہ مقرر فرما دے گا جو تم کو غیبت سے باز رکھے گا اور مجلس سے اٹھو تو کہو:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ

تو وہ فرشتہ لوگوں کو تمہاری غیبت کرنے سے باز رکھے گا۔ (القول البدیع، صفحہ ۲۷۸)

پانچ مدنی پھول

حضرت سیدنا عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ارشاد سعادت بنیاد ہے: پانچ عادتیں ایسی ہیں کہ کوئی انہیں اختیار کر لے تو دنیا و آخرت میں سعادت مند ہو جائے

Marfat.com

(1) وقتاً فوقتاً لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ کہتا رہے۔(2) جب کسی مصیبت میں مبتلا ہو (مثلاً بیمار ہو یا نقصان ہو جائے یا پریشانی کی خبر سنے) تو اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ اور لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ پڑھے (3) جب بھی نعمت ملے تو شکرانے میں الحمدللہ رب العٰلمین کہے (4) جب کسی (جائز) کام کا آغاز کرے تو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے اور (5) جب گناہ کر بیٹھے تو یوں کہے اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ (یعنی میں عظمت والے اللہ عزوجل سے مغفرت طلب کرتے ہوئے اس کی طرف توبہ کرتا ہوں۔) (المنبہات للعسقلانی، صفحہ ۵۸)

جادو اور بلاؤں سے حفاظت کے لیے شش قفل

ان چھ دعاؤں کو ''شش قفل'' کہتے ہیں جو شخص رات کو ہمیشہ شش قفل پڑھتا رہے یا لکھ کر اپنے پاس رکھے وہ ہر خوف و خطرہ سے اور جادو سے اور ہر قسم کی بلاؤں سے ان شاء اللہ تعالیٰ محفوظ رہے گا۔ (جنتی زیور، صفحہ ۵۸۲)

قفل اول

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ السَّمِيْعِ الْبَصِيْرِ الَّذِىْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَىْءٌ وَّهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ

قفل دوم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الْخَلَّاقِ الْعَلِيْمِ الَّذِىْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَىْءٌ وَّهُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ

قفل سوم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ السَّمِيْعِ الْبَصِيْرِ الَّذِىْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَىْءٌ وَّهُوَ الْعَلِيْمُ الْبَصِيْرُ

Marfat.com

قفل چہارم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ السَّمِيْعِ الْبَصِيْرِ الَّذِیْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ وَّهُوَ الْغَنِیُّ الْقَدِيْرُ

قفل پنجم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ السَّمِيْعِ الْبَصِيْرِ الَّذِیْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ وَّهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ

قفل ششم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ السَّمِيْعِ الْبَصِيْرِ الَّذِیْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ وَّهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ الْحَكِيْمُ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ

نماز کے بعد پڑھنے والے اوراد

نماز کے بعد جو اذکار طویلہ (طویل اوراد) احادیث مبارکہ میں وارد ہیں، وہ ظہر و مغرب وعشاء میں سنتوں کے بعد پڑھے جائیں، قبل سنت مختصر دعا پر قناعت چاہیے، ورنہ سنتوں کا ثواب کم ہو جائے گا۔ (ردالمحتار، جلد ۲، صفحہ ۳۰۰، بہار شریعت حصہ ۳، صفحہ ۱۰۸)

احادیث مبارکہ میں کسی دعا کی نسبت جو تعداد وارد ہے اس سے کم زیادہ نہ کرے کہ جو فضائل ان اذکار کیلئے ہیں وہ اسی عدد کے ساتھ مخصوص ہیں ان میں کم زیادہ کرنے کی مثال یہ ہے کہ کوئی قفل (تالا) کسی خاص قسم کی کنجی سے کھلتا ہے اب اگر کنجی میں دندانے کم یا زائد کر دیں تو اس سے نہ کھلے گا، البتہ اگر شمار میں شک واقع ہو تو زیادہ کر سکتا ہے اور یہ زیادت (بڑھانا) نہیں بلکہ اتمام (مکمل کرنا) ہے۔ (ایضاً صفحہ ۳۰۲)

پنج وقتہ نمازوں کے سنن ونوافل سے فراغت کے بعد ذیل کے اوراد پڑھ لیجئے سہولت کے لیے نمبر ضرور دیئے ہیں مگر ان میں ترتیب شرط نہیں ہے۔ ہر ورد کے اول آخر درود شریف پڑھنا سونے پہ سہاگہ ہے۔

Marfat.com

(1) آیۃ الکرسی ایک ایک بار پڑھنے والا مرتے ہی داخل جنت ہو۔

(مشکاۃ المصابیح، جلد ۱، صفحہ ۱۹۸، حدیث ۹۷۴)

(2) اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِکَ وَ شُکْرِکَ وَ حُسْنِ عِبَادَتِکَ

(سنن ابی داود، جلد ۲، صفحہ ۱۲۳، حدیث ۱۵۲۲)

ترجمہ: اے اللہ عزوجل! تو اپنے ذکر، اپنے شکر اور اپنی اچھی عبادت کرنے پر میری مدد فرما۔

(3) اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ

(ترجمہ: میں اللہ عزوجل سے معافی مانگتا (مانگتی) ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ زندہ ہے قائم رکھنے والا ہے اور اس کی بارگاہ میں توبہ کرتا (کرتی) ہوں)۔ تین تین بار اس کے گناہ معاف ہوں اگرچہ وہ میدان جہاد سے بھاگا ہوا ہو۔

(سنن الترمذی، جلد ۵، صفحہ ۳۳۶، حدیث ۳۵۸۸)

(4) تسبیح فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا: سُبْحٰنَ اللّٰہِ تینتیس بار، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ تینتیس بار، اَللّٰہُ اَکْبَرُ تینتیس بار یہ 99 ہوئے، آخر میں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

(ترجمہ: یعنی اللہ عزوجل کے سوا کوئی معبود نہیں وہ یکتا و یگانہ ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔ اسی کا ملک ہے اسی کی حمد ہے، وہ ہر شے پر قادر ہے) ایک بار پڑھ کر (100 کا عدد پورے کرلے) اس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے اگرچہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں۔

(5) ہر نماز کے بعد پیشانی کے اگلے حصہ پر ہاتھ رکھ کر پڑھے: بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ عَنِّی الْھَمَّ وَالْحُزْنَ

(ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ رحمٰن و رحیم ہے۔ اے اللہ عزوجل مجھ سے غم و ملال دور فرما)۔ پڑھنے کے بعد ہاتھ کھینچ کر پیشانی تک لائے) تو ہر غم و پریشانی سے بچے۔ میرے آقا اعلیٰ حضرت امام اہل سنت مولانا شاہ احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن نے مذکورہ دعا کے آخر میں مزید ان الفاظ کا اضافہ فرمایا ہے، وَعَنْ اَھْلِ السُّنَّۃِ یعنی

Marfat.com

اور اہل سنت سے۔

(6) عصر و فجر کے بعد بغیر پاؤں بدلے، بغیر کلام کیے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ يَحْيِيْ وَ يُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

(ترجمہ: اللہ (عزوجل) کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ تنہا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اس کے لیے ملک و حمد ہے، اسی کے ہاتھ میں خیر ہے، وہ زندہ کرتا ہے اور موت دیتا ہے اور وہ ہر شے پر قادر ہے) دس دس بار پڑھے۔ (بہار شریعت، حصہ ۳، صفحہ ۱۰۸)

(7) حضرت سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی رحمت، شفیع امت، شہنشاہ نبوت، تاجدار رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے نماز کے بعد یہ کہا سُبْحٰنَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ (ترجمہ: پاک ہے عظمت والا رب اسی کی تعریف ہے اور اسی کی عطا سے نیکی کی توفیق اور گناہ سے بچنے کی قوت (ملتی) ہے) تو وہ مغفرت یافتہ ہو کر اٹھے گا۔ (مجمع الزوائد، جلد ۱۰، صفحہ ۱۲۹، حدیث ۱۶۹۲۸)

(8) حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے اللہ کے محبوب دانائے غیوب، منزہ عن العیوب عزوجل و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو ہر فرض نماز کے بعد دس مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ (پوری سورۃ) پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کیلئے اپنی رضا اور مغفرت لازم فرما دے گا۔ (تفسیر درمنثور، جلد ۸، صفحہ ۶۷۸)

(9) حضرت سیدنا زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے رسول اکرم، رحمت عالم، نور مجسم، شاہ بنی آدم، رسول محتشم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص ہر نماز کے بعد سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۸۰﴾ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۸۱﴾ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۸۲﴾ (صافات ۱۸۰ تا ۱۸۲) (ترجمہ کنز الایمان: پاکی ہے تمہارے رب کو عزت والے رب کو ان کی باتوں اور سلام ہے پیغمبروں پر اور سب خوبیاں اللہ کو جو سارے جہان کا رب ہے)۔ تین بار پڑھے گا گویا اس نے اجر کا بہت بڑا پیمانہ بھر لیا۔ (تفسیر درمنثور للسیوطی، جلد ۸، صفحہ ۱۴۱)

Marfat.com

منٹوں میں چار ختم قرآن پاک کا ثواب

حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے مدینے کے تاجدار، سلطان دو جہان، رحمت عالمیان، سرور ذیشان، محبوب رحمٰن عزوجل و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان حقیقت نشان ہے: جو بعد نماز فجر بارہ مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ (پوری سورۃ) پڑھے گا گویا وہ چار بار (پورا) قرآن پڑھے گا اور اس دن کا یہ عمل اہل زمین سے افضل ہے جب کہ وہ تقویٰ کا پابند رہے۔

(شعب الایمان للبیہقی، جلد ۲، صفحہ ۵۰۱، حدیث ۲۵۲۸)

شیطان محفوظ رہنے کا عمل

سرکار مدینہ راحت قلب وسینہ، فیض گنجینہ، صاحب معطر قسینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان عالی شان ہے: جس نے نماز فجر ادا کی اور بات کیے بغیر قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ (پوری سورت) کو دس مرتبہ پڑھا تو اس دن میں اسے کوئی گناہ نہ پہنچے گا اور وہ شیطان سے بچایا جائے گا۔

(تفسیر در منثور، جلد ۸، صفحہ ۶۷۸)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب!　　صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

Marfat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

فضائلِ درود

''بسم اللہ کے سات حروف کے نسبت سے درود شریف کے 7 فضائل

(1) حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سرور، دو جہاں کے تاجور، سلطان بحر و بر ﷺ کا فرمان روح پرور ہے کہ جس نے مجھ پر ایک مرتبہ درود پاک پڑھا اللہ عزوجل اس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا۔

(صحیح مسلم، صفحہ ۲۱۶، حدیث ۴۰۸)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

(2) حضرت سیدنا انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ تاجدار رسالت، شہنشاہ نبوت، مخزن جود و سخاوت، پیکر عظمت و شرافت، محبوب رب العزت، محسن انسانیت ﷺ کا ارشاد رحمت بنیاد ہے: جس نے مجھ پر ایک مرتبہ درود پاک پڑھا اللہ! عزوجل اس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا اس کے دس گناہ مٹادے گا۔

(الاحسان بترتیب صحیح ابن حبان، جلد ۲، صفہ ۱۳۰، حدیث ۹۰۱)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

(3) حضرت سیدنا ابو بردہ بن نیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی مکرم، نور مجسم، رسول اکرم، شہنشاہ بنی آدم ﷺ کا فرمان برکت نشان ہے: میری امت میں سے جس نے صدق دل سے ایک مرتبہ درود پاک پڑھا، اللہ عزوجل اس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا

اور اس کے لیے دس نیکیاں لکھے گا اور اس کے دس درجات بلند فرمائے گا اور اس کے دس گناہ مٹادے گا۔ (المعجم الکبیر، جلد ۲۲، صفحہ ۱۹۵، حدیث ۵۱۳)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

(4) حضرت سیدنا ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ شہنشاہ خوش خصال، پیکر حسن و جمال، دافع رنج و ملال، صاحب جود و نوال، رسول بے مثال، محبوب رب ذوالجلال، بی بی آمنہ کے لال عزوجل و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا فرمان باکمال ہے: ہر جمعہ کے دن مجھ پر درود پاک کی کثرت کیا کرو بے شک میری امت کا درود ہر جمعہ کے دن مجھ پر پیش کیا جاتا ہے، (قیامت کے دن) لوگوں میں سے میرے زیادہ قریب وہی شخص ہوگا جس نے (دنیا میں) مجھ پر زیادہ درود پڑھا ہوگا۔ (السنن الکبری، جلد ۳، صفحہ ۳۵۳، حدیث ۵۹۹۵)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

(5) حضرت سیدنا ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ سرکار والا تبار، ہم بے کسوں کے مددگار، شفیع روز شمار، دو عالم کے مالک و مختار، حبیب پروردگار عزوجل و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان تقرب نشان ہے: بے شک قیامت کے دن میرے سب سے زیادہ قریب وہ شخص ہوگا جس نے دنیا میں مجھ پر زیادہ درود پڑھا ہوگا۔

(الاحسان بترتیب صحیح ابن حبان، جلد ۲، صفحہ ۱۳۳، حدیث ۹۰۸)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

(6) شہنشاہ مدینہ، قرار قلب و سینہ، صاحب معطر پسینہ، باعث نزول سکینہ، فیض گنجینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان عافیت نشان ہے: اے لوگو! بے شک تم میں سے بروز قیامت اس کی دہشتوں اور حساب کتاب سے جلد نجات پانے والا وہ شخص ہوگا جس نے دنیا میں مجھ پر کثرت سے درود پڑھا ہوگا۔ (فردوس الاخبار، جلد ۲، صفحہ ۴۷۱، حدیث ۸۲۱۰)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

(7) حضور پاک، صاحب لولاک، سیاح افلاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان رحمت نشان ہے: ''مجھ پر

Marfat.com

کثرت سے درود پاک پڑھو بے شک تمہارا مجھ پر درود پاک پڑھنا تمہارے گناہوں کے لیے مغفرت ہے"۔(الجامع الصغیر، صفحہ ۸ ۷، حدیث ۱۴۰۶)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدَ الْمُرْسَلِیْنَ

کے انتیس حروف کی نسبت سے درود شریف کے 29 مدنی پھول

(1) اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل ہوتی ہے۔

(2) ایک مرتبہ درود شریف پڑھنے والے پر دس رحمتیں نازل ہوتی ہیں۔

(3) اس کے دس درجات بلند ہوتے ہیں۔

(4) اس کے لیے دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔

(5) اس کے دس گناہ مٹائے جاتے ہیں۔

(6) دعا سے پہلے درود شریف پڑھنا دعا کی قبولیت کا باعث ہے۔

(7) درود شریف پڑھنا نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت کا سبب ہے۔

(8) درود شریف پڑھنا گناہوں کی بخشش کا باعث ہے۔

(9) درود شریف کے ذریعے اللہ تعالیٰ بندے کے غموں کو دور کرتا ہے۔

(10) درود شریف پڑھنے کے باعث بندہ قیامت کے دن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قرب حاصل کرے گا۔

(11) درود شریف تنگ دست کے لیے صدقہ کے قائم مقام ہے۔

(12) درود شریف قضائے حاجات کا ذریعہ ہے۔

(13) درود شریف اللہ تعالیٰ کی رحمت اور فرشتوں کی دعا کا باعث ہے۔

(14) درود شریف اپنے پڑھنے والے کے لیے پاکیزگی اور طہارت کا باعث ہے۔

(15) درود شریف سے بندے کو موت سے پہلے جنت کی خوشخبری مل جاتی ہے۔

(16)درود شریف پڑھنا قیامت کے خطرات سے نجات کا سبب ہے۔

(17)درود شریف پڑھنے سے بندے کو بھولی ہوئی بات یاد آجاتی ہے۔

(18)درود شریف مجلس کی پاکیزگی کا باعث ہے اور قیامت کے دن یہ مجلس باعث حسرت نہیں ہوگی

(19)درود شریف پڑھنے سے فقر (تنگ دستی) دور ہوتا ہے۔

(20)یہ عمل بندے کو جنت کے راستے پر ڈال دیتا ہے۔

(21)درود شریف پل صراط پر بندے کی روشنی میں اضافہ کا باعث ہے۔

(22)درود شریف کے ذریعے بندہ ظلم و جفا سے نکل جاتا ہے۔

(23)درود شریف پڑھنے کی وجہ سے آسمان اور زمین میں قابل تعریف ہو جاتا ہے۔

(24)درود شریف پڑھنے والے کو اس عمل کی وجہ سے اس کی ذات، عمل، عمر اور بہتری کے اسباب میں برکت حاصل ہوتی ہے۔

(25)درود شریف رحمت خداوندی کے حصول کا ذریعہ ہے۔

(26)درود شریف محبوب رب العزت عزوجل و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دائمی محبت اور اس میں زیادت کا سبب ہے اور یہ (محبت) ایمانی عقود میں سے ہے۔ جس کے بغیر ایمان مکمل نہیں ہوتا۔

(27)درود شریف پڑھنے والے سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم محبت فرماتے ہیں۔

(28)درود شریف پڑھنا، بندے کی ہدایت اور اس کی زندہ دلی کا سبب ہے کیونکہ جب وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کثرت سے درود شریف پڑھتا ہے اور آپ کا ذکر کرتا ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت اس کے دل پر غالب آجاتی ہے۔

(29)درود پڑھنے والے کا یہ اعزاز بھی ہے کہ سلطان خیر الانام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ بے کس پناہ میں اس کا نام پیش کیا جاتا ہے اور اس کا ذکر ہوتا ہے۔

(30)درود شریف پل صراط پر ثابت قدمی اور سلامتی کے ساتھ کا باعث ہے۔

(جلاء الافہام، صفحہ ۲۴۶ تا ۲۵۳ ملتقطا)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب!　　صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دیدار کے طالب گار کے لیے تحفہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَعَلٰی جَسَدِہٖ فِی الْاَجْسَادِ وَعَلٰی قَبْرِہٖ فِی الْقُبُوْرِ

نبی اکرم: نور مجسم، شافع امم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان شفاعت نشان ہے: جو شخص یہ درود پاک پڑھے اس کو خواب میں میری زیارت ہوگی اور جس نے خواب میں مجھے دیکھا وہ قیامت کے دن بھی دیکھے گا اور جو مجھے قیامت کے دن دیکھ لے گا میں اس کی شفاعت کروں گا اور میں جس کی شفاعت کروں گا وہ حوض کوثر سے پانی پیے گا اور اس کے جسم کو اللہ عزوجل دوزخ پر حرام کردے گا۔ (کشف الغمۃ عن جمیع الامۃ، جلد ۱، صفحہ ۳۲۵)

مقربوں کے اور اوپر اٹھانے والوں عرش کے اور کراماً

الْكَاتِبِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

کاتبین کے۔ یا الٰہی درود بھیج اوپر سردار ہمارے محمد کے اور

عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ صَلٰوةً

اوپر اولاد سردار ہمارے محمد کے اور برکت اور سلام بھیج ایسا درود

تُنَجِّيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَ

کہ خلاصی دے ہم کو ساتھ اس کے تمام خوفوں اور آفتوں سے اور

تَقْضِيْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا

پورا کرے تو واسطے ہمارے ساتھ اس کے تمام حاجتوں کو اور پاک کرے ہم کو ساتھ

مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى

اس کے تمام برائیوں سے اور بلند کرے ہم کو ساتھ اس کے نزدیک اپنے اعلیٰ

الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَآ اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ

درجوں پر اور پہنچا دے ہم کو ساتھ اس کے منزل مقصود پر تمام نیکیوں

Marfat.com

جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِي الْحَيٰوةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ

سے بیچ زندگانی کے اور بعد مرنے کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ

یا الٰہی درود بھیج اور محمد کے اور اور آل محمد کے اور برکت بھیج

وَسَلِّمْ وَصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ

اور سلامتی اور درود بھیج اوپر تمام نبیوں کے اور رسولوں کے

وَعَلٰى عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا

اور اوپر بندے اپنے نیکوں کے اور سلام بھیج بہت سلام بہت

كَثِيْرًا ط اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ هٰذِهِ الصَّلٰوةِ

بہت ۔ یا الٰہی میں مانگتا ہوں تجھ سے بطفیل اس درود کے یہ کہ

اَنْ تُكْرِمَنِيْ بِرُؤْيَةِ مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ فِي

عزت دے تو مجھے ساتھ دیدار محمد کے جو مہر نبیوں کی ہیں بیچ

الْمَنَامِ وَاَنْ تَغْفِرَ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِاُسْتَاذِيَّ

خواب کے اور یہ کہ بخش دے تو مجھے اور ماں باپ میرے اور استادوں میرے

وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ

اور تمام مومن مردوں اور مومن عورتوں اور مسلمان مردوں

وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ وَ

اور مسلمان عورتوں کو جو زندہ ہیں ان سے یا مردہ اور

تُجِيْرَنِيْ مِنْ عَذَابِكَ وَتُوْجِبَ لِيْ رِضْوَانَكَ

بچا تو مجھ کو عذاب اپنے سے اور واجب کر میرے واسطے رضامندی اپنی

وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا كَثِيْرًا ط بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

اور سلام بھیج سلام بہت بہت ۔ ساتھ رحمت اپنی کے اے بڑے رحم کرنے والوں کے۔

Marfat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

فضائلِ دعا

درود شریف کی فضیلت

حضور اکرم، نور مجسم، شاہ بنی آدم، رسول محتشم، شافع امم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا، جو شخص بروز جمعہ مجھ پر سو بار درود پاک پڑھے، جب وہ قیامت کے روز آئے گا تو اس کے ساتھ ایک ایسا نور ہوگا کہ اگر وہ ساری مخلوق میں تقسیم کر دیا جائے تو سب کو کفایت کرے۔

(حلیۃ الاولیاء، جلد ۷، صفحہ ۴۹، حدیث ۱۱۳۴۱)

صَلُّوا عَلَى الْحَبِيب! صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ

قرآن مجید میں دعا کی اہمیت اور تاکید

گڑگڑا کر اور عاجزی سے دعا کا حکم خداوندی

(۱) سورۂ اعراف آیت ۵۵ میں ہے:

اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً

ترجمہ: اپنے رب سے دعا کرو گڑگڑاتے اور آہستہ۔

قبولیت دعا کا وعدہ

(۲) سورۂ بقرۃ آیت ۱۸۶ میں ہے:

وَ اِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ ؕ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ۙ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ ﴿۱۸۶﴾

ترجمہ: اور اے محبوب جب تم سے میرے بندے مجھے پوچھیں تو میں نزدیک ہوں دعا قبول

کرتا ہوں پکارنے والے کی جب مجھے پکارے تو انھیں چاہئے کہ میرا حکم مانیں اور مجھ پر ایمان لائیں کہ کہیں راہ پائیں۔

(۳) سورۂ مؤمن (غافر) آیت ۶۰ میں ہے:

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِيٓ أَسْتَجِبْ لَكُمْ

ترجمہ: اور تمہارے رب نے فرمایا مجھ سے دعا کرو میں قبول کروں گا۔

اللہ پریشان حال کی پریشانی دور کرتا ہے

(۴) سورۂ نمل آیت ۶۲ میں ہے:

أَمَّن يُجِيبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوٓءَ

ترجمہ: یا وہ لاچار کی سنتا ہے جب اسے پکارے اور دور کر دیتا ہے برائی۔

رات کے وقت رب سے خوف و امید کے ساتھ دعا کرنا

(۵) سورۂ سجدۃ آیت ۱۶ میں ہے:

تَتَجَافَىٰ جُنُوبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَطَمَعًا ۖ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ

ترجمہ: ان کی کروٹیں جدا ہوتی ہیں خواب گاہوں سے اور اپنے رب کو پکارتے ہیں ڈرتے اور امید کرتے اور ہمارے دئے سے کچھ خیرات کرتے ہیں۔

نیکی میں سبقت اور امید و خوف کیساتھ دعا کرنے والے

(۶) سورۂ انبیاء آیت ۹۰ میں ہے:

إِنَّهُمْ كَانُوا يُسَٰرِعُونَ فِي الْخَيْرَٰتِ وَيَدْعُونَنَا رَغَبًا وَرَهَبًا ۖ وَكَانُوا لَنَا خَٰشِعِينَ

ترجمہ: بے شک وہ بھلے کاموں میں جلدی کرتے تھے اور ہمیں پکارتے تھے امید اور خوف سے اور ہمارے حضور گڑگڑاتے تھے۔

دعا تقدیر بدل دیتی ہے

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا! تقدیر نہیں

Marfat.com

بدل سکتی مگر دعا سے اور عمر میں زیادتی نہیں ہو سکتی مگر دعا سے۔ (ترمذی)

دعا دافع البلایاء ہے

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا! دعا بلاؤں کو ہٹاتی ہے۔ (کنز العمال، ج ۲ ص ۳۲)

رحمت و نصرت کے دروازے کھلنے کی امید

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دعا کرتے رہو زیادہ دروازہ کھٹکھٹایا جائے گا تو کھلنے کی امید ہوگی۔ (ابن ابی شیبہ، ج ۱۰ ص ۲۰۲)

اللہ دعا کرنے والے کے ساتھ ہے

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا! میں بندہ کے ساتھ ہوتا ہوں، جب وہ دعا کرتا ہے۔ (مسند احمد، ج ۱۴ ص ۲۶۸)

خوشحالی میں بھی دعا کی جائے

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا! جو مصائب و پریشانی کے موقع پر دعا کرنے کا خواہشمند ہے اسے چاہئے کہ وہ خوشحالی میں دعا کرے۔
(ترمذی، ص ۳۸۲)

اللہ خالی ہاتھ نہیں لوٹاتا

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کریم حیا کرنے والا ہے جب بندہ اس کی طرف ہاتھ اٹھاتا ہے تو اسے دونوں ہاتھوں کو خالی نامراد واپس کرنے میں شرم آتی ہے۔ (ابوداؤد، ترمذی، ص ۴۸۱)

دعا نجات اور فراوانیٔ رزق کا باعث ہے

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا! میں تم کو ایسی چیز نہ

Marfat.com

بتادوں جوتم کوتمہارے دشمنوں سے نجات دے اورتم پر رزق کی فراوانی کرے کہ تم شب و روز دعامیں لگے رہو۔ دعامؤمن کا ہتھیار ہے۔ (ابویعلی، ترغیب، ج ۲ ص ۴۸۳)

دعا کا مقابلہ مصائب سے

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا! دعا نجات دیتی ہے اس مصیبت سے جواتر چکی ہے اوراس سے بھی جوابھی نہیں اتری ہے، اور بلاء اترتی ہے تو دعااس سے جاملتی ہے پھر دونوں لڑتی ہیں، اور جھگڑنا قیامت تک چلتا رہے گا۔

(مجمع الزوائد، ج ۱۰ ص ۱۴۶)

دعا لشکر خداوندی ہے

بشیر بن اوس سے مرسلاً منقول ہے کہ حضور پاک ﷺ نے فرمایا! دعا لشکر خداوندی میں سے ایک لشکر ہے۔ (ابن عساکر، اتحاف، ج ۴ ص ۳۰)

دعامیں ''یاربّ'' کہنے کی فضیلت

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ جب بندہ کہتا ہے یاربّ یاربّ تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے! لبیک میرے بندے، مانگ دیا جائے گا۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا! خدائے پاک اسے برکت سے نوازتا ہے جو اپنی ضرورت میں خدا سے دعا کرتا ہے۔ خواہ اسے دے دیا جائے یا نہ دیا جائے۔ (یعنی آخرت کے لئے ذخیرہ کردیا جائے) (بیہقی فی الشعب، ج ۲ ص ۵۰)

دعا کی اہمیت

پیارے بھائیو! دعا مانگنا بہت بڑی سعادت ہے، قرآن واحادیث مبارکہ میں جگہ جگہ دعا مانگنے کی ترغیب دلائی گئی ہے۔ ایک حدیث پاک میں ہے: ''کیا میں تمہیں وہ چیز نہ بتاؤں جو تمہیں تمہارے دشمن سے نجات دے اور تمہارا رزق وسیع کردے، رات دن اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتے رہو کہ دعا مومن کا ہتھیار ہے''۔ (المسند ابی یعلی، جلد ۲، صفحہ ۲۰۱،

Marfat.com

حدیث ۱۷۰۶)

دعا دافع بلا ہے

مکی مدنی سرکار ﷺ کا فرمان مشکبار ہے: ”بلا اترتی ہے پھر دعا اس سے جا ملتی ہے۔ پھر دونوں قیامت تک جھگڑا کرتے رہتے ہیں“۔

(المستدرک، جلد ۲، صفحہ ۱۶۲، حدیث ۱۷۵۶)

عبادات میں دعا کا مقام

حضرت سیدنا ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: ”عبادات میں دعا کی وہی حیثیت ہے جو کھانے میں نمک کی“۔ (تنبیہ الغافلین، صفحہ ۲۱۶، حدیث ۵۷۷)

دعا کے تین فائدے

اللہ کے محبوب، دانائے غیوب، منزہ عن العیوب عزوجل و ﷺ فرماتے ہیں: جو مسلمان ایسی دعا کرے جس میں گناہ اور قطع رحمی کی کوئی بات شامل نہ ہو تو اللہ تعالیٰ اسے تین چیزوں میں سے کوئی ایک ضرور عطا فرماتا ہے۔ (1) یا اس کی دعا کا نتیجہ جلد ہی اس کی زندگی میں ظاہر ہو جاتا ہے۔ یا (2) اللہ تعالیٰ کوئی مصیبت اس بندے سے دور فرما دیتا ہے۔ یا (3) اس کے لیے آخرت میں بھلائی جمع کی جاتی ہے۔ ایک اور روایت میں ہے کہ بندہ (جب آخرت میں اپنی دعاؤں کا ثواب دیکھے گا جو دنیا میں مستجاب (یعنی مقبول) نہ ہوئی تھیں تو) تمنا کرے گا، کاش! دنیا میں میری کوئی دعا قبول نہ ہوتی۔

(المستدرک للحاکم جلد ۲، صفحہ ۱۶۳، ۱۶۵، حدیث ۱۷۵۹، ۱۷۶۲)

پیارے بھائیو! دیکھا آپ نے! دعا رائیگاں تو جاتی ہی نہیں۔ اس کا دنیا میں اگر اثر ظاہر نہ بھی ہو تو آخرت میں اجر و ثواب مل ہی جائے گا۔ لہٰذا دعا میں سستی کرنا مناسب نہیں۔

Marfat.com

''یاعفو'' کے پانچ حروف کی نسبت سے 5 مدنی پھول

(1) پہلا فائدہ یہ ہے کہ اللہ عزوجل کے حکم کی پیروی ہوتی ہے کہ اس کا حکم ہے مجھ سے دعا مانگا کرو۔ جیسا کہ قرآن پاک میں ارشاد ہے:

اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ (مومن:60)

ترجمہ کنزالایمان: ''مجھ سے دعا کرو میں قبول کروں گا''۔

(2) دعا مانگنا سنت ہے کہ ہمارے پیارے آقا مکی مدنی مصطفیٰ ﷺ اکثر اوقات دعا مانگتے۔ لہٰذا دعا مانگنے میں اتباع سنت کا بھی شرف حاصل ہوگا۔

(3) دعا مانگنے میں اطاعت رسول ﷺ بھی ہے کہ آپ ﷺ دعا کی اپنے غلاموں کو تاکید فرماتے رہتے۔

(4) دعا مانگنے والا عابدوں کے زمرہ (یعنی گروہ) میں داخل ہوتا ہے کہ دعا بذات خود ایک عبادت بلکہ عبادت کا بھی مغز ہے۔ جیسا کہ ہمارے پیارے آقا ﷺ کا فرمان عالی شان ہے:

اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ

ترجمہ: ''دعا عبادت کا مغز ہے''۔ (سنن الترمذی جلد ۵، صفحہ ۲۴۳، حدیث ۳۳۸۲)

(5) دعا مانگنے سے یا تو اس کا گناہ معاف کیا جاتا ہے یا دنیا ہی میں اس کے مسائل حل ہوتے ہیں یا پھر وہ دعا اس کے لیے آخرت کا ذخیرہ بن جاتی ہے۔

نہ جانے کون سا گناہ ہو گیا ہے؟

پیارے بھائیو! دیکھا آپ نے؟ دعا مانگنے میں اللہ رب العزت عزوجل اور اس کے پیارے حبیب ماہ نبوت ﷺ کی اطاعت بھی ہے دعا مانگنا سنت بھی ہے، دعا مانگنے سے عبادت کا ثواب بھی ملتا ہے نیز دنیا و آخرت کے متعدد فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ بعض لوگوں کو دیکھا گیا ہے کہ دعا کی قبولیت کے لیے بہت جلدی مچاتے بلکہ معاذ اللہ! عزوجل باتیں بناتے ہیں کہ ہم تو اتنے عرصہ سے دعائیں مانگ رہے ہیں، بزرگوں سے بھی

Marfat.com

دعائیں کرواتے رہے ہیں، کوئی پیر فقیر نہیں چھوڑا، یہ وظائف پڑھتے ہیں، وہ اوراد پڑھتے ہیں، فلاں فلاں مزار پر بھی گئے مگر اللہ عزوجل ہماری حاجت پوری کرتا ہی نہیں۔ بلکہ بعض یہ بھی کہتے سنتے جاتے ہیں:

''نہ جانے ایسا کون سا گناہ ہوگیا ہے جس کی ہمیں سزا مل رہی ہے''۔

نماز نہ پڑھنا تو گویا خطا ہی نہیں!

اس طرح کی ''بھڑاس'' نکالنے والے سے اگر دریافت کیا جائے کہ بھائی! آپ نماز تو پڑھتے ہی ہوں گے؟ تو شاید جواب ملے، ''جی نہیں''۔ دیکھا آپ نے! زبان پر تو بے ساختہ جاری ہو رہا ہے، ''نہ جانے کیا خطا ہم سے ایسی ہوئی ہے؟ جس کی ہم کو سزا مل رہی ہے!'' اور نماز میں ان کی غفلت تو انہیں نظر ہی نہیں آ رہی! گویا نماز نہ پڑھنا تو (معاذ اللہ عزوجل) کوئی گناہ ہی نہیں ہے! ارے! اپنے مختصر سے وجود پر ہی تھوڑی نظر ڈال لیتے، دیکھیے تو سہی! سر کے بال انگریزی، انگریزوں کی طرح سر بھی برہنہ (بَ، رَہ، نَہ) لباس بھی انگریزی، چہرہ دشمنان مصطفےٰ آتش پرستوں جیسا یعنی تاجدار رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عظیم سنت داڑھی مبارک چہرے سے غائب! تہذیب وتمدن اسلام کے دشمنوں جیسا، نماز تک بھی نہ پڑھیں۔ حالانکہ نماز نہ پڑھنا زبردست گناہ، داڑھی منڈانا حرام اور دن بھر میں جھوٹ، غیبت، چغلی، وعدہ خلافی، بدگمانی، بدنگاہی، والدین کی نافرمانی، گالی گلوچ، فلمیں، ڈرامے، گانے باجے وغیرہ وغیرہ نہ جانے کتنے گناہ کیے جائیں۔ لیکن یہ گناہ ''جناب'' کو نظر ہی نہ آئیں۔ اتنے اتنے گناہ کرنے کے باوجود شیطان غافل کر دیتا ہے۔ اور زبان پر یہ الفاظ شکوہ کھیل رہے ہوتے ہیں۔

''کیا خطا ہم سے ایسی ہوئی ہے؟ جس کی ہم کو سزا مل رہی ہے!''۔

جس دوست کی بات نہ مانیں

ذرا سوچیے تو سہی! آپ کا کوئی جگری دوست آپ کو کئی بار کچھ کام بتائے مگر آپ اس کا

Marfat.com

کام نہ کریں۔ اور کبھی آپ کو اپنے اسی دوست سے کام پڑ جائے تو ظاہر ہے آپ پہلے ہی سہمے رہیں گے کہ میں نے تو اس کا ایک کام بھی نہیں کیا اب وہ بھلا میرا کام کیوں کرے گا! اگر آپ نے ہمت کر کے بات کر کے بھی دیکھی اور واقعی اس نے کام نہ بھی کیا تب بھی آپ شکوہ نہیں کر سکیں گے کیوں کہ آپ نے بھی تو اپنے دوست کا کوئی کام نہیں کیا تھا۔

اب ٹھنڈے دل سے غور کیجئے کہ اللہ عزوجل نے کتنے کتنے کام بتائے، کیسے کیسے احکام جاری فرمائے۔ مگر خود اس کے کون کون سے احکام پر عمل کرتے ہیں؟ غور کرنے پر معلوم ہوگا کہ اس کے کئی احکامات کی بجا آوری میں نہایت ہی کوتاہ واقع ہوئے ہیں۔ امید ہے بات سمجھ میں آ گئی ہوگی کہ خود تو اپنے پروردگار عزوجل کے حکموں پر عمل نہ کریں۔ اور وہ اگر کسی بات (یعنی دعا) کا اثر ظاہر نہ فرمائے تو شکوہ، شکایت لے کر بیٹھ جائیں۔ دیکھیے نا! آپ اگر اپنے کسی جگر دوست کی کوئی بات بار بار ٹالتے رہیں تو ہو سکتا ہے کہ وہ آپ سے دوستی ہی ختم کر دے۔ لیکن اللہ عزوجل بندوں پر کس قدر مہربان ہے کہ لاکھ اس کے فرمان کی خلاف ورزی کریں۔ پھر بھی وہ اپنے بندوں کی فہرست سے خارج نہیں کرتا۔ وہ لطف و کرم فرماتا ہی رہتا ہے۔ ذرا غور تو فرمایئے! جو بندہ احسان فراموشی کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ اگر وہ بھی بطور سزا اپنے احسانات ان سے روک لے تو ان کا کیا بنے گا؟ یقیناً اس کی عنایت کے بغیر ایک قدم بھی نہیں اٹھا سکتا۔ ارے! وہ اپنی عظیم الشان نعمت ہوا کو جو بالکل مفت عطا فرما رکھی ہے اگر چند لمحوں کے لیے روک لے تو ابھی لاشوں کے انبار لگ جائیں۔

قبولیت دعا میں تاخیر کا ایک سبب

پیارے بھائیو! بسا اوقات قبولیت دعا کی تاخیر میں کافی مصلحتیں بھی ہوتی ہیں جو ہماری سمجھ میں نہیں آتیں۔ حضور، سراپا نور، فیض گنجور ﷺ کا فرمان پر سرور ہے، جب اللہ عزوجل کا کوئی پیارا دعا کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ جبریل (علیہ السلام) سے ارشاد فرماتا ہے، ''ٹھہرو! ابھی نہ دو تا کہ پھر مانگے کہ مجھ کو اس کی آواز پسند ہے''۔ اور جب کوئی کافر یا فاسق دعا کرتا ہے، فرماتا ہے، ''اے جبریل (علیہ السلام) اس کا کام جلدی کر دو، تا کہ پھر نہ

Marfat.com

مانگے کہ مجھ کو اس کی آواز مکروہ (یعنی ناپسند) ہے"۔

(کنزالعمال، جلد ۲، صفحہ ۳۹، حدیث ۳۲۶۱)

حکایت

حضرت سیدنا یحییٰ بن سعید بن قطان (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے اللہ عزوجل کو خواب میں دیکھا، عرض کی، الٰہی عزوجل! میں اکثر دعا کرتا ہوں۔ اور تو قبول نہیں فرماتا؟ حکم ہوا، "اے یحییٰ! میں تیری آواز کو دوست رکھتا ہوں۔ اس واسطے تیری دعا کی قبولیت میں تاخیر کرتا ہوں"۔ (احسن الوعاء، صفحہ ۳۵)

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیوں! ابھی جو حدیث پاک اور حکایت گزری اس میں یہ بتایا گیا ہے کہ اللہ عزوجل کو اپنے نیک بندوں کی گریہ وزاری پسند ہے تو یوں بھی بسا اوقات قبولیت دعا میں تاخیر ہوتی ہے۔ اب اس مصلحت کو ہم کیسے سمجھ سکتے ہیں! بہرحال جلدی نہیں مچانی چاہیے۔ احسن الوعاء صفحہ 33 میں آداب دعا بیان کرتے ہوئے حضرت رئیس المتکلمین مولانا نقی علی خان علیہ رحمۃ الرحمٰن فرماتے ہیں:

جلدی مچانے والے کی دعا قبول نہیں ہوتی

(دعا کے آداب میں سے یہ بھی ہے کہ) دعا کے قبول میں جلدی نہ کرے۔ حدیث شریف میں ہے کہ خدائے تعالیٰ تین آدمیوں کی دعا قبول نہیں کرتا۔ ایک وہ کہ گناہ کی دعا مانگے۔ دوسرا وہ کہ ایسی بات چاہے کہ قطع رحم ہو۔ تیسرا وہ کہ قبول میں جلدی کرے کہ میں نے دعا مانگی اب تک قبول نہیں ہوئی۔ (الترغیب والترہیب، جلد ۲، صفحہ ۳۱۴، حدیث ۹)

اس حدیث میں فرمایا گیا کہ ناجائز کام کی دعا نہ مانگی جائے کہ وہ قبول نہیں ہوتی۔ نیز کسی رشتہ دار کا حق ضائع ہوتا ہو ایسی دعا بھی نہ مانگیں اور دعا کی قبولیت کے لیے جلدی بھی نہ کریں ورنہ دعا قبول نہیں کی جائے گی۔

احسن الوعاء لاداب الدعاء پر اعلیٰ حضرت امام اہل سنت، مولانا شاہ احمد رضا خان علیہ

رحمۃ الرحمٰن نے حاشیہ تحریر فرمایا ہے۔ اور اس کا نام ذیل المدعا لاحسن الوعاء رکھا ہے۔ اس حاشیہ میں ایک مقام پر دعا کی قبولیت میں جلدی مچانے والوں کو اپنے مخصوص اور نہایت ہی علمی انداز میں سمجھاتے ہوئے فرماتے ہیں:

افسروں کے پاس تو بار بار دھکے کھاتے ہو مگر.....

سگان دنیا (یعنی دنیوی افسروں) کے امید واروں (یعنی ان سے نکال نکلوانے کے آرزومندوں) کو دیکھا جاتا ہے کہ تین تین برس تک امید واری (اور انتظار) میں گزارتے ہیں، صبح وشام ان کے دروازوں پر دوڑتے ہیں (دھکے کھاتے ہیں) اور وہ (افسران) ہیں کہ رخ نہیں ملاتے، جواب نہیں دیتے، جھڑکتے، دل تنگ ہوتے، ناک بھوں چڑھاتے ہیں، امید واری میں لگایا تو بیگار (بے کار محنت) سر پر ڈالی، یہ حضرت گرہ (یعنی امیدوار جیب) سے کھاتے، گھر سے منگتے، بیکار بیگار (فضول محنت) کی بلاء اٹھاتے ہیں، اور وہاں (افسروں کے پاس دھکے کھانے میں) برسوں گزریں ہنوز (یعنی ابھی تک گویا) روز اول (ہی) ہے۔ مگر یہ (دنیوی افسروں کے پاس دھکے کھانے والے) نہ امید توڑیں، نہ (افسروں کا) پیچھا چھوڑیں۔ اور احکم الحاکمین، اکرم الاکرمین عزوجل کے دروازے پر اول تو آتا ہی کون ہے! اور آئے بھی تو اکتاتے، گھبراتے، کل کا ہوتا آج بھی ہو جائے، ایک ہفتہ کچھ پڑھتے گزرا اور شکایت ہونے لگی صاحب! پڑھا تو تھا، کچھ اثر نہ ہوا! یہ احمق اپنے لیے اجابت (یعنی قبولیت) کا دروازہ خود بند کر لیتے ہیں۔ محمد رسول اللہ! ﷺ فرماتے ہیں:

يُسْتَجَابُ لِاَحَدِكُمْ مَالَمْ يُعَجِّلْ يَقُوْلُ دَعَوْتُ فَلَمْ يَسْتَجِبْ لِيْ

ترجمہ: ''تمہاری دعا قبول ہوتی ہے جب تک جلدی نہ کرو یہ مت کہو کہ میں نے دعا کی تھی قبول نہ ہوئی''۔ (صحیح البخاری، جلد ۴، صفحہ ۲۰۰، حدیث ۶۳۴۰)

بعض تو اس پر ایسے جامے سے باہر (یعنی بے قابو) ہو جاتے ہیں کہ اعمال وادعیہ (یعنی اوراد اور دعاؤں) کے اثر سے بے اعتقاد ہو، بلکہ اللہ عزوجل کے وعدۂ کرم سے بے اعتماد، والعیاذ باللہ الکریم الجواد۔ ایسوں سے کہا جائے کہ اے بے حیاء! بے شرمو! ذرا اپنے

Marfat.com

گریبان میں منہ ڈالو۔ اگر کوئی تمہارا برابر والا دوست تم سے ہزار بار کچھ کام اپنے کہے اور تم اس کا ایک کام نہ کرو تو اپنا کام اس سے کہتے ہوئے اول تو آپ لجاؤ (شرماؤ) گے، (کہ) ہم نے تو اس کا کہنا کیا ہی نہیں اب کس منہ سے اس سے کام کو کہیں؟ اور اگر غرض دیوانی ہوتی ہے (یعنی مطلب پڑا تو) کہہ بھی دیا اور اس نے (اگر تمہارا کام) نہ کیا تو اصلا محل شکایت نہ جانو گے (یعنی اس بات پر شکایت کرو گے ہی نہیں ظاہر ہے خود ہی سمجھتے ہو) کہ ہم نے (اس کا کام) کب کیا تھا جو وہ کرتا۔

اب جانچو، کہ تم مالک علی الاطلاق عزوجل کے کتنے احکام بجالاتے ہو؟ اس کے حکم بجا نہ لانا اور اپنی درخواست کا خواہی نخواہی (ہر صورت میں) قبول چاہنا کیسی بے حیائی ہے!

او احمق! پھر فرق دیکھ! اپنے سر سے پاؤں تک نظر غور کر! ایک ایک روئیں میں ہر وقت ہر آن کتنی کتنی ہزار در ہزار در ہزار صد ہزار بے شمار نعمتیں ہیں۔ تو سوتا ہے اور اس کے معصوم بندے (یعنی فرشتے) تیری حفاظت کو پہرا دے رہے ہیں، تو گناہ کر رہا ہے اور (پھر بھی) سر سے پاؤں تک صحت و عافیت، بلاؤں سے حفاظت، کھانے کا ہضم، فضلات (یعنی جسم کے اندر کی گندگیوں) کا دفع، خون کی روانی، اعضاء میں طاقت، آنکھوں میں روشنی۔ بے حساب کرم بے مانگے بے چاہے تجھ پر اتر رہے ہیں۔ پھر اگر تیری بعض خواہشیں عطا نہ ہوں، کس منہ سے شکایت کرتا ہے؟ تو کیا جانے کہ تیرے لیے بھلائی کاہے میں ہے! تو کیا جانے کیسی سخت بلا آنے والی تھی کہ اس (بظاہر نہ قبول ہونے والی) دعا نے دفع کی، تو کیا جانے کہ اس دعا کے عوض کیسا ثواب تیرے لیے ذخیرہ ہو رہا ہے، اس کا وعدہ سچا ہے اور قبول کی یہ تینوں صورتیں ہیں جن میں ہر پہلی، پچھلی سے اعلیٰ ہے۔ ہاں، بے اعتقادی آئی تو یقین جان کہ مارا گیا اور ابلیس لعین نے تجھے اپنا سا کر لیا۔ والعیاذ باللہ سبحنہ وتعالیٰ (اور اللہ کی پناہ وہ پاک ہے اور عظمت والا)

اے ذلیل خاک! اے آب ناپاک! اپنا منہ دیکھ اور اس عظیم شرف پر غور کر کہ اپنی بارگاہ میں حاضر ہونے، اپنا پاک، متعالی (یعنی بلند) نام لینے، اپنی طرف منہ کرنے، اپنے

Marfat.com

پکارنے کی تجھے اجازت دیتا ہے۔لاکھوں مرادیں اس فضل عظیم پر نثار۔

او بے صبرے! ذرا بھیک مانگنا سیکھ۔اس آستان رفیع کی خاک پر لوٹ جا۔اور لپٹا رہ اور ٹکٹکی بندھی رہ کہ اب دیتے ہیں، اب دیتے ہیں! بلکہ پکارنے، اس سے مناجات کرنے کی لذت میں ایسا ڈوب جا کر ارادہ و مراد کچھ یاد نہ رہے، یقین جان کہ اس دروازے سے ہرگز محروم نہ پھرے گا کہ مَنْ دَقَّ بَابَ الْكَرِيْمِ اِفْتَتَحَ (جس نے کریم کے دروازے پر دستک دی تو وہ اس پر کھل گیا) وباللہ التوفیق (اور توفیق اللہ عزوجل کی طرف سے ہے)

(ذیل المدعا الاحسن الوعاء، صفحہ ۳۴ تا ۳۷)

دعا کی قبولیت میں تاخیر تو کرم ہے

حضرت سیدنا مولانا نقی علی خان (علیہ رحمۃ الرحمٰن) فرماتے ہیں، اے عزیز! تیرا پروردگار عزوجل فرماتا ہے۔

اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ (بقرہ:186)

''میں دعا مانگنے والے کی دعا قبول کرتا ہوں جب مجھ سے دعا مانگے''۔

فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ (الصافات:75)

''ہم کیا اچھے قبول کرنے والے''۔

اُدْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ (المومن:60)

''مجھ سے دعا مانگو میں قبول فرماؤں''۔

پس یقین سمجھ کہ وہ تجھے اپنے در سے محروم نہیں کرے گا اور اپنے وعدے کو وفا فرمائے گا۔وہ اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فرماتا ہے۔

وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ (والضحیٰ:10)

''سائل کو نہ جھڑک''۔

آپ کس طرح اپنے خوان کرم سے دور کرے گا۔بلکہ وہ تجھ پر نظر کرم رکھتا ہے کہ تیری دعاء کے قبول کرنے میں دیر کرتا ہے۔(احسن الوعاء، صفحہ ۳۲، ۳۳)

پیارے بھائیو! الحمدللہ عزوجل تبلیغ قرآن وسنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک، دعوت اسلامی کے مدنی قافلوں میں عاشقان رسول کے ساتھ سنتوں بھرا سفر کر کے دعا مانگنے والوں کے مسائل حل ہونے کے کافی واقعات سننے کو ملتے ہیں۔

مدنی قافلہ میں عرق النساء کا علاج ہوگیا

ایک اسلامی بھائی کا بیان اپنے انداز میں عرض کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہوں۔ ہمارا مدنی قافلہ ٹھٹھہ شہر وارد ہوا، شرکاء میں سے ایک اسلامی بھائی کو عرق النساء کا شدید درد اٹھتا تھا بے چارے شدت درد سے ماہی بے آب کی طرح تڑپتے تھے۔ ایک بار درد کے سبب رات بھر سو نہ سکے۔ آخری دن امیر قافلہ نے فرمایا: آیئے! سب مل کر ان کے لیے دعا کرتے ہیں۔ چنانچہ دعا شروع ہوئی۔ ان اسلامی بھائی کا بیان ہے: الحمدللہ عزوجل دوران دعا ہی درد میں کمی آنی شروع ہوگئی اور کچھ دیر کے بعد عرق النساء کا درد بالکل جاتا رہا۔ الحمد للہ عزوجل یہ بیان دیتے وقت کافی عرصہ ہو چکا ہے وہ دن آج کا دن مجھے پھر کبھی عرق النساء کی تکلیف نہیں ہوئی۔ الحمدللہ یہ بیان دیتے وقت مجھے علاقائی مدنی قافلہ ذمہ دار کی حیثیت سے مدنی قافلوں کی دھومیں مچانے کی خدمت ملی ہوئی ہے۔

گر ہو عرق النساء، یا عرضہ کوئی سا — پاؤ گے صحتیں، قافلے میں چلو
دور بیماریاں اور پریشانیاں — ہوں گی بس چل پڑیں، قافلے میں چلو

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

پیارے بھائیو! دیکھا آپ نے! مدنی قافلے کی برکت سے عرق النساء جیسی موذی بیماری سے نجات مل گئی۔ عرق النساء کی پہچان یہ ہے کہ اس میں چڈھے (یعنی ران کے جوڑ) سے لے کر پاؤں کے ٹخنے تک شدید درد ہوتا ہے یہ مرض برسوں تک پیچھا نہیں چھوڑتا۔

”دعا مومن کا ہتھیار ہے“ کے سترہ حروف کی نسبت سے دعا مانگنے کے 17 مدنی پھول

(تقریباً تمام مدنی پھول احسن الوعاء لآداب الدعاء مع شرح ذیل المدعاء لاحسن الوعاہ مطبوعہ مکتبہ المدینہ باب المدینہ سے ماخوذ ہیں)

(1) ہر روز کم از کم بیس بار دعا کرنا واجب ہے۔ الحمدللہ نمازیوں کا یہ واجب، نماز میں سورۃ الفاتحہ سے ادا ہو جاتا ہے کہ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ (ترجمہ کنز الایمان: ہم کو سیدھا راستہ چلا) بھی دعا اور اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (ترجمہ کنز الایمان: سب خوبیاں اللہ کو جو مالک سارے جہان والوں کا) کہنا بھی دعا ہے۔ (صفحہ ۱۲۳) (2) دعا میں حد سے نہ بڑھے۔ مثلاً انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کا مرتبہ مانگنا یا آسمان پر چڑھنے کی تمنا کرنا۔ نیز دونوں جہان کی ساری بھلائیاں اور سب کی سب خوبیاں مانگنا بھی منع ہے کہ ان خوبیوں میں مراتب انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام بھی ہیں جو نہیں مل سکتے۔ (صفحہ ۸۰، ۸۱) (3) جو محال (یعنی ناممکن) یا قریب بہ محال ہو اس کی دعا نہ مانگے، لہٰذا ہمیشہ کے لیے تندرستی عافیت مانگنا کہ آدمی عمر بھر کبھی کسی طرح کی تکلیف میں نہ پڑے یہ محال عادی کی دعا مانگنا ہے۔ یونہی لمبے قد کے آدمی کا چھوٹا قد ہونے یا چھوٹی آنکھ والے کا بڑی آنکھ کی دعا کرنا ممنوع ہے کہ یہ ایسے امر کی دعا ہے جس پر قلم جاری ہو چکا ہے (صفحہ ۸۱) (4) گناہ کی دعا نہ کرے کہ مجھے پرایا مال مل جائے کہ گناہ کی طلب کرنا بھی گناہ ہے۔ (صفحہ ۹۲) (5) قطع رحم (مثلاً فلاں رشتے داروں میں لڑائی ہو جائے) کی دعا نہ کرے۔ (صفحہ ۸۲) (6) اللہ عزوجل سے صرف حقیر چیز نہ مانگے کہ پروردگار عزوجل غنی ہے بلکہ اپنی تمام توجہ اسی کی طرف رکھے اور ہر چیز کا اسی سے سوال کرے۔ (صفحہ ۸۴) (7) رنج و مصیبت سے گھبرا کر اپنے مرنے کی دعا نہ کرے۔ خیال رہے کہ دنیوی نقصان سے بچنے کے لیے موت کی تمنا ناجائز ہے اور دینی مضرت (یعنی دینی نقصان) کے خوف سے جائز ہے۔ (صفحہ ۸۵، ۸۷)

Marfat.com

(8) بلاضرورت شرعی کسی کے مرنے اور خرابی (بربادی) کی دعا نہ کرے، البتہ اگر کسی کافر کے ایمان نہ لانے پر یقین یا ظن غالب ہو اور (اس کے) جینے سے دین کا نقصان ہو یا کسی ظالم سے توبہ اور ظلم چھوڑنے کی امید نہ ہو اور اس کا مرنا، تباہ ہونا مخلوق کے حق میں مفید ہو تو ایسے شخص پر بددعا کرنا درست ہے۔ (صفحہ ۸۷) (9) کسی مسلمان کو یہ بددعا نہ دے کہ "تو کافر ہو جائے" کہ بعض علماء کے نزدیک (ایسی دعا مانگنا) کفر ہے اور تحقیق یہ ہے کہ اگر کفر کو اچھا یا اسلام کو برا جان کر کہے تو بے شک کفر ہے ورنہ بڑا گناہ ہے کہ مسلمان کی بدخواہی (یعنی برا چاہنا) حرام ہے، خصوصاً یہ بدخواہی (کہ فلاں کا ایمان برباد ہو جائے) تو سب بد خواہیوں سے بدتر ہے (صفحہ 90) (10) کسی مسلمان پر لعنت نہ کرے اور اسے مردود و ملعون نہ کہے اور جس کافر کا کفر پر مرنا یقینی نہیں اس پر بھی نام لے کر لعنت نہ کرے۔ (صفحہ 90) (11) کسی مسلمان کو یہ بددعا نہ دے کہ "تجھ پر خدا کا غضب نازل ہو اور تو (بھاڑ اور) آگ یا دوزخ میں داخل ہو"۔ کہ حدیث شریف میں اس کی ممانعت وارد ہے۔ (صفحہ 100) (12) جو کافر مرا اس کے لیے دعائے مغفرت حرام و کفر ہے (صفحہ 100) (13) یہ دعا کرنا "خدایا! سب مسلمانوں کے سب گناہ بخش دے"۔ جائز نہیں کہ اس میں ان احادیث مبارکہ کی تکذیب (یعنی جھٹلانا) ہوتی ہے جن میں بعض مسلمان کا دوزخ میں جانا وارد ہوا (صفحہ ۱۰۶) البتہ یوں دعا کرنا "ساری امت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مغفرت (یعنی بخشش) ہو یا سارے مسلمانوں کی مغفرت ہو" جائز ہے (صفحہ ۱۰۳) (14) اپنے لیے اور اپنے دوست احباب، اہل و مال اور اولاد کے لیے بددعا نہ کرے، کیا معلوم کہ قبولیت کا وقت ہو اور بددعا کا اثر ظاہر ہونے پر ندامت ہو۔ (صفحہ ۱۰۷) (15) جو چیز حاصل ہو (یعنی اپنے پاس موجود ہو) اس کی دعا نہ کرے مثلاً مر دیوں نہ کہے "یا اللہ عزوجل مجھے مرد کر دے"۔ کہ استہزاء (مذاق بنانا) ہے۔ البتہ ایسی دعا جس میں شریعت کے حکم کی تعمیل یا عاجزی و بندگی کا اظہار یا پروردگار عزوجل اور مدینے کے تاجدار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت یا دین یا اہل دین کی طرف رغبت یا کفر و افرین سے نفرت وغیرہ کے فوائد نکلتے ہوں وہ جائز ہے اگرچہ اس امر کا حصول

یقینی ہو۔ جیسے درود شریف پڑھنا، وسیلے کی، صراط مستقیم کی اللہ ورسول عزوجل وصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دشمنوں پر غضب ولعنت کی دعا کرنا۔ (صفحہ ۱۰۸) (16) دعا میں تنگی نہ کرے مثلاً یوں نہ مانگے اللہ عزوجل تنہا مجھ پر رحم فرما صرف مجھے اور میرے فلاں فلاں دوست کو نعمت بخش (صفحہ ۱۰۹) بہتر یہ ہے کہ سب مسلمانوں کو دعا میں شامل کرلے اس کا ایک فائدہ یہ بھی ہوگا کہ خود اس نیک بات کا حق دار نہ بھی ہوا تو اچھے مسلمانوں کے طفیل پالے گا (17) حجۃ الاسلام حضرت سیدنا امام محمد غزالی علیہ رحمۃ اللہ الوالی فرماتے ہیں: مضبوط عقیدے کے ساتھ دعا مانگے اور قبولیت کا یقین رکھے۔ (احیاء العلوم، جلد ۱، صفحہ ۷۷۰)

Marfat.com

چہل رَبَّنَا

(40)

قرآنی دعائیں

Marfat.com

چہل رَبّنَا

قبولیتِ دعاء اور استقامت علی الایمان کے لئے دعائیں

(1) رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۲۷﴾

اے رب ہمارے ہم سے قبول فرما (ف) بیشک تو ہی ہے سنتا جانتا۔ (البقرۃ، آیت ۱۲۷)

(2) رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ ۠ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۲۸﴾

اے رب ہمارے اور کر ہمیں تیرے حضور گردن رکھنے والے اور ہماری اولاد میں سے ایک امت تیری فرمانبردار اور ہمیں ہماری عبادت کے قاعدے بتا اور ہم پر اپنی رحمت کے ساتھ رجوع فرما بیشک تو ہی ہے بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان۔ (البقرۃ، آیت ۱۲۸)

دین و دنیا کی تمام بھلائیوں کے لئے

(3) رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۲۰۱﴾

اے ربّ ہمارے ہمیں دنیا میں بھلائی دے اور ہمیں آخرت میں بھلائی دے اور ہمیں عذاب دوزخ سے بچا۔ (البقرۃ، آیت ۲۰۱)

ثابت قدمی اور نصرت و فتح کے لئے

ہر معاملات میں بالخصوص جنگ میں

(4) رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۵۰﴾

اے رب ہمارے ہم پر صبر انڈیل دے اور ہمارے پاؤں جمے رکھ کافر لوگوں پر ہماری مدد کر۔ (البقرۃ، آیت ۲۵۰)

(5) رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى

Marfat.com

الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۷﴾

اے ہمارے رب بخش دے ہمارے گناہ اور جو زیادتیاں ہم نے اپنے کام میں کیں اور ہمارے قدم جمادے اور ہمیں ان کافر لوگوں پر مدد دے۔ (ال عمران، آیت ۱۴۷)

ہر مشکل اور پریشانی سے نجات کی دعاء

(6) رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا

اے رب ہمارے ہمیں نہ پکڑ اگر ہم بھولیں یا چوکیں۔ (البقرۃ، آیت ۲۸۶)

بخشش و رحمت، فلاح دنیا و آخرت کے لئے

(7) رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ

اے رب ہمارے اور ہم پر بھاری بوجھ نہ رکھ جیسا تو نے ہم سے اگلوں پر رکھا تھا۔ (البقرۃ، آیت ۲۸۶)

(8) رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۟ وَاغْفِرْ لَنَا ۟ وَارْحَمْنَا ۟

اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۸۶﴾

اے رب ہمارے اور ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جس کی ہمیں سہار نہ ہو اور ہمیں معاف فرمادے اور بخش دے اور ہم پر مہر کر تو ہمارا مولیٰ ہے تو کافروں پر ہمیں مدد دے۔ (البقرۃ، آیت ۲۸۶)

عذاب جہنّم سے بچاؤ کے لئے

(9) رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۶﴾

اے رب ہمارے ہم ایمان لائے تو ہمارے گناہ معاف کر اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے۔ (ال عمران، آیت ۱۶)

(10) رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ﴿۶۵﴾

اور وہ جو عرض کرتے ہیں اے ہمارے رب ہم سے پھیر دے جہنّم کا عذاب بیشک اس کا

Marfat.com

عذاب گلے کا غل ہے۔(فرقان، آیت ۶۵)

(11) رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۹۱﴾

اے رب ہمارے تو نے یہ بیکار نہ بنایا پاکی ہے تجھے تو ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے۔(ال عمران، آیت ۱۹۱)

دنیا و آخرت کی ذلّت و رسوائی سے بچنے کی دعا

(12) رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۱۹۲﴾

اے رب ہمارے بے شک جسے تو دوزخ میں لے جائے اسے ضرور تو نے رسوائی دی اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔(ال عمران، آیت ۱۹۲)

بخشش اور ایمان بالخیر و عافیت والی موت کی دعائیں

(13) رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا

اے رب ہمارے ہم نے ایک منادی کو سنا کہ ایمان کے لئے ندا فرماتا ہے کہ اپنے رب پر ایمان لاؤ۔(ال عمران، آیت ۱۹۳)

(14) رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ﴿۱۹۳﴾

اے رب ہمارے تو ہمارے گناہ بخش دے اور ہماری برائیاں محو فرمادے، اور ہماری موت اچھوں کے ساتھ کر۔(ال عمران، آیت ۱۹۳)

(15) رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰي رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۱۹۴﴾

اے رب ہمارے اور ہمیں دے وہ جس کا تو نے ہم سے وعدہ کیا ہے اپنے رسولوں کی معرفت اور ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کر بے شک تو وعدہ خلاف نہیں کرتا۔(ال عمران، آیت ۱۹۴)

Marfat.com

خصوصی رحم وکرم اور مغفرت کی دعا

(16) رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ۫ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾

اے رب ہمارے ہم نے اپنا آپ بُرا کیا تو اگر تُو ہمیں نہ بخشے اور ہم پر رحم نہ کرے تو ہم ضرور نقصان والوں میں ہوئے ۔(اعراف، آیت ۲۳)

ہدایت اور دل کی کی اصلاح کے لئے

(17) رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿۸﴾

اے رب ہمارے دل ٹیڑھے نہ کر بعد اس کے کہ تو نے ہمیں ہدایت دی اور ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا کر بے شک تو ہے بڑا دینے والا۔(ال عمران، آیت ۸)

اللہ کے دوستوں سے ملاقات کے لئے

(18) رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۹﴾

اے رب ہمارے بے شک تو سب لوگوں کو جمع کرنے والا ہے اس دن کے لئے جس میں کوئی شبہ نہیں بے شک اللہ کا وعدہ نہیں بدلتا۔(ال عمران، آیت ۹)

فضیلت

جو شخص اللہ کے دوستوں سے ملنے کا آرزومند ہو تو وہ اس آیت کو کثرت سے پڑھے۔

ایمان پر استقامت کی دعاء

(19) رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۵۳﴾

اے رب ہمارے ہم اس پر ایمان لائے جو تو نے اتارا اور رسول کے تابع ہوئے تو ہمیں حق پر گواہی دینے والوں میں لکھ لے۔(ال عمران، آیت ۵۳)

(20) رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۸۳﴾ (مائدہ، آیت ۸۳)

Marfat.com

اے رب ہمارے ہم ایمان لائے تو ہمیں حق کے گواہوں میں لکھ لے۔

آزمائش وتنگی میں فراخی کے لئے دعائیں

(21) رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۱۱۴﴾

اے اللہ اے رب ہمارے ہم پر آسمان سے ایک خوان اتار کہ وہ ہمارے لئے عید ہو (ف) ہمارے اگلے پچھلوں کی (ف) اور تیری طرف سے نشانی (ف) اور ہمیں رزق دے اور تو سب سے بہتر روزی دینے والا ہے۔ (مائدہ، آیت ۱۱۴)

ظالموں سے نجات کی دعاء

(22) رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۷﴾

اے ہمارے رب ہمیں ظالموں کے ساتھ نہ کر۔ (اعراف، آیت ۴۷)

بہترین کامیابی اور آپس میں صلح کیلئے دعاء

(23) رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ﴿۸۹﴾

اے رب ہمارے ہم میں اور ہماری قوم میں حق فیصلہ کر اور تیرا فیصلہ سب سے بہتر۔

(اعراف، آیت ۸۹)

آزمائش وتنگی میں اور دعائے صبر واستقلال

(24) رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ﴿۱۲۶﴾

اے رب ہمارے ہم پر صبر اُنڈیل دے اور ہمیں مُسلمان اٹھا۔ (اعراف، آیت ۱۲۶)

ظالموں اور کافروں کے فتنے سے بچنے کے لئے

(25) رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۶﴾

الٰہی ہم کو ظالم لوگوں کے لئے آزمائش نہ بنا۔ اور اپنی رحمت فرما کر ہمیں کافروں سے نجات

دے۔(یونس، آیت ۸۵،۸۶)

(26) رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

اے ہمارے رب ہمیں کافروں کی آزمائش میں نہ ڈال اور ہمیں بخش دے اے ہمارے رب بیشک تو ہی عزت وحکمت والا ہے۔(الممتحنہ، آیت ۵)

کام کی بہتری کیلئے دعاء

(27) رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝

اے ہمارے رب ہم نے تجھی پر بھروسہ کیا اور تیری ہی طرف رجوع لائے اور تیری ہی طرف پھرنا ہے۔(الممتحنہ، آیت ۴)

گمشدہ چیز کے ملنے کی دعاء

(28) رَبَّنَآ اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِيْ وَمَا نُعْلِنُ ۭ وَمَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاۗءِ ۝

اے ہمارے رب تو جانتا ہے جو ہم چھپاتے ہیں اور جو ظاہر کرتے اور اللہ پر کچھ چھپا نہیں زمین میں نہ آسمان میں۔(ابراہیم، آیت ۳۸)

قبولیتِ دعاء کے لئے

(29) رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَاۗءِ ۝

اے ہمارے رب اور میری دعا سن لے۔(ابراہیم، آیت ۴۰)

والدین کے لیے مغفرت کی دعائیں

(30) رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ۝

اے ہمارے رب مجھے بخش دے اور میرے ماں باپ کو اور سب مسلمانوں کو جس دن حساب قائم ہوگا۔(ابراہیم، آیت ۴۱)

Marfat.com

رحمت وہدایت کی دعائیں

(31) رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ⑩

اے ہمارے رب ہمیں اپنے پاس سے رحمت دے اور ہمارے کام میں ہمارے لئے راہ یابی کے سامان کر۔ (کہف، آیت ۱۰)

زیادتی اور شرارت سے بچنے کی دعاء

(32) رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيْنَآ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى ⑮

اے ہمارے رب بیشک ہم ڈرتے ہیں کہ وہ ہم پر زیادتی کرے یا شرارت سے پیش آئے۔ (طٰہٰ، آیت ۴۵)

(33) رَبُّنَا الَّذِيْٓ اَعْطٰى كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰى ⑤⓪

ہمارا رب وہ ہے جس نے ہر چیز کو اس کے لائق صورت دی پھر راہ دکھائی۔ (طٰہٰ، آیت ۵)

بخشش، رحم وکرم کی دعاء

(34) رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ⑩⑨

اے ہمارے رب ہم ایمان لائے تو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم کر اور تو سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے۔ (مؤمنون، آیت ۱۰۹)

نیک اور پاکیزہ اولاد کے لئے دعاء

(35) رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ⑦④

اے ہمارے رب ہمیں دے ہماری بیبیوں اور ہماری اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک اور ہمیں پرہیزگاروں کا پیشوا بنا۔ (فرقان، آیت ۷۴)

زہریلے جانور کے کاٹنے کا علاج

(35) رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ

Marfat.com

اِمَامًا۝ (سورۃ فرقان، آیت ۷۴)

فضیلت

جس جگہ زہریلہ جانور کاٹ لے اس جگہ انگلی گھماتے ہوئے ایک سانس میں سات مرتبہ اس آیت مبارکہ کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے چھینٹا مارے یا کان میں دم کر دیں، ان شاء اللہ زہر کا اثر جاتا رہے گا۔

دین و دنیا میں قدر و منزلت کیلئے دعاء

(36) اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ۝۳۴

بیشک ہمارا رب بخشنے والا قدر فرمانے والا ہے۔ (فاطر، آیت ۳۴)

مؤمنوں کیلئے مغفرت و جنّت کی دعاء

(37) رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۝۷

اے رب ہمارے تیرے رحمت و علم میں ہر چیز کی سمائی ہے تو انہیں بخش دے جنہوں نے توبہ کی اور تیری راہ پر چلے اور انہیں دوزخ کے عذاب سے بچا لے۔ (غافر، آیت ۷)

(38) رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ ۭ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۸

اے ہمارے رب اور انہیں بسنے کے باغوں میں داخل کر جن کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے اور ان کو جو نیک ہوں ان کے باپ دادا اور بیبیوں اور اولاد میں بیشک تو ہی عزّت و حکمت والا ہے۔ (غافر، آیت ۸)

وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ۭ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَىِٕذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ۭ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝۹

اور انہیں گناہوں کی شامت سے بچا لے اور جسے تو اس دن گناہوں کی شامت سے بچائے تو بیشک تو نے اس پر رحم فرمایا۔ اور یہی بڑی کامیابی ہے۔ (غافر، آیت ۹)

Marfat.com

ترقی ایمان اور مغفرت کی دعائیں

(39) رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَ لِاِخْوَانِنَا الَّذِیْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِیْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ⑩

اے ہمارے رب ہمیں بخش دے اور ہمارے بھائیوں کو جو ہم سے پہلے ایمان لائے اور ہمارے دل میں ایمان والوں کی طرف سے کینہ نہ رکھ اے رب ہمارے بیشک تو ہی نہایت مہربان رحم والا ہے۔ (حشر، آیت ۱۰)

تکمیل نور ہدایت کے لئے

(40) رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ⑧

اے ہمارے رب ہمارے لئے ہمارا نور پورا کر دے اور ہمیں بخش دے بیشک تجھے ہر چیز پر قدرت ہے۔ (تحریم، آیت ۸)

Marfat.com

لفظِ ”رَبّ“ سے
27
قرآنی دعائیں

Marfat.com

(1) نئے شہر یا ملک میں امن وسلامتی اور بہترین روزی وروزگار کیلئے

رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ

اے رب میرے اس شہر کو امان والا کردے اور اس کے رہنے والوں کو طرح طرح کے پھلوں سے روزی دے۔ (البقرۃ:۱۲۶)

(2) جس کو حمل نہ ٹھہرتا ہو، یا حمل ضائع ہو جاتا ہو

رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

اے رب میرے میں تیرے لئے منت مانتی ہوں جو میرے پیٹ میں ہے کہ خالص تیری ہی خدمت میں رہے تو تو مجھ سے قبول کرلے بیشک تو ہی ہے سنتا جانتا۔ (آلِ عمران:۳۵)

فضیلت

جس کو حمل نہ ٹھہرتا ہو، یا حمل ضائع ہو جاتا ہو وہ ہونے والے بچے کو نیک کام میں وقف کرنے کی نیت سے دعا کرے، ان شاء اللہ عزوجل اس دعا کے صدقہ اولاد کی نعمت سے بہرہ مند ہوں گی۔

(3) لڑکا گھر سے بھاگ گیا ہو تو

رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ

اے رب میرے مجھے اپنے پاس سے دے ستھری اولاد بے شک تو ہی ہے دعا سننے والا۔

(آل عمران:۳۸)

فضیلت

حضرت خواجہ اجمیری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر کسی شخص کو کوئی مہم درپیش ہو یا نیک

Marfat.com

بخت فرزند کا آرزومند ہو یا کسی کا لڑکا بھاگ گیا ہو تو اس دعا کو روزانہ ۳۳ مرتبہ پڑھے۔

(4) اچھے برے کام کی اطلاع بذریعہ خواب

رَبِّ اجْعَلْ لِّیْٓ اٰیَةً

اے میرے رب میرے لئے کوئی نشانی کر دے۔ (آل عمران:۴۱)

(5) نقصان دہ احوال سے بچنے کی دعاء

رَبِّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ اَنْ اَسْئَلَكَ مَالَیْسَ لِیْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَ اِلَّا تَغْفِرْ لِیْ وَ تَرْحَمْنِیْٓ اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِیْنَ

اے میرے رب میں تیری پناہ چاہتا ہوں کہ تجھ سے وہ چیز مانگوں جس کا مجھے علم نہیں اور اگر تو مجھے نہ بخشے اور رحم نہ کرے تو میں زیان کار ہو جاؤں۔ (ہود:۴۷)

(6) حضرت یوسف علیہ السلام کی دعاء

رَبِّ قَدْ اٰتَیْتَنِیْ مِنَ الْمُلْكِ وَ عَلَّمْتَنِیْ مِنْ تَاْوِیْلِ الْاَحَادِیْثِ ۚ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۫ اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّ اَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ

اے میرے رب بیشک تو نے مجھے ایک سلطنت دی اور مجھے کچھ باتوں کا انجام نکالنا سکھایا اے آسمانوں اور زمین کے بنانے والے تو میرا کام بنانے والا ہے دنیا اور آخرت میں مجھے مسلمان اٹھا اور ان سے ملا جو تیرے قرب خاص کے لائق ہیں۔ (یوسف:۱۰۱)

(7) اولاد کو نیک اور صالح بنانے کی دعا

رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوةِ وَ مِنْ ذُرِّیَّتِیْ

اے میرے رب مجھے نماز کا قائم کرنے والا رکھ اور کچھ میری اولاد کو۔ (ابراہیم:۴۰)

Marfat.com

(8) والدین پر خصوصی رحم وکرم کی دعا

رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا

اے میرے رب تو ان دونوں پر رحم کر جیسا کہ ان دونوں نے مجھے بچپن میں پالا۔

(اسراء:۲۴)

(9) حق وصداقت کے پرچار کے لئے یہ پڑھے

رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا

اے میرے رب مجھے سچی طرح داخل کر اور سچی طرح باہر لے جا، اور مجھے اپنی طرف سے مددگار غلبہ دے۔(اسراء:۸۰)

(10) حضرت زکریّا علیہ السلام کی دعاء

قَالَ رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّيْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَيْبًا وَّلَمْ اَكُنْ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا

عرض کی اے میرے رب میری ہڈی کمزور ہوگئی اور سر سے بڑھاپے کا بھبھوکا پھوٹا اور اے میرے رب میں تجھے پکار کر کبھی نامراد نہ رہا۔(مریم:۴)

(11) حافظہ مضبوط، زبان کی لکنت، سانس چڑھنے سے نجات کی دعاء

رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ﴿۲۵﴾ وَيَسِّرْ لِيْ اَمْرِيْ ﴿۲۶﴾

وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿۲۷﴾ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿۲۸﴾

عرض کی اے میرے رب میرے لئے میرا سینہ کھول دے، اور میرے لئے میرا کام آسان کر، اور میری زبان کی گرہ کھول دے، کہ وہ میری بات سمجھیں۔(طٰہٰ:۲۵تا۲۸)

Marfat.com

فضیلت

جس شخص کا سینہ بولنے چلنے میں کمزور ہو سانس چڑھتا ہو یا اس کے مزاج میں رعب غالب رہتا ہو یا مجمع کثیر میں گھبراتا ہو تو وہ ہر روز صبح کی نماز کے بعد اکیس مرتبہ سورۃ طٰہٰ کی ان آیات کو پڑھے، ان شاء اللہ یہ سب باتیں جاتی رہیں گی۔

زبان کی لکنت دور کرنے کے لئے روزانہ ۳ مرتبہ پڑھیں، اور ذہنی کشادگی اور علم کی ترقی کے لئے فجر کی نماز کے بعد ۲۱ مرتبہ پڑھیں۔

(12) علم میں زیادتی کی دعا

رَّبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا

اے میرے رب مجھے علم زیادہ دے۔ (طٰہٰ: ۱۱۴)

(13) اولاد کے حصول کے لئے حضرت زکریّا علیہ السلام کی دعاء

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ

اے میرے رب مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور تو سب سے بہتر وارث۔ (الانبیاء: ۸۹)

فضیلت

روزانہ ہر نماز کے بعد ۱۴۱ بار پڑھیں اور دودھ پر دم کر کے دونوں میں میاں بیوی پئیں۔

(14) سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعاء

رَبِّ احْکُمْ بِالْحَقِّ ؕ وَ رَبُّنَا الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ

نبی نے عرض کی کہ اے میرے رب حق فیصلہ فرما دے اور ہمارے رب رحمٰن ہی کی مدد درکار ہے ان باتوں پر جو تم بتاتے ہو۔ (انبیاء: ۱۱۲)

(15) بہترین روزگار اور بہترین جگہ کے انتخاب کے لئے

رَّبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَکًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ

اے میرے رب مجھے برکت والی جگہ اتار، اور تو سب سے بہتر اتارنے والا ہے۔

(مؤمنون:۲۹)

(16) کفریہ عقائد، بدعقیدہ اور برے لوگوں سے محفوظ رہنے کی دعا

رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِیْ فِی الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ

اے میرے رب مجھے ان ظالموں کے ساتھ نہ کرنا۔ (مؤمنون: ۹۴)

(17) نماز یا بیرونِ نماز شیطانی وسوسے، اور گندے خیالات سے نجات کی دعا

رَّبِّ اَعُوْذُبِکَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّیٰطِیْنِ

اے میرے رب تیری پناہ شیاطین کے وسوسوں سے۔ (مؤمنون: ۹۷)

(18) دعاء مغفرت

رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ

اور تم عرض کرو اے میرے رب بخش دے اور رحم فرما اور تو سب سے برتر رحم کرنے والا۔

(مؤمنون:۱۱۸)

(19) حضرت لوط علیہ السلام کی دعاء

بدکاروں اور بدکاری سے محفوظ رہنے کے لئے

رَبِّ نَجِّنِیْ وَاَهْلِیْ مِمَّا یَعْمَلُوْنَ

اے میرے رب مجھے اور میرے گھر والوں کو ان کے کام سے بچا۔ (شعراء:۱۶۹)

Marfat.com

فضیلت

شوہر، زوجہ، بچوں بلکہ تمام گھر والوں کو بدکاروں اور بدکاری سے بچانے کے لئے یہ دعاء مجرّب ہے۔ ہر نماز کے بعد تہہ دل سے تین مرتبہ اس دعاء کو پڑھیں۔

(20) نیکی کی توفیق اور شاکر بندہ بننے کے لئے

رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْکُرَ نِعْمَتَکَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَدْخِلْنِیْ بِرَحْمَتِکَ فِیْ عِبَادِکَ الصّٰلِحِیْنَ

اے میرے رب مجھے توفیق دے کہ میں شکر کروں تیرے احسان کا جو تو نے مجھ پر اور میرے ماں باپ پر کئے، اور یہ کہ میں وہ بھلا کام کروں جو تجھے پسند آئے، اور مجھے اپنی رحمت سے اپنے ان بندوں میں شامل کر جو تیرے قربِ خاص کے سزاوار ہیں۔ (نمل:۱۹)

(21) ظلم و زیادتی سے نجات کی دعاء

رَبِّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْ لِیْ

عرض کی اے میرے رب میں نے اپنی جان پر زیادتی کی تو مجھے بخش دے۔ (قصص:۱۶)

(22) دہشت گردی، جارحانہ مظالم، اور ظالموں سے حفاظت کی دعاء

رَبِّ نَجِّنِیْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ

اے میرے رب مجھے ستم گاروں سے بچالے۔ (قصص:۲۱)

(23) بہترین روزی و روزگار کے لئے دعا

رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ

اے میرے رب میں اس کھانے کا جو تو میرے لئے اتارے محتاج ہوں۔ (قصص:۲۴)

(24) فتنہ فساد اور فسادی لوگوں سے نجات کی دعاء

رَبِّ انْصُرْنِیْ عَلَی الْقَوْمِ الْمُفْسِدِیْنَ

اے میرے رب میری مدد کر ان فسادی لوگوں پر۔ (عنکبوت:۳۰)

(25) نیک اولاد طلب کرنے کے لیے

رَبِّ هَبْ لِیْ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ

الٰہی مجھے لائق اولاد دے۔ (صافات:100)

(26) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی دعاء

رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ۚ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ⑮

رے رب میرے دل میں ڈال کہ میں تیری نعمت کا شکر کروں جو تو نے مجھ پر اور میرے ماں باپ پر کی اور میں وہ کام کروں جو تجھے پسند آئے اور میرے لئے میری اولاد میں صلاح رکھ میں تیری طرف رجوع لایا اور میں مسلمان ہوں۔ (احقاف:۱۵)

فضیلت

رب تعالیٰ کا شکر گزار بندہ بننے، والدین اور اولاد کے لئے نیکی کی توفیق، اولاد کو تابع فرمان بنانے کے لئے یہ دعاء ہر نماز کے بعد کم از کم ایک بار ضرور پڑھیں۔

(27) حضرت نوح علیہ السلام کی دعاء

اپنے لئے، والدین کے لئے اور تمام مؤمنوں کے لئے دعاء مغفرت۔

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَیْتِیَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِیْنَ

Marfat.com

وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا

اے میرے رب مجھے بخش دے اور میرے ماں باپ کو اور اسے جو ایمان کے ساتھ میرے گھر میں ہے اور سب مسلمان مَردوں اور سب مسلمان عورتوں کو اور کافروں کو نہ بڑھا مگر تباہی۔ (نوح:۲۸)

دین و دنیا کی بھلائیوں والی 49 دعائیں

(1) دعائے مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اللہ عزوجل کے پیارے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اکثر یہ دعا بھی مانگا کرتے تھے:

يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبَ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِکَ

"یعنی اے دلوں کے پھیرنے والے! میرے دل کو اپنے دین پر قائم رکھ"۔

(مسند امام احمد بن حنبل، جلد ۴۔ صفحہ ۵۱۱، حدیث ۱۳۶۹۷)

یہ دعا تعلیم امت کے لیے ہے تاکہ لوگ سن کر سیکھ لیں۔ (مراۃ جلد ۱، صفحہ ۱۰۹)

(2) سوتے وقت کی دعا

اَللّٰهُمَّ بِاسْمِکَ اَمُوْتُ وَاَحْیَا

ترجمہ: "اے اللہ عزوجل میں تیرے نام کے ساتھ ہی مرتا اور جیتا ہوں (یعنی سوتا اور جاگتا ہوں)"۔ (صحیح البخاری، جلد ۴، صفحہ ۳۹۱، حدیث ۶۳۱۴)

(3) نیند سے بیدار ہونے کے بعد کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَآ اَمَاتَنَا وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ

ترجمہ: "تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے جس نے ہمیں موت (نیند) کے بعد حیات (بیداری) عطا فرمائی اور ہمیں اسی کی طرف لوٹنا ہے"۔

(صحیح البخاری، جلد ۴، صفحہ ۱۹۳، حدیث ۶۳۱۴)

Marfat.com

(4) بیت الخلاء میں داخل ہونے سے پہلے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ

(صحیح البخاری، جلد ۴، صفحہ ۱۹۵، حدیث ۶۳۲۲)

ترجمہ: ''اے اللہ عزوجل میں ناپاک جن اور جنیوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں''۔

چونکہ پاخانے میں گندے جنات رہتے ہیں۔ اس لیے یہ دعا پڑھنی چاہیے۔

(مراۃ المناجیح، جلد ۱، صفحہ ۲۵۹)

(5) بیت الخلاء سے باہر آنے کے بعد کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَذْھَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَ عَافَانِیْ

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جس نے مجھ سے اذیت دور کی اور مجھے عافیت دی''۔

(مصنف ابن ابی شیبہ، جلد ۷، صفحہ ۱۴۹، حدیث ۲)

(6) گھر میں داخل ہوتے وقت کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ خَیْرَ الْمَوْلَجِ وَ خَیْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰہِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰہِ خَرَجْنَا وَعَلَی اللّٰہِ رَبِّنَا تَوَکَّلْنَا

ترجمہ: ''اے اللہ عزوجل میں تجھ سے داخل ہونے اور نکلنے کی جگہوں کی بھلائی طلب کرتا ہوں، اللہ عزوجل کے نام سے ہم اندر آئے اور اللہ عزوجل کے نام سے باہر نکلے اور ہم نے اپنے رب عزوجل پر بھروسا کیا''۔ (سنن ابی داؤد، جلد ۴، صفحہ ۴۲۱، حدیث ۵۰۹۶)

(7) گھر سے نکلتے وقت کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

ترجمہ: ''اللہ عزوجل کے نام سے، میں نے اللہ عزوجل پر بھروسا کیا، گناہ سے بچنے کی قوت اور نیکی کرنے کی طاقت اللہ عزوجل ہی کی طرف سے ہے۔

(سنن ابی داؤد، جلد ۴، صفحہ ۴۲۰، حدیث ۵۰۹۵)

اس دعا کے پڑھنے پر غیبی فرشتہ پڑھنے والے سے کہتا ہے کہ تو نے بسم اللہ کی برکت سے ہدات پائی اور توکلت علی اللہ کے وسلہ سے کفایت اور لاحول کے واسطہ سے حفاظت۔

(مراۃ المناجیح، جلد ۴، صفحہ ۴۸)

(8) کھانا کھانے سے پہلے کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

ترجمہ: ''اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جس کے نام کی برکت سے زمین و آسمان کی کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی، اے ہمیشہ زندہ و قائم رہنے والے۔

(کنز العمال، جلد ۵۱، صفحہ ۱۰۹، حدیث ۴۰۷۹۲)

شروع کرنے سے قبل یہ دعا پڑھ لی جائے، اگر کھانے پینے میں زہر بھی ہوگا تو ان شاء اللہ عزوجل اثر نہیں کرے گا۔ (کنز العمال، جلد ۵۱، صفحہ ۱۰۹، حدیث ۴۰۷۹۲)

(9) کھانا کے بعد کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَ سَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسْلِمِیْنَ

ترجمہ: ''اللہ عزوجل کا شکر ہے جس نے ہمیں کھلایا، پلایا اور ہمیں مسلمان بنایا''۔

(سنن ابی داؤد، جلد ۳، صفحہ ۵۱۳، حدیث ۳۷۵۰)

(10) دودھ پینے کے بعد کی دعا

اَللّٰهُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ

ترجمہ: ''اے اللہ! عزوجل ہمارے لیے اس میں برکت دے اور ہمیں اس سے زیادہ عنایت فرما''۔ (سنن ابی داؤد، جلد ۳، صفحہ ۴۷۶، حدیث ۳۷۳۰)

(11) آئینہ دیکھتے وقت کی دعا

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَحَسِّنْ خُلُقِیْ

Marfat.com

ترجمہ: ''یا اللہ! عزوجل تو نے میری صورت تو اچھی بنائی ہے میرے اخلاق بھی اچھے کردے''۔ (الحصن والحصین، صفحہ ۱۰۲)

(12) کسی مسلمان کو مسکراتا دیکھ کر پڑھنے کی دعا

اَضْحَکَ اللّٰہُ سِنَّکَ

ترجمہ: ''اللہ! عزوجل آپ کو ہمیشہ مسکراتا رکھے''۔

(صحیح البخاری، جلد ۲، صفحہ ۴۰۳، حدیث ۳۲۹۴)

(13) شکریہ ادا کرنے کی دعا

جَزَاکَ اللّٰہُ خَیْرًا

ترجمہ: ''اللہ تعالیٰ تجھے جزائے خیر دے''۔

(سنن الترمذی، جلد ۳، صفحہ ۴۱۷، حدیث ۲۰۴۲)

اس مختصر سے جملہ میں اس کی نعمت کا اقرار بھی ہو گیا اپنے عجز کا اظہار بھی ہو گیا اور اس کے حق میں دعائے خیر بھی، شکریہ کا مقصد بھی یہی ہوتا ہے۔

(مراۃ المناجیح، جلد ۴، صفحہ ۳۵۷)

حدیث میں ہے کہ جو لوگوں کا شکریہ ادا نہ کرے وہ اللہ کا شکریہ بھی ادا نہ کرے گا۔

(مشکاۃ المصابیح، جلد ۲، صفحہ ۵۵۷، حدیث ۳۰۲۵)

(14) ادائے قرض کی دعا

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ

ترجمہ: ''اے اللہ! عزوجل مجھے حلال رزق عطا فرما کر حرام سے بچا اور اپنے فضل و کرم سے اپنے سوا غیروں سے بے نیاز کر دے''۔

(المستدرک للحاکم، جلد ۲، صفحہ ۲۳۰، حدیث ۲۰۱۶)

یہ دعا تیر بہدف نسخہ ہے اگر ہر مسلمان ہمیشہ ہی سے یہ دعا ہر نماز کے بعد ضرور ایک بار

Marfat.com

پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ عزوجل قرض وظلم سے محفوظ رہے گا۔

(مراۃ المناجیع، جلد ۴، صفحہ ۵۱)

(15) غصہ آنے کے وقت کی دعا

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

ترجمہ: ''میں شیطان مردود سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتا ہوں''۔

(صحیح البخاری، جلد ۴، صفحہ ۱۳۱، حدیث ۶۱۱۵)

(16) علم میں اضافے کی دعا

رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ۝

ترجمہ کنزالایمان: ''اے میرے رب مجھے علم زیادہ دے''۔

(17) شعار کفار کو دیکھے یا آواز سنے تو یہ دعا پڑھے

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ اِلٰهًا وَّاحِدًا لَّا نَعْبُدُ اِلَّآ اِيَّاهُ

ترجمہ: ''میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ عزوجل کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ یکتا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، وہ معبود یکتا ہے، ہم صرف اسی کی عبادت کرتے ہیں''۔

ملفوظات اعلیٰ حضرت میں ہے کہ مندروں کے گھنٹے اور سنکھ (ناقوس یعنی بڑی کوڑی جو مندروں میں بجائی جاتی ہے) کی آواز اور گرجا وغیرہ کی عمارت کو دیکھ کر بھی یہ دعا پڑھے۔

(الملفوظ، حصہ دوم، صفحہ ۲۳۵)

(18) مصیبت زدہ کو دیکھ کر پڑھنے کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ عَافَانِيْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِيْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلًا (سنن الترمذی، جلد ۵، صفحہ ۲۷۲، حدیث ۳۴۴۲)

ترجمہ: ''اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جس نے مجھے اس مصیبت سے عافیت دی جس میں تجھے مبتلا کیا اور مجھے اپنی بہت سی مخلوق پر فضیلت دی''۔

Marfat.com

جو شخص کسی بلا رسیدہ کو دیکھ کر یہ دعا پڑھ لے گا ان شاء اللہ عزوجل اس بلا سے محفوظ رہے گا۔ ہر طرح کے امراض و بلاء میں مبتلا دیکھ کر یہ دعا پڑھ سکتے ہیں۔ لیکن تین قسم کی بیماریوں میں مبتلا کو دیکھ کر یہ دعا نہ پڑھی جائے اس لیے کہ منقول ہے کہ تین بیماریوں کو مکروہ نہ رکھو۔

(1) زکام کہ اس کی وجہ سے بہت سی بیماریوں کی جڑ کٹ جاتی ہے۔
(2) کھجلی کہ اس سے امراض جلدیہ اور جذام وغیرہ کا انسداد ہو جاتا ہے۔
(3) آشوب چشم نابینائی کو دفع کرتا ہے۔

(ملفوظات اعلیٰ حضرت، حصہ اول، صفحہ ۸۷، ملخصا)

(اس دعا کو پڑھتے وقت اس بات کا خیال رکھیں کہ مصیبت زدہ تک آواز نہ پہنچے کیونکہ اس سے اس کی دل شکنی ہو سکتی ہے۔)

(19) مرغ کی بانگ سن کر پڑھنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ

ترجمہ: ''یا الٰہی! عزوجل میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں''۔

(صحیح البخاری، جلد ۲، صفحہ ۴۰۵، حدیث ۳۳۰۳ ماخوذاً)

مرغ رحمت کا فرشتہ دیکھ کر بولتا ہے، اس وقت کی دعا پر فرشتے کے آمین کہنے کی امید ہے۔ (مراۃ المناجیح، جلد ۴، صفحہ ۳۲)

(20) بارش کی زیادتی کے وقت کی دعا

اَللّٰھُمَّ حَوَالَیْنَا وَلَا عَلَیْنَا اَللّٰھُمَّ عَلَی الْاٰکَامِ وَالظِّرَابِ وَبُطُوْنِ الْاَوْدِیَۃِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ

ترجمہ: ''اے اللہ! عزوجل ہمارے ارگرد برسا اور ہم پر نہ برسا، اے اللہ! عزوجل ٹیلوں اور پہاڑیوں پر اور وادیوں پر اور درخت اگنے کے مقامات پر برسا۔ (یعنی جہاں جانی

و مالی نقصان ہونے کا اندیشہ نہ ہو)۔(صحیح البخاری، جلد ا، صفحہ ۳۴۷، حدیث ۱۰۱۴)

(21) آندھی کے وقت کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُکَ خَیْرَھَا وَ خَیْرَ مَا فِیْھَا وَ خَیْرَ مَا اُرْسِلَتْ بِہٖ

وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّھَا وَ شَرِّ مَا فِیْھَا وَ شَرِّ مَا اُرْسِلَتْ بِہٖ

ترجمہ: ''یاالٰہی! عزوجل میں تجھ سے اس (یعنی آندھی) کی اور جو کچھ اس میں ہے اور جس کے ساتھ یہ بھیجی گئی ہے، اس کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس (آندھی) کے شر سے اور اس چیز کے شر سے جو اس میں ہے اور اس کے شر سے جس کے ساتھ یہ بھیجی گئی ہے''۔(صحیح مسلم، صفحہ ۴۴۶، حدیث ۷۹۹)

(22) ستارہ ٹوٹتا دیکھتے وقت کی دعا

مَاشَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

ترجمہ: ''جو اللہ تعالیٰ چاہے، کوئی قوت نہیں مگر اللہ تعالیٰ کی مدد سے''۔

(عمل الیوم واللیلۃ، صفحہ ۱۹۸، حدیث ۶۵۳)

(23) بازار میں داخل ہوتے وقت کی دعا

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ

وَیُمِیْتُ وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

ترجمہ: ''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے ہے بادشاہی اور اس کے لیے حمد ہے، وہی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے وہ زندہ ہے اس کو ہرگز موت نہیں آئے گی، تمام بھلائیاں اسی کے دست قدرت میں ہیں اور وہ ہر چیز پر قادر ہے''۔(سنن الترمذی، جلد ۵، صفحہ ۲۷۱۔ حدیث ۳۴۳۹)

اللہ تعالیٰ اس (دعا کے پڑھنے والے) کے لیے دس لاکھ نیکیاں لکھتا ہے اور اس کے دس لاکھ گناہ مٹاتا ہے اور اس کے دس لاکھ درجے بلند کرتا ہے اور اس کے لیے جنت میں گھر

Marfat.com

بناتا ہے۔(مراۃ المناجیح، جلد ۴، صفحہ ۹۳)

(24) بازار میں نقصان نہ ہو بلکہ فائدہ ہو

بازار جائیں تو یہ دعا پڑھیں:

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ خَیْرَ هٰذِهِ السُّوْقِ وَ خَیْرَ مَا فِیْهَا وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّهَا وَ شَرِّمَا فِیْهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ اَنْ اُصِیْبَ فِیْهَا یَمِیْنًا فَاجِرَةً اَوْ صَفْقَةً خَاسِرَةً

(المستدرک للحاکم، جلد ۲، صفحہ ۲۳۲، حدیث ۲۰۲۱)

اس دعا کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ بازار میں خوب نفع ہوگا اور کوئی گھاٹا نہیں ہوگا اس دعا کو حضور اکرم ﷺ نے پڑھا ہے۔(جنتی زیور، صفحہ ۸۵۰)

(25) شب قدر کی دعا

ام المومنین حضرت سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا روایت فرماتی ہیں: میں نے اپنے سرتاج، صاحب معراج ﷺ کی خدمت بابرکت میں عرض کی: ''یا رسول اللہ! عزوجل و ﷺ اگر مجھے شب قدر کا علم ہو جائے تو کیا پڑھوں؟'' سرکار ابد قرار شفیع روز شمار ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اس طرح دعا مانگو:

اَللّٰهُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ کَرِیْمٌ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ

ترجمہ: ''اے اللہ! عزوجل بے شک تو معاف فرمانے والا، درگزر فرمانے والا ہے اور معاف کرنے کو پسند فرماتا ہے لہٰذا مجھے معاف فرمادے''۔

(سنن الترمذی، جلد ۵، صفحہ ۳۰۶، حدیث ۳۵۲۴)

(26) افطار کے وقت کی دعا

اَللّٰهُمَّ لَکَ صُمْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ

ترجمہ: ''اے اللہ! عزوجل میں نے تیرے لیے روزہ رکھا اور تیرے ہی عطا کردہ

Marfat.com

رزق سے افطار کیا"۔(سنن ابی داؤد، جلد ۲، صفحہ ۴۴۷، حدیث ۲۳۵۷)

(27) آب زم زم پیتے وقت کی دعا

اَللّٰھُمَّ اَسْاَلُکَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّشِفَآءً مِّنْ کُلِّ دَآءٍ

ترجمہ: "اے اللہ! عزوجل میں تجھ سے علم نافع کا اور رزق کی کشادگی کا اور ہر بیماری سے شفایابی کا سوال کرتا ہوں"۔(المستدرک للحاکم، جلد ۲، صفحہ ۱۳۲، حدیث ۱۷۸۲)

سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آب زمزم جس کام کے لیے پیا جائے (کارآمد ہے) آپ اس کو پیتے وقت شفاء طلب کریں تو اللہ عزوجل شفاء عطا فرمائے گا، اور اگر پناہ مانگیں تو اللہ عزوجل اسے پناہ عطا فرمائے گا۔(المستدرک للحاکم، جلد ۲، صفحہ ۱۳۲، حدیث ۱۷۸۲)

(28-29) نیا لباس پہنتے وقت کی دو دعائیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ مَآ اُوَارِیْ بِہٖ عَوْرَتِیْ وَاَتَجَمَّلُ بِہٖ فِیْ حَیَاتِیْ

ترجمہ: "اللہ عزوجل کا شکر ہے جس نے مجھے وہ کپڑا پہنایا جس سے میں اپنا ستر چھپاتا ہوں اور زندگی میں اس سے زینت حاصل کرتا ہوں"۔

(سنن الترمذی، جلد ۵، صفحہ ۳۲۷، حدیث ۳۵۷۱)

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ اَنْتَ کَسَوْتَنِیْہِ اَسْاَلُکَ خَیْرَہٗ وَ خَیْرَ مَا صُنِعَ لَہٗ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّہٖ وَ شَرِّ مَا صُنِعَ لَہٗ

ترجمہ: "اے اللہ! عزوجل تیرا شکر ہے تو نے مجھے یہ کپڑا پہنایا میں تجھ سے اس کی بھلائی اور جس غرض کے لیے یہ بنایا گیا ہے اس کی بھلائی مانگتا ہوں اور اس کی برائی اور جس غرض کے لیے یہ بنایا گیا ہے اس کی برائی سے تیری پناہ طلب کرتا ہوں"۔

(سنن الترمذی، جلد ۳، صفحہ ۲۹۷، حدیث ۱۷۷۳)

(30) تیل لگاتے وقت کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

Marfat.com

ترجمہ: ''اللہ! عزوجل کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا''۔

سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان عالی شان ہے: جو بغیر بسم اللہ پڑھے تیل لگائے تو اس کے ساتھ ستر شیطان تیل لگاتے ہیں۔ (عمل الیوم واللیل، صفحہ ۶۲، حدیث ۱۷۴)

(31) لڑکے کے عقیقہ کی دعا

اَللّٰھُمَّ ھٰذِہٖ عَقِیْقَۃُ اِبْنِیْ (یہاں پر لڑکے کا نام لیا جائے) دَمُھَا بِدَمِہٖ وَلَحْمُھَا بِلَحْمِہٖ وَعَظْمُھَا بِعَظْمِہٖ وَجِلْدُھَا بِجِلْدِہٖ وَشَعْرُھَا بِشَعْرِہٖ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا فِدَآءٌ لِّابْنِیْ مِنَ النَّارِ بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ

(دعا ختم کر کے فوراً ذبح کر دے) (فتاویٰ رضویہ، جلد ۲۰، صفحہ ۵۸۵)

ترجمہ: ''اے اللہ! عزوجل یہ میرے فلاں بیٹے کا عقیقہ ہے، اس کا خون اس کے خون، اس کا گوشت اس کے گوشت، اس کی ہڈی اس کی ہڈی، اس کا چمڑا اس کے چمڑے اور اس کے بال اس کے بال کے بدلے میں ہیں۔ اے اللہ! عزوجل اس کو میرے بیٹے کے لیے جہنم کی آگ سے فدیہ بنا دے۔ اللہ! عزوجل کے نام سے، اللہ عزوجل سب سے بڑا ہے''۔

(32) لڑکی کی عقیقہ کی دعا

اَللّٰھُمَّ ھٰذِہٖ عَقِیْقَۃُ اِبْنَتِیْ (یہاں پر لڑکی کا نام لیا جائے) دَمُھَا بِدَمِھَا وَلَحْمُھَا بِلَحْمِھَا وَعَظْمُھَا بِعَظْمِھَا وَجِلْدُھَا بِجِلْدِھَا وَ شَعْرُھَا بِشَعْرِھَا اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا فِدَآءٌ لِّابْنَتِیْ مِنَ النَّارِ بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ

(دعا ختم کر کے فوراً ذبح کر دے) (فتاوی رضویہ، جلد ۲۰، صفحہ ۵۸۵)

ترجمہ: ''اے اللہ! عزوجل یہ میری فلاں بیٹی کا عقیقہ ہے، اس کا خون اس کے خون، اس کا گوشت اس کے گوشت، اس کی ہڈی اس کی ہڈی، اس کا چمڑا اس کے چمڑے اور اس کے بال اس کے بال کے بدلے میں ہیں۔ اے اللہ! عزوجل اس کو میری بیٹی کے لیے جہنم

Marfat.com

کی آگ سے فدیہ بنادے۔ اللہ عزوجل کے نام سے، اللہ عزوجل سب سے بڑا ہے۔

(33) سواری پر اطمینان سے بیٹھ جانے پر دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَلَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ

ترجمہ: "اللہ تعالیٰ کا شکر ہے، پاکی ہے اسے جس نے اس سواری کو ہمارے بس میں کر دیا اور یہ ہمارے بوتے (طاقت) کی نہ تھی اور بے شک ہمیں اپنے رب کی طرف پلٹنا ہے"۔ (سنن ابی داؤد، جلد ۳، صفحہ ۴۹، حدیث ۲۶۰۲)

(34) جب کوئی شگون دل میں کھٹکے اس وقت کی دعا

اَللّٰهُمَّ لَايَاْتِیْ بِالْحَسَنَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا يَدْفَعُ السَّيِّئَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِكَ

ترجمہ: "اے اللہ! عزوجل تو ہی بھلائی عطا فرماتا ہے اور تو ہی برائی دور کرتا ہے اور گناہ سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی قوت تیری ہی مدد سے ہے"۔

(سنن ابی داؤد، جلد ۴، صفحہ ۲۵، حدیث ۳۹۱۹)

بدشگونی کی اسلام میں کوئی حقیقت نہیں ہے۔ مثلاً بعض لوگوں کو دیکھا گیا ہے کہ اگر ان کے سامنے سے کالی بلی راستہ کاٹ کر گزر جائے تو کہتے ہیں کہ ہمارے لیے برا ہوا، ہم جس مقصد کے لیے جا رہے تھے وہ پورا نہ ہوگا لہٰذا واپس گھر لوٹ جاتے ہیں اور دوبارہ پھر جس مقصد کے لیے گھر سے نکلے تھے اس کام کے لیے روانہ ہوتے ہیں۔ یاد رہے کہ اسلام میں ایسے توہمات (وہموں) اور بدشگونیوں کی کوئی حقیقت نہیں ہے، ان سے اجتناب ضروری ہے، اگر دل میں کبھی ایسی بات کھٹکے تو یہ دعا پڑھے کہ اس دعا میں مسلمانوں کو تعلیم دی گئی ہے کہ وہ موثر حقیقی اللہ تعالیٰ ہے۔ وہ جو چاہتا ہے وہی ہوتا ہے یہی بات اگر بندۂ مومن ہمیشہ اپنے پیش نظر رکھے تو تمام توہمات اور بدشگونیوں سے چھٹکارا ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ عزوجل۔

(36-35) نظر بد لگنے پر پڑھے

یہ آیت نظر بد سے بچنے کے لیے اکسیر ہے۔ (نور العرفان، صفحہ ۹۷۱)

وَ اِنْ یَّكَادُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَ یَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۵۱﴾ (القلم:51)

ترجمہ کنز الایمان: ''اور ضرور کافر تو ایسے معلوم ہوتے ہیں کہ گویا اپنی بدنظر لگا کر تمہیں گرادیں گے، جب قرآن سنتے ہیں اور کہتے ہیں یہ ضرور عقل سے دور ہیں''۔

حضرت سیدنا حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: جس کو نظر لگے اس پر یہ آیت پڑھ کر دم کردی جائے۔ (خزائن العرفان، صفحہ ۱۰۱۹)

اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنْهُ حَرَّهَا وَ بَرْدَهَا وَوَصَبَهَا

ترجمہ: ''اے اللہ! عزوجل اس (نظر بد) کی گرمی، سردی اور مصیبت اس سے دور کر دے''۔ (المستدرک للحاکم، جلد ۵، صفحہ ۳۰۵، حدیث ۷۵۷۵)

(37) جل جانے پر پڑھنے کی دعا

اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ، اِشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَا شَافِیْ اِلَّا اَنْتَ

ترجمہ: ''اے تمام لوگوں کے رب! عزوجل تکلیف دور فرما، شفاء دے تو ہی شفا دینے والا ہے تیرے سوا کوئی شفا دینے والا نہیں''۔

(سنن الکبری للنسائی، جلد ۶، صفحہ ۲۵۴، حدیث ۱۰۷۶۴)

(38) زہریلے جانوروں سے محفوظ رہنے کی دعا

نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد ہر روز تین بار یہ دعا پڑھے اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھ لے۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

ترجمہ: ''میں اللہ عزوجل کے پورے اور کامل کلمات کے ساتھ مخلوق کے شر سے پناہ

Marfat.com

لیتا ہوں۔(یہاں مخلوق سے مراد وہ مخلوق ہے جس سے شر ہو سکے)

یہ دعا سفر و حضر میں ہمیشہ صبح شام پڑھیں کیجئے، زہریلی چیزوں سے محفوظ رہیں گے، بہت مجرب ہے۔(مراۃ جلد ۴، صفحہ ۵۳)

سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ۝ (الصافات:79)

ترجمہ کنزالایمان: ''نوح پر سلام ہو جہان والوں میں''۔

خدا عزوجل نے چاہا تو زہریلے جانور سانپ بچھو وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔ نہایت مجرب ہے۔(اسلامی زندگی، صفحہ ۱۲۸)

(39) کسی قوم سے خطرے کے وقت کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُ بِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ

ترجمہ: ''اے اللہ! عزوجل ہم دشمنوں کے مقابل کرتے ہیں اور ان کی شرارتوں سے تیری پناہ چاہتے ہیں''۔

(40) سخت خطرے کے وقت کی دعا

اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَاٰمِنْ رَوْعَاتِنَا

ترجمہ: ''الٰہی! عزوجل ہماری پردہ داری فرما اور ہماری گھبراہٹ کو بے خوفی و اطمینان سے بدل دے''۔(مسند امام احمد بن حنبل، جلد ۴، صفحہ ۷، حدیث ۱۰۹۹۶)

(41) زبان کی لکنت کی دعا

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ۝ وَیَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ ۝ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ۝ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ۝ (طٰہٰ:25-28)

ترجمہ کنزالایمان: ''اے میرے رب میرے لیے میرا سینہ کھول دے اور میرے لیے میرا کام آسان کر اور میری زبان کی گرہ کھول دے کہ وہ میری بات سمجھیں''۔

(42) کفر وفقر سے پناہ کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْکُفْرِ وَالْفَقْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ

ترجمہ: ''اے اللہ! عزوجل میں کفر، فقر اور عذاب قبر سے تیری پناہ چاہتا ہوں''۔

(سنن النسائی، صفحہ ۲۳۱، حدیث ۱۳۴۴)

(43-44) عیادت کرتے وقت کی دو دعائیں

لَا بَاْسَ طَھُوْرٌ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ

ترجمہ: ''کوئی حرج کی بات نہیں ان شاء اللہ عزوجل یہ مرض گناہوں سے پاک کرنے والا ہے''۔ (صحیح البخاری، جلد ۲، صفحہ ۵۰۵، حدیث ۳۶۱۶)

اَسْاَلُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَنْ یَّشْفِیَکَ

ترجمہ: ''میں عظمت والے سے سوال کرتا ہوں جو عرش عظیم کا مالک ہے کہ وہ تجھے شفا دے''۔ (سنن ابی داؤد، جلد ۳، صفحہ ۲۵۱، حدیث ۳۱۰۶)

(45) مصیبت کے وقت کی دعا

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ، اَللّٰھُمَّ اْجُرْنِیْ فِیْ مُصِیْبَتِیْ وَاَخْلِفْ لِیْ خَیْرًا مِّنْھَا

ترجمہ: ''بے شک ہم اللہ تعالیٰ کے ہیں اور بے شک ہم اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں، اے اللہ! عزوجل میری مصیبت میں مجھے اجر دے اور مجھے اس سے بہتر عطا فرما''۔

(صحیح مسلم، صفحہ ۴۵۷، حدیث ۹۱۷)

(46) تعزیت کرتے وقت کی دعا

اِنَّ لِلّٰہِ مَآ اَخَذَ وَلَہٗ مَآ اَعْطٰی کُلٌّ وَعِنْدَہٗ بِاَجَلٍ مُّسَمًّی فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ

ترجمہ: ''بے شک اللہ تعالیٰ ہی کا ہے جو اس نے لے لیا اور جو کچھ اس نے دیا ہے اور

ہر چیز کی اس کی بارگاہ میں میعاد مقرر ہے پس چاہیے کہ تو صبر کرے اور ثواب کی امید رکھے"۔ (صحیح البخاری، جلد ۱، صفحہ ۴۳۴، حدیث ۱۲۷۴)

(47) کفن پر لکھنے کی دعائیں

جو یہ دعا میت کے کفن پر لکھے اللہ تعالیٰ قیامت تک اس سے عذاب اٹھالے۔ وہ دعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُکَ یَا عَالِمَ السِّرِّ یَا عَظِیْمَ الْخَطَرِ یَا خَالِقُ الْبَشَرِ یَا مُوْقِعَ الظَّفَرِ یَا مَعْرُوْفَ الْاَثْرِ یَاذَا الطَّوْلِ وَالْمَنِّ یَا کَاشِفَ الضُّرِّ وَ الْمِحَنِ یَا اِلٰهَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ فَرِّجْ عَنِّیْ هُمُوْمِیْ وَ اکْشِفْ عَنِّیْ غُمُوْمِیْ وَصَلِّ اَللّٰھُمَّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّسَلِّمْ

جو یہ دعا کسی پرچہ پر لکھ کر سینہ پر کفن کے نیچے رکھ دے اسے عذاب قبر نہ ہو نہ منکر نکیر نظر آئیں اور وہ دعا یہ ہے:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْکَ لَهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ الْحَمْدُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ (فتاویٰ رضویہ مخرجہ، جلد ۹، صفحہ ۱۰۸، ۱۱۰)

مدنی پھول: بہتر یہ ہے کہ یہ پرچہ (بلکہ عہد نام اور شجرہ وغیرہ) میت کے منہ کے سامنے قبلہ کی جانب (قبر کی اندرونی دیوار میں) طاق کھود کر اس میں رکھیں۔

(بہار شریعت، جلد ۱، صفحہ ۴، صفحہ ۷۴۷)

مدنی مشورہ: کچھ پرچے اپنے پاس رکھ لیجئے اور مسلمانوں کی فوتگی کے مواقع پر پیش کر کے ثواب کمایئے نیز کفن فروشوں اور تجہیز و تکفین کرنے والے سماجی اداروں کو بھی پیش کیجئے کہ وہ ہر مسلمان کے لیے کفن کے ساتھ ایک پرچہ فی سبیل اللہ دے دیا کریں۔

(48) دعا برائے روشنی چشم

آیۃ الکرسی ہر نماز کے بعد ایک بار پڑھی جائے اور نماز پنجگانہ کی پابندی کرے جن

Marfat.com

دنوں میں عورت کو نماز کا حکم نہیں ان میں بھی پانچوں نماز کے وقت آیۃ الکرسی اسی نیت سے کہ اللہ عزوجل کی تعریف ہے نہ اس نیت سے کہ کلام اللہ ہے پڑھ لے اور جب اس کلمہ پر پہنچے وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کے پورے آنکھوں پر رکھ کر اس کلمہ کو گیارہ بار کہے پھر دونوں ہاتھوں کی انگلیوں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیر لے۔

(49) فرض نماز کے بعد کی دعائیں

ہر نماز کے بعد پیشانی یعنی سر کے اگلے حصہ پر ہاتھ رکھ کر پڑھے اور ہاتھ کھینچ کر ماتھے تک لائے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ عَنِّیْ الْھَمَّ وَالْحُزْنَ

(مجمع الزوائد، جلد ۱۰، صفحہ ۱۴۴، حدیث ۱۶۹۷۱)

ترجمہ: ''اللہ عزوجل کے نام سے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ رحمٰن و رحیم ہے، اے اللہ! عزوجل مجھ سے غم و رنج کو دور کر دے''۔

(بہار شریعت، جلد اول، حصہ سوم، صفحہ ۵۳۹)

اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِکَ وَ شُکْرِکَ وَ حُسْنِ عِبَادَتِکَ

ترجمہ: ''اے اللہ! عزوجل تو اپنے ذکر و شکر اور حسن عبادت پر میری مدد فرما''۔

(سنن ابی داؤد، جلد ۲، صفحہ ۱۲۳، حدیث ۱۵۲۲)

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَ مِنْکَ السَّلَامُ تَبَارَکْتَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

ترجمہ: ''اے اللہ! عزوجل تو سلامتی دینے والا ہے اور تیری ہی طرف سے سلامتی ہے تو برکت والا ہے اے جلال و بزرگی والا''۔ (صحیح مسلم، صفحہ ۲۹۸، حدیث ۵۹۲)

عہد نامہ

جو ہر نماز (یعنی فرض و سنتیں وغیرہ پڑھنے) کے بعد عہد نامہ پڑھے، فرشتہ اسے لکھ کر مہر لگا کر قیامت کے لیے اٹھا رکھے، جب اللہ عزوجل اس بندے کو قبر سے اٹھائے، فرشتہ وہ نوشتہ (یعنی دستاویز) ساتھ لائے اور ندا کی جائے عہد والے کہاں ہیں، انہیں وہ عہد نامہ دیا جائے۔

Marfat.com

امام حکیم ترمذی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اسے روایت کر کے فرمایا، امام طاؤس رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی وصیت سے یہ عہد نامہ ان کے کفن میں لکھا گیا۔ (الدر المنثور، جلد ۵، صفحہ ۵۴۲)

عہد نامہ یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ الرَّحْمٰنَ الرَّحِیْمَ اِنِّیْ اَعْھَدُ اِلَیْکَ فِیْ ھٰذِہِ حَیَاۃِ الدُّنْیَا بِاَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُکَ وَرَسُوْلُکَ فَلَا تُکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ فَاِنَّکَ اِنْ تُکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ تُقَرِّبْنِیْ مِنَ الشَّرِّ وَتُبَاعِدْنِیْ مِنَ الْخَیْرِ وَاِنِّیْ لَا اَثِقُ اِلَّا بِرَحْمَتِکَ فَاجْعَلْ رَحْمَتَکَ لِیْ عَھْدًا عِنْدَکَ تُؤَدِّیْہِ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ

(الدر المنثور، جلد ۵، صفحہ ۵۴۲)

مدنی پھول: بہتر یہ ہے کہ عہد نامہ (بلکہ شجرہ، وغیرہ) میت کے منہ کے سامنے قبلہ کی جانب (قبر کی اندرونی دیوار میں) طاق کھود کر اس میں رکھیں۔

(بہار شریعت، جلد اول، حصہ ۴، صفحہ ۷۴۸)

مختصر حالات مصنّف دعائے حزبُ البَحر

حضرت شیخ سیّد ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ جو حزب البحر کے مصنف ہیں ان کے مقدّس حالات و سلسلہ میں بعض باتیں نہایت ہی عجیب و غریب ہیں۔ یہ بزرگ حسنی سادات یعنی امام حسن رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے ہیں۔ ان کے آباؤ اجداد کی جائے پیدائش و مدفن مغرب اقصیٰ (مراکش) ہے۔ مگر حضرت شیخ سیّد ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ مغرب سے نکل کر تونس میں قیام پذیر ہوئے۔ اور علم و فضل میں عرفانی دولت یہیں حاصل فرمائی۔ حضرت عبدالسّلام بن مُشیش رحمۃ اللہ علیہ ان کے مرشد ہیں۔ اور حضرت موصوف کا طریقہ تمام طریقوں سے علیحدہ ہے کہ حضرت جابر جھنی سے ملتا ہے اور وہ حضرت

سیّدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب ہیں ۔ کتاب کشف الظنون جلد اوّل صفحہ ۳۳۳ میں ہے کہ: جب حضرت شیخ سیّد ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ سمندر میں جہاز پر سوار ہوکر حج کے لئے جارہے تھے اور ہوائے مخالف کے سبب لوگوں پر مایوسی کا عالم طاری تھا۔ اس وقت مراقبہ میں آپ کو حضور پرنور ﷺ کی زیارت ہوئی اور اور آپ کو یہ دعائے مبارک بتائی ۔آپ نے خود بھی پڑھی اور لوگوں سے بھی پڑھوائی ، اس کی برکت سے ہوا موافق چل پڑی ۔اور سب لوگ منزل مقصود پر بخیر وعافیت پہنچ گئے ۔ جہاز کا نصرانی کپتان اور دیگر غیر مذاہب کے اشخاص اس کرامت کو دیکھ کر مشرف یہ اسلام ہوئے ۔حج سے فارغ ہوکر ایک عرصہ تک تونس میں رہے ، پھر وہاں سے مصر میں جلوہ افروز ہوئے ۔ مصر میں حضرت کے معتقدین اور خلفاء نے اس کا ورد شروع کیا۔ آپ کے اجل خلفاء میں سے حضرت ابی العباس مرسی رحمۃ اللہ علیہ ہیں ۔آپ بھی اس حزب کو بعد نماز فجر اور بعد نماز عصر پڑھا کرتے تھے ۔ ہندوستان میں وہ زمانہ قطب الاقطاب وبابا صاحب قدس اسرارھم کا تھا۔ ل ۵۵ھ میں پیدا ہوئے اور ل ۶۵۶ھ میں وصال فرمایا۔

حِزبُ البَحر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یَا اَللّٰہُ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیۡمُ یَا حَلِیۡمُ اَنۡتَ رَبِّیۡ وَعِلۡمُکَ حَسۡبِیۡ فَنِعۡمَ الرَّبِّ رَبِّیۡ وَنِعۡمَ الۡحَسۡبُ حَسۡبِیۡ تَنۡصُرُ مَنۡ تَشَآءُ وَ اَنۡتَ الۡعَزِیۡزُ الرَّحِیۡمُ نَسۡئَلُکَ الۡعِصۡمَۃَ فِی الۡحَرَکَاتِ وَالسَّکَنَاتِ وَالۡکَلِمَاتِ وَالۡاِرَادَاتِ وَالۡخَطَرَاتِ مِنَ وَ السُّکُوۡکِ النَّظَنُوۡنِ وَالۡاَوۡھَامِ السَّاتِرَۃِ لِلۡقُلُوۡبِ عَنۡ مَطَالَعَۃِ الۡغُیُوۡبِ فَقَدِ ابۡتُلِیَ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ وَزُلۡزِلُوۡا زِلۡزَالًا شَدِیۡدًا جب یہ لفظ یعنی شدید اپڑھ چکے تو داہنی انگشت شہادت سے آسمان کی طرف اشارہ کرے۔ وَاِذۡ یَقُوۡلُ الۡمُنَافِقُوۡنَ وَالَّذِیۡنَ فِیۡ قُلُوۡبِھِمۡ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰہُ وَرَسُوۡلُہٗ اِلَّا غُرُوۡرًا فَثَبِّتۡنَا وَانۡصُرۡنَا اس جگہ یعنی انصرنا

پڑھنے میں مطلب کا دل میں خیال کرے۔

وَسَخِّرْلَنَا هٰذَاالْبَحْرَسَخَّرْتَ الْبَحْرَ لِمُوْسٰی عَلَيْهِ السَّلَامَ وَسَخَّرْتَ النَّارَ لِاِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ وَسَخَّرْتَ الْجِبَالَ وَالْحَدِيْدَ لِدَاوٗدَ عَلَيْهَ السَّلَامَ وَسَخَّرْتَ الرِّيْحَ وَالشَّيَاطِيْنَ وَالْجِنَّ لِسَلَيْمَانِ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَسَخَّرْلَنَا كُلَّ بَحْرٍهُوَلَكَ فِی الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ وَالْمُلْكَ الْمَلَكُوْتِ وَبَحْرِالدُّنْيَاوَبَحْرِالْاٰخِرَةِ وَسَخِّرْلَنَا كُلَّ شَیْءٍ يَا مَنْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ كٓهٰيٰعٓصٓ كٓهٰيٰعٓصٓ كٓهٰيٰعٓصٓ

اس کلمہ کو تین بار لکھا گیا ہے کہ یہ تین بار پڑھا جاتا ہے پہلی مرتبہ پڑھتے ہوئے ہر حرف کے ساتھ داہنے ہاتھ کی انگلیاں بند کرے اس طرح کہ پہلے حرف کے ساتھ چھنگلی، دوسرے حرف کے ساتھ چھنگلی کے ساتھ والی انگلی، تیسرے حرف کے ساتھ درمیانی انگلی، چوتھے حرف کے ساتھ انگشت شہادت پانچویں کے ساتھ انگوٹھا بند کرے اور اسی طرح بند رکھے پھر دوسرے كٓهٰيٰعٓصٓ کے ساتھ اسی ترتیب سے کھولدے۔ پھر تیسرے كٓهٰيٰعٓصٓ کے ساتھ بند کرے۔ اُنْصُرْنَا یہاں پر یعنی اُنْصُرْنَا پڑھتے ہوئے پہلی انگلی یعنی چھنگلی کھولدے فَاِنَّكَ خَيْرُ النَّاصِرِيْنَ وَ افْتَحْ لَنَا، یہاں اسی طرح دوسری انگلی کھول دے۔ وَاغْفِرْلَنَا یہاں تیسری انگلی کھول دے فَاِنَّكَ خَيْرُالْغَافِرِيْنَ وَارْحَمْنَا یہاں چوتھی انگلی کھول دے فَاِنَّكَ خَيْرُالرَّاحِمِيْنَ وَارْزُقْنَا یہاں پانچویں انگلی کھولدے اور کھولنے کی ترتیب وہی ہے جو بند کرنے کی ہے۔

فَاِنَّكَ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ وَحَفَّظْنَا فَاِنَّكَ خَيْرُالْحٰفِظِيْنَ وَاهْدِنَا وَنَجِّنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رِيْحًا طَيِّبَةً كَمَا هِیَ فِیْ عِلْمِكَ وَانْشُرْهَا عَلَيْنَا مِنْ خَزَآئِنِ رَحْمَتِكَ وَاحْمِلْنَا بِهَا حَمْلَ الْكَرَامَةِ وَمَعَ السَّلَامَةِ وَالْعَافِيَةِ فِی الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ۔ اَللّٰهُمَّ يَسِّرْلَنَا اُمُوْرَنَا (یہاں پر اُمُوْرَنَا پڑھتے وقت مطلب کا خیال دل میں رکھے) مَعَ الرَّاحَةِ لِقُلُوْبِنَا وَاَبْدَانِنَا وَالسَّلَامَةِ

Marfat.com

وَالْعَافِيَةَ فِيْ دِيْنِنَا وَدُنْيَانَا كُنْ لَّنَا صَاحِبًا سَفَرِنَا وَخَلِيْفَةً فِيْ اَهْلِنَا وَاطْمِسْ عَلٰى وُجُوْهِ اَعْدَآئِنَا اس جگہ یعنی وجوہ پڑھتے وقت دشمنوں کا تصور کر کے داہنے ہاتھ کی مٹھی بند کر کے نیچے کی طرف اشارہ کرے اور کھول دے۔ وَامْسَخْهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ الْمُضِيَّ وَلَا الْمَجِيْءَ اِلَيْنَا وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ۔ وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ۔ يٰسٓ ۝۱ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝۲ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝۳ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝۴ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۝۵ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ۝۶ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۷ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝۸ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝۹۔ شَاهَتِ الْوُجُوْهُ شَاهَتِ الْوُجُوْهُ شَاهَتِ الْوُجُوْهُ۔ یہ کلمہ تین بار لکھا گیا ہے۔ اس جگہ ہر مرتبہ دشمنوں کا تصور کیا جائے کہ وہ تباہ ہو جائیں اور ہر دفعہ الٹا ہاتھ زمین پر مارا جائے۔ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا۔ طٰسٓمّٓ۔ طٰسٓمّٓ۔ حٰمٓعٓسٓقٓ۔ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ۔ يَلْتَقِيٰنِ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ۔ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ چونکہ سات مرتبہ پڑھا جاتا ہے اس سات بار لکھا گیا ہے۔ پہلی بار پڑھ کر دائیں جانب پھونک مارے اور دوسری بار پڑھ کر بائیں جانب اور تیسری بار پڑھ کر سامنے اور چوتھی بار پڑھ کر پیچھے اور پانچویں بار پڑھ کر اوپر اور چھٹی بار پڑھ کر نیچے اور ساتویں بار پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام بدن پر ملے۔ حٰمٓ الْاَمْرُ وَجَآءَ النَّصْرُ فَعَلَيْنَا لَا يُنْصَرُوْنَ۔ حٰمٓ۔ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ۔ غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ۔ بِسْمِ اللّٰهِ بَابُنَا تَبَارَكَ حِيْطَانُنَا يٰسٓ سَقْفُنَا كٓهٰيٰعٓصٓ۔ یہاں دائیں ہاتھ کی انگلیاں بند کرے

چھنگلی سے شروع کرے انگوٹھے پر ختم کرے پہلا حرف پڑھتے وقت چھنگلی بند کرے دوسرے پر اس کے ساتھ والی۔ تیسری پر درمیانی چوتھے پر انگشت شہادت پانچویں پر انگوٹھا۔ ہر حرف کے پڑھنے کے ساتھ ہی انگلی بند کرے۔ کِفَایَتُنَا حٰمٓعٓسٓقٓ اس جگہ انگلیاں کھولے ہر حرف کے ساتھ اسی ترتیب سے کہ جس طرح بند کی تھیں۔ حِمَایَتُنَا فَسَیَکْفِیْکَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔ سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَیْنَا وَعَیْنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَیْنَا بِحَوْلِ اللّٰهِ لَا یَقْدِرُ عَلَیْنَا۔ سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَیْنَا وَعَیْنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَیْنَا بِحَوْلِ اللّٰهِ لَا یَقْدِرُ عَلَیْنَا۔ سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَیْنَا وَعَیْنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَیْنَا بِحَوْلِ اللّٰهِ لَا یَقْدِرُ عَلَیْنَا۔ سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَیْنَا وَعَیْنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَیْنَا بِحَوْلِ اللّٰهِ لَا یَقْدِرُ عَلَیْنَا۔ سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَیْنَا وَعَیْنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَیْنَا بِحَوْلِ اللّٰهِ لَا یَقْدِرُ عَلَیْنَا۔ وَاللّٰهُ مِنْ وَرَآئِهِمْ مُّحِیْطٌ بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَّجِیْدٌ۔ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ۔ فَاللّٰهُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ۔ فَاللّٰهُ خَیْرٌ حَافِظًا وَهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ۔ فَاللّٰهُ خَیْرٌ حَافِظًا وَهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ۔ اِنَّ وَلِیِّیَ اللّٰهُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْکِتَابَ وَهُوَ یَتَوَلَّی الصَّالِحِیْنَ۔ اِنَّ وَلِیِّیَ اللّٰهُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْکِتَابَ وَهُوَ یَتَوَلَّی الصَّالِحِیْنَ۔ اِنَّ وَلِیِّیَ اللّٰهُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْکِتَابَ وَهُوَ یَتَوَلَّی الصَّالِحِیْنَ۔ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ

Marfat.com

إِلَّاهُوَعَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ الَّذِیْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔ بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ الَّذِیْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔ بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ الَّذِیْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِيْمِ۔ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِيْمِ۔ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِيْمِ۔

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

فضائلِ اوراد

رحمتوں کی برسات

حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سرور، دو جہاں کے تاجور، سلطان بحر و بر ﷺ کا فرمان رحمت نشان ہے: ''مجھ پر درود شریف پڑھو، اللہ تعالیٰ تم پر رحمت بھیجے گا''۔

(الکامل فی ضعفاء الرجال، جلد ۵، صفحہ ۵۰۵، حدیث ۱۱۴۱)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ! صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

کعبۃ اللہ کے آٹھ حروف کی نسبت سے بسم اللہ شریف کے 8 اوراد

(1) گھر کی حفاظت کے لیے

حضرت سیدنا امام فخر الدین رازی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں، ''جس نے اپنے گھر کے باہر دروازے (MainGate) پر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لکھ لیا وہ (صرف دنیا میں) ہلاکت سے بے خوف ہو گیا خواہ کافر ہی کیوں نہ ہو، تو بھلا اس مسلمان کا کیا عالم ہوگا جو زندگی بھر اپنے دل کے آبگینے پر اس کو لکھے ہوئے ہوتا ہے''۔ (تفسیر کبیر جلد اول ص 152)

(2) دردسر کا علاج

قیصر روم نے امیر المومنین حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خط لکھا کہ مجھے دائمی دردسر کی شکایت ہے اگر آپ کے پاس اس کی دوا ہو تو بھیج دیجئے! حضرت سیدنا عمر

Marfat.com

فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کو ایک ٹوپی بھیج دی قیصر روم اس ٹوپی کو پہنتا تو اس کا دردسر کافور ہو جاتا اور جب سر سے اتارتا تو دردسر پھر لوٹ آتا۔ اسے بڑا تعجب ہوا۔ آخر کار اس نے اس ٹوپی کو ادھیڑ تو اس میں سے ایک کاغذ برآمد ہوا جس پر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لکھا تھا۔

(تفسیر کبیر جلد اول ص155)

(3) نکسیر پھوٹنے کا علاج

اگر کسی کی نکسیر پھوٹ جائے اور خون بہنے لگے تو شہادت کی انگلی سے پیشانی پر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لکھنا شروع کر کے ناک کے آخر پر ختم کرے ان شاء اللہ عزوجل خون بند ہو جائے گا۔

(4) جنات سے سامان کی حفاظت کا طریقہ

حضرت سیدنا صفوان بن سلیم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، ''انسان کو ساز و سامان اور ملبوسات کو جنات استعمال کرتے ہیں۔ لہٰذا تم میں سے جب کوئی شخص کپڑا (پہننے کے لیے) اٹھائے یا (اتار کر) رکھے تو ''بسم اللہ شریف'' پڑھ لیا کرے۔ اس کے لیے اللہ تعالیٰ کا نام مہر ہے''۔ (یعنی بسم اللہ پڑھنے سے جنات ان کپڑوں کو استعمال نہیں کریں گے)۔

(کتاب العظمۃ، الحدیث1123، ص426)

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! اسی طرح ہر چیز رکھتے اٹھاتے وقت بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھنے کی عادت بنانی چاہیے۔ ان شاء اللہ عزوجل شریر جنات کی دست برد سے حفاظت حاصل ہوگی۔

(5) دشمنی ختم کرنے کا وظیفہ

اگر پانی پر 786 مرتبہ پڑھ کر مخالف بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ (یعنی دشمن) کو پلا دیں تو ان شاء اللہ عزوجل وہ مخالفت چھوڑ دے گا اور محبت کرنے لگے گا اور اگر موافق

Marfat.com

(یعنی دوست) کو پلا دیں تو محبت بڑھ جائے گی۔ (جنتی زیور ص 587)

(6) مرض سے شفا کا وظیفہ

جس درد یا مرض پر تین روز تک سو مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ حضورِ دل سے پڑھ کر دم کیا جائے ان شاء اللہ عزوجل اس سے آرام ہو جائے گا۔

(جنتی زیور ص 589)

(7) چور اور اچانک موت سے حفاظت

اگر رات کو سوتے وقت 21 مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ لیں تو ان شاء اللہ عزوجل مال و اسباب چوری سے محفوظ رہیں گے اور مرگ ناگہانی (یعنی اچانک موت) سے بھی حفاظت ہوگی۔ (جنتی زیور ص 589)

(8) آفتیں دور ہونے کا آسان ورد

مولیٰ مشکل کشاء حضرت سیدنا علی المرتضیٰ شیر خدا کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ سلطان مکہ مکرمہ، تاجدار مدینہ منورہ، مکین گنبد خضراء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا، اے علی! (کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم) میں تمہیں ایسے کلمات نہ بتا دوں جنہیں تم مصیبت کے وقت پڑھ لو"۔ عرض کیا: "ضرور ارشاد فرمایئے! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر میری جان قربان! تمام اچھائیاں میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی سے سیکھی ہیں"۔ ارشاد فرمایا، "جب تم کسی مشکل میں پھنس جاؤ تو اس طرح پڑھو: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پس اللہ عزوجل اس کی برکت سے جن بلاؤں کو چاہے گا دور فرما دے گا"۔ (عمل الیوم واللیل لابن سنی ص 120)

پیارے بھائیو! جب بھی بیماری، قرض داری، مقدمہ بازی دشمن کی طرف سے ایذا رسانی، بے روزگاری یا کوئی سی بھی آفت ناگہانی آن پڑے کوئی چیز گم ہو جائے، کسی کی بات سن کر صدمہ پہنچے، کوئی مارے، دل دکھ جائے، ٹھوکر لگے، گاڑی خراب ہو جائے، ٹریفک

Marfat.com

جام ہوجائے، کاروبار میں نقصان ہوجائے، چوری ہوجائے الغرض چھوٹی یا بڑی کوئی سی بھی پریشانی ہو۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھتے رہنے کی عادت بنالیجئے۔ نیت صاف ہوگی تو ان شاء اللہ تعالیٰ منزل آسان ہوگی۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

بزرگوں سے منقول 38 مدنی وظائف

(1) ڈراؤنے خوابوں سے نجات

یَا مُتَکَبِّرُ 21 بار، اول آخر ایک ایک بار درود شریف سوتے وقت پڑھ لیں گے ان شاء اللہ عزوجل ڈراؤنے خواب نہیں آئیں گے۔

(فیضان سنت باب انداب طعام، جلد ۱، صفحہ ۲۴۲)

(2) جانور کے کاٹے کا عمل

یہ آیت کریمہ ہر جانور کے کاٹے کے لیے اکسیر ہے، گیارہ بار پڑھ کر کاٹنے کی جگہ دم کرے:

اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ (الزخرف:۷۹)

(3) برائے دفع بواسیر خونی وبادی

ہر قسم کی بواسیر خونی وبادی کے لیے دو رکعت نماز پڑھے پہلی رکعت میں بعد الحمد شریف کے سورۂ الم نشرح، دوسری میں سورۂ فیل اور سلام کے بعد ستر بار کہے:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّی مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ سُبْحٰنَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ

چند روز اسی طرح کرے ان شاء اللہ تعالیٰ بواسیر دفع ہو۔

(4) فالج ولقوہ

لقوہ وفالج: سورۂ زلزال لوہے (STEEL) کے برتن پر لکھ کر دھو کر پلائی جائے۔

Marfat.com

دیگر ترکیب: سورۂ زلزلت لوہے (STEEL) کے برتن میں لکھ کر دیں کہ مریض اس پر دیکھے ان شاء اللہ تعالیٰ صحت ہوگی۔

(5) برائے قوت حافظہ

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے قبل ذیل میں دی ہوئی دعا (اول آخر درود پاک) پڑھ لیجئے ان شاء اللہ عزوجل جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَکَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا رَحْمَتَکَ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

ترجمہ: ''اے اللہ عزوجل! ہم پر علم وحکمت کے دروازے کھول دے اور ہم پر اپنی رحمت نچھاور فرما! اے عظمت اور بزرگی والے!

(المستطرف، جلد ۱، صفحہ ۴۰، دارالفکر بیروت)

(6) ذہن کھولنے کے لیے

ہر روز سبق سے پہلے اکتالیس مرتبہ پڑھ کر سبق شروع کریں:

اِلٰھِیْ اَنْتَ اِلٰہٌ عَالِمٌ وَّاَنَا عَبْدُکَ جَاھِلٌ اَسْئَلُکَ اَنْ تَرْزُقَنِیْ عِلْمًا نَّافِعًا وَّفَھْمًا کَامِلًا وَّطَبْعًا زَکِیًّا وَّقَلْبًا صَفِیًّا حَتّٰی اَعْبُدَکَ وَلَا تُھْلِکُنِیْ بِالْجَھَالَۃِ بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

(7) کوڑھ اور پیلیا

سورۂ بینہ پڑھ کر برص و یرقان (یعنی کوڑھ اور پیلیا) والے پر دم کریں اور لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ کھانے پر دونوں وقت یہ سورۃ صحیح خواں (یعنی درست پڑھنے والے) سے پڑھوا کر دم کر کے کھلائیں ان شاء اللہ عزوجل بہت زیادہ فائدہ ہوگا۔

(8) وسعت رزق

یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ پانچ سو بار اول و آخر درود شریف ۱۱، ۱۱ بار بعد نماز عشاء قبلہ رو باوضو

Marfat.com

ننگے سر ایسی جگہ کہ سر اور آسمان کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو، یہاں تک کہ سر پر ٹوپی بھی نہ ہو پڑھا کریں۔

(9) تلاش معاش

تلاش معاش کے لیے سورۂ اخلاص کو بسم اللہ شریف کے ساتھ ایک ہزار ایک بار، اول وآخر سو سو مرتبہ درود شریف، عروج ماہ (یعنی چاند کی پہلی سے چودھویں تک کے زمانہ) میں پڑھنا نہایت موثر ہے۔

(10) کبھی محتاج نہ ہو

جو شخص ہر رات میں سورۂ واقعہ پڑھے گا اس کو کبھی فاقہ نہ ہوگا۔ ان شاء اللہ عزوجل

(مشکاۃ المصابیح، جلد ۱، صفحہ ۴۰۹، حدیث ۲۱۸۱)

حضرت خواجہ کلیم اللہ صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ ادائے قرض اور فاقہ دور کرنے کے لیے اس کو بعد مغرب پڑھو۔ (جنتی زیور، صفحہ ۵۹۷)

(11) چوری سے محفوظ رہے

سورۂ توبہ کو اپنے اسباب میں رکھے ان شاء اللہ عزوجل چوری سے محفوظ رہے گا۔

(12) گمشدہ شے کے ملنے کا عمل

چالیس بار سورۂ یاسین شریف سات دن تک پڑھے۔

(13) برائے قضائے حاجات

حدیث شریف میں ہے حضور نبی کریم ﷺ فرماتے ہیں کہ مجھے ایک ایسی آیت معلوم ہے کہ اگر لوگ اس پر عامل ہوں تو ان کی حاجتوں کو کافی ہے پھر یہ آیت کریمہ ارشاد فرمائی۔ (ادائے قرض اور روزی و روزگار کے لیے اس کی کثرت مفید و مجرب ہے)

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ﴿۲﴾ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ

Marfat.com

شَیْءٍ قَدْرًا ۝۳ (الطلاق:۲،۳)

(14) ہر حاجت و مراد پوری ہوگی

ہزار بار یَاشَیْخُ عَبْدِالْقَادِرِ شَیْئًا لِلّٰہِ پڑھے اول و آخر درود شریف 10,10 بار پڑھ کر داہنے ہاتھ پر دم کر کے زیر کلہ (رخسار) رکھ کر سو جائے ہر حاجت و مراد پوری ہوگی۔ ان شاء اللہ عزوجل۔

(15) برف باری روکنے کے لیے

لوہے کے توے پر سیاہی کی طرف (یعنی توے کی الٹی طرف) اس دعا کو انگلی سے لکھ کر آسمان کے نیچے رکھے ان شاء اللہ عزوجل برف باری بند ہو جائے گی یَا حَافِظُ یَا خَافِضُ۔

(16) غائب یا بھاگے ہوئے شخص کو بلانے کے لیے

(۱) کسی بزرگ کے مزار کے پاس اور یہ ممکن نہ ہو تو مکان کے گوشہ میں بیٹھ کر آیت:

وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ۝۷ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ۝۸ (الضحیٰ:۷،۸)

نو سو نوے بار پڑھے پھر ایک پوری سورۂ والضحیٰ پڑھ کر دعا کرے ان شاء اللہ عزوجل وہ واپس آجائے گا۔

(۲) بعد نماز عشاء اکتالیس بار سورۂ والضحیٰ مع بسم اللہ شریف کے پڑھ کر کھڑے ہو کر مکان کے دو گوشوں میں اذان اور دو گوشوں میں تکبیر کہہ کر واپسی کے لیے دعا کرے ایک ہفتہ کے اندر ان شاء اللہ عزوجل واپس آجائے گا۔

(17) زہر کا اثر نہ ہو

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

ہمیشہ یہ دعا پڑھ کر کھانا کھائیں اور پانی وغیرہ پئیں تو ان شاء اللہ تعالیٰ زہر کا اثر دور ہو جائے گا اور زہر کوئی نقصان نہیں دے گا۔ (جنتی زیور، صفحہ ۵۷۹)

Marfat.com

(18) بخار سے شفاء

جس کو بخار ہو سات بار یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ (المستدرک للحاکم جلد ۵، صفحہ ۵۹۲، حدیث ۸۳۲۴)

اگر مریض خود نہ پڑھ سکے تو کوئی دوسرا نمازی آدمی سات بار پڑھ کر دم کر دے یا پانی پر دم کر کے پلا دے ان شاء اللہ تعالیٰ بخار اتر جائے گا۔ ایک مرتبہ میں بخار نہ اترے تو بار بار یہ عمل کریں۔ (جنتی زیور، صفحہ ۵۸۰)

(19) ظالم اور شیطان کے شر سے پناہ کے لیے

محقق علی الاطلاق حضرت سیدنا شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ رحمۃ اللہ الغنی اپنے ایک مکتوب میں لکھتے ہیں:

سیدنا امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ''جمع الجوامع'' میں محدث ابوالشیخ کی کتاب الثواب اور تاریخ ابن عساکر سے نقل کرتے ہیں کہ ایک روز حجاج بن یوسف ثقفی ظالم گورنر نے حضرت سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مختلف اقسام کے 400 گھوڑے دکھا کر کہا کہ اے انس! کیا تم نے اپنے صاحب (یعنی رسول اللہ ﷺ) کے پاس بھی اتنے گھوڑے اور یہ شان و شوکت دیکھی ہے۔ حضرت سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: خدا کی قسم! میں نے رسول اللہ عزوجل و ﷺ کے پاس اس سے بہتر چیزیں دیکھی ہیں اور میں نے حضور اکرم ﷺ سے سنا ہے کہ گھوڑے تین طرح کے ہیں، ایک وہ گھوڑا جو جہاد کے لیے رکھا جائے پھر اس کے رکھنے کا ثواب بیان فرمایا (یہ عام طور پر حدیث کی کتابوں میں موجود ہے) دوسرا وہ گھوڑا جو اپنی سواری کے لیے رکھا جاتا ہے، تیسرا وہ گھوڑا جو نام و نمود کے لیے رکھا جاتا ہے اس کے رکھنے سے آدمی جہنم میں جائے گا۔ اے حجاج! تیرے گھوڑے ایسے ہی ہیں۔

Marfat.com

حجاج یہ سن کر آگ بگولا ہو گیا اور کہا کہ اے انس! اگر مجھ کو اس کا لحاظ نہ ہوتا کہ تم نے رسول اللہ عزوجل وصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت کی ہے اور امیر المومنین (عبدالملک بن مروان) نے تمہارے ساتھ رعایت کرنے کی ہدایت کی ہے تو میں تمہارے ساتھ بہت برا معاملہ کر ڈالتا۔ حضرت سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: اے حجاج! خدا کی قسم! تو میرے ساتھ کوئی بدعنوانی نہیں کر سکتا میں نے رسول اللہ عزوجل وصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے چند کلمات سنے ہیں جن کی برکت سے میں ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی پناہ میں رہتا ہوں اور ان کلمات کی بدولت کسی ظالم کی سختی اور کسی شیطان کے شر سے ڈرتا ہی نہیں، حجاج اس کلام کی ہیبت سے دم بخود رہ گیا اور سر جھکا لیا، تھوڑی دیر کے بعد سر اٹھا کر بولا کہ اے ابوحمزہ! (یہ حضرت سیدنا انس کی کنیت ہے) یہ کلمات مجھے بتا دیجئے۔ حضرت سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں ہرگز تجھے نہ بتاؤں گا اس لیے کہ تو اس کا اہل نہیں ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ جب حضرت سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا آخری وقت آ گیا تو ان کے خادم حضرت سیدنا ابان رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کے سرہانے آ کر رونے لگے، حضرت سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: کیا چاہتا ہے؟ حضرت سیدنا ابان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی: وہ کلمات ہمیں تعلیم فرمایئے جن کے بتانے کی حجاج نے درخواست کی تھی اور آپ نے انکار فرما دیا تھا۔ حضرت سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا: لو سیکھ لو ان کو صبح و شام پڑھنا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

دعائے سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ

بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى نَفْسِىْ وَدِيْنِىْ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى اَهْلِىْ وَمَالِىْ وَوَلَدِىْ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى مَا اَعْطَانِىَ اللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّىْ لَا اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَاَعَزُّ وَاَجَلُّ وَاَعْظَمُ مِمَّا اَخَافُ وَاَحْذَرُ عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَآءُكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ، اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِىْ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ مَّرِيْدٍ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ

Marfat.com

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اِنَّ وَلِیِّیَ اللّٰہُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْکِتٰبَ وَھُوَ یَتَوَلَّی الصّٰلِحِیْنَ

اس دعا کو تین مرتبہ صبح کو تین مرتبہ شام کو پڑھنا بزرگوں کا معمول ہے۔

(جنتی زیور، صفحہ ۵۸۳، اخبار الاخبار صفحہ ۲۹۲)

صبح وشام کی تعریف: آدھی رات کے بعد سے لے کر سورج کی پہلی کرن چمکنے تک صبح ہے۔ (اس سارے وقفے میں جو کچھ پڑھا جائے اسے صبح میں پڑھنا کہیں گے) اور ابتدا وقت ظہر سے غروب آفتاب تک شام کہلاتی ہے۔ (اس سارے وقفہ میں جو کچھ پڑھا جائے اسے شام میں پڑھنا کہیں گے)

(20) قوت حافظہ کے لیے

پانچوں نمازوں کے بعد سر پر داہنا ہاتھ رکھ کر گیارہ مرتبہ یا قوی پڑھیں۔

(جنتی زیور، صفحہ ۶۰۵)

(21) بینائی کی حفاظت کے لیے

پانچوں نمازوں کے بعد گیارہ مرتبہ یَا نُوْرُ پڑھ کر دونوں ہاتھوں کے پوروں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیر لیجئے۔ (جنتی زیور، صفحہ ۶۰۶)

(22) زبان کی لکنت

فجر کی نماز پڑھ کر ایک پاک کنکری منہ میں رکھ کر یہ آیات اکیس مرتبہ پڑھیے:

قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ﴿۲۵﴾ وَیَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ ﴿۲۶﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ﴿۲۷﴾ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ﴿۲۸﴾ (جنتی زیور، صفحہ ۶۰۶)

(23) پیٹ کے درد کے لیے

یہ آیت پانی وغیرہ پر تین بار پڑھ کر پلا دیجئے یا لکھ کر پیٹ پر باندھ دیجئے۔

لَا فِیْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا یُنْزَفُوْنَ ﴿۴۷﴾ (الصافات) (جنتی زیور، صفحہ ۶۰۶)

(24) تلی بڑھ جانا

اس آیت کو لکھ کر تلی کی جگہ باندھیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ

(جنتی زیور، صفحہ ۶۰۶)

(25) ناف اتر جانا

(الف) اس آیت کو لکھ کر ناف کی جگہ باندھیے۔ (جنتی زیور، صفحہ ۶۰۶)

اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ۭ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ۝ (فاطر)

(ب) تا حصول شفا روزانہ ایک بار ناف پر ہاتھ رکھ کر اول آخر ایک مرتبہ درود شریف کے ساتھ ذیل کی آیات سات بار پڑھ کر دم کیجئے۔ (یہ عمل مجرب ہے)

هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰيٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ ۭ فَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَاۗءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَاۗءَ تَاْوِيْلِهٖ ۚ وَمَا يَعْلَمُ تَاْوِيْلَهٗٓ اِلَّا اللّٰهُ ۘ وَالرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ ۙ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا ۚ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝ (آل عمران)

(26) بخار

(الف) اگر بغیر جاڑے کے ہو تو یہ آیت لکھ کر گلے میں باندھیے اور اسی کو پڑھ کر دم کیجئے۔ (جنتی زیور، صفحہ ۶۰۶)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ۝ (الانبیاء)

(ب) اگر بخار جاڑے کے ساتھ ہو تو یہ آیت لکھ کر گلے میں باندھیے۔

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ۭ اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ (ہود)

(جنتی زیور، صفحہ ۶۰۶)

(27) پھوڑا پھنسی

پاک صاف مٹی کا ڈھیلا پیس کر اس پر یہ دعا تین مرتبہ پڑھ کر تھوکے اور اس مٹی پر تھوڑا پانی چھڑک کر وہ مٹی تکلیف کی جگہ پر دن میں دو چار بار مل لیا کرے چاہے پھوڑے پر یہ مٹی لگا کر پٹی باندھ دے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝۱۵ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝۱۶ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝۱۷ (الطارق) (جنتی زیور، صفحہ ۶۰۷)

(28) پاگل کتے کا کاٹ لینا

اوپر ذکر کی ہوئی آیت کو روٹی یا بسکٹ کے چالیس ٹکڑوں پر لکھ کر ایک ٹکڑا روز اس شخص کو کھلا دیں، ان شاء اللہ تعالیٰ اس شخص کو باؤلا پن اور ہڑک نہ ہوگی۔

(جنتی زیور، صفحہ ۶۰۷)

(29) بانجھ پن

چالیس لونگیں لے کر ہر ایک پر سات سات بار اس آیت کو پڑھے اور جس دن عورت حیض سے پاک ہو کر غسل کرے اس دن سے ایک لونگ روزمرہ سوتے وقت کھانا شروع کرے اور اس پر پانی نہ پیے اور اس درمیان میں ضرور شوہر کے ساتھ تخلیہ کرے۔ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ؕ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ۝۴۰ (النور)

ان شاء اللہ عزوجل اولاد ملے گی۔ (جنتی زیور، صفحہ ۶۰۷)

(30) پیدائش کا درد

یہ آیت ایک پرچے پر لکھ کر کپڑے میں لپیٹ کر عورت کی بائیں ران میں باندھیں،

Marfat.com

بچہ آسانی کے ساتھ پیدا ہوگا وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۙ﴿۱﴾ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۙ﴿۲﴾ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۙ﴿۳﴾ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۙ﴿۴﴾ (الانشقاق) (جنتی زیور، صفحہ ۶۰۸)

(31) ہیضہ

ہر کھانے پینے کی چیز پر سورۂ انا انزلناہ پڑھ کر دم کر لیا کریں ان شاء اللہ عزوجل حفاظت رہے گی اور جس کو مرض ہو جائے اس کو بھی کسی چیز پر دم کر کے کھلائیں پلائیں ان شاء اللہ عزوجل شفاء ہوگی۔ (جنتی زیور، صفحہ ۶۰۹)

(32) قے، درد، درد شکم کے لیے

اس آیت کریمہ کو لکھ کر پلائیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ﴿۷۷﴾ (یاسین)

(33) درد اعضاء کے لیے

نماز کے بعد سات بار یہ آیت کریمہ:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَ تِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ (الحشر)

پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے درد کی جگہ پر ملے درد جاتا رہے گا۔ ان شاء اللہ عزوجل

(34) احتلام سے حفاظت

احتلام سے بچنے کے لیے سورۂ نوح سوتے وقت ایک بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔

(35) آنکھیں کبھی نہ دکھیں

مَرْحَبًا بِحَبِيْبِيْ وَقُرَّةُ عَيْنِيْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ

Marfat.com

حضرت سیدنا امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، جو شخص مؤذن کو اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ کہتا سن کر یہ کہے اور اپنے انگوٹھے چوم کر آنکھوں سے لگائے تو نہ کبھی وہ اندھا ہوگا نہ ہی کبھی اس کی آنکھیں دکھیں گی۔ (المقاصد الحسنہ، صفحہ ۳۹۱)

(36) گھر میں مدنی ماحول بنانے کا نسخہ

وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ﴿۷۴﴾ (الفرقان)

ترجمہ کنز الایمان: ”اے ہمارے رب ہمیں دے ہماری بیبیوں اور ہماری اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک اور ہمیں پرہیزگاروں کا پیشوا بنا“۔

ہر نماز کے بعد یہ دعا اول و آخر درود شریف کے ساتھ ایک بار پڑھ لیں۔ ان شاء اللہ عزوجل بال بچے سنتوں کے پابند بنیں گے اور گھر میں مدنی ماحول قائم ہوگا۔

(مسائل القرآن، صفحہ ۲۹۰)

(37) شوگر کا علاج

رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ﴿۸۰﴾ (بنی اسرائیل)

ترجمہ کنز الایمان: ”اے میرے رب مجھ سچی طرح داخل کر اور سچی طرح باہر لے جا اور مجھے اپنی طرف سے مددگار غلبہ دے“۔

یہ قرآنی دعا روزانہ صبح و شام تین تین بار (اول و آخر تین تین بار درود شریف) پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئیں۔ (مدت علاج: تا حصول شفا)

(38) قرضہ اتارنے کا وظیفہ

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ

ترجمہ: ”یا اللہ عزوجل مجھے حلال رزق عطا فرما کر حرام سے بچا اور اپنے فضل و کرم سے

Marfat.com

اپنے سوا غیروں سے بے نیاز کردے"۔ تاحصول مراد ہر نماز کے بعد 11,11 بار اور صبح و شام سو سو بار روزانہ (اول وآخر ایک ایک بار درود شریف) پڑھیے۔

مروی ہوا کہ ایک مکاتب (مکاتب اس غلام کو کہتے ہیں جس نے اپنے آقا سے مال کی ادائیگی کے بدلے آزادی کا معاہدہ کیا ہوا ہو)۔ (مختصر القدوری، صفحہ ۱۷۱) نے حضرت مشکل کشا، علی المرتضیٰ شیر خدا کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کی بارگاہ میں عرض کی: میں اپنی کتابت (یعنی آزادی کی قیمت) ادا کرنے سے عاجز ہوں میری مدد فرمایئے۔ آپ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے فرمایا: میں تمہیں چند کلمات نہ سکھاؤں جو رسول اللہ عزوجل و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے سکھائے ہیں، اگر تم پر جبل صیر (صیر ایک پہاڑ کا نام ہے النہایۃ، جلد ۳، صفحہ ۶۱) جتنا دین (یعنی قرض) ہوگا تو اللہ تعالیٰ تمہاری طرف سے ادا کردے گا تم یوں کہا کرو:

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ

(سنن الترمذی، جلد ۵، صفحہ ۳۲۹، حدیث ۳۵۷۴)

رزق میں خیر و برکت سے متعلق احادیث مبارکہ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کشائشِ رزق کے لئے یہ دعا فرماتی تھیں۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِکَ عَلَیَّ۔ ترجمہ: اے اللہ تو میری روزی کو کشادہ فرمادے۔

(جامع صغیر ج ۱ ص ۵۷)

حدیث شریف میں ہے کہ جس نے گھر میں داخل ہو کر سورۃ الاخلاص پڑھی تو اس کے گھر والوں اور اس کے پڑوس والوں سے فقر دور ہوگا۔

"**تفسیر قرطبی**" میں ہے: ایک شخص دربار نبوت میں حاضر ہوا "**فشکا الیہ الفقر وضیق العیش والمعاش**" اور فقر و فاقہ اور تنگی رزق کی شکایت کی تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا "**اذا دخلتَ منزلک فسلّم**" یعنی جب تو اپنے گھر میں داخل ہو تو السلام علیکم کہہ، چاہے کوئی گھر میں ہو یا نہ ہو۔ "**ثمّ سلّم علیّ**" پھر مجھ پر سلام عرض کرو "**السلام علیکَ ایّھا النبیُّ ورحمۃ اللّٰہ وبرکاتہٗ**" اور ایک مرتبہ "**قل ھو اللّٰہ**

Marfat.com

احد "پڑھا کرو۔اس شخص نے ایسا ہی کیا تو اللہ تعالی نے اس پر رزق کے دروازے کھول دیئے۔حتّٰی کے اس کے ہمسایوں اور رشتہ داروں کو بھی اس رزق سے حصہ پہنچا۔

(تفسیر قرطبی، ج ۱۰ ص ۱۸۴، طبع دار الشعیب قاہرۃ)

حلال روزی کمانے، روزی میں برکت، محتاجی دور کرنے، اور فقر و فاقہ سے نجات کے وظائف

(۱) صبح طلوع فجر کے وقت ۱۰۰ مرتبہ "سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْم وَ بِحَمْدِهٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ"۔

(۲) نماز فجر اور تمام نمازوں کے سلام پھیرنے کے بعد ۱۰ بار کلمہ طیبہ اور ۱۰ بار "يَا بَاسِطُ" (اے کشادگی دینے والے)

(۳) نماز فجر کے بعد ۵۰۰ مرتبہ "يَاحَيُّ يَا قَيُّوْمُ" (اے زندہ، اے ہمیشہ رہنے والے)

(۴) جو شخص جمعہ کے دن جمعہ کی نماز کے بعد توجہ کے ساتھ ۷۰ مرتبہ یہ وظیفہ پڑھے تو تنگدستی و غربت سے نجات ملے۔" اَلْمُعْطِیُ هُوَ اللّٰهُ"۔

(۵) روزانہ کسی بھی نماز کے بعد ۵۰۰ مرتبہ "سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ" پڑھیں تو ان شاء اللہ عزوجل روزی کے دروازے کھلیں گے۔

(۶) ابوالحسن شاذلی علیہ رحمۃ فرماتے ہیں! کہ سورۃ الفلق کثرت سے پڑھنے والے پر روزی بارش کے قطروں کی طرح برستی ہے۔

(۷) صبح و شام ۴۱، ۴۱ مرتبہ سورۃ الفلق کا ورد کریں۔

(۸) فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان گیارہ سو ۱۱۰۰ مرتبہ "يَاغَنِيُّ، يَامُغْنِيُ" پڑھیں۔

(۹) مغرب کے بعد سورۃ واقعہ کی تلاوت کا معمول بنائیں اور قدرت الٰہی کا مشاہدہ کریں۔

(۱۰) جو شخص روزانہ فجر کی نماز کے بعد ۱۲۱ مرتبہ "یَا مٰلِکُ" پڑھے گا، ان شاء اللہ وسعت رزق کا نظارہ کرے گا۔

(۱۱) روزانہ بعد نماز فجر اور عصر ۱۰۰ مرتبہ سورۃ الکوثر کی تلاوت سے رزق سے ذرائع نصیب ہوتے ہیں اور خوشحالی ملتی ہے۔

(۱۲) روزانہ نماز چاشت کے دو نفل پڑھنے کے بعد سجدے میں جا کر ۱۰۰ مرتبہ "یَا وَھَّابُ" کا ورد کریں۔

(۱۳) روزانہ ۱۰۰ مرتبہ ہر نماز کے بعد "یَا اَللّٰہُ، یَا رَزَّاقُ" کا ورد کریں۔

(۱۴) فجر کے بعد ۷۲ مرتبہ "یَا بَاسِطُ" پڑھیں۔

(۱۵) روزی کی تنگی دور کرنے کے لئے سورۃ الماعون ۴۰ دن تک ۴۰ یا ۱۱ بار پڑھیں۔

(۱۶) روزانہ مغرب کی نماز کے بعد "یَا بَاسِطُ، یَا رَزَّاقُ" ۳۴۱ بار ورد کریں۔

(۱۷) سورۃ الکہف، گیارہ روز متواتر پڑھنے سے غربت کا خاتمہ اور فراخی رزق کا سبب بن جائے گا۔

(۱۸) شروع چاند میں یہ وظیفہ پڑھنا شروع کریں، "یَا بَاسِطُ الَّذِیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ" ہر روز بعد نماز عشاء، اول آخر درود شریف گیارہ بار اور درمیان ۷۲ مرتبہ، ان شاء اللہ کبھی کسی کا محتاج نہ ہوگا، غیب سے روزی ملے گی۔

(۱۹) بعد نماز فجر "نادعلی" ۹۱ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

(۲۰) "درود تاج" ہر نماز کے بعد ۷ مرتبہ اور بعد نماز عشاء ۱۰۱ بار حضور قلب سے پڑھے، ۳ دن ایسا ہی کرے، اگر کچھ نہ ہو تو چوتھے روز بعد نماز فجر سے پڑھنا شروع کر دے اور جب تک پڑھے کہ کوئی آ کر اس کو خوشخبری نہ دے۔

(۲۱) بعد نماز صبح "یَا مٰلِکُ" بکثرت پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ غنی فرما دیتا ہے۔

(۲۲) "یَا عَزِیْزُ" چالیس دن تک ۴۰ مرتبہ پڑھیں اللہ تعالیٰ اسے معزز اور مستغنی بنا

Marfat.com

دے گا۔اور وہ کسی کا محتاج نہ ہوگا۔

(۲۳)''یَا وَھَّابُ'' کا بکثرت ورد کرے، یا چاشت کی نماز کے آخری سجدہ میں ۴۰ مرتبہ پڑھے تو فقر وفاقہ دور ہوگا۔

(۲۴)''یَا بَاسِطُ'' چاشت کی نماز پڑھنے کے بعد آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر روزانہ دس مرتبہ پڑھ کر منہ پر ہاتھ پھیر لے تو کبھی محتاج نہ ہوگا۔

(۲۵)''یَا لَطِیْفُ'' ۱۳۳ مرتبہ پڑھیں رزق میں برکت ہوگی۔

(۲۶)'' یَا غَفُوْرُ'' کا بکثرت ورد کرنے سے مال واولاد میں برکت ہوگی۔

(۲۷)''یَا شَکُوْرُ'' کو روزانہ ۴۱ مرتبہ پڑھیں تو معاشی تنگی سے نجات ملے گی۔

(۲۸)''یَا وَاسِعُ'' کا بکثرت ورد کرنے والے کے لئے اللہ تعالیٰ غنائے ظاہری وباطنی کے درکشادہ فرمادے گا۔

قرض سے متعلق احادیث مبارکہ

(۱) سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''ہر قرض صدقہ ہے''۔(الترغیب والترہیب)

(۲) سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''جو مسلمان کسی مسلمان کو ایک بار قرض دے گا تو اسے اتنا ثواب ملے گا، گویا اس نے دو مرتبہ اتنی رقم اللہ کی راہ میں دی''۔(ابن ماجہ)

(۳) مالدار قرضدار (جو قرض ادا کرنے کی طاقت رکھتا ہے) کا قرضہ ادا کرنے میں ٹال مٹول کرنا ظلم ہے۔(بخاری ومسلم)

قرض کی وصولی اور ادائیگی

(۱) اذان فجر سے ۴۵ منٹ پہلے اٹھیں نماز تہجد کے بعد یہ ورد مسلسل کرتے رہیں۔

''یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ اَنْتَ اللّٰہُ بَلٰی وَاللّٰہُ لَااِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَللّٰہُ اَللّٰہُ لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اِقْضِ عَنِّی الدَّیْنَ وَرَزِّقْنِیْ بَعْدَ الدَّیْنِ ۔ترجمہ: اے اللہ اے اللہ اے اللہ تو ہی اللہ ہے کیوں نہیں واللہ! تو ہی اللہ ہے کوئی معبود نہیں اللہ کے سوا مجھ سے میرا قرض اتار دے

Marfat.com

اوراس کے بعد مجھے رزق عطا فرما۔

(۲) نماز فجر سے پہلے اپنے مکان کے چاروں کونوں میں دس (۱۰) مرتبہ ''یَا رَزَّاقُ'' (اے رزق عطا کرنے والے) پڑھ کردم کریں۔

(۳) لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ ترجمہ: کوئی معبود نہیں سوا تیرے پاکی ہے تجھ کو بیشک مجھ سے بے جا ہوا۔ (سورۃ الانبیاء آیت ۸۷) بعد عشاء ۳۰۰ بار تنہا کمرے میں بیٹھ کر پڑھیں اور دعا مانگیں۔

(۴) قرضہ سے چھٹکارہ حاصل کرنے کے لئے سورۃ الماعون ۴۰ دن تک ۴۰ یا ۱۱ بار پڑھیں۔

(۵) قرض سے نجات کے لئے سورۃ القریش ۲۱ مرتبہ روزانہ تلاوت کریں۔

(۶) روزانہ مغرب کی نماز کے بعد ''یَا بَاسِطُ، یَا رَزَّاقُ'' ۳۴۱ بار ورد کریں۔

(۷) روزانہ عشاء کی نماز کے بعد ۵۰۰ بار ''یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابُ'' پڑھ کر دعا کریں۔

(۸) ۱۴۱ بار ''بِسْمِ اللّٰهِ اور یَاوَلِیُّ، یَاجَلِیْلُ، یَاقَدِیْرُ'' ۱۴۱ بار درود شریف پڑھ کر ایک پاؤ باجرہ پر دم کر کے اپنے سر سے سات مرتبہ گھما کر کسی ویرانے یا قبرستان میں ڈال دیں اور کبھی کبھی کرتے رہا کریں، ان شاء اللہ غیبی مدد حاصل ہوگی۔

(۹) سورۃ الکہف، بعد نماز جمعہ مسجد میں بیٹھ کر ایک مرتبہ خلوص دل سے پڑھیں، جب تک قرض نہ اترے ہر جمعہ جاری رکھیں۔

(۱۰) ''یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ'' ۱۰۰ مرتبہ روزانہ اول آخر ۱۱ بار درود پاک۔

(۱۱) جو کوئی وتر کے بعد روزانہ کھڑے ہو کر دو نفل پڑھے ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد آل عمران کی آیت نمبر ۲۶ اور ۲۷ پڑھ لیا کرے کبھی مقروض نہ ہوگا۔

(تفسیر نعیمی ج ۳ ص ۴۱۷)

(۱۲) مفسر شہیر حکیم الامت حضرت مفتی احمد یار خان نعیمی علیہ رحمۃ الحنّان فرماتے ہیں: جو

Marfat.com

کوئی ایسا مقروض ہو کہ ادائے قرض کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو وہ وتر کے بعد دو رکعت نفل کھڑے ہو کر پڑھا کرے۔ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد آل عمران کی آیت نمبر ۲۶ اور ۲۷ پانچ مرتبہ پڑھے، ان شاء اللہ عزوجل اس کا قرض بہت جلد اتر جائے گا۔ الحمد للہ میں نے خود اس کا تجربہ کیا ہے۔ (ایضاً)

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۚ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۶﴾ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۚ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ تُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۚ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۲۷﴾

(۱۳) اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ أَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔ ترجمہ: یا اللہ! مجھے حلال رزق عطا فرما کر حرام سے بچا اور اپنے فضل و کرم سے اپنے ماسوا سے بے نیاز کر دے۔ روزانہ ہر نماز کے بعد ۱۱ مرتبہ پڑھیں، اگر قرضہ پہاڑ برابر بھی ہو تو اتر جائے گا۔ (جامع ترمذی، ج ۲ ص ۶۴۶)

امراض سے شفاء کے وظائف

احادیث مبارکہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا!

(۱) مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ دَآءً اِلَّا اَنْزَلَ لَهٗ دَوَآءً۔ ترجمہ: اللہ نے کوئی بیماری ایسی نہیں پیدا فرمائی جس کی دوا نازل نہ فرمائی ہو۔ (ابن ماجہ، ج ۲ ص ۳۴۰)

(۲) فَاِنَّ فِي الصَّلٰوةِ شِفَاءً۔ بے شک نماز میں شفاء ہے۔ (ابن ماجہ، ج ۲ ص ۳۴۶)

(۳) خَيْرُ الدَّوَآءِ الْقُرْاٰنُ۔ بہترین دوا قرآن ہے۔ (ایضاً)

(۴) اِنَّ فِي الْحَبَّةِ السَّوْدَآءِ شِفَاءً مِنْ كُلِّ دَآءٍ اِلَّا السَّامَ۔ کلونجی میں موت کے سوا ہر بیماری کی شفاء ہے۔

Marfat.com

(ہر طرح کی جسمانی بیماریوں کے لئے وظائف)

(۱) ہر نماز کے بعد ۱۱۱ بار "یَا سَلَامُ" (اے سلامتی دینے والے)

(۲) ہر مرض کیلئے روزانہ فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان ۴۱ مرتبہ سورۃ الفاتحہ اور ہر نماز کے بعد سات بار سورۃ الفاتحہ شریف پڑھیں۔

(۳) دن بھر میں دو (۲) مرتبہ فجر اور عصر کی نماز کے بعد سو ۱۰۰ بار "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ"

(۴) روزانہ کسی بھی وقت زم زم شریف پر ورنہ سادہ پانی پر ۱۱۱ بار "اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ" اور ۱۴۱ بار "یَا شَافِیُ" پڑھ کر دم کریں اور سارا دن وہی پانی استعمال کریں۔

(۵) روزانہ ۳۴۱ مرتبہ "وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ" ترجمہ: اور حق کے ساتھ ہی ہم نے اس قرآن کو اتارا ہے، اور حق ہی کے ساتھ وہ اترا ہے۔ (بنی اسرائیل آیت ۱۰۵) پڑھیں۔

(۶) روزانہ ۴۰ مرتبہ "وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ" اور ہم نے قرآن میں وہ چیز نازل فرمارہے ہیں جو ایمان والوں کے لئے شفاء اور رحمت ہے۔ (بنی اسرائیل آیت ۸۲) پڑھنے کا معمول بنائیں۔

(۷) روزانہ ۱۰۰۱ مرتبہ "یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ" کا ورد کریں۔

(۸) بخار اور درد سر کے لئے روزانہ ۱۰۰ مرتبہ "یَا غَفُوْرُ" کا ورد کریں، اول آخر ۱۱، ۱۱ بار درود پاک پڑھیں۔

(۹) روزانہ ۳۰۰۰ مرتبہ "یَا حَیُّ" کا ورد موجب شفاء ہے۔

(۱۰) کلونجی پر ۷ بار سورۃ الفاتحہ دم کر کے پھانک لیں، ان شاء اللہ ہر مرض سے محفوظ رہیں گے۔

(۱۱) "یَا اَللّٰہُ" کا بکثرت ورد کریں۔ شفاء نصیب ہوگی۔

(۱۲) "یَا سَلَامُ" ۱۱۵ مرتبہ پڑھ کر بیمار پر دم کریں۔

Marfat.com

(۱۳) کسی بھی موذی مرض جذام، آتشک وغیرہ میں مبتلا ہوں تو چاند کی ۱۳، ۱۴، ۱۵ تاریخ کا روزہ رکھیں، افطار کے بعد پانی پر "یَا مَجِیْدُ" بکثرت پڑھ کر دم کر کے پی لیں۔

(۱۴) "یَا مُحْیُ" بکثرت پڑھنے والا صحت یاب ہو جائے گا۔

رشتہ ہونے کے وظائف

(۱) روزانہ بعد نماز عشاء ۴۱ بار سورۃ الاخلاص ۹۰ دن تک پڑھیں۔

(۲) روزانہ مغرب کی نماز کے بعد دو رکعت نوافل ادا کریں اور ۱۴۱ بار "یَا عَدْلُ" پڑھیں، ۴۰ دن تک عمل کریں۔

(۳) روزانہ چاشت کی نماز کے بعد ۱۲۹ مرتبہ "یَا لَطِیْفُ" پڑھیں اور دعا کریں۔

(۴) روزانہ ۵۰۰ مرتبہ "اَللّٰہُ الصَّمَدُ" پڑھ کر دعا کریں۔

(۵) بچیوں کے نصیب کھولنے کے لئے ہر نماز کے بعد "یَالَطِیْفُ یَاحَلِیْمُ" ۳۴۱ بار ورد کریں۔

(۶) "اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِیْنًا (الفتح آیت ۱)" روزانہ فجر یا کسی بھی نماز کے بعد حضور قلب سے ۴۱ مرتبہ اس آیت مبارکہ کا ورد کرنے سے اچھی جگہ رشتہ ہونے کے اسباب پیدا ہوں گے۔

(۷) روزانہ "یَا وَھَّابُ، یَا کَرِیْمُ" ۵۴۱ مرتبہ پڑھیں۔

(۸) اگر کوئی اچھا رشتہ آئے تو صلوٰۃ الشکر ادا کر کے ۱۴۱ بار "یَا شَکُوْرُ" کا ورد کریں۔

(۹) روزانہ بعد نماز عشاء ۱۰۰، بار "یَا لَطِیْفُ" پڑھیں۔ جلد رشتہ آ جائے گا۔

اولاد کے حصول کیلئے وظائف

(۱) ہر نماز کے بعد ۱۴۱ بار "یَا بَرُّ، یَا بَدِیْعُ" کا ورد کرنے سے ان شاء اللہ بیٹا پیدا ہوگا۔

(۲) روزانہ ہر نماز کے بعد ۱۴۱ بار "رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ"

Marfat.com

ترجمہ: اے میرے رب تو مجھے اکیلا مت چھوڑ اور تو سب وارثوں سے بہتر ہے۔ (سورۃ الانبیاء آیت ۸۹) پڑھیں اور دودھ پر دم کر کے دونوں میاں بیوی پئیں۔

(۳) چالیس دن تک روزانہ کسی بھی وقت ۱۰۰۰ مرتبہ "یَا اَوَّلُ" کا ورد کرنے والوں کو اولاد نرینہ نصیب ہو۔

(۴) "یَا مُتَکَبِّرُ" روزانہ ۳۴۱ مرتبہ پڑھنے والے کو متقی اور نیک اولاد نصیب ہوگی۔

(۵) روزانہ ۱۲۹۱ مرتبہ کسی بھی وقت "یَا خَالِقُ، یَا بَارِئُ، یَا مُصَوِّرُ" پڑھنے سے اولاد نصیب ہوگی۔

(۶) "یَا وَارِثُ" ۵۰۰ بار پڑھ کر دعا کریں۔

(۷) ۱۰۰ مرتبہ روزانہ سورۃ الاخلاص کا ورد، دیگر فوائد کے ساتھ صاحب اولاد ہو، اور ۱۰۰۰ مرتبہ پڑھنے سے مراد جلد حاصل ہو۔

(۸) "اَللّٰہُ الصَّمَدُ" کا سوا لاکھ ختم بھی مقاصد پورا کرتا ہے۔

(۹) بانجھ عورت اگر سات روزے رکھے اور پانی سے افطار کر کے روزانہ ۲۱ مرتبہ "اَلْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ" پڑھے اولاد نصیب ہوگی۔

(۱۰) بے اولاد "اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ" لکھ کر اپنے پاس رکھے تو صاحب اولاد ہو جائے۔

دشمنوں کے شر سے حفاظت اور نقصان سے بچاؤ

(۱) کسی بھی قسم کے دشمن یا خطرناک حالات میں ۳۶۰ مرتبہ روزانہ "یَا مُؤْمِنُ" کا ورد کریں۔

(۲) سجدہ میں (مکروہ وقت کے علاوہ) یا نماز سے فارغ ہو کر ۷۵ مرتبہ "یَا مُذِلُّ" کا ورد کریں۔

(۳) دو رکعت صلوٰۃ الحاجت کے بعد "فَاللّٰہُ خَیْرٌ حٰفِظًا وَّ ھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ"

ترجمہ: تو اللہ ہی بہتر حفاظت فرمانے والا ہے اور وہی سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے۔ (سورۃ یوسف، آیت ۶۴) ۱۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

Marfat.com

(۴) حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا! جو شخص روزانہ یہ کلمہ پڑھ لیا کرے وہ سوائے موت کے اپنے اہل عیال میں اور مال و دولت میں آفت نہ دیکھے گا۔ ''مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ'' روزانہ ۲۱ مرتبہ پڑھیں۔

(۵) دشمنی کو دوستی میں تبدیل کرنے کے لئے مسلسل ۳ جمعہ تک یہ وظیفہ پڑھیں۔

''یَا مُنْتَقِمُ'' ۱۴۱ بار۔

(۶) ''یَا قَادِرُ'' ۱۰۰ بار پڑھیں۔

(۷) اِنَّ وَلِیِّیَ اللّٰهُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ ۖ وَهُوَ یَتَوَلَّى الصّٰلِحِیْنَ (سورۃ الاعراف، آیت ۱۹۶) جو شخص یہ آیت مبارکہ صبح و شام پڑھا کرے تو ان شاء اللہ تعالیٰ دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے، تعداد مقرر نہیں۔ (تفسیر نعیمی)

(۸) ''اَلْمُؤْمِنُ'' کا ۶۳۰ مرتبہ ورد کرنے والا ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہے گا۔ اس اسم کو لکھ کر اپنے پاس رکھنے والا امان میں رہے گا۔

(۹) ''حَسْبِیَ اللّٰهُ الْحَسِیْبُ'' جمعرات سے شروع کر کے آٹھ یوم تک صبح و شام ستر مرتبہ پڑھیں۔ ہر شر سے محفوظ رہیں گے۔

ترقی کے لئے

(۱) سورۃ الم نشرح ۱۷ مرتبہ پڑھنے سے ترقی درجات حاصل ہوتے ہیں، خواں دینی ہوں یا دنیاوی۔

(۲) ''یَا نَافِعُ'' روزانہ ۲۰ بار پڑھیں اور ۱۴۱ بار پڑھنے سے زیادہ فائدہ حاصل ہوگا۔

(۳) دینی اور دنیاوی مشکلات ختم کرنے اور ترقی کے لئے ۱۴۱ بار ''یَامَالِکَ الْمُلْكِ'' عشاء کی نماز کے بعد۔

(۴) ۴۰ دن تک روزانہ ''یَا مُقَدِّمُ'' ۳۴۱ بار پڑھیں۔

(۵) روزانہ ۵۰۰ بار ''یَا مُقَدِّمُ یَا عَلِیُّ'' کا ورد بھی موجب ترقی درجات ہے۔

(۶) کثرت کے ساتھ درود و سلام پڑھنا بھی ترقی دنیا اور آخرت کا باعث ہے۔

Marfat.com

(۷)روزانہ ۵۰۰ بار ''یَا خَافِضُ'' پڑھنے سے حاجتیں پوری ہوتی ہیں۔

(۸)اللہ کا قرب، روزی میں کشادگی، ترقی درجات اور شفاء کے لئے ۳۴۱ بار روزانہ ''یَا رَافِعُ'' کا ورد کریں۔

(۹)

گمشدہ شخص یا چیز کی واپسی کے وظائف

(۱) ''یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ'' ۷ دن تک روزانہ ۷۰ مرتبہ گھر کے چاروں طرف پڑھیں۔ ان شاءاللہ وہ شخص سات روز میں صحیح سلامت واپس مل جائیگا۔

(۲)روزانہ ۱۴۱ بار ''یَا اَللّٰہُ یَا رَقِیْبُ'' پڑھ کر اپنے گھر کے دروازے پر انگلی سے اشارہ کریں۔

(۳)روزانہ ۵۰۰ بار ''یَا جَامِعُ'' پڑھیں۔

(۴)روزانہ رات سوتے وقت ۵۱ مرتبہ پڑھیں۔ ''اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ'' ترجمہ: بے شک ہم بھی اللہ ہی کا مال ہیں، اور ہم بھی اسی کی طرف پلٹ کر جانے والے ہیں۔ (سورۃ البقرۃ آیت ۱۵۶)

(۵)قید سے نجات کے لئے اور گمشدہ کیلئے ''یَا حَقُّ'' ۱۰۰ مرتبہ یا ۱۰۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھیں اور اس کے ساتھ ۱۰۰ مرتبہ ''لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ'' بھی پڑھیں دیگر فوائد بھی ملیں گے۔

(۶)سورۃ الضحیٰ ۴۱ بار روزانہ ۳، ۷، یا ۱۱ دن تک پڑھیں۔

(۷)گمشدہ بچہ کے لئے ۵۰۰۰ بار ''یَاخَالِقُ'' پڑھیں۔

(۸)''اللّٰھم رُدَّ فُلَانِ بْنِ فلان، (لڑکے کا نام مع والدہ کے نام) بِخَیْرِ حُرْمَۃِ اِنَّہٗ ھُوَ یُبْدِیءُ وَیُعِیْد ۱۹۳ بار روزانہ اول آخر، ۱۱ مرتبہ درود شریف بعد نماز عشاء والدین پڑھے۔

(۹)بیٹے کو واپس بلانے کے لئے ''اَللّٰھُمَّ رُدَّ اِلَیَّ وَلَدِیْ بِالْخَیْرِ بِحُرْمَۃِ فَرَجْعْنٰکَ

Marfat.com

اِلٰی اُمِّکَ کَیْ تَقَرَّ عَیْنُھَا وَلَا تَحْزَنَ" یہ عمل سیدنا موسیٰ علیہ السلام کی والدہ نے پڑھا تھا جب کہ آپ کئی سال کے لئے والدہ سے بچھڑ گئے تھے، بہتر ہے کہ ماں اس عمل کو پڑھے۔

(۱۰) "یَا حَفِیْظُ" ۱۱۹ بار پڑھے، اور اسی تعداد میں "یٰبُنَیَّ اِنَّھَآ اِنْ تَکُ مِثْقَالَ حَبَّۃٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَکُنْ فِیْ صَخْرَۃٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِھَا اللّٰہُ" (سورۃ لقمان، آیت ۱۶) ۳ روز، ۷ روز، ۲۱ روز متواتر پڑھیں، ان شاء اللہ چوری کیا ہوا مال مل جائے گا۔

(۱۱) چوکور کاغذ کے چاروں کونوں پر "الحق" لکھے پھر سحر کے وقت کاغذ ہتھیلی پر رکھ کر آسمان کی طرف بلند کرے اور دعا کرے تو ان شاء اللہ عزوجل گم شدہ شخص یا سامان محفوظ مل جائے گا۔

جادو، جنّات سے نجات حاصل کرنے کے وظائف

(۱) "سورۃ الناس" ۲۰ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

(۲) "آیۃ الکرسی" ۱۱ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ اور آیت کا آخری حصہ "وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا" (سورۃ البقرۃ، آیت، ۲۵۵) جب آئے تو اس کو ہر مرتبہ گیارہ بار پڑھیں، پانی پر دم کر کے پئیں ۴۱ دن تک عمل جاری رکھیں۔

(۳) "سورۃ الفاتحہ" ۳ مرتبہ، سورۃ الناس ۳ بار، سورۃ الفلق ۳ بار، سورۃ الاخلاص ۳ بار، سورۃ الکافرون ۳ بار، "وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَیْنِ اَیْدِیْھِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِھِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰھُمْ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ ۝" (سورۃ یٰس، آیت 9) ۳ بار، یہ عمل روزانہ ایک مرتبہ کریں۔ اور دم کر کے پانی پی لیں۔

جائز حاجات پوری ہونے کے وظائف

(۱) جو پانچوں نمازوں کے بعد سورۃ الفاتحہ، آیت الکرسی اور آل عمران کی آیت نمبر ۱۸، ۲۶، ۲۷ پڑھ لیا کرے اس کے تمام گناہوں کی بخشش ہو۔ جنت الفردوس میں داخلہ ملے۔ اللہ عزوجل اس پر روزانہ ستر بار نظر رحمت فرمائے اور اس کی ستر حاجتیں پوری کرے۔

Marfat.com

(تفسیر نعیمی ج ۳ ص ۳۷۵، ۳۷۶، درمنثور ج ۲ ص ۱۶۵، ماخوذ)

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًۢا بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۸﴾ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۚ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۶﴾ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۚ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۚ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۲۷﴾

(۲) خاص حاجت درپیش ہوتو گھر یا مسجد کے صحن میں تین بار سجدہ کر کے ہاتھ اٹھائے اور ۱۰۰ مرتبہ ''یَا وَهَّابُ'' پڑھے حاجت ان شاء اللہ ضرور پوری ہوگی۔

جسمانی درد کا علاج

(۱) اگر بخار ہو، جسم میں درد ہو یا کسی قسم کی تکلیف ہوتو روزانہ (۴۰) مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر دم کریں اگر مریض خود پڑھے تو بہتر ہے۔ ''يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ'' ترجمہ: اے آگ تو ابراہیم پر ٹھنڈی اور سراپا سلامتی ہوجا۔ (سورۃ الانبیاء، آیت ۶۹) اور اگر تکلیف زیادہ ہوتو مذکورہ آیت کو ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں۔

بخار کا علاج سنّتِ کریمہ سے

(۲) جسمانی دردوں خصوصاً بخار کیلئے ذیل کا علاج سنت کریمہ سے ثابت ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ، اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ۔ اللہ کبیر کے نام سے ہر پھڑکنے والی رگ اور دوزخ کی گرمی کے شر سے اللہ تعالیٰ عظمت ترجمہ: والے کی پناہ چاہتا ہوں۔ (ترمذی، ص ۲ ص ۹۵۴) روزانہ ۱۱ بار یہ وظیفہ پڑھنا باعث شفاء ہے۔

(۳) یہ وظیفہ بخار سے نجات کے لئے مفید ہے۔ اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ۔ (ترمذی، ج ۲ ص ۹۵۷) ترجمہ: ''میں اللہ بزرگ و برتر اور

Marfat.com

عرش عظیم کے رب سے سوال کرتا ہوں کہ وہ تجھے شفاء دے"۔ روزانہ ۱۱ بار پڑھا جائے، شدید ہو تو ۴۰ بار پڑھیں۔ اور جب مریض خود اپنے لئے پڑھے تو اَنْ یَّشْفِیْکَ کی جگہ اَنْ یَّشْفِیْنِیْ پڑھے۔

(۴) سخت دردوں کے لئے "یَا کَبِیْرُ" کا کثرت سے ورد کرے۔

محبت واتفاق کے وظائف

(۱) ہر نماز کے بعد (۱۰۰) مرتبہ "یَا رَحِیْمُ" کا ورد کرنے سے ہر شخص آپ کا دوست اور غمگسار ہو جائیگا۔

(۲) زوجین میں باہمی محبت والفت کے لئے "یَا وَدُوْدُ، یَا کَبِیْرُ" ۳۴۱ بار پڑھیں۔

(۳) روزانہ ۲۱ مرتبہ سورۃ القدر پڑھنے سے لوگ محبت کرنے لگتے ہیں۔

(۴) ناچاقی کے خاتمہ کے لئے (۱۰۰۰) مرتبہ "یَا وَدُوْدُ" کا ورد کریں اور دم کر کے کھلا دیں۔

(۵) زوجین کے درمیان طویل جھگڑا رہتا ہو تو نماز عشاء کے بعد سوتے وقت (۱۴۱) بار "یَا مَانِعُ" کا ورد کریں۔

(۶) ۱۱۱ مرتبہ ہر نماز کے بعد "یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ" کا ورد کرنے سے بندہ خالق و مخلوق کا محبوب بن جاتا ہے۔ اخلاص شرط ہے۔

(۷) "اَلْوَدُوْدُ" ۱۰۰۰ مرتبہ کھانے پر دم کرے اور میاں بیوی دونوں ساتھ کھائیں تو ان شاء اللہ باہمی رنجش محبت میں بدل جائے گی۔

علم وعمل اور قوّتِ حافظہ کے وظائف

(۱) ہر فرض نماز کے بعد ۱۰۰ مرتبہ "یَا رَحْمٰنُ" کا ورد کرنے سے قوت حافظہ کے ساتھ ساتھ خشوع وخضوع سے دل سرشار ہوتا ہے اور ہر قسم کی غفلت اور سستی دور ہوتی ہے۔

(۲) اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد ۱۰۰ مرتبہ "هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَیْبِ

Marfat.com

وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ (سورۃ الحشر آیت ۲۲) پڑھے تو وہ صاحب کشف ہو جائے۔

(۳) ذہن تیز کرنے، حافظہ مضبوط کرنے اور زبان کی لکنت دور کرنے کے لئے روزانہ فجر کے بعد ۲۱ مرتبہ "رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ﴿۲۵﴾ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ﴿۲۶﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ۔ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ"۔ ترجمہ: اے میرے رب میرے لئے میرا سینہ کشادہ فرمادے، اور میرا کام میرے لئے آسان فرمادے۔ اور میری زبان کی گرہ کھول دے کہ لوگ میری بات (آسانی سے) سمجھ سکیں۔ (سورۃ طٰہٰ، آیت ۲۵ تا ۲۸)

(۴) "يَا عَلِيُّ يَا عَلِيْمُ" روزآنہ کسی بھی نماز کے بعد ۱۴۱ مرتبہ پڑھنا بہتر ہے۔ علم و معرفت اور حکمت کے فیضان عطا ہوں گے۔

(۵) "يَا عَلِيْمُ يَا حَكِيْمُ" ۱۴۱ مرتبہ روزآنہ پڑھنے سے ذہن تیز ہوتا ہے، جو بچے پڑھائی سے بھاگتے ہیں یہ ورد انکو باداموں پر دم کر کے کھلا دیں۔

(۶) حصول حکمت و علم کے لئے روزانہ ۳۴۱ مرتبہ بعد نماز عصر "يَا بَدِيْعُ" کا ورد کریں۔

دکھ، تکلیف، رنج و غم اور پریشانی سے نجات کے لئے وظائف

(۱) "يَا بَدِيْعَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ" ترجمہ: 'اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے'۔ تمام غموں سے نجات کے لئے ورد کریں۔

(۲) "سورۃ الجن" ایک ہی مجلس میں ۷ مرتبہ تلاوت کریں۔ (مجرّب ہے)

(۳) "اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ" ۳۰ ہزار مرتبہ پڑھیں۔

(۴) "سورۃ یٰسین" صبح و شام کا معمول بنائیں۔

(۵) غم و پریشانی کے وقت توجہ سے پڑھیں "لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں ساری بادشاہت اسی کے لئے ہے اور سب خوبیاں اسی کو اور وہ سب کچھ کر سکتا ہے۔" (صحیح مسلم، ج ۱ ص ۴۱۵)

Marfat.com

(۶) ''اَللّٰهُ الصَّمَدُ'' کا(۱۰۰۱)مرتبہ وردکریں۔
(۷) ''یَا غَفُوْرُ'' کا بکثرت وردکرنے سے رنج وغم دور ہونگے۔
(۸) ''اَلشَّکُوْرُ'' کوروزانہ ۴۱ مرتبہ پڑھیں تو دکھ وتکلیف سے نجات ملے گی۔

نافرمانی اور بری عادات ختم کروانے کے وظائف

(۱) جونافرمان ہے اس کے سرہانے کھڑے ہوکر ۲۱ مرتبہ سورہ اخلاص ۲۱ دن تک اتنی آواز سے پڑھیں کہ اس کی نیند میں خلل نہ ہو۔
(۲) ''یَا قَوِیُّ، یَا مَتِیْنُ'' روزانہ ۵۰۰ بار پڑھ کر نافرمان بچہ پر دم کریں، نیک وصالح ہوجائے۔
(۳) ''یَا شَهِیْدُ'' ۲۱ مرتبہ روزانہ پڑھیں، اور تصور میں دم کردیں۔
(۴) ''یَا وَلِیُّ'' ۱۰۰۰ مرتبہ نافرمان زوجہ کے لئے۔
(۵) ''یَا بَرُّ'' ۷ مرتبہ روزانہ، اس سے خود میں بھی نیک صفات پیدا ہوں گی۔
(۶) ''یَا قَوِیُّ، یَا مَتِیْنُ'' روٹی پر شہادت کی انگلی سے لکھ کر کھلا دیں۔
(۷) جو اپنے اہل خانہ کے عادات وخصائل سے خوش نہ ہو تو جب اس کے سامنے جائے تو ''اَلْوَلِیُّ'' کا بکثرت وردکرے۔
(۸) ''یَاحَمِیْدُ'' ۴۵ دن متواتر تنہائی میں ۹۳ مرتبہ روزانہ پڑھنے والے کی بری عادات چھوٹ جائیں گی۔

۱۶۔ گناہوں سے چھٹکارہ اور روحانی درجات کیلئے وظائف

(عبادت میں اخلاص، دنیا کی محبت سے چھٹکارہ)

(۱) ''یَا قُدُّوْسُ'' ۱۴۱ مرتبہ پڑھیں۔
(۲) غسل کے بعد اگر مکروہ وقت نہ ہو تو دو رکعت صلوٰۃ التوبہ پڑھ کر ''یَامُهَیْمِنُ'' ۱۴۱ بار

پڑھیں۔

(۳)''یَا بَاقِیُ''۱۴۱بار ہرنماز کے بعدوردکریں۔

(۴)''یَا تَوَّابُ''ہرنماز کے بعد۳۴۱مرتبہ۔

(۵)''یَا کَرِیْمُ''۱۴۱مرتبہ ہرنماز کے بعد۔

(۶)''یَا مُؤَخِّرُ''ہرنماز کے بعد۱۰۰مرتبہ۔

(۷)''اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ''۱۰۰مرتبہ پڑھیں۔

نظربد سے نجات کیلئے

(۱)أَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّۃِ مِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّھَآمَّۃٍ وَّمِنْ کُلِّ عَیْنٍ لَّآمَّۃٍ۔
(صحیح بخاری، مترجم، ج ۲ ص ۲۷۴) روزانہ ۳، یا ۷ بار ہرنماز کے بعد پڑھ کردم کریں۔
خودکونظر ہوتو خود پردم کریں۔

(۲)روزانہ(۴۰)مرتبہ''لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ''پڑھیں۔

(۳)سورۃ فلق،۱۱،۱۱بار صبح وشام۔

(۴)سورۃ القلم کی آخری دوآیات''وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِھِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّہٗ لَمَجْنُوْنٌ۔وَمَا ھُوَ اِلَّا ذِکْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ۔''
ترجمہ:''اورضرورکافرتوایسے معلوم ہوتے ہیں کہ گویااپنی بدنظرلگاکرتمہیں گرادیں گے جب قرآن سنتے ہیں اور کہتے ہیں یہ ضرورعقل سے دور ہیں۔اور وہ تو نہیں مگرنصیحت سارے جہان کے لئے''۔(پارہ۲۹،سورۃ القلم،آیت۵۱،۵۲)۷مرتبہ پڑھیں۔

(۵)''یَا رَحْمٰنُ، یَا سَلَامُ''۱۴۱مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

(۶)''یَا رَقِیْبُ''۷مرتبہ اپنے بچوں اوراپنے مال واسباب پرپڑھ کردم کریں۔

(۷)''یَا بَرُّ''سات مرتبہ پڑھ کربچہ پردم کرنے سے بچہ نظربد سے محفوظ رہتا ہے۔

(۸)اگرکسی دوسرے کونظرلگ جائے تواس کوسامنے بٹھاکر یہ وردکریں،بِسْمِ اللّٰہِ حِبْسَ حَابِسِ یَاشَجَرَ یَابِسِ وَشِھَابَ قَابِسِ رَدَدْتُّ عَیْنَ الْعَائِنِ وَعَلٰی اَحَبِّ النَّاسِ

Marfat.com

اِلَیْہِ فَارْجِعِ الْبَصَرَ کَرَّتَیْنِ یَنقَلِبْ إِلَیْکَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَهُوَ حَسِیْرٌ۔ اگر وہ نظر لگانے والا سامنے نہ ہو تب بھی یہ ورد مفید ہے۔

(۹) جس شخص کو نظر لگ جائے وہ یہ دعا پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اذْھَبْ حَرَّھَا وَبَرْدَھَا وَوَصَبَھَا۔

آفات و بلاؤں سے حفاظت کے وظائف

(۱) روزانہ ہر نماز کے بعد ۱۰۰ مرتبہ ''یَا رَحِیْمُ'' کا ورد کریں۔

(۲) سات روز متواتر ''یَا خَالِقُ'' کا ۱۰۰ مرتبہ ورد کریں۔

(۳) جو شخص روزانہ سات مرتبہ ''یَا رَقِیْبُ'' پڑھ کر مال، آل، و اولاد پر دم کرے تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

(۴) آسمانی آفات کے وقت ''یَا وَکِیْلُ'' کا بکثرت ورد کریں۔ ہر آفت سے محفوظ رہیں گے۔

(۵) ''اَلضَّارُّ'' شب جمعہ ایک سو مرتبہ پڑھنے والا تمام ظاہری و باطنی آفات سے محفوظ رہے گا۔

(۶) ''اَلنَّافِعُ'' کسی سواری کا سوار اس اسم کو بکثرت پڑھے تو ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

خوف و خطرہ کو دور کرنے کے وظائف

(۱) خوف کے وقت ''اَلْمُؤْمِنُ'' کا ۶۳۰ مرتبہ ورد کریں۔ اس اسم کو لکھ کر اپنے پاس رکھنے والا امان میں رہے گا۔

(۲) ''اَلْحَفِیْظُ'' کو بکثرت ورد کرنے اور لکھ کر رکھنے سے ان شاء اللہ ہر قسم کے خوف و خطر سے محفوظ رہے گا۔

ہر جائز کام میں کامیابی کے حصول کیلئے وظائف

(۱) ''اَلْمُتَکَبِّرُ'' کسی بھی کام کی ابتداء میں پڑھنے سے کامیابی حاصل ہوگی۔

Marfat.com

(۲)دل میں مقصد کا خیال رکھ کر ''اَللَّطِیْفُ'' ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں، کامیابی حاصل ہوگی۔
(۳) ''اَلْعَلِیُّ'' جو ہمیشہ اس کو پڑھتا رہے اور اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے اسے رتبہ کی بلندی، خوشحالی، اور مقصد میں کامیابی ملے گی۔
(۴) ''یَا مُقِیْتُ'' ۷ مرتبہ پڑھ کر خالی آب خورے (پیالہ) پر دم کرے، پھر اس میں پانی پیئے کامیابی حاصل ہوگی۔

خیر و برکت کے وظائف

(۱) '' اَلْحَلِیْمُ '' کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر اس پانی کو جس چیز پر چھڑکا جائے اس میں خیر و برکت ہوگی۔
(۲) ''یَا لَطِیْفُ'' ۱۳۳ مرتبہ پڑھیں رزق میں برکت ہوگی۔
(۳) ''یَا غَفُوْرُ'' کا بکثرت ورد کرنے سے مال و اولاد میں برکت ہوگی۔

عزّت و عظمت، قدر و منزلت پانے کے وظائف

(۱) ''یَا جَلِیْلُ'' کا بکثرت ورد کرنے سے عزت و عظمت، قدر و منزلت نصیب ہوگی۔
(۲) ''اَلْکَرِیْمُ'' جو اس اسم کو پڑھتے پڑھتے سو جائے اسے علماء میں عزت نصیب ہوگی۔
(۳) ''اَلْقَیُّوْمُ'' کا بکثرت ورد کرنے والے کی لوگوں میں عزت بڑھے گی، اور تنہائی میں پڑھے گا تو خوش حال رہے گا۔

علم و حکمت کے دروازے کھولنے کے وظائف

(۱) ''یَاحَکِیْمُ'' بکثرت پڑھنے والے کیلئے علم و حکمت کے دروازے کھول دئے جائیں گے۔
(۲) روزانہ رات کو سوتے وقت سینے پر ہاتھ رکھ کر ۱۰۱ مرتبہ ''یَا بَاعِثُ'' کا ورد کرنے سے دل علم و حکمت سے بھر جائے گا۔

دودھ بڑھانے کے وظائف

(۱) ''اَلْمَتِیْنُ'' کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر بے دودھ والی کو پلائیں تو ان شاء اللہ دودھ بڑھ

جائے گا۔

اسقاط حمل سے حفاظت کے وظائف

(۱) حاملہ کے پیٹ پر ہاتھ رکھ کر ۹۹ مرتبہ ''یَامُبْدِئُ'' پڑھا جائے تو نہ حمل ساقط ہو اور نہ وقت سے پہلے بچہ پیدا ہو۔

طاقت وقوت، اور نورانیت پانے کے وظائف

(۱) کھانے کے وقت ''اَلْوَاجِدُ'' کے ورد سے غذا قلب کی طاقت وقوت، اور نورانیت کا باعث ہوگی۔

اصحاب کہف کے ناموں کی فضیلت

اِذْ اَوَى الْفِتْيَةُ اِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ﴿۱۰﴾ (کہف)

ترجمہ: جب ان جوانوں نے غار میں پناہ لی پھر بولے اے ہمارے رب! ہمیں اپنے پاس سے رحمت دے اور ہمارے کام میں ہمارے لئے راہ یابی کے سامان کر۔

اس آیت کی تفسیر میں حضرت صدر الافاضل سید محمد نعیم الدین مراد آبادی رحمۃ اللہ تعالی علیہ ''خزائن العرفان فی تفسیر القرآن'' میں فرماتے ہیں: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنھما کی روایت کے مطابق اصحاب کہف کے نام یہ ہیں۔ مکسلمینا، یملیخا، مرطونس، بینونس، سارینونس، ذونوانس، طنونس، کشفیظ طنونس، کتے کا نام قطمیر ہے۔

ان ناموں کی تاثیر وخواص

یہ اسماء لکھ کر دروازے پر لگا دیئے جائیں تو مکان جلنے سے محفوظ رہے گا۔ سرمایہ پر رکھ دیئے جائیں تو چوری نہیں ہوتا، کشتی یا جہاز ان کی برکت سے غرق نہیں ہوتا، بھاگا ہوا شخص ان کی برکت سے واپس آجاتا ہے، کہیں آگ لگی ہو تو یہ اسماء کپڑے پر لکھ کر ڈال دیئے جائیں تو وہ بجھ جاتی ہے، بچہ کے رونے، باری کے بخار، دردسر، ام الصبیان (بچوں کی مرگی

Marfat.com

،ایک بیماری جس میں بچہ سوکھتا جاتا ہے) خشکی وتری کے سفر میں جان ومال کی حفاظت عقل کی تیزی قیدیوں کی آزادی کے لئے یہ اسماء لکھ کر بطریق تعویذ بازو میں باندھے جائیں۔

(خزائن العرفان فی تفسیر القرآن)

"**تفسیر صاوی**" میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی روایت کے مطابق اصحاب کہف کے ناموں کے تعویذ نو (۹) کاموں کے لئے فائدہ مند ہیں:۔(۱) بھاگے ہوئے غلام کو بلانے کے لئے ،اور دشمنوں سے بچ کر بھاگنے کے لئے۔(۲) آگ بجھانے کیلئے کپڑے پر لکھ کر ڈال دیں۔(۳) بچوں کے رونے اور تیسرے دن آنے والے بخار کیلئے۔(۴) دردسر کے لئے دائیں بازو پر باندھیں۔(۵) ام الصبیان کے لئے گلے میں پہنائیں۔(۶) خشکی اور سمندری سفر میں محفوظ ہونے کے لئے۔ (۷) مال کی حفاظت کے لئے۔(۸) عقل بڑھنے کے لئے۔(۹) گنہگاروں کی نجات کیلئے۔

(تفسیر صاوی، ج ۳ ص ۹)

اسماء الحسنٰی کے ورد کے خواص

روزی میں وسعت کیلئے	یَا بَاسِطُ یَا مُنْعِمُ
خیر وبرکت کیلئے	یَا مُعْطِیُ یَا شَکُوْرُ
محتاجی سے بچنے کیلئے	یَا عَزِیْزُ یَا مُغْنِیُ
حصول عزت کیلئے	یَا جَلِیْلُ یَا کَرِیْمُ
ہر دلعزیز ہونے کیلئے	یَا مُعِزُّ یَا رَافِعُ
تندرستی کیلئے	یَا عَظِیْمُ یَا حَیُّ
مخلوق سے بے نیازی کیلئے	یَا وَهَّابُ یَا وَاسِعُ
عبادت کے شوق کیلئے	یَا مُحْصِیُ یَا قُدُّوْسُ
گناہوں سے چھٹکارے کیلئے	یَا اٰخِرُ یَا هَادِیُ
صفائی قلب کیلئے	یَا بَاعِثُ یَا نُوْرُ

Marfat.com

ظاہر و باطن کی صفائی کیلئے	یَا مُهَیْمِنُ یَا حَسِیْبُ
جان و مال کی حفاظت کیلئے	یَا مُؤْمِنُ یَا نَافِعُ
دشمن کو کچلنے کیلئے	یَا خَافِضُ یَا قَادِرُ
لڑکیوں کی شادی کیلئے	یَا لَطِیْفُ یَا حَلِیْمُ
حصول اولاد کیلئے	یَا مُتَکَبِّرُ یَا وَاحِدُ
اولاد نرینہ کیلئے	یَا بَرُّ یَا بَدِیْعُ
بانجھ عورت کے حمل کیلئے	یَا مُصَوِّرُ یَا خَالِقُ
حفاظت حمل کیلئے	یَا مُبْدِئُ یَا سَلَامُ
حمل کیلئے	یَا وَدُوْدُ یَا کَبِیْرُ
گمشدہ کیلئے	یَا جَامِعُ یَا مُعِیْدُ
بلاؤں سے نجات کیلئے	یَا رَحْمٰنُ یَا سَلَامُ
جادو آسیب، جنات سے تحفظ کیلئے	یَا حَفِیْظُ یَا رَقِیْبُ
مکان، دکان، دفتر، کی حفاظت کیلئے	یَا رَزَّاقُ یَا حَبِیْبُ
علم کی زیادتی کیلئے	یَا حَکِیْمُ یَا بَاعِثُ
دعا کی قبولیت کیلئے	یَا سَمِیْعُ یَا مُجِیْبُ
خاتمہ بالخیر کیلئے	یَا مُؤَخِّرُ یَا اٰخِرُ
عذاب قبر سے تحفظ	یَا بَارِئُ یَا وَکِیْلُ
حشر کی گرمی سے بچنے کیلئے	یَا رَحِیْمُ یَا کَرِیْمُ
شفاعت نصیب ہونے کیلئے	یَا حَسِیْبُ یَا تَوَّابُ
دخول جنت کیلئے	یَا عَفُوُّ یَا رَافِعُ
حصول دولت کیلئے	یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیُ
ہر کام ہونے کیلئے	یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

غلبہ کیلئے	یَا قَوِیُّ یَا عَزِیْزُ
دکان چلنے کیلئے	یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ

اسماءُ الحسنٰی کے خواص

عن أبی هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ثم إن لله تسعة وتسعين اسماً مائة إلا واحدا من أحصاها دخل الجنة ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا! اللہ تعالیٰ کے ننانوے یعنی ایک کم سو نام ہیں، جس نے ان کو یاد کیا وہ جنت میں داخل ہوا۔ (صحیح بخاری مترجم، ج ۳ ص ۸۳۹، طبع فرید بک ڈپو)

هُوَاللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلرَّحْمٰنُ اَلرَّحِیْمُ اَلْمَلِكُ اَلْقُدُّوْسُ اَلسَّلَامُ اَلْمُؤْمِنُ اَلْمُهَیْمِنُ اَلْعَزِیْزُ اَلْجَبَّارُ اَلْمُتَكَبِّرُ اَلْخَالِقُ اَلْبَارِئُ اَلْمُصَوِّرُ اَلْغَفَّارُ اَلْقَهَّارُ اَلْوَهَّابُ اَلرَّزَّاقُ اَلْفَتَّاحُ اَلْعَلِیْمُ اَلْقَابِضُ اَلْبَاسِطُ اَلْخَافِضُ اَلرَّافِعُ اَلْمُعِزُّ اَلْمُذِلُّ اَلسَّمِیْعُ اَلْبَصِیْرُ اَلْحَكَمُ اَلْعَدْلُ اَللَّطِیْفُ اَلْخَبِیْرُ اَلْحَلِیْمُ اَلْعَظِیْمُ اَلْغَفُوْرُ اَلشَّكُوْرُ اَلْعَلِیُّ اَلْكَبِیْرُ اَلْحَفِیْظُ اَلْمُقِیْتُ اَلْحَسِیْبُ اَلْجَلِیْلُ اَلْكَرِیْمُ اَلرَّقِیْبُ اَلْمُجِیْبُ اَلْوَاسِعُ اَلْحَكِیْمُ اَلْوَدُوْدُ اَلْمَجِیْدُ اَلْبَاعِثُ اَلشَّهِیْدُ اَلْحَقُّ اَلْوَكِیْلُ اَلْقَوِیُّ اَلْمَتِیْنُ اَلْوَلِیُّ اَلْحَمِیْدُ اَلْمُحْصِیْ اَلْمُبْدِئُ اَلْمُعِیْدُ اَلْمُحْیِیْ اَلْمُمِیْتُ اَلْحَیُّ اَلْقَیُّوْمُ اَلْوَاجِدُ اَلْمَاجِدُ اَلْوَاحِدُ اَلْاَحَدُ اَلصَّمَدُ اَلْقَادِرُ اَلْمُقْتَدِرُ اَلْمُقَدِّمُ اَلْمُؤَخِّرُ اَلْاَوَّلُ اَلْاٰخِرُ اَلظَّاهِرُ اَلْبَاطِنُ اَلْوَالِیْ اَلْمُتَعَالِیْ اَلْبَرُّ اَلتَّوَّابُ اَلْمُنْتَقِمُ اَلْعَفُوُّ اَلرَّءُوْفُ مَالِكُ الْمُلْكِ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَلْمُقْسِطُ اَلْجَامِعُ اَلْغَنِیُّ اَلْمُغْنِیْ اَلْمُعْطِیْ اَلْمَانِعُ اَلضَّآرُّ اَلنَّافِعُ اَلنُّوْرُ اَلْهَادِیْ اَلْبَدِیْعُ اَلْبَاقِیْ اَلْوَارِثُ اَلرَّشِیْدُ اَلصَّبُوْرُ اَلَّذِیْ لَیْسَ كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ وَّهُوَالسَّمِیْعُ اَلْبَصِیْرُ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَیْكَ الْمَصِیْرُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ سَمِیْعٌ بَصِیْرٌ عَلِیْمٌ قَدِیْرٌ مُرِیْدٌ مُتَكَلِّمٌ

(تفسیر ابن کثیر، ج ۴ ص ۵۸۵ طبع ضیاء القران)

Marfat.com

یَااَللّٰہُ (اے معبود برحق) کے وظائف

یادالٰہی کی طرف مائل، مکمل صحت یابی، شکوک وشبہات دور کرنے کیلئے۔ (۱۰۰۰ ہزار مرتبہ روزانہ)

تمام امور آسان، صاحب کشف بننے کیلئے۔ (۱۰۰ مرتبہ روزانہ)

عزم ویقین کی قوت کیلئے (۱۰۰۰ ہزار مرتبہ روزانہ)

لاعلاج مریض اس کو بکثرت پڑھ کر دعا مانگے۔

یَارَحْمٰنُ (اے بڑے مہربان) کے وظائف

دنیا کی بلاؤں سے محفوظ رہنے کیلئے۔ (۱۰۰ مرتبہ روزانہ)

رشتہ ملنے کیلئے، چالیس روز تک (۳۱۲۵ مرتبہ)

مشک یا زعفران سے لکھ کر دشمن یا بدخلق کے گھر میں دفن کر دیا جائے تو حیا وشرافت اور نرمی پیدا ہوگی۔

دل کی سختی اور غفلت دور کرنے کیلئے (۱۰۰۰ ہزار مرتبہ روزانہ)

یَارَحِیْمُ (اے رحم کرنے والے) کے وظائف

دنیاوی آفات سے نجات کیلئے (۱۰۰ سو مرتبہ روزانہ)

مخلوق خدا مہربان ہو۔ مصیبت یا دشمن سے بچنے کیلئے۔ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لکھ کر درخت کی جڑ میں دفن کر دیا جائے تو پھلوں میں برکت ہوگی۔ سچی محبت پیدا کرنے کیلئے۔

دنیاوی مشکلات سے چھٹکارا پانے کیلئے (۵۰۰ مرتبہ روزانہ)

یَا مَلِکُ (اے حقیقی بادشاہ) کے وظائف

بعد نماز صبح کثرت سے پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ غنی فرما دے گا۔

صفائی قلب، دل میں نور پیدا کرنے کیلئے۔ ۱۰۰ مرتبہ روزانہ

عزت ومرتبہ، مال دولت کیلئے فجر کی نماز کے بعد ۲۱۰۰ مرتبہ پڑھا جائے۔

Marfat.com

اگر اسے قدّوس کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے تو صاحب جائیداد بن جائے گا۔

یَا قُدُّوْسُ (اے پاکیزہ) کے وظائف

زوال کے بعد روزانہ بکثرت ورد کرنے سے امراض روحانی سے پاک ہو جائے گا۔
جو شخص یَا سُبُّوْحُ یَا قُدُّوْسُ روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کبھی کبھی کھا لیا کرے تو اس کے دل میں عبادت کا ذوق وشوق پیدا ہوگا۔ ۹۰ مرتبہ پڑھنے سے دل میں نور پیدا ہوگا۔
۱۰۰۰ ہزار مرتبہ پڑھنے سے سب سے مستغنی ہو جائے گا۔
دوران سفر پڑھنے سے تھکان اور محتاجی دور ہوگی۔
اگر کسی چیز پر ۳۰۰ بار دم کر کے کسی کو کھلا دیں تو وہ دوست ہو جائے گا۔

یَاسَلَامُ (اے امن وسلامتی دینے والے) کے وظائف

اس کا بکثرت ورد کرنے سے اللہ تعالیٰ تمام آفتوں سے محفوظ فرما دے گا۔
۱۱۵ مرتبہ پڑھ کر بیمار پر دم کرنے سے شفایابی نصیب ہوگی۔
جو فجر کے بعد ۱۰۰۰ ہزار مرتبہ پڑھے گا وہ صاحب علم ہو جائے گا۔
اگر ۱۴۱ مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے تو مریض صحت یاب ہو جائے۔
روزانہ وظیفہ کرنے سے دشمن کے خوف سے نڈر ہو جاتا ہے۔
جھگڑے کی صورت میں پڑھنے سے امن قائم ہوگا۔

یَامُؤْمِنُ (اے ایمان وامن دینے والے) کے وظائف

ظاہر و باطن کی دولت حاصل کرنے کیلئے اور شیطان سے تحفظ کیلئے اور اللہ تعالیٰ کی امان میں رہنے کے لئے بہترین وظیفہ ہے۔
کسی خوف کے وقت ۶۳۰ مرتبہ پڑھنے سے نقصان وخوف سے محفوظ رہیں گے۔
اس کا پڑھنے والا یا لکھ کر اپنے پاس رکھنے والا امان میں رہے گا۔
اگر اس کو لکھ کر ٹوپی میں رکھا جائے تو جس سے بھی ملاقات ہوگی وہ مہربان ہوگا۔

Marfat.com

شوہر کو بداخلاقی سے روکنے کیلئے اسے ۶۰۰۰ مرتبہ روزانہ ۲۱ دن تک پڑھا جائے تو خاوند کا رویہ درست ہو جائے گا۔

یَامُهَیْمِنُ (اے نگہبان) کے وظائف

بعد غسل دو رکعت نفل پڑھ کے سچے دل سے جو شخص یہ اسم ایک مرتبہ پڑھے اللہ تبارک وتعالی اس کا ظاہر و باطن پاک فرما دیں گے۔

اور جو ۱۱۵ مرتبہ ورد کرے وہ پوشیدہ چیزوں پر مطلع ہوگا۔

جو اس کا ورد کرے گا اس کا ظاہر و باطن منور ہوگا۔

دو رکعت نفل پڑھ کے اگر ایک سو ۱۰۰ مرتبہ پڑھا جائے تو ہمیشہ دنیا کی آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

سفر میں پڑھنے سے مسافر ہمیشہ بخیریت واپس منزل مقصود پر پہنچے گا۔

یَاعَزِیْزُ (اے غلبہ دینے والے) کے وظائف

جو شخص اس اسم مبارک کو چالیس دن تک چالیس مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالی اسے معزز اور مستغنی بنا دے گا۔

جو شخص نماز فجر کے بعد یہ اسم مبارک ۴۱ مرتبہ پڑھتا رہے وہ ان شاء اللہ کسی کا محتاج نہ ہوگا۔ اور دوسروں کی نگاہ میں ہمیشہ باعزت رہے گا، اور ہر ایک پر غلبہ حاصل ہوگا۔

یَاجَبَّارُ (اے عظمت والے) کے وظائف

یہ اسم مبارک کالے علم کے وار کو روکنے کے لئے بہت مؤثر ہے لہذا جادو اور کالے علم کے وار سے بچنے کیلئے اسے گیارہ روز تک ۱۵۰۰ سو مرتبہ پڑھا جائے تو ان شاء اللہ جادو کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔

جو شخص روزانہ صبح و شام ۲۲۶ مرتبہ اس اسم کو ورد رکھے ان شاء اللہ ظالموں کے قہر سے بچا رہے گا۔ اور مال و دولت عطا فرمائے گا۔

Marfat.com

عزت ومنصب عطا فرمائے گا۔ دنیا والوں کی نظروں میں معزز کردے گا۔

یَامُتَکَبِّرُ (اے بڑائی و بزرگی والے) کے وظائف

بے اولاد اور بانجھ عورت کے لئے یہ اسم نہایت مجرّب ہے۔ بیوی کے پاس جاتے وقت دس مرتبہ یہ اسم پڑھا جائے تو ان شاء اللہ فرزند نیک وصالح عطا ہوگا۔

جو شخص اسے روزانہ ۶۶ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اس کے ہر کام میں برکت ہوگی۔

اگر کوئی اس مبارک اسم کو کسی کام کی ابتداء میں بکثرت پڑھے تو ان شاء اللہ کامیابی حاصل ہوگی۔

اس کا بکثرت وِرد رکھنے والے کو اللہ تعالیٰ عزت اور بڑائی عطا فرمائے گا۔

یَاخَالِقُ (اے پیدا کرنے والے) کے وظائف

اس اسم مبارک کا بکثرت وِرد رکھنے والے کا چہرہ منوّر رہتا ہے۔

سات روز متواتر ایک سو مرتبہ پڑھنے سے تمام آفتوں سے بچا رہے گا۔

صفائی قلب کے لئے جو شخص آدھی رات کو ۳۰۰ مرتبہ پڑھ لیا کرے تو اللہ تعالیٰ اس کے دل کو نورانی بنادے گا۔

یَابَارِئُ (اے جان ڈالنے والے) کے وظائف

جو شخص یہ اسم مبارک روزانہ سات مرتبہ نماز پنجگانہ کے بعد پڑھتا رہے، ان شاء اللہ عذاب قبر سے محفوظ رہے گا۔ (بلکہ اللہ عزوجل کی رحمت سے امید ہے کہ اس کی لاش بھی محفوظ اور سلامت رہے گی۔)

بانجھ عورت اگر سات روزے رکھے، اور افطار کے وقت روزانہ ۲۱ مرتبہ "اَلْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ" پڑھے اور پانی پر دم کرکے اسی پانی سے روزہ افطار کرے، تو ان شاء اللہ اولاد نصیب ہوگی۔

Marfat.com

یَامُصَوِّرُ (اے صورت بنانے والے) کے وظائف

بانجھ عورت اگر سات روزے رکھے، اور افطار کے وقت روزانہ ۲۱ مرتبہ
''اَلْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ'' پڑھے اور پانی پر دم کر کے اسی پانی سے روزہ افطار کرے،
تو ان شاء اللہ حمل قرار پائے گا اور فرزند صالح نصیب ہوگا۔

یَاغَفَّارُ (اے بڑے بخشنے والے) کے وظائف

جو شخص بعد نماز عصر ''یَاغَفَّارُ اِغْفِرْلِیْ'' پڑھے، ان شاء اللہ بخشے ہوئے لوگوں کے زمرہ میں ہوگا۔

جو نماز جمعہ کے بعد یہ اسم ایک سو مرتبہ پڑھے تو مقبولوں میں شامل ہوگا۔ تنگی ختم ہوگی۔ بے حساب رزق ملے گا اگر یہ اسم ''یَاغَفَّارُ اِغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ'' کے ساتھ پڑھا جائے تو مزید فوائد حاصل ہوں گے۔

یَاقَهَّارُ (اے غلبہ والے) کے وظائف

اس اسم کا بکثرت ورد کرنے سے دنیا کی محبت ختم ہوگی اور اللہ تعالیٰ اور اس کے محبوب ﷺ کی محبت دل میں پیدا ہوگی۔

جادو، ٹونہ آسیب کو ختم کرنے کے لئے یہ اسم چینی کے برتن پر لکھ کر اس کو پلایا جائے، ان شاء اللہ فوراً شفاء ہوگی۔

اگر گھر میں آسیب یا موذی جانور ہو تو اس اسم کو گیارہ روز تک گیارہ ہزار مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے دیواروں پر چھڑکا جائے۔

یَاوَهَّابُ (اے بہت عطا کرنے والے) کے وظائف

جو فقر و فاقہ میں مبتلا ہو تو ''یَا وَهَّابُ'' کا بکثرت ورد کرے، یا چاشت کی نماز کے آخری سجدہ میں ۴۰ مرتبہ ۲۱ دن تک پڑھے تو فقر و فاقہ دور ہوگا۔

اگر کوئی اور مقصد ہو تو آدھی رات میں ننگے سر کھلی جگہ میں پڑھیں۔ اس کا مدعا پورا ہوگا۔

Marfat.com

جس شخص کا ذاتی مکان نہ ہوتو وہ اسے بکثرت پڑھتا رہے، ان شاء اللہ اسے ذاتی مکان مل جائے گا۔

خاص حاجت درپیش ہوتو گھر یا مسجد کے صحن میں تین بار سجدہ کر کے ہاتھ اٹھائے اور ۱۰۰ مرتبہ ''یاوھّاب'' پڑھے حاجت ان شاء اللہ ضرور پوری ہوگی۔

یَارَزَّاقُ (اے روزی دینے والے) کے وظائف

نماز فجر سے پہلے اپنے مکان کے چاروں کونوں میں دس دس (۱۰) مرتبہ ''یَارَزَّاقُ'' (اے رزق عطا کرنے والے) پڑھ کر دم کریں۔ مکان ہر بلا سے محفوظ رہے گا، اس گھر میں بیماری و مفلسی نہ آئے گی، اور غیب سے روزی عطا ہوگی۔

اگر کسی کی دکان چلتے ہوئے بند ہوگئی تو اس اسم کو روزانہ دکان میں پڑھنے سے ان شاء اللہ دوکان پھر سے چلنے لگے گی۔

یَافَتَّاحُ (اے کھولنے والے) کے وظائف

جو شخص یہ اسم بعد نماز فجر سینے پر ہاتھ رکھ کر ستر مرتبہ پڑھے گا تو اس کا دل نور سے منور ہو جائے گا۔ اور اس کی قسمت کھل جائے گی۔

ہر کام میں آسانی پیدا ہوگی، رکی ہوئی شادی کے لئے بھی اس اسم کا ورد بہت بہترین ہے۔

یَاعَلِیْمُ (اے جاننے والے) کے وظائف

اس اسم کا بکثرت ورد کرنے والے پر اللہ تعالیٰ علم و معرفت کے در کشادہ فرما دیتا ہے۔

صاحب کشف ہونے کے لئے ہر نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھا جائے۔

جو شخص کسی چیز کا اچھا یا برا انجام معلوم کرنا چاہے تو اس اسم کو رات سوتے وقت گیارہ سو مرتبہ گیارہ روز تک پڑھے، اسے بذریعہ خواب اچھے یا برے انجام کا علم ہوگا۔

یَاقَابِضُ (اے تنگی کرنے والے) کے وظائف

یہ اسم اگر چالیس دن تک روزانہ ایک ٹکڑے پر لکھ کر کھایا جائے تو رزق میں کشادگی ہوگی۔

Marfat.com

اور درد، چوٹ، زخم وغیرہ کی تکلیف محسوس نہ ہوگی۔
اگر بری عادات چھڑانا مقصود ہو تو اس اسم کو پانی پر سات سو مرتبہ پڑھ کر سات دن تک پلائیں، بری عادتیں ختم ہو جائیں گی۔

یَابَاسِطُ (اے کشادگی پیدا کرنے والے) کے وظائف

نماز فجر یا چاشت کی نماز کے بعد یہ اسم دس مرتبہ پڑھ کر دونوں ہاتھ منہ پر پھیر لیا کریں، محتاجی دور ہوگی، رزق میں وسعت ہوگی، اللہ کی رحمت اور فضل شامل حال رہے گا۔

یَاخَافِضُ (اے پست کرنے والے) کے وظائف

(۱) اگر سخت دشمن سے واسطہ پڑ جائے تو اس کو پست کرنے کیلئے سات ہزار مرتبہ یہ اسم تھوڑی سی مٹی پر دم کریں اور دشمن کے دروازے پر پھینک دیں، دشمن مغلوب ہوگا۔
(۲) یا تین روزے رکھ کر چوتھے دن ایک ہی مجلس میں پانچ سو مرتبہ اس کا ورد کریں، تو دشمن پر فتح یابی نصیب ہوگی۔

یَارَافِعُ (اے بلند کرنے والے) کے وظائف

(۱) جو شخص ہر ماہ کی چودھویں شب آدھی رات کے وقت ایک سو مرتبہ یہ اسم پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے مخلوق سے بے نیاز و مستغنی کر دیں گے، اور تونگر بنا دیں گے۔
(۲) جو شخص رات میں سوتے وقت سو مرتبہ یہ اسم پڑھے گا وہ ہر دلعزیز ہوگا، اور روز بروز مخلوق میں اس کی عزت بڑھتی جائے گی۔ (۳) آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا۔
(۴) کسی سخت گیر حاکم کے سامنے یَارَافِعُ پڑھتے ہوئے جائیں، تو ان شاء اللہ اس کی سخت گیری رحم دلی میں بدل جائے گی۔

یَامُعِزُّ (اے عزّت دینے والے) کے وظائف

(۱) جو شخص جمعہ یا ہفتہ کی رات نماز مغرب کے بعد ۴۱ مرتبہ پڑھے گا، تو مخلوق میں صاحب توقیر ہوگا۔ لوگوں کے دلوں میں اس کی ہیبت پیدا ہوگی۔

Marfat.com

(۲) فجر کی نماز کے بعد ۵۱۰ مرتبہ یہ وظیفہ پڑھنے سے سفر میں حفاظت، اہل خانہ میں عزت ووقار پیدا ہوگا۔ (۳) ہر کام میں آسانی اور تسخیر حاصل ہوگی۔

یَامُذِلُّ (اے ذلت دینے والے) کے وظائف

(۱) اگر کسی ظالم کا خوف ہو تو ۷۵ مرتبہ یہ اسم نفل نماز میں سجدے میں پڑھیں ان شاء اللہ ظالم ظلم چھوڑ دے گا یا تباہ ہو جائے گا۔

(۲) حاسد کے حسد سے بھی حفاظت ہوگی۔

(۳) اگر کسی نے حق روک لیا ہے تو ادا کر دے گا۔

(۴) روزانہ بعد نماز فجر ۷۷۰ مرتبہ پڑھنے سے بدکلام افسر سے نجات ملے گی۔ نفسانی خواہشات کی اصلاح ہوگی اور مخالفت کرنے والا ہمیشہ ذلیل ہوگا۔

یَاسَمِیْعُ (اے سننے والے) کے وظائف

(۱) دعاؤں کی قبولیت کے لئے جمعرات کے روز چاشت کی نماز کے بعد پانچ سو مرتبہ پڑھا جائے۔ اگر ہمیشہ اس کا ورد رکھے تو مستجاب الدعوات ہوگا۔

(۲) اگر کوئی شادی کا خواہش مند ہو تو اسے چاہیے کہ چالیس دن تک روزانہ ۱۱۰۰۰ گیارہ ہزار مرتبہ یہ وظیفہ پڑھ کر آخری دن اللہ تعالیٰ کے حضور شادی کی دعا کرے، ان شاء اللہ قبول ہوگی۔

یَابَصِیْرُ (اے دیکھنے والے) کے وظائف

(۱) جو شخص جمعہ کی سنت اور فرضوں سے پہلے یہ اسم سو مرتبہ پڑھے گا وہ عارف باللہ ہوگا۔ اور اس کا دل نور ہدایت سے منور ہوگا۔

(۲) اور جو اسے ۳۰۲ مرتبہ پڑھے وہ صاحب بصیرت بن جائے اور آنکھوں کی بینائی ہمیشہ قائم رہے۔

Marfat.com

یَاحَکَمُ (اے فیصلہ کرنے والے) کے وظائف

(۱) اگر سخت مہم درپیش ہو تو چلتے پھرتے اس اسم کا ورد کرے، ان شاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل آسان ہوگی۔

(۲) اور ہر نیک کام میں کامیابی ہوگی۔ کشف والہام کی بھی قدرت پیدا ہوگی۔

(۳) یہ اسم حصول اقتدار کے لئے بھی بہت مفید ہے۔

(۴) آخری شب میں باوضو ہو کر ۹۹ مرتبہ پڑھنے والے کا دل ان شاء اللہ تعالیٰ محل اسرار و نور ہوگا۔

(۵) جو شخص جمعہ کی رات کو یہ اسم اس قدر پڑھے کہ بے خود ہو جائے تو ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا قلب کشف والہام کا مرکز ہو جائے گا۔

یَاعَدْلُ (اے انصاف کرنے والے) کے وظائف

(۱) اگر کوئی چاہے کہ لوگ اس کے تابعدار ہو جائیں تو جمعہ کی رات کو روٹی کے ۲۰ ٹکڑوں پر یا عدل لکھ کر کھالے، ان شاء اللہ تمام مخلوق مسخر ہوگی۔

(۲) جو شخص اسے روزانہ ۱۰۴ مرتبہ پڑھتا رہے اس میں رضاء الٰہی کا جذبہ پیدا ہو جائے گا۔ (۳) اگر کوئی مقدمہ ہو تو اس میں کامیابی ہوگی۔

یَا لَطِیْفُ (اے لطف و کرم فرمانے والے) کے وظائف

(۱) اگر یہ اسم مبارک مسلسل ۲۱ روز تک بعد نماز عشاء باوضو ہو کر ایک سو مرتبہ پڑھا جائے، اول آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں، تو دلی مراد پوری ہوگی، خاص کر کنواری لڑکی کی شادی کے لئے اس کا وظیفہ بے حد مجرب ہے۔

(۲) اس اسم کو بکثرت پڑھنے والے کی ہر حاجت پوری ہوگی۔

(۳) مشکلات میں آسانی پیدا ہوگی۔

(۴) مزاج میں لطافت اور نفاست پیدا ہوگی۔

Marfat.com

(۵) ۱۳۳ مرتبہ روزانہ پڑھنے والے کے رزق میں برکت ہوگی ۔ اور سب کام بخوبی پورے ہوں گے۔

(۶) فقر وفاقہ، دکھ ومصیبت، رنج وغم، تکلیف وپریشانی میں مبتلا شخص کسی وقت بھی اچھی طرح وضو کرے اور نفل پڑھے اور دل میں مقصد کا خیال رکھ کر ۱۰۰ مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھے ان شاءاللہ کامیابی ہوگی۔

یَا خَبِیْرُ (اے خبر رکھنے والے) کے وظائف

(۱) جو شخص اس کو سات روز تک پڑھے گا اس پر پوشیدہ راز ظاہر ہوں گے۔

(۲) مومن کی فراست سے نوازا جائے گا۔

(۳) نفس کے شر سے رہائی پائے گا۔

(۴) اس اسم کو روزانہ ۸۱۲ مرتبہ سات روز تک سوتے وقت پڑھنے سے جس چیز کے بارے میں جاننا چاہیں معلوم ہو جائے گا۔ یعنی وہ چیز فائدہ مند رہے گی یا نقصان دہ ثابت ہوگی۔

یَا حَلِیْمُ (اے بُردبار) کے وظائف

(۱) جو شخص صنعت وحرفت کھیتی باڑی میں ترقی چاہتا ہے تو اس اسم کو کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول دے اور وہ پانی کھیت، باغات، اوزار وغیرہ پر چھڑک دے۔

(۲) جو بچہ بداخلاق ہو اسے ۸۸۰۰ مرتبہ روزانہ یہ اسم پڑھ کر پانی پر دم کر کے گیارہ دن تک پلائیں۔ ان شاءاللہ بداخلاقی اچھے اخلاق میں بدل جائے گی۔

(۳) اس اسم کو کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر جس چیز پر بھی چھڑکا جائے خیر وبرکت ہوگی۔

یَا عَظِیْمُ (اے بزرگی وعظمت والے) کے وظائف

(۱) اس اسم کے بکثرت ورد کرنے والے کو ان شاءاللہ تعالیٰ عزت وعظمت حاصل ہوگی۔

(۲) عزت وعظمت، دولت وصحت، آفتوں سے نجات اور بیماری سے شفاء کے لئے یہ اسم

Marfat.com

مبارک ۲۰ امرتبہ کسی بھی نماز کے بعد پڑھیں اور ایک ہفتہ تک ''وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ'' کا ورد بھی کریں۔ ان شاء اللہ ہر ایک کی نظر میں قابل تعظیم بن جائیں گے۔

(۳) فضل دارین حاصل ہوگا اگر کوئی مالی مشکل ہو تو وہ بھی حل ہو جائے گی۔

یَا غَفُوْرُ (اے بخشنے والے) کے وظائف

(۱) 'یاغفور'' کا بکثرت ورد کرنے سے مال واولاد میں برکت ہوگی۔

(۲) دکھ، درد، رنج والم دور ہو جائیں گے۔

(۳) یہ اسم زعفران سے کاغذ پر لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں، شفا ہوگی۔

(۴) اگر زبان بند ہوگئی ہو تو اس اسم کے ساتھ سَیِّدُ الْاِسْتِغْفَارِ لکھ کر مریض کو پلائیں۔

(۵) سید الاستغفار کا ورد خاتمہ بالخیر کیلئے مال واولاد میں برکت کے لئے تجارت میں ترقی کے لئے بیحد مجرب ہے اگر سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے باغ کے تمام درختوں یا پودوں پر چھڑک دیا جائے تو درخت پھلوں سے بھر جائیں گے۔

یَا شَکُوْرُ (اے صلہ دینے والے) کے وظائف

(۱) ''اَلشَّکُوْرُ'' کو روزانہ ۴۱ مرتبہ پڑھیں تو معاشی تنگی اور رنج وغم سے نجات ملے گی۔

(۲) اگر آنکھوں کی روشنی کم ہوگئی ہو تو یہ اسم ۴۱ بار پانی پر پڑھ کر آنکھوں پر مَلا جائے تو نگاہ ٹھیک ہو جائے گی۔

(۳) ہر نماز کے بعد اسے ۲۰۰۴ مرتبہ پڑھنے سے مستجاب الدعوات بن جائے گا۔

یَا عَلِیُّ (اے بلند و برتر) کے وظائف

(۱) جو اس اسم کو ہمیشہ پڑھتا رہے اور اس اسم کو لکھ کر اپنے پاس رکھے ان شاء اللہ اسے رتبہ کی بلندی، خوش حالی اور مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

(۲) عزت وحرمت اور بلندی حاصل کرنے کے لئے، بچہ کو جلد جوان اور طاقت ور بنانے

کے لئے، سفر میں بخیریت واپسی کے لئے، حصول دولت کیلئے، اس کے علاوہ دیگر مقاصد کے لئے اس کا تعویذ بنا کر گلے میں ڈالے اور گیارہ دن تک ہر نماز کے بعد جس قدر ہو سکے اس اسم کا ورد کیا جائے۔

(۳) جو شخص بیوی کو تابع کرنے کی غرض سے اسے گیارہ سو مرتبہ ۴۰ روز تک پڑھے گا اس کی بیوی اس کے تابع ہو جائے گی۔

یَا کَبِیْرُ (اے بڑائی والے) کے وظائف

(۱) عہدہ پر بحالی کے لئے معزول شخص سات روزے رکھے اور روزانہ ایک ہزار مرتبہ اس کا ورد کرے۔

(۲) جو شخص اس اسم کو ہمیشہ بعد نماز عشاء سات مرتبہ پڑھ لیا کرے تو وہ ہر دشمن سے محفوظ رہے گا۔

(۳) اور ہر بلا و آفت اس سے دور رہے گی۔

(۴) اگر کوئی زہریلا جانور کاٹ لے تو زہر ان شاء اللہ اثر نہیں کرے گا۔

(۵) تنگی و ذلت اس کی برکت سے ختم ہو گی۔

(۶) عہدے پر برقرار رہے گا اور متعلقہ لوگ اس کے تابع رہیں گے اور عزت کریں گے۔

یَاحَفِیْظُ (اے حفاظت فرمانے والے) کے وظائف

(۱) جو اس اسم کو ہمیشہ پڑھتا رہے اور اس اسم کو لکھ کر اپنے پاس رکھے ان شاء اللہ ہر قسم کے خوف و خطر و ضرر سے محفوظ رہے گا۔

(۲) اگر چہ وہ درندوں کے درمیان ہو، یا آگ میں گھر گیا ہو، یہاں تک کہ آسیب و جنات کا بھی اس پر کوئی اثر نہ ہو گا۔

(۳) ہر وقت اللہ کی حفاظت میں رہے گا۔

(۴) مال و اسباب گم نہ ہو گا۔ (۵) حادثات سے محفوظ رہے گا۔

یَا مُقِیْتُ (اے قوّت وتوانائی بخشنے والے) کے وظائف

(۱) ''یَا مُقِیْتُ'' ۷ مرتبہ پڑھ کر خالی آب خورے (پیالہ) پر دم کرے، پھر اس میں پانی پیئے مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

(۲) اگر روزہ دار پر روزہ ناقابل برداشت ہو تو اس اسم کو مٹی پر لکھ کر سونگھا جائے تو قوت و غذائیت حاصل ہوگی۔

(۳) دوران سفر پانی پر دم کر کے پیئیں تو پیاس ختم ہو جائے گی۔ (روزہ دار اگر سفر کا ارادہ رکھتا ہو تو سحری میں یہ عمل کرے، ان شاء اللہ پیاس کی شدت سے محفوظ رہے گا)

(۴) ۵۵۰ مرتبہ دم کر کے ضدی بچے کو پلائیں، ان شاء اللہ ضد کو ترک کر دے گا۔

یَا حَسِیْبُ (اے کفایت کرنے والے) کے وظائف

(۱) اگر کسی آدمی یا چیز کا ڈر ہو تو جمعرات سے شروع کر کے آٹھ یوم تک صبح و شام ستر مرتبہ ''حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَسِیْبُ'' پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ ہر شر سے محفوظ رہے گا۔

(۲) رات میں سوتے وقت روزانہ یا حسیب کو ستر ۷۰ مرتبہ پڑھا جائے تو دشمنوں کی دشمنی اور چوروں کے خوف، ہمسایہ کی بدی، یہ تمام مقاصد سات دن کے وظیفہ سے حاصل ہو جائیں گے۔

(۳) ''حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل'' کا وظیفہ جمعرات سے شروع کیا جائے اور اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے پڑھتے رہیں ہر مشکل آسان ہو جائیگی۔

یَا جَلِیْلُ (اے بلند مرتبت والے) کے وظائف

(۱) مشک و زعفران سے یہ اسم لکھ کر اپنے پاس رکھے اور بکثرت پڑھے تو ان شاء اللہ عزت و عظمت، قدر و منزلت، حاصل ہوگی۔

(۲) جو شخص اس اسم مبارک کو بکثرت نماز کے بعد پڑھتا رہے تو لوگوں کے دلوں میں اس کی ہیبت پیدا ہوگی اگر اس کا تعویذ بنا کر گلے میں ڈالے تو لوگوں کے دلوں میں صاحب عزت

Marfat.com

ہوگا۔(۳)شب عروسی میں گیارہ سومرتبہ اس اسم کو پڑھ کر کسی چیز پر دم کر کے دلہن کو کھلانا میاں بیوی میں محبت کا موجب بنے گا،اور آئندہ زندگی میں سکون پیدا ہوگا۔

یَا کَرِیْمُ (اے کرم کرنے والے) کے وظائف

(۱)روزانہ اس اسم کو پڑھتے ہوئے سو جایا کریں تو اسے علماء وصلحاء میں عزت نصیب ہوگی۔

(۲)عزت وتکریم کے لئے یہ اسم بے حد مجرب ہے۔

(۳)اگر کسی کو کوئی حاجت درپیش ہو تو اسے چاہئے کہ اس اسم کو ۱۱۰۰ مرتبہ چالیس دن تک پڑھے ان شاءاللہ جائز حاجات پوری ہوں گی۔

یَا رَقِیْبُ (اے نگہبانی فرمانے والے) کے وظائف

(۱)"یارقیب" ۷ مرتبہ اپنے بچوں اور اپنے مال واسباب پر پڑھ کر دم کریں، اور بکثرت اس کا ورد کریں ان شاءاللہ سب آفتوں سے محفوظ رہیں گے۔

(۲)یہ اسم مبارک خاص کر حفاظت حمل، مال واولاد کی حفاظت کے لئے بھی مجرب ہے۔

(۳)دشمنوں اور چوروں کے خطرات سے محفوظ رہے گا۔

(۴)اگر کوئی شخص سفر پر جاتے ہوئے اس اسم کو ۱۱۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اپنے مکان کی دیواروں پر چھڑک دے تو اس کی واپسی تک اس کا مکان بحفاظت رہے گا۔

یَا مُجِیْبُ (اے دعا قبول کرنے والے) کے وظائف

(۱)جو شخص کثرت سے یہ اسم پڑھے گا اس کی دعائیں قبول ہونے لگیں گی۔

(۲)جو اس کا تعویذ گلے میں ڈالے تو گمشدہ چیز اس کو مل جائے گی۔

(۳)اگر حمل ضائع ہونے کا خطرہ ہو تو عورت سات روز تک اپنے پیٹ پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ پڑھے، ان شاءاللہ بچہ ضائع نہ ہوگا۔

(۴)اگر مسافر کی پیٹھ پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ پڑھا جائے تو دوران سفر محفوظ رہے گا۔

Marfat.com

(۵) جو قید میں ہو اس کو چاہئے کہ اس اسم کو کثرت سے پڑھے کہ یہ خلاصی پانے کا ذریعہ ہے۔
(۶) یہ اسم ناراض بیوی کو واپس بلانے کیلئے بھی مجرب ہے۔

یَا وَاسِعُ (اے وسعت دینے والے) کے وظائف

(۱) اس اسم کو بکثرت پڑھنے والے کے لئے غنائے ظاہری و باطنی کے در کشادہ فرمادیں گے۔
(۲) صبر و قناعت، مال و دولت کے حصول کے لئے یہ اسم بے حد مجرب ہے۔
(۳) نماز عصر کے بعد خاص طور پر ایک سو مرتبہ یا واسع پڑھا جائے۔ اگر کوئی شخص اپنی دوکان کا کاروبار بڑھانا چاہے تو اسے چاہئے کہ نماز جمعہ کے بعد چند آدمی اکھٹے کر کے اس اسم کو ۳۱۲۵۰ مرتبہ پڑھے، اور چار جمعوں تک اسی طرح پڑھائی کروائے، ان شاء اللہ اس کی برکت سے کاروبار میں اضافہ ہوگا۔

یَاحَکِیْمُ (اے حکمت والے) کے وظائف

(۱) جو شخص بکثرت اس کا ورد کرے اس پر ان شاء اللہ علم و حکمت کے دروازے کھل جائیں گے۔
(۲) علم کی زیادتی اور حکمت کے دروازے کھولنے کے لئے آدھی رات میں یہ اسم ۱۴۱ مرتبہ ۲۱ دن تک پڑھا جائے تو ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔
(۳) اس کی برکت سے ہر مصیبت سے نجات ملے گی۔

یا وَدُوْدُ (اے دوستی کرنے والے) کے وظائف

یہ اسم اگر ایک ہزار بار کھانے پر پڑھ کر بیوی کے ساتھ کھانا کھائے تو میاں بیوی میں بے پناہ محبت ہوگی اور ساتھ ہی اللہ عزوجل و رسول اللہ ﷺ کی محبت سے دل سرشار ہوگا۔
محبتِ الٰہی کے لئے اس کا ورد لازمی کرنا چاہئے۔

یَامَجِیْدُ (اے عزت والے) کے وظائف

اگر کسی شخص کو کوجذام (کوڑھ) ہو جائے تو وہ ایام بیض یعنی چاند کی ۱۳، ۱۴، ۱۵ کو

Marfat.com

روزے رکھے اور افطار کے بعد سے مسلسل اس اسم پاک کو نمازِ عشاء تک پڑھتا رہے انشاء اللہ تین دن میں اس کا اثر دیکھ لے گا۔

یابَاعِثُ (اے قبر سے اٹھانے والے) کے وظائف

جو شخص سوتے وقت اپنا ہاتھ سینے پر رکھ کر سو مرتبہ پڑھے اس کا دل علم و حکمت سے منور ہو جائے گا۔ گناہ سے نفرت ہوگی، نیکی سے رغبت اور دل صاف ہوگا۔

یَا شَھِیْدُ (اے موجود) کے وظائف

یہ اسم مبارک صبح کے وقت آسمان کی طرف منہ کر کے ۲۱ مرتبہ پڑھا جائے تو اولاد نیک کردار اور پرہیز گار ہو جائے۔

اگر بیوی کے سر پر ہاتھ رکھ کر پڑھے تو اس کے دل میں بے حد محبت ہو جائے۔

یَا حَقُّ (اے ثابت کرنے والے) کے وظائف

اگر کوئی چیز گم ہو گئی ہو تو کاغذ چاروں کونوں پر اس کو لکھ کر آدھی رات کے وقت ہتھیلی پر رکھ کر آسمان کی طرف دیکھتا رہے اور پانچ سو مرتبہ اس اسم کو پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ وہ چیز مل جائے گی۔ یا پتا چل جائے گا۔

یَاوَکِیْلُ (اے کارساز) کے وظائف

رزق کی کشادگی کے لئے ہر نماز کے بعد ۱۱۱ مرتبہ پڑھیں۔

اگر آندھی طوفان میں کوئی پھنس جائے تو بکثرت اس کا ورد کرے اور ساتھ ہی "حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْل" کا ورد بھی کرے۔

یَا قَوِیُّ (اے طاقت وقوت والے) کے وظائف

اگر دشمن کا خوف ہو تو اس کی ہلاکت کے لئے بعد نماز عشاء ایک ہزار مرتبہ پڑھیں۔ دشمن ہلاک ہو جائے گا یا اس کے شر سے نجات مل جائے گی۔ مگر یہ یقین ضروری ہے کہ دشمن

ظالم ہے اور یہ مظلوم ہے۔ اگر ناحق دشمن پر یہ عمل کیا تو کرنے والا گنہگار ہوگا۔

یَا مَتِیْنُ (اے بہت مضبوطی والے) کے وظائف

اگر ماں کا دودھ کم ہوگیا ہو تو یہ اسم کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر خود پیئے اور کچھ چھاتیوں پر لگایا جائے تو ان شاء اللہ دودھ میں زیادتی ہوگی۔

اگر اولاد فسق و فجور میں مبتلا ہو جائے تو دس مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کریں اور بچوں سے بھی اس کا ورد کرائیں۔

یَا وَلِیُّ (اے دوست) کے وظائف

حسنِ عمل کی توفیق کے لئے جمعہ کی شب میں ایک ہزار مرتبہ پڑھا جائے۔

دشمن کی بدنیتی بھانپنے کے لئے اس کا ورد مجرّب ہے۔

اگر بیوی یا اولاد بدکاری کی طرف مائل ہوں تو ان کے سامنے چالیس روز تک اس اسم کو پڑھتے رہیں، ان شاء اللہ پارسائی اور پرہیزگاری پیدا ہوگی۔

یَا حَمِیْدُ (اے تعریف کے لائق) کے وظائف

ایک گروہ تم میں سے اور ایک جماعت ایسی تھی جسے فکر پڑا ہوا تھا

اَنفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ

(صرف) اپنی جانوں کا بدگمانی کر رہے تھے اللہ کے ساتھ بلا وجہ عہد جاہلیت

الْجَاهِلِيَّةِ ؕ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ

کی بدگمانی کہتے کیا ہمارا بھی اس کام میں کچھ

مِنْ شَيْءٍ ؕ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ؕ

دخل ہے۔ آپ فرمائیے اختیار تو سارا اللہ کا ہے

يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ؕ

چھپائے ہوئے ہیں اپنے دلوں میں جو ظاہر نہیں کرتے آپ پر

يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا

کہتے ہیں (اپنے دلوں میں) اگر ہوتا ہمارا اس کام میں کچھ دخل تو نہ مارے

قُتِلْنَا هٰهُنَا ؕ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ

جاتے ہم یہاں (اس بے دردی سے) آپ فرمائیے کہ اگر تم (بیٹھے) ہوتے اپنے گھروں

لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى

میں تو ضرور نکل آتے (وہاں سے) وہ لوگ، لکھا جا چکا تھا جن کا قتل ہونا اپنی

مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ

قتل گاہوں کی طرف (یہ سارے معاملات اس لیے تھے) تاکہ آزمائے اللہ تعالیٰ جو کچھ

وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ

تمہارے سینوں میں (چھپا) تھا اور صاف کر دے جو (میل کچیل) تمہارے دلوں میں تھا اور اللہ تعالیٰ

الصُّدُوْرِ ۝ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ

خوب جاننے والا ہے سینوں کے رازوں کا۔ (جہانِ عالم) محمد اللہ کے رسول ہیں اور وہ (سعادتمند)

Marfat.com

مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ

جو آپ کے ساتھی ہیں کفار کے مقابلہ میں بہادر اور طاقتور ہیں۔ آپس میں بڑے رحمدل ہیں۔

تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ

تو دیکھتا ہے انہیں کبھی رکوع کرتے ہوئے اور کبھی سجدہ کرتے ہوئے

اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ۫ سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ

طلبگار ہیں اللہ کے فضل اور اس کی رضا کے۔ ان (کے ایمان وعبادت) کی علامت ان کے چہروں

مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي

(سجدوں کے اثر سے نمایاں ہے۔ یہ ان کے اوصاف تورات میں

التَّوْرٰىةِ ۚۖ وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ ۚۛ كَزَرْعٍ

(مذکور) ہیں نیز ان کی صفات انجیل میں بھی (مرقوم) ہیں (یہ صحابہ)

اَخْرَجَ شَطْـَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى

ایک کھیت کی مانند ہیں جس نے نکالا اپنا پٹھا پھر تقویت دی اس کو پھر وہ مضبوط ہو گیا

عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ

پھر سیدھا کھڑا ہو گیا اپنے تنے پر (اس کا جوبن) خوش کر رہا ہے بونے والوں کو، تاکہ (اللہ)

الْكُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

غیظ میں جلتے رہیں انہیں دیکھ کر کفار۔ اللہ نے وعدہ فرمایا ہے جو ایمان لے آئے اور نیک

الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ۝

عمل کرتے رہے ان سے مغفرت کا اور اجرِ عظیم کا۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ

اللہ وہی تو ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں جاننے والا ہر پوشیدہ

وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ هُوَ اللّٰهُ

ہوئی اور ہر ظاہر چیز کا وہی بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے اللہ وہی

Marfat.com

الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ

تو ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں سب کا بادشاہ ، نہایت مقدس

السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ

سلامت رکھنے والا، امان بخشنے والا ، نگہبان ، عزت والا، ٹوٹے دلوں کو جوڑنے والا

الْمُتَكَبِّرُ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ○ هُوَ

بڑا ہے پاک ہے اللہ تعالےٰ اس شرک سے جو لوگ کر رہے ہیں۔ وہی اللہ

اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ

سب کا خالق ، سب کو پیدا کرنے والا، (سب کی مناسب) صورت بنانے والا ہے سارے

الْحُسْنٰى يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج

خوبصورت نام اسی کے ہیں اس کی تسبیح کر رہے ہیں جو آسمانوں اور زمین میں ہیں

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○

اور وہی عزت والا حکمت والا ہے۔

الف با تا ثا جیم حا خا دال

الف ب ت ث ج ح خ د

ذال را زا سین شین صاد

ذ ر ز س ش ص

ضاد طا ظا عین غین فا

ض ط ظ ع غ ف

قاف کاف لام میم نون واو

ق ک ل م ن و

ھا یا (ایک سانس میں پڑھے)

ہ ی

Marfat.com

رَبِّ سَهِّلْ وَيَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ عَلَيْنَا يَا رَبِّ

اے ہمارے پروردگار سہل اور آسان کر اور مشکل نہ کر ہم پر اے میرے پروردگار

اس کے بعد یہ دُعَاءِ حِزْبُ الْبَحْرِ پڑھے۔

دُعَاءِ حِزْبِ الْبَحْرِ

دُعَاءِ حِزْبِ الْبَحْرِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ يَا

اے اللہ اے اللہ اے اللہ اے بلند مرتبہ اے بزرگ اے

حَلِيْمُ يَا عَلِيْمُ اَنْتَ رَبِّيْ وَعِلْمُكَ حَسْبِيْ

بردبار اے جاننے والے تو میرا پروردگار اور تیرا علم میرے لیے کافی ہے

فَنِعْمَ الرَّبُّ رَبِّيْ وَنِعْمَ الْحَسْبُ حَسْبِيْ

پس کیا اچھا ہے پروردگار میرا پالنے والا اور کیا خوب کفایت کرنے والا ہے میرا کفایت

تَنْصُرُ مَنْ تَشَآءُ وَاَنْتَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ○

کرنے والا تو مدد کرتا ہے جس کی چاہے اور تو غالب مہربان ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ الْعِصْمَةَ فِي الْحَرَكَاتِ

اے اللہ تحقیق ہم تجھ سے مانگتے ہیں اپنا بچنا تمام حرکات

وَالسَّكَنٰتِ وَالْكَلِمٰتِ وَالْاِرَادَاتِ وَالْخَطَرَاتِ

اور سکنات اور تمام باتوں اور ارادوں اور خطروں

مِنَ الظُّنُوْنِ وَالشُّكُوْكِ وَالْاَوْهَامِ السَّاتِرَةِ

میں گمانوں اور شکوں اور وہموں سے جو ڈھانکنے والے

لِلْقُلُوْبِ عَنْ مُّطَالَعَةِ الْغُيُوْبِ فَقَدِ ابْتُلِيَ

ہیں دلوں کے معاینہ غیوب سے پس تحقیق آزمائے گئے ہیں

الْمُؤْمِنُوْنَ وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا ؕ

ایمان والے اور ہلا دیئے گئے ہلا دینا سخت

دریں جا انگشتِ سبابہ دستِ راست اشارہ جانب

(اس جگہ دائیں ہاتھ کی انگلی سبابہ سے آسمان کی طرف

آسمان بکند وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ

اشارہ کرے) اور اس وقت کہتے ہیں منافق اور وہ لوگ

فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ

جن کے دلوں میں بیماری ہے کہ ہم کو وعدہ نہیں دیا اللہ نے اور رسول

اِلَّا غُرُوْرًا ○ فَثَبِّتْنَا (سہ بار) مطلب خوے و نگہدارد

نے مگر بطریق دھوکہ کے پس ہم کو ثابت قدم رکھ (تین بار پڑھے۔ مطلب اپنا نگاہ میں رکھے

دریں جا ایں جملہ و دعا بخواند عَلٰٓى اُمُوْرِ الشَّرِيْعَةِ

اور اس جگہ یہ دعا پڑھے) اوپر امور شریعت کے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ عَزِيْزًا فِيْ اَعْيُنِ النَّاسِ وَ

اے خداوند مجھے باعزت دکھا لوگوں کی آنکھوں میں اور

ذَلِيْلًا فِيْ عَيْنِيْ وَانْصُرْنَا (سہ بار) مطلب خود و

ذلیل دکھا میری آنکھ میں اور مدد کر (تین بار۔ اس جگہ پڑھے

نگہدارد و دریں جا بخواند عَلٰى جَمِيْعِ الْخَلَآئِقِ

اور مطلب نگاہ میں رکھے) اوپر جملہ مخلوقات کے

وَسَخَّرْنَا هٰذَا الْبَحْرَ كَمَا سَخَّرْتَ الْبَحْرَ

اور فرمانبردار کر ہمارے لیے اس دریا کو جیسا کہ فرمانبردار کیا تو نے دریا کو

Marfat.com

لِسَیِّدِنَا مُوْسٰی عَلَیْهِ السَّلَامُ وَسَخَّرْتَ

واسطے سردار ہمارے موسیٰ علیہ السلام کے اور تو نے مسخر کیا

النَّارَ لِسَیِّدِنَا اِبْرٰهِیْمَ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَسَخَّرْتَ

آگ کو واسطے سردار ہمارے ابراہیم علیہ السلام کے اور تو نے مسخر کیا

الْجِبَالَ وَالْحَدِیْدَ لِسَیِّدِنَا دَاوٗدَ عَلَیْهِ السَّلَامُ

پہاڑوں کو اور لوہے کو واسطے سردار ہمارے داؤد علیہ السلام کے

وَسَخَّرْتَ الرِّیَاحَ وَالشَّیٰطِیْنَ وَالْجِنَّ وَ

اور تو نے مسخر کیا ہواؤں اور شیطانوں کو اور جنوں اور

الْاِنْسَ لِسَیِّدِنَا سُلَیْمٰنَ عَلَیْهِ السَّلَامُ

انسانوں کو واسطے سردار ہمارے سلیمان علیہ السلام کے

وَسَخَّرْتَ الْمُلْكَ وَالْمَلَكُوْتَ وَالْعَوَالِمَ

اور تو نے مسخر کیا ملک اور ملکوت کو اور عالموں تمام کو

كُلَّهَا لِسَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا وَشَفِیْعِنَا وَمَوْلٰنَا

واسطے سردار ہمارے اور نبی ہمارے اور شفیع ہمارے اور مولا ہمارے

مُحَمَّدٍ عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَرَحْمَةُ

محمدؐ کے اوپر ان کے درود و سلام اور رحمت اللہ

اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ وَسَخِّرْ لَنَا كُلَّ وَزِیْرٍ وَّاَمِیْرٍ

کی اور برکتیں اسکی ہوں اور مسخر کر تو واسطے ہمارے ہر ایک وزیر اور امیر

وَّرَعِیَّةٍ وَّسَخِّرْ لَنَا كُلَّ بَرٍّ وَّفَاسِقٍ وَّفَاجِرٍ

اور رعیت کو اور مسخر کر تو واسطے ہمارے ہر ایک نیکوکار اور فاسق اور بدکردار

وَسَخِّرْ لَنَا كُلَّ بَحْرٍ هُوَ لَكَ فِی الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ

اور مسخر کر تو واسطے ہمارے ہر دریا کو کہ واسطے تیرے ہے جو کچھ زمین اور آسمان میں

Marfat.com

وَالْمُلْكِ وَالسَّكَوْتِ وَبَحْرِ الدُّنْيَا وَبَحْرِ

اور ملک اور ملکوت میں اور دریائے دُنیا اور دریائے آخرت

الْاٰخِرَةِ وَسَخِّرْلَنَا كُلَّ شَيْءٍ يَّا مَنْ بِيَدِهٖ

میں ہے اور مسخر کر تو واسطے ہمارے ہر چیز کو اے وُہ ذات کہ اس کے

مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ بِحَقٍّ

ہاتھ میں ہے حکومت ہر چیز کی اور اسی کی طرف تمہاری بازگشت ہے بحق

كٓهٰيٰعٓصٓ (سہ بار) بخواند بار اوّل انگشت ہائے

كٓهٰيٰعٓصٓ کے (تین بار پڑھے) (پہلی بار دونوں ہاتھوں کی انگلیاں

ہر دو دست از انگشت خنصر بترتیب بند نماید بار دوم

چھنگلیا سے ترتیب وار بند کرے اور دُوسری بار

بترتیب کشاید و بار سوم بترتیب بند نماید فَانْصُرْنَا

بالترتیب کھولے اور تیسری بار بالترتیب بند کرے) پس مدد دے ہم کو

فَاِنَّكَ خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ ○ ہر دو انگشت ابہام بکشاید

کیونکہ تو بہترین مدد دینے والا ہے (دونوں انگوٹھوں کو کھولے)

وَافْتَحْ لَنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الْفَاتِحِيْنَ ○ ہر دو انگشت

اور کھول دے واسطے ہمارے کیونکہ تو بہترین کھولنے والا ہے (دونوں سبابہ

سبابہ بکشاید وَاغْفِرْلَنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الْغٰفِرِيْنَ ○

انگلیاں کھولے) اور بخش تو ہم کو پس ضرور تو بہترین بخشنے والا ہے۔

ہر دو انگشت وسطیٰ بکشاید وَارْحَمْنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ

(دونوں درمیانی انگلیاں کھول دے) اور رحم کر ہم پر کیونکہ تو بہترین رحم

الرّٰحِمِيْنَ ○ ہر دو انگشت بنصر بکشاید وَارْزُقْنَا

کرنے والا ہے دونوں بنصر دُوسری انگلیاں کھولے اور رزق دے ہم کو

Marfat.com

فَاِنَّكَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ○ ہر دو انگشت خنصر بکشاید

کیونکہ تو بہترین روزی دینے والا ہے (دونوں چھنگلیاں انگلیاں کھولے)

وَاحْفَظْنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الْحٰفِظِيْنَ ○ ہر دو دست

اور نگاہ رکھ ہم کو کیونکہ تو بہترین نگہبان ہے (دونوں ہاتھوں کو

برروئے بدن از سر تا پا فرو آورد وَاهْدِنَا وَنَجِّنَا مِنَ

سر سے لے کر پاؤں تک لے جاوے) اور راہ دکھا ہم کو اور نجات

الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ○ وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ

دے ہم کو ظالموں کی قوم سے اور بخش واسطے ہمارے اپنے پاس سے

رِيْحًا طَيِّبَةً كَمَا هِيَ فِيْ عِلْمِكَ وَانْشُرْنَا

ہوائے خوشبو جیسا کہ وہ تیرے علم میں ہے اور پھیلا دے اسکو

عَلَيْنَا مِنْ خَزَآئِنِ رَحْمَتِكَ نظر بسوئے آسمان

ہم پر اپنی رحمت کے خزانوں سے (نظر آسمان کی طرف

کند وَاحْمِلْنَا بِهَا حَمْلَ الْكَرَامَةِ مَعَ السَّلَامَةِ

کرے) اور اٹھا ہم کو ساتھ اس کے اٹھانا بزرگی کا ساتھ سلامتی

وَالْعَافِيَةِ فِي الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ط

اور عافیت کے دین اور دنیا اور آخرت میں

اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ اَللّٰهُمَّ يَسِّرْ لَنَا

تحقیق تو اوپر ہر چیز کے قادر ہے اے اللہ آسان کر دے واسطے

اُمُوْرَنَا سہ بار تصوّر مطلب خود بخاطر داشتہ مَعَ

ہمارے کاموں کو (تین بار دل میں اپنے مطلب کا تصور کرے) ساتھ

الرَّاحَةِ لِقُلُوْبِنَا وَاَبْدَانِنَا وَالسَّلَامَةِ وَ

راحت کے واسطے ہمارے دلوں اور ہمارے بدنوں کے اور ساتھ سلامتی اور

Marfat.com

الْعَافِيَةِ فِيْ دِيْنِنَا وَدُنْيَانَا وَكُنْ لَّنَا صَاحِبًا

عافیت کے بیچ ہمارے دین اور دُنیا کے اور ہو تو واسطے ہمارے ہم نشین

فِيْ سَفَرِنَا وَخَلِيْفَةً فِيْ اَهْلِنَا وَمُعِيْنًا وَّ

ہمارے سفر میں اور خلیفہ ہمارے اہل میں اور مدد گار اور

حَامِيًا فِيْ حَضَرِنَا وَاطْمِسْ عَلٰى وُجُوْهِ

حامی ہمارے گھر میں اور مٹا دے تو ہمارے دشمنوں کے

اَعْدَآئِنَا سه بار ہر دو دست بزور بر زمین زند و مقہوری

منہ (تین بار دونوں ہاتھ زور سے زمین پر مارے اور مقہوری

اعداء تصوّر کند وَامْسَخْهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ۔

اعداء کا خیال کرے) اور مسخ کردے تو ان کو اوپر جگہ اپنی کے۔

سه بار ہر دو دست بزور بر زمین زند و مقہوری اعداء

(تین بار دونوں ہاتھ زور سے زمین پر مارے اور مقہوری اعداء کا خیال

تصوّر کند فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ الْمُضِيَّ وَلَا

کرے) پھر نہ دُہ سکیں گے گزرنا کسی طرف کو اور نہ

الْمَجِيْٓءَ اِلَيْنَا وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ

سکیں آنا ہماری طرف اور اگر ہم چاہیں البتہ مٹا دیں اُن کی آنکھوں کو

فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ○ وَلَوْ

پس آگے بڑھیں گے ایک راہ پس کہاں سے دیکھیں گے۔ اور اگر

نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا

ہم چاہیں البتہ مسخ کر دیں انکو ہم اور جگہ اُن کی گے پس نہ

اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ○ يٰسٓ ○

سکیں گے گزرنا اور نہ پھریں گے۔ اے سردار

Marfat.com

يٰسٓ ○ يٰسٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ○ اِنَّكَ

اے سردار اے سردار قسم ہے قرآن محکم کی بے شک تو ضرور

لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ○ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○

پیغمبروں میں سے ہے ۔ سیدھے راستے پر

تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ○ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّا

اتارا ہوا ہے غالب مہربان کا تاکہ تو ڈرائے ان لوگوں کو کہ نہیں

اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ○ لَقَدْ حَقَّ

ڈرائے گئے ان کے باپ دادا پس وہ غافل ہیں البتہ ثابت ہو چکا

الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ○

قول ان میں سے اکثر پر تو وہ نہیں مانیں گے ۔

اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى

تحقیق ہم نے ڈال دیئے ہیں گردنوں ان کی میں طوق پس وہ ان

الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ○ وَجَعَلْنَا مِنْۢ

کی ٹھوڑیوں تک ہیں پس وہ منہ اونچا کئے ہوئے ہیں اور ہم نے بنا دی

بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا

ہے ان کے آگے ایک دیوار اور ان کے پیچھے ایک دیوار

فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ○ شاهت

اور پھر اوپر سے ان کو ڈھانک دیا ہے تو ان کو سوجھتا نہیں بدشکل اور رسوا ہوئے

الوجوہ (سہ بار) ہر دو دست بزور بر زمین زند و مخذولی

منہ دشمنوں کے (تین بار) (دونوں ہاتھ زور سے زمین پر مارے اور دشمن کی خرابی

اعدا را تصور کند وعنت الوجوہ (سہ بار) ہر دو

کا تصور کرے) اور ذلیل ہو گئے منہ دشمنوں کے (تین بار) دونوں ہاتھ

Marfat.com

مشت بزور بر زمین زند و مخذولیٔ اعداء تصوّر کند

زور سے زمین پر مارے اور دشمن کی تباہی کا تصوّر کرے

لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا

واسطے زندہ قائم رہنے والے کے اور تحقیق ناکام رہا وہ شخص کہ اُس نے اٹھایا ظلم کو

(سہ بار) ہر دو دست بجانب اعداء وتُف نزند طہٗ

(تین بار) (دونوں ہاتھ دشمن کی طرف مارے اور تھوکے) طہٗ

طسمٓ انگشت ہائے ہر دو دست بترتیب بند نماید۔

طسمٓ (دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کو ترتیب سے بند کرے)

حٰمٓ عسقٓ انگشت ہائے ہر دو دست بترتیب

حٰمٓ عسقٓ (دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کو ترتیب سے

بکشاید مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ یَلْتَقِیٰنِ بَیْنَهُمَا بَرْزَخٌ

کھولے) اُس نے چلا دیئے دو سمندر کہ ملتے ہیں اُن کے درمیان ایک پردہ

لَّا یَبْغِیٰنِ ○ حٰمٓ پیش بگوید حٰمٓ پس بگوید حٰمٓ

ہے کہ ایک دوسرے پر زیادتی نہیں کرتا) حٰمٓ (آگے کہے) حٰمٓ (پیچھے کہے) حٰمٓ

جانب راست بگوید حٰمٓ جانب چپ بگوید حٰمٓ

(دائیں طرف کہے) حٰمٓ (بائیں طرف کہے) حٰمٓ

جانب بالا بگوید حٰمٓ جانب زیر بگوید حٰمٓ ششم

(اوپر کی طرف کہے) حٰمٓ (نیچے کی طرف کہے) چھٹی دفعہ حٰمٓ کہے

ایں دُعا بخواند دَفَعْتُ بِاَمْرِ اللّٰهِ تَعَالٰی کُلَّ

(بعد یہ دعا پڑھے) دفع کی میں نے ساتھ حکم اللہ تعالےٰ کے ہر

بَلَاءٍ وَّقَضَاءٍ یَّجِیْءُ مِنْ هٰذِهِ الْجِهَاتِ

بلاء اور قضاء جو آئی ہیں اِن اطراف سے

السِّتَّةِ فَاٰمَنُ بِاِذْنِ اللّٰهِ تَعَالٰی مِنْ جَمِیْعِ

سے امان پاؤں میں ساتھ اِذن اللہ تعالیٰ کے ہر

الْاٰفَاتِ وَالْعَاهَاتِ حٰمٓ ہفتم بر ہر دو دست

آفت اور بلا سے حٰمٓ ساتویں (ہر دونوں ہاتھ پر

خوانده بر روئے و بدن از سر تا پا فرود آورد اگر برائے

پڑھ کر اپنے چہرے اور بدن پر سر سے پاؤں تک لاوے اور اگر واسطے

مقہوریٔ اعداء بخواند حٰمٓ ششم ادعیۂ مقہوریٔ اعداء

مقہوری اعداء کے پڑھے بعد حٰمٓ چھٹی کے دُعا مقہوری اعداء بھی

نیز خواند حُمَّ الْاَمْرُ وَجَآءَ النَّصْرُ فَعَلَیْنَا لَا

پڑھے) گرم ہُوا کام اور آگئی مدد خدا تعالیٰ کی پس وہ ہم پر

یُنْصَرُوْنَ ○ حٰمٓ ○ تَنْزِیْلُ الْکِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ

فتح یاب نہ ہوں گے حٰمٓ اُتارنا اس کتاب کا اللہ کی طرف سے ہے

الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ○ غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ

جو زبردست علم والا ہے بخشنے والا گناہوں کا اور قبول کرنے والا توبہ کا

شَدِیْدِ الْعِقَابِ ذِی الطَّوْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

ہے سخت عذاب کرنے والا صاحب قوّت کا نہیں کوئی معبود مگر وہ

اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ ○ بِسْمِ اللّٰهِ بَابُنَا تَبَارَكَ

اس کی طرف ہے پھر جانا بسم اللہ ہمارا دروازہ ہے اور سورۃ

حِیْطَانُنَا یٰسٓ سَقْفُنَا انگشت ہائے دست

تبارک ہماری دیواریں اور یٰسٓ چھت ہمارے گھر کی ہے (دائیں ہاتھ کی انگلیاں ترتیب

راست بترتیب بند نماید کٓهٰیٰعٓصٓ کِفَایَتُنَا حٰمٓ

سے بند کریں) کلمہ کٓهٰیٰعٓصٓ ہماری کفایت ہے حٰمٓ

عسق بترتیب انگشت ہائے دستِ چپ بند نماید

عسق (ترتیب سے بائیں ہاتھ کی انگلیاں بند کرے)

حِمَایَتُنَا اٰمِیْن سہ بار فَسَیَکْفِیْکَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَ

ہماری حمایت ہے آمین (تین بار) پس جلد کفایت کریگا ان سے تجھ کو اللہ

هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ یک بار انگشتہائے ہر دو

اور وہ سننے والا جاننے والا ہے (ایک بار انگلیاں دونوں ہاتھوں

بکشاید سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَیْنَا وَعَیْنُ

کی کھولے) پردہ عرش کا لٹکا ہوا ہے ہم پر اور آنکھ خدا

اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَیْنَا وَبِحَوْلِ اللّٰهِ لَا یَقْدِرُ اَحَدٌ

کی دیکھنے والی ہے ہماری طرف اور ساتھ مدد اللہ کے نہ قادر ہو سکے گا

عَلَیْنَا وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِیْطٌ ۝ بَلْ هُوَ

ہم پر کوئی اللہ ان کے پیچھے سے انہیں گھیرے ہوئے ہے بلکہ وہ کمال شرف والا

قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ ۝ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۝ فَاللّٰهُ خَیْرٌ

قرآن ہے میں لوح محفوظ کے پس اللہ بہتر ہے

حَافِظًا ۪ فَاللّٰهُ خَیْرٌ حَافِظًا ۪ فَاللّٰهُ خَیْرٌ

نگہبانی کرنے والا پس اللہ بہتر ہے نگہبانی کرنے والا پس اللہ بہتر ہے

حَافِظًا ۪ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۝ اِنَّ وَلِیِّیَ

نگہبانی کرنے والا اور وہ زیادہ مہربان ہے مہربانی کرنے والوں کا۔ تحقیق میرا کارساز

اللّٰهُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ وَهُوَ یَتَوَلَّی

اللہ ہے کہ اس نے اتارا کتاب کو اور وہ دوست رکھتا

الصّٰلِحِیْنَ ۝ ہفت بار فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ

ہے نیکوکاروں کو (سات بار) پس اگر وہ پھر جائیں پس کہہ تو

Marfat.com

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ؕ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ

کر کافی ہے مجھ کو اللہ نہیں کوئی معبود مگر وہ اسی پر بھروسا کیا میں نے

وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ○ ہفت بار بِسْمِ

اور وہ ہے صاحب عرش عظیم کا۔ (سات بار) ساتھ نام

اللّٰہِ الشَّافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ الْکَافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ

اللہ کے جو شافی ہے۔ ساتھ نام اللہ کے جو کہ کافی ہے ساتھ نام اللہ کے

الْمُعَافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ

جو کہ عفو کرنے والا ہے ساتھ نام اللہ کے کہ نہیں ضرر پہنچاتی ساتھ نام اسکے کے

شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ

کوئی چیز زمین میں اور نہ آسمان میں اور وہ سننے والا

الْعَلِیْمُ ○ سہ بار وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

جاننے والا ہے (تین بار) اور نہیں پھرنا گناہوں سے اور نہ قوت طاعت کی مگر ساتھ

الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ○ سہ بار وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی

اللہ برتر بزرگ کے (تین بار) اور درود اللہ برتر کا اور

عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ

نیک خلق اس کی محمد کے اور اس کی اولاد اور اسکے اصحاب

مِنْ عِلْمِکَ وَفَھِّمْنِیْ مِنْ عِنْدِکَ وَ

اپنے علم سے اور سمجھ دے مجھ کو اپنے پاس سے اور

اَسْمِعْنِیْ مِنْکَ وَاَبْصِرْنِیْ بِکَ وَاَقِمْنِیْ

سنا تو مجھ کو اپنی طرف سے اور دکھا تو مجھ کو اپنے ساتھ اور قائم کر مجھ کو

بِشُھُوْدِکَ وَعَرِّفْنِی الطَّرِیْقَ اِلَیْکَ وَھَوِّنْ

اپنی حضوری میں اور پہچان دے مجھ کو اپنی طرف کے راستے کی اور آسان کر

Marfat.com

عَلَيَّ بِفَضْلِكَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

اور میرے اپنے فضل سے بے شک تو اوپر ہر چیز کے قادر ہے۔

يَا سَمِيْعُ يَا عَلِيْمُ يَا حَلِيْمُ يَا عَظِيْمُ يَا عَلِيُّ

اے سننے والے اے جاننے والے اے بردبار اے بزرگ اے بلند مرتبہ

اِسْمَعْ دُعَآءَنَا وَنِدَآءَنَا بِخَصَآئِصِ لُطْفِكَ

سن تو دعا ہماری کو اور پکار ہماری کو خاص مہربانی اپنی کے ساتھ

اٰمِيْن ○ اٰمِيْن ○ اٰمِيْن ○ بہ ہر آمین ہر دو دست

آمین آمین آمین (ہر آمین پر دونوں ہاتھ

آہستہ بر زمین زند و تصور مطلوب خود کند اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ

آہستہ زمین پر مارے اور اپنے مطلوب کا خیال کرے) پناہ مانگتا ہوں میں ساتھ

اللّٰهِ التَّآمَّاتِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ سہ بار

اللہ کے پورے تمام کلمات کے سب کے شر سے جو اس نے پیدا کیا ہے (تین بار)

يَا عَظِيْمَ السُّلْطَانِ يَا قَدِيْمَ الْاِحْسَانِ يَا

اے بڑے غلبہ والے اے قدیم سے احسان کرنے والے اے

دَآئِمَ النِّعَمِ ○ يَا بَاسِطَ الرِّزْقِ يَا وَاسِعَ

ہمیشہ نعمت دینے والے اے فراخ کرنے والے روزی کے اے کشادہ کرنے والے

الْعَطَا يَا دَافِعَ الْبَلَا يَا سَامِعَ الدُّعَآءِ ○

بخششوں کے اے دور کرنے والے بلاؤں کے اے سننے والے دعا کے۔

يَا حَاضِرًا لَيْسَ بِغَآئِبٍ ○ يَا مَوْجُوْدًا عِنْدَ

اے وہ ذات کہ حاضر ہے کسی وقت غائب نہیں اے وہ ذات کہ موجود ہے ہر وقت

الشَّدَآئِدِ يَا خَفِيَّ اللُّطْفِ يَا لَطِيْفَ الصُّنْعِ

سختیوں کے اے پوشیدہ مہربانی کرنے والے اے پاکیزہ کار اے اچھی طرح دھکنے

Marfat.com

يَا مُجْمِلَ السِّتْرِ ○ يَا حَلِيْمًا لَّا يَعْجَلُ ○ يَا

والے پوشیدہ عیبوں کے اے بردبار کہ نہیں جلدی کرتا اے

كَرِيْمًا لَّا يَبْخَلُ ○ اِقْضِ حَاجَتِيْ بِرَحْمَتِكَ

بخشش کرنے والے کہ نہیں بخل کرتا تو پوری کر حاجت میری اپنی مہربانی سے

يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○ سہ بار يَا مُجِيْبُ يَا

اے مہربان زیادہ مہربانوں سے (تین بار) اے قبول کرنے والے اے

مُجِيْبُ يَا مُجِيْبُ اَجِبْ دَعْوَتِيْ وَاقْضِ

قبول کرنے والے اے قبول کرنے والے قبول کر میری دعا اور پوری کر

حَاجَاتِيْ وَاغْفِرْ حَوْبَتِيْ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ

میری حاجتیں اور بخش میرے گناہ اپنی مہربانی سے اے مہربان

الرَّاحِمِيْنَ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

زیادہ مہربانوں سے اے اللہ درود بھیج اوپر سردار ہمارے محمدؐ کے

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

اور اوپر اولاد سردار ہمارے محمدؐ کے اور برکت بھیج اور سلام

وسیلہ يَا حَفِيْظُ ۹۹۸ بار یا ۱۰۷ بار یا ۱۷ یا ۹ بار

اے نگہبان

پڑھے بعد ازاں یہ وسیلہ پڑھے اِلٰهِيْ تَوَسَّلْتُ

اے اللہ میں نے وسیلہ پکڑا

بِكَرَمِكَ الْخَفِيِّ اِلٰهِيْ تَوَسَّلْتُ بِهٰذَا الْحِرْزِ

ساتھ بخشش تیری پوشیدہ کے اے اللہ میں نے وسیلہ پکڑا ساتھ اس تعویذ

الْاَعْظَمِ اَنْ تَقْضِيَ جَمِيْعَ حَاجَاتِيْ وَ

بڑے کے اس بات پر کہ پوری کرے تو میری تمام حاجتیں اور

Marfat.com

مُرَادَاتِیْ وَاَنْ تَدْفَعَ شَرَّ جَمِیْعِ اَعْدَآئِیْ

مُرادیں اور دُور کر مجھ سے بُرائی میرے سب دشمنوں اور

وَحُسَّادِیْ اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلْعَجَلَ

حاسدوں کی بہت جلد بہت جلد بہت جلد ، بہت جلدی

اَلْعَجَلَ اَلْعَجَلَ اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ

بہت جلدی بہت جلدی ابھی ابھی ابھی

بِحَقِّ اِهْیَا اَشْرَاهِیَا اَجِبْ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ○

بحق اہیا اشراہیا قبول فرما تو اے زیادہ مہربان سب مہربانوں سے

یَا مُجِیْبُ یَا مُجِیْبُ یَا مُجِیْبُ ط

اے قبول کرنے والے اے قبول کرنے والے اے قبول کرنے والے۔

اَدْعِیَهْ مَقْهُوْرِیْ اَعْدَآءِ

متھوری اعداء کے لیے دُعائیں

اَللّٰهُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِكَ وَلَا تُهْلِكْنَا

اے اللہ نہ قتل کر ہم کو اپنے غضب سے اور نہ ہلاک کر ہم کو

بِعَذَابِكَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِكَ اَللّٰهُمَّ لَا

اپنے عذاب سے اور عافیت دے ہم کو پہلے اس سے اے اللہ نہ

تُؤَاخِذْنَا بِسُوْٓءِ اَعْمَالِنَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا

مؤاخذہ کر ہم سے ساتھ بُرے عملوں ہمارے کے اور نہ مسلط کر ہم پر

مَنْ لَّا یَرْحَمُنَا فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَكُفَّ

اس کو جو نہ رحم کرے ہم پر نیچے دُنیا اور آخرت کے اور روک لے

اَیْدِیَ الظّٰلِمِیْنَ عَنَّا یَا حَفِیْظُ احْفَظْنَا

ظالموں کے ہاتھوں کو ہم سے اے حفاظت کرنے والے ہم کو حفاظت میں رکھ

Marfat.com

وَيَسِّرْ اُمُوْرَنَا وَحَصِّلْ مُرَادَنَا وَتَمِّمْ

اور آسان کر ہمارے کاموں کو اور بر لا مُرادیں اور ختم کر

تَقْصِيْرَنَا وَاشْفِنَا وَاشْفِ مَرْضٰنَا وَاَصْلِحْ

ہماری کوتاہیوں کو اور شفا دے ہم کو اور شفا دے ہمارے مریضوں کو اور صلح پیدا کر

ذَاتَ بَيْنِنَا وَاَهْلِكْ اَعْدَآئَنَا اَللّٰهُمَّ قَهِّرْ

ہم میں اور ہلاک کر ہمارے دشمنوں کو اے اللہ مقہور کر

اَعْدَآئِيْ وَشَتِّتْ شَمْلَهُمْ وَفَرِّقْ جَمْعَهُمْ

میرے دشمنوں کو اور توڑ دے اُن کے جتھے اور متفرق کر دے اُن کی جماعت

وَمَزِّقْ دِيَارَهُمْ وَقَلِّبْ تَدْبِيْرَهُمْ وَخَرِّبْ

کو اور اجاڑ دے اُن کے شہروں کو اور اُلٹ دے اُن کی تدبیر کو اور اکھیڑ دے

بُنْيَانَهُمْ وَبَدِّلْ اَحْوَالَهُمْ وَقَرِّبْ اٰجَالَهُمْ

اُن کی بنیاد کو اور بدل دے احوال اُن کے اور قریب کر دے ان کی موتیں

وَقَصِّرْ اَعْمَارَهُمْ وَشَغِّلْهُمْ بِاَبْدَانِهِمْ وَ

اور گھٹا دے اُن کی عمریں اور مشغول کر دے انہیں اُن کے بدنوں میں اور

خُذْهُمْ اَخْذَ عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ ○ يَا قَاهِرُ

پکڑ اُن کو پکڑنا غالب مقتدر کا اے قہر کرنے والے

ذُوالْبَطْشِ الشَّدِيْدِ اَنْتَ الَّذِيْ لَا يُطَاقُ

پکڑنے والے سخت تو ہی وہ ذات ہے جس سے طاقت

انْتِقَامُهٗ يَا قَاهِرُ يَا قَهَّارُ تَقَهَّرْتَ بِالْقَهْرِ

نہیں بدلہ لینے کی کسی کو اے قہر کرنے والے بڑا قہر کرنے والے تو غالب ہو گیا ساتھ قہر کے

وَالْقَهْرُ فِيْ قَهْرِكَ يَا قَهَّارُ ○

اور قہر بھی قہر تیرے کے ہے اے قہر کرنے والے

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

سب تعریف اللہ تعالیٰ کو جو پروردگار ہے تمام جہانوں کا

وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ وَالصَّلٰوةُ

اور عاقبت کی خوبیاں نیکوں کے لیے اور درود

وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ

و سلام اور رسول اُسکے (کہ نام اُن کا)

مُحَمَّدٍ

محمد

وَّاٰلِهٖ وَاَصْحٰبِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَ

ﷺ اور اُن کی آل۔ اور اصحاب اور اہل بیت اور

اَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيّٰتِهٖ اَجْمَعِيْنَ

بیبیوں اور اولاد اُن کی کے سب پر ہو

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ

ساتھ رحمت تیری کے اے مہربان سب

الرّٰحِمِيْنَ ○

مہربانوں سے بڑھ کر

ختم قادریہ

(1) درود غوثیہ 111 بار پڑھیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَاٰلِہٖ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ

(2) تیسرا کلمہ 111 بار پڑھیں

سُبْحٰنَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

(3) سورۃ الم نشرح 111 بار پڑھیں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝۱ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝۲ الَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝۳ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝۴ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۝۵ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۝۶ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝۷ وَاِلٰی رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝۸

(4) سورۃ اخلاص 111 بار پڑھیں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۝۱ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۝۲ لَمْ یَلِدْ ۙ وَلَمْ یُوْلَدْ ۝۳ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝۴

(5) 111 بار یَا بَاقِیُ اَنْتَ الْبَاقِیْ

111 بار یَا شَافِیُ اَنْتَ الشَّافِیْ

111 بار یَا کَافِیُ اَنْتَ الْکَافِیْ

(6) 111 بار

یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اُنْظُرْ حَالَنَا یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ اِسْمَعْ قَالَنَا
اِنَّنِیْ فِیْ بَحْرِ ھَمٍّ مُّغْرَقٌ خُذْ یَدِیْ سَھِّلْ لَّنَا اَشْکَالَنَا

(7) 111 بار

یَا حَبِیْبَ الْاِلٰہِ خُذْ بِیَدِیْ مَا لِعَجْزِیْ سِوَاکَ مُسْتَنَدِیْ
(8)111بار

فَسَہِّلْ یَا اِلٰہِیْ کُلَّ صَعْبٍ بِحُرْمَۃِ سَیِّدِ الْاَبْرَارِ سَہِّلْ
(9)111بار

یَا صَدِّیْق یَا عُمَر یَا عُثْمَان یَا حَیْدَر دَفَعْ شَرْ کُنْ خَیْر آوَرَ یَا شَبِّیْرُ یَا شَبَّر
(10)111بار

یَا حَضْرَتْ سُلْطَانْ شَیْخ سَیِّد شَاہ عَبْدَالْقَادِرْ جِیْلَانِیْ شَیْئًا لِّلّٰہِ اَلْمَدَدْ
(11)111بار

مَا ہَمَہ مُحْتَاجْ تو حَاجَتْ رَوَا اَلْمَدَدْ یَا غَوْثِ اَعْظَم سَیِّدَا
(12)111بار

مُشْکِلَاتِ بے عَدَدْ دَارَیْم مَا اَلْمَدَدْ یَا غَوْثِ اَعْظَم پِیْرِمَا
(13)111بار

یَا حَضْرَتْ شَیْخ مُحْیِ الدِّیْن مُشْکِلْ کُشَا بِالْخَیْر
(14)111بار

اِمْدَادْ کُنْ اِمْدَادْ کُنْ اَزْبَنْدِ غَمْ آزَادْ کُنْ
دَرْدِیْن وَ دُنْیَا شَاد کُنْ یَا غَوْثِ اَعْظَم دَسْتِگِیْر
(15)111بار

یَا حَضْرَتْ غَوْثِ اَغِثْنَا بِاِذْنِ اللّٰہِ تَعَالٰی
(16)111بار

خُذْیَدِیْ یَا شَاہِ جِیْلَانْ خُذْیَدِیْ شَیْئًا لِّلّٰہِ اَنْتَ نُوْرٌ اَحْمَدِیْ
(17)111بار

طُفَیْلِ حَضْرَتْ دَسْتَگِیْر دُشْمَنْ ہوے زَیْر

Marfat.com

(18) سورہ یٰسین شریف ایک بار (19) قصیدہ غوثیہ ایک بار (20) درود غوثیہ ایک بار

قصیدۂ غوثیہ

سَقَانِی الْحُبُّ کَاْسَاتِ الوِصَالِ فَقُلْتُ لِخَمْرَتِیْ نَحْوِیْ تَعَالِیْ
سَعَتْ وَ مَشَتْ لِنَحْوِیْ فِیْ کُئُوْسٍ فَهِمْتُ بِسُکْرَتِیْ بَیْنَ الْمَوَالِیْ
فَقُلْتُ لِسَآئِرِ الْاَقْطَابِ لُمُّوْا بِحَالِیْ وَادْخُلُوْا اَنْتُمْ رِجَالِیْ
وَهُمُّوْا وَاشْرَبُوْا اَنْتُمْ جُنُوْدِیْ فَسَاقِی الْقَوْمِ بِالْوَافِیْ مَلَالِیْ
شَرِبْتُمْ فُضْلَتِیْ مِنْ بَعْدِ سُکْرِیْ وَلَا نِلْتُمْ غُلُوِّیْ وَاتِّصَالِیْ
مَقَامُکُمُ الْعُلٰی جَمْعًا وَّلٰکِنْ مَقَامِیْ فَوْقَکُمْ مَّا زَالَ عَالِیْ
اَنَا فِیْ حَضْرَةِ الْتَقْرِیْبِ وَحْدِیْ یُصَرِّفُنِیْ وَ حَسْبِیْ ذُوالْجَلَالِ
اَنَا الْبَازِیُّ اَشْهَبُ کُلِّ شَیْخٍ وَمَنْ ذَا فِی الرِّجَالِ اعْطِیْ مِثَالِیْ
کَسَانِیْ خِلْعَةً بِطِرَازِ عَزْمٍ وَتَوَّجَنِیْ بِتِیْجَانِ الْکَمَالِ
وَاَطْلَعَنِیْ عَلٰی سِرٍّ قَدِیْمٍ وَقَلَّدَنِیْ وَاَعْطَانِیْ سُؤَالِیْ
وَوَلَّانِیْ عَلَی الْاَقْطَابِ جَمْعًا فَحُکْمِیْ نَافِذٌ فِیْ کُلِّ حَالٍ
فَلَوْ اَلْقَیْتُ سِرِّیْ فِیْ بِحَارٍ لَصَارَ الْکُلُّ غَوْرًا فِی الزَّوَالِ
وَلَوْ اَلْقَیْتُ سِرِّیْ فِیْ جِبَالٍ لَدُکَّتْ وَاخْتَفَتْ بَیْنَ الرِّمَالِ
وَلَوْ اَلْقَیْتُ سِرِّیْ فَوْقَ نَارٍ لَخَمِدَتْ وَانْطَفَتْ مِنْ سِرِّ حَالِیْ
وَلَوْ اَلْقَیْتُ سِرِّیْ فَوْقَ مَیْتٍ لَقَامَ بِقُدْرَةِ الْمَوْلٰی تَعَالٰی
وَمَا مِنْهَا شُهُوْرٌ اَوْ دُهُوْرٌ تَمُرُّ وَ تَنْقَضِیْ اِلَّا اَتَالِیْ
وَتُخْبِرُنِیْ بِمَا یَاْتِیْ وَیَجْزِیْ وَتُعْلِمُنِیْ فَاَقْصِرْ عَنْ جِدَالِیْ
مُرِیْدِیْ هِمْ وَطِبْ وَاشْطَحْ وَغَنِّیْ وَافْعَلْ مَا تَشَاءُ فَالْاِسْمُ عَالٍ
مُرِیْدِیْ لَا تَخَفْ اَللّٰهُ رَبِّیْ عَطَانِیْ رِفْعَةً نِلْتُ الْمَنَالِیْ

Marfat.com

طُبُوْلِیْ فِی السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ دُقَّتْ وَشَاءُ وْسُ السَّعَادَةِ قَدْ بِدَالِیْ
بِلَادُ اللّٰهِ مُلْکِیْ تَحْتَ حُکْمِیْ وَوَقْتِیْ قَبْلَ قَلْبِیْ قَدْ صَفَالِیْ
نَظَرْتُ اِلٰی بِلَادِ اللّٰهِ جَمْعًا کَخَرْدَلَةٍ عَلٰی حُکْمِ اتِّصَالِ
دَرَسْتُ الْعِلْمَ حَتّٰی صِرْتُ قُطْبًا وَنِلْتُ السَّعْدَ مِنْ مَّوْلَی الْمَوَالِیْ
فَمَنْ فِیْ اَوْلِیَاءِ اللّٰهِ مِثْلِیْ وَمَنْ فِیْ الْعِلْمِ وَالتَّصْرِیْفِ حَالِیْ
رِجَالِیْ فِیْ هَوَا جِرِهِمْ صِیَامٌ وَفِیْ ظُلَمِ اللَّیَالِیْ کَاللَّآلِیْ
وَکُلُّ وَلِیٍّ لَّهٗ قَدَمٌ وَّاِنِّیْ عَلٰی قَدَمِ النَّبِیِّ بَدْرِ الْکَمَالِ
نَبِیٌّ هَاشِمِیٌّ مَکِّیٌّ حِجَازِیٌّ هُوَ جَدِّیْ بِهٖ نِلْتُ الْمَوَالِیْ
مُرِیْدِیْ لَا تَخَفْ وَاشٍ فَاِنِّیْ عَزُوْمٌ قَاتِلٌ عِنْدَ الْقِتَالِ
اَنَا الْجِیْلِیُّ مُحِیُّ الدِّیْنِ لَقَبِیْ وَاَعْلَامِیْ عَلٰی رَأْسِ الْجِبَالِ
اَنَا الْحَسَنِیُّ وَالْمُخْدَعُ مَقَامِیْ وَاَقْدَامِیْ عَلٰی عُنُقِ الرِّجَالِ
وَعَبْدُ الْقَادِرِ الْمَشْهُوْرُ اِسْمِیْ وَجَدِّیْ صَاحِبُ الْعَیْنِ الْکَمَالِ
تَقَبَّلْنِیْ وَلَا تَرْدُوْ سُؤَالِیْ اَغِثْنِیْ سَیِّدِیْ اُنْظُرْ بِحَالِیْ

فضائل قصیدۂ غوثیہ متبرکہ

یہ قصیدۂ مبارکہ حضور سیدنا غوث الاعظم، محبوب سبحانی، قطب ربانی، شیخ عبدالقادر جیلانی قدسرہ النورانی کی زبان فیض ترجمان سے ادا ہوا ہے اور ہمارے سلسلہ عالیہ قادریہ میں اس کا ورد دولت ظاہری و باطنی کے حصول کا سبب ہے اس کے اٹھائیس اشعار ہیں۔ اس قصیدۂ مبارکہ کا روزانہ ورد بہت مفید ہے۔ نیز

(1) تسخیر خلائق کے لیے از حد کارآمد ہے اور قرب خداوندی کے حصول کا ذریعہ ہے۔

(2) اس قصیدۂ مبارکہ کا ورد قوت حافظہ کو بڑھاتا ہے۔

(3) اس قصیدۂ مبارکہ کے پڑھنے والے کو عربی پڑھنے میں بصیرت حاصل ہوتی ہے۔

(4)ہر مشکل وسخت کام کے لیے چالیس روز پڑھے ان شاءاللہ عزوجل کامیاب ہوں گے۔
(5)جو شخص اس قصیدۂ مبارکہ کو اپنے سامنے رکھے اور تین مرتبہ پڑھے مقبول بارگاہ غوثیت ہوگا اور حضور سیدنا غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زیارت فیض بشارت سے مشرف ہوگا۔ ان شاءاللہ عزوجل

(6)ہر مرض وتکلیف کے لیے تین بار یا پانچ بار پڑھنا مفید ہے۔
(7)بانجھ عورت اس قصیدۂ مبارکہ کو صحیح خواں سے 41 یا 21 بار پڑھوا کر پانی پر دم کر کے چالیس روز پیئے تو حاملہ ہو جائے اور حضور غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی برکت سے بیٹا عطا ہوگا۔ ان شاءاللہ عزوجل
(8)آسیب زدہ وجن والے مریض کے لیے روغن (یعنی تیل) پر دم کر کے اس کے جسم پر ملیں دفع ہوگا۔ ان شاءاللہ عزوجل
(9,10)ظالم سے نجات پانے کے لیے ہر روز پڑھے خلاصی نصیب ہوگی یوں ہی دشمن دفع ہو جائے گا۔ ان شاءاللہ عزوجل

ختم خواجگان

(1)7 بار سورۃ الفاتحہ
(2)100 بار درود شریف
(3)79 بار سورۂ الم نشرح
(4)100 بار سورۃ الاخلاص
(5)7 بار سورۃ الفاتحہ
(6)100 بار درود خضری

درود خضری: صَلَّ اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ اس کے بعد سب مل کر نیچے دیئے ہوئے ہر ہر کلمہ کو 111 بار پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ اَللّٰھُمَّ یَا کَافِیَ الْمُھِمَّاتِ

اَللّٰھُمَّ یَا حَلَّ الْمُشْکِلَاتِ اَللّٰھُمَّ یَا دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ
اَللّٰھُمَّ یَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ اَللّٰھُمَّ یَا مُنَزِّلَ الْبَرَکَاتِ
اَللّٰھُمَّ یَا شَافِیَ الْاَمْرَاضِ اَللّٰھُمَّ یَا رَازِقَ الْعِبَادِ
اَللّٰھُمَّ یَا مُعْطِیَ الْخَیْرَاتِ وَالْحَسَنَاتِ اَللّٰھُمَّ یَا مُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ
اَللّٰھُمَّ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ اَللّٰھُمَّ یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ
اَللّٰھُمَّ یَا خَیْرَ النَّاصِرِیْنَ اَللّٰھُمَّ یَا خَیْرَ الْحَافِظِیْنَ
اَللّٰھُمَّ یَا خَیْرَ الرَّازِقِیْنَ اَللّٰھُمَّ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ

اَغِثْنِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ وَسَلَّمَ

اَلْمَدَدْ خَوَاھَمْ زِتو اے شَاہِ نَقْشبَنْدْ

اَلْمَدَدْ خَوَاھَمْ زِتو اے غَرِیْب نَواز

اَلْمَدَدْ خَوَاھَمْ زِتو یَا شھَابَ الدِّیْن سُھرَوَردی

بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

Marfat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

فضائلِ نوافل

درود شریف کی فضیلت

خاتم المرسلین، رحمۃ للعالمین، شفیع المذنبین، انیس الغریبین، سراج السالکین، محبوب رب العالمین، جناب صادق و امین عزوجل و ﷺ کا فرمان مغفرت شان ہے: جب جمعرات کا دن آتا ہے اللہ تعالیٰ فرشتوں کو بھیجتا ہے جس کے پاس چاندی کے کاغذ اور سونے کے قلم ہوتے ہیں وہ لکھتے ہیں، کون یوم جمعرات اور شب جمعہ مجھ پر کثرت سے درود پڑھتا ہے۔ (کنز العمال، ج ۱ ص ۲۵۰، حدیث ۲۱۷۴)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ! صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

اللہ کا پیارا بننے کا نسخہ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، حضور پاک، صاحب ولولاک، سیاح افلاک ﷺ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ”جو میرے کسی ولی سے دشمنی کرے، اسے میں نے لڑائی کا اعلان دے دیا اور میرا بندہ جن چیزوں کے ذریعے میرا قرب چاہتا ہے ان میں مجھے سب سے زیادہ فرائض محبوب ہیں اور نوافل کے ذریعے قرب حاصل کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ میں اسے اپنا محبوب بنالیتا ہوں اگر وہ مجھ سے سوال کرے تو اسے ضرور دوں گا اور پناہ مانگے تو اسے ضرور پناہ دوں گا“۔

(صحیح البخاری ج ۴، ص ۲۴۸ حدیث ۶۵۰۲)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ! صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

Marfat.com

صلوٰۃ اللیل

رات میں بعد نماز عشاء جو نوافل پڑھے جائیں ان کو صلاۃ اللیل کہتے ہیں اور رات کے نوافل دن کے نوافل سے افضل ہیں کہ صحیح مسلم شریف میں ہے: سید المبلغین، رحمۃ للعالمین ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''فرضوں کے بعد افضل نماز رات کی نماز ہے''۔

(صحیح مسلم، ص ۵۹۱ حدیث ۱۱۶۳)

تہجد اور رات میں نماز پڑھنے کا ثواب

اللہ تبارک وتعالیٰ پارہ 21 سورۃ السجدہ آیت نمبر 16 اور 17 میں ارشاد فرماتا ہے:

تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا ۫ وَّمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۱۶﴾ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۷﴾

ترجمہ کنز الایمان: ان کی کروٹیں جدا ہوتی ہیں خواب گاہوں سے اور اپنے رب کو پکارتے ہیں ڈرتے اور امید کرتے اور ہمارے دیئے ہوئے سے کچھ خیرات کرتے ہیں تو کسی جی کو نہیں معلوم جو آنکھ کی ٹھنڈک ان کے لیے چھپا رکھتی ہے صلہ ان کے کاموں کا۔

صلوٰۃ اللیل کی ایک قسم تہجد ہے کہ عشاء کے بعد رات میں سو کر اٹھیں اور نوافل پڑھیں، سونے سے قبل جو کچھ پڑھیں وہ تہجد نہیں۔ کم سے کم تہجد کی دو رکعتیں ہیں اور حضور اقدس ﷺ سے آٹھ تک ثابت۔ (بہار شریعت حصہ ۴ ص ۲۶، ۲۷) اس میں قرأت کا اختیار ہے کہ جو چاہیں پڑھیں، بہتر یہ ہے کہ جتنا قرآن یاد ہے وہ تمام پڑھ لیجیے ورنہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین تین بار سورۃ الاخلاص پڑھ لیجئے کہ اس طرح ہر رکعت میں قرآن کریم ختم کرنے کا ثواب ملے گا، ایسا کرنا بہتر ہے، بہر حال سورۂ فاتحہ کے بعد کوئی سی بھی سورت پڑھ سکتے ہیں۔ (ملخص از فتاویٰ رضویہ مخرجہ، ج ۷، ص ۴۴۷)

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْب! صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّد

Marfat.com

تہجد گزار کے لیے جنت کے عالی شان بالا خانے

امیر المومنین حضرت سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت ہے کہ سید المبلغین، رحمۃ للعالمین ﷺ کا فرمان دلنشین ہے، جنت میں ایسے بالا خانے ہیں جن کا باہر اندر سے اور اندر باہر سے دیکھا جاتا ہے۔ ایک اعرابی نے اٹھ کر عرض کی: یارسول اللہ عزوجل و ﷺ! یہ کس کے لیے ہیں؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ اس کے لیے ہیں جو نرم گفتگو کرے، کھانا کھلائے، متواتر روزے رکھے، اور رات کو اٹھ کر اللہ عزوجل کے لیے نماز پڑھے جب لوگ سوئے ہوئے ہوں۔ (سنن الترمذی ج ۴ ص ۲۳۷ حدیث ۳۵۳۵، شعب الایمان ج ۳ ص ۴۰۴، حدیث ۳۸۹۲)

مفسر شہیر حکیم الامت حضرت مفتی احمد یار خان علیہ رحمۃ الحنان مراۃ المناجیح جلد 2 صفحہ 260 پر اس حصہ حدیث "وتابع الصیام" یعنی متواتر روزے رکھے" کی شرح کرتے ہوئے فرماتے ہیں: یعنی ہمیشہ روزے رکھیں سوا ان پانچ دنوں کے جن میں روزہ حرام ہے یعنی شوال کی یکم اور ذی الحجہ کی دسویں تا تیرہویں یہ حدیث ان لوگوں کی دلیل ہے جو ہمیشہ روزے رکھتے ہیں بعض نے فرمایا کہ اس کے معنیٰ ہیں ہر مہینے میں مسلسل تین روزے رکھے۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

"تہجد گزار" کے آٹھ حروف کی نسبت سے

نیک بندوں اور بندیوں کی 8 حکایات

۱۔ ساری رات نماز پڑھتے رہتے

حضرت سیدنا عبدالعزیز رواد علیہ رحمۃ اللہ الجواد رات کو سونے کے لیے اپنے بستر پر آتے اور اس پر ہاتھ پھیر کر کہتے: "تو نرم ہے لیکن اللہ عزوجل کی قسم! جنت میں تجھ سے زیادہ نرم بستر ملے گا پھر ساری رات نماز پڑھتے رہتے"۔ (احیاء العلوم، ج ۱، ص ۴۶۷)

Marfat.com

اللہ رب العزت عزوجل کی ان پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری مغفرت ہو۔ امین بجاہ النبی الامین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بالیقین ایسے مسلمان ہیں بے حد نادان　　جو کہ رنگینی دنیا پہ مرا کرتے ہیں

۲۔ شہد کی مکھی کی بھنبھناہٹ کی سی آواز!

مشہور صحابی حضرت سیدنا عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب لوگوں کے سو جانے کے بعد اٹھ کر قیام (یعنی عبادت) فرمایا کرتے تو ان سے صبح تک شہد کی مکھی کی سی بھنبھناہٹ سنائی دیتی۔ (احیاء العلوم، ج ۲، ص ۴۶۷) اللہ رب العزت عزوجل کی ان پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری مغفرت ہو۔ امین بجاہ النبی الامین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

محبت میں اپنی گما یاالٰہی　　نہ پاؤں میں اپنا پتا یاالٰہی

۳۔ میں جنت کیسے مانگوں!

حضرت سیدنا صلہ بن اشیم علیہ رحمۃ اللہ الاکرم ساری رات نماز پڑھتے۔ جب سحری کا وقت ہوتا تو اللہ عزوجل کی بارگاہ میں عرض کرتے، الٰہی! میرے جیسا آدمی جنت نہیں مانگ سکتا لیکن تو اپنی رحمت سے مجھے جہنم سے پناہ عطا فرما"۔ (احیاء العلوم، ج ۱، ص ۴۶۷) اللہ رب العزت عزوجل کی ان پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری مغفرت ہو۔ امین بجاہ النبی الامین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ترے خوف سے تیرے ڈر سے ہمیشہ　　میں تھرتھر رہوں کانپتا یاالٰہی

۴۔ تمہارا باپ ناگہانی عذاب سے ڈرتا ہے!

حضرت سیدنا ربیع بن خثیم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی بیٹی نے آپ رحمۃ اللہ علیہ سے عرض کی: "ابا جان! کیا وجہ ہے کہ لوگ سو جاتے ہیں اور آپ نہیں سوتے؟" تو ارشاد فرمایا: "بیٹی! تمہارا باپ ناگہانی عذاب سے ڈرتا ہے جو اچانک رات کو آ جائے"۔ (شعب الایمان ج ۱ ص ۳۴۵، رقم ۹۸۳) اللہ رب العزت عزوجل کی ان پر رحمت ہو اور ان کے صدقے

Marfat.com

ہماری مغفرت ہو۔ امین بجاہ النبی الامین ﷺ

گر تو ناراض ہوا میری ہلاکت ہوگی ہائے! میں نار جہنم میں جلوں گا یارب!

۵۔عبادت کے لیے جاگنے کا عجیب انداز

حضرت سیدنا صفوان بن سلیم رحمۃ اللہ علیہ کی پنڈلیاں نماز میں زیادہ دیر تک کھڑے رہنے کی وجہ سے سوج گئی تھیں۔ آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اس قدر کثرت سے عبادت کیا کرتے تھے کہ بالفرض آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے کہہ دیا جاتا کہ کل قیامت ہے تو بھی اپنی عبادت میں کچھ اضافہ نہ کر سکتے (یعنی ان کے پاس عبادت میں اضافہ کرنے کے لیے وقت کی گنجائش نہ تھی)۔ جب سردی کا موسم آتا تو آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ مکان کی چھت پر سویا کرتے تا کہ سردی آپ رحمۃ اللہ علیہ کو جگائے رکھے اور جب گرمیوں کا موسم آتا تو کمرے کے اندر آرام فرماتے تا کہ گرمی اور تکلیف کے سبب سو نہ سکیں (کیوں کہ A.C کجا ان دنوں بجلی کا پنکھا بھی نہ ہوتا تھا!) سجدہ کی حالت میں ہی آپ کا انتقال ہوا۔ آپ دعا کیا کرتے تھے: اے اللہ عزوجل! میں تیری ملاقات کو پسند کرتا ہوں تو بھی میری ملاقات کو پسند فرما"۔ (اتحاف السادۃ المتقین بشرح احیاء علوم الدین ج ۱۳ ص ۲۴۷، ۲۴۸) اللہ رب العزت عزوجل کی ان پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری مغفرت ہو۔ امین بجاہ النبی الامین ﷺ

عفو کر اور سدا کیلئے راضی ہو جا گر کرم کر دے تو جنت میں رہوں گا یارب!

۶۔روتے روتے نابینا ہو جانے والی خاتون

حضرت سیدنا خواص رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ ہم رحلہ عابدہ کے پاس گئے۔ یہ بکثرت روزے رکھتی تھیں اور اتنا روتیں کہ ان کی بینائی جاتی رہی اور اتنی کثرت سے نمازیں پڑھتی کہ کھڑی نہ ہو سکتی تھیں، لہٰذا بیٹھ کر ہی نماز پڑھتی تھیں۔ ہم نے انہیں سلام کیا پھر اللہ عزوجل کے عفو و کرم کا تذکرہ کیا تا کہ ان پر معاملہ آسان ہو جائے۔ انہوں نے یہ بات سن

کر ایک چیخ ماری اور فرمایا: ''میرے نفس کا حال مجھے معلوم ہے اور اس نے میرے دل کو زخمی کر دیا ہے اور جگر ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا ہے، خدا کی قسم! میں چاہتی ہوں کہ کاش! اللہ عزوجل نے مجھے پیدا ہی نہ کیا ہوتا اور میں کوئی قابل ذکر شے نہ ہوتی''۔ یہ فرما کر دوبارہ نماز میں مشغول ہو گئیں۔ (احیاء العلوم، ج ۵ ص ۱۵۲ ملخصاً) اللہ رب العزت عزوجل کی ان پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری مغفرت ہو۔ امین بجاہ النبی الامین ﷺ

آہ سلب ایماں کا خوف کھائے جاتا ہے
کاش! میری ماں نے ہی مجھ کو نہ جنا ہوتا

۷۔ موت کی یاد میں بھوکی رہنے والی خاتون

حضرت سیدتنا معاذہ عدویہ رحمۃ اللہ علیہا روزانہ صبح کے وقت فرماتیں: ''(شاید) یہ وہ دن ہے جس میں مجھے مرنا ہے''۔ پھر شام تک کچھ نہ کھاتیں پھر جب رات ہوتی تو کہتیں، ''(شاید) یہ وہ رات ہے جس میں مجھے مرنا ہے''۔ پھر صبح تک نماز پڑھتی رہتیں۔ (ایضاً ص ۱۵۱) اللہ رب العزت عزوجل کی ان پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری مغفرت ہو۔ امین بجاہ النبی الامین ﷺ

مرا دل کانپ اٹھتا ہے کلیجہ منہ کو آتا ہے
کرم یا رب اندھیرا قبر کا جب یاد آتا ہے

۸۔ گریہ وزاری کرنے والا خاندان

حضرت سیدنا قاسم بن راشد شیبانی قدس سرہ النورانی کہتے ہیں کہ حضرت سیدنا زمعہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ مصب میں ٹھہرے ہوئے تھے، آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی زوجہ اور بیٹیاں بھی ہمراہ تھیں۔ آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ رات کو اٹھے اور دیر تک نماز پڑھتے رہے۔ جب سحری کا وقت ہوا تو بلند آواز سے پکارنے لگے: ''اے رات میں پڑاؤ کرنے والے قافلے کے مسافرو! کیا ساری رات سوتے رہو گے؟ کیا اٹھ کر سفر نہیں کرو گے؟'' تو وہ لوگ جلدی

Marfat.com

سے اٹھ گئے اور کہیں سے رونے کی آواز آنے لگی اور کہیں سے دعا مانگنے کی، ایک جانب سے قرآن پاک پڑھنے کی آواز سنائی دی تو دوسری جانب کوئی وضو کر رہا ہوتا۔ پھر جب صبح ہوئی تو آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے بلند آواز سے پکارا: ''لوگ صبح کے وقت چلنے کو اچھا سمجھتے ہیں''۔ (کتاب التہجد وقیام اللیل مع موسوعۃ امام ابن ابی الدنیا، ج ۱ ص ۲۶۱ رقم ۷۲) اللہ رب العزت عزوجل کی ان پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری مغفرت ہو۔ امین بجاہ النبی الامین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مرے غوث کا وسیلہ رہے شاد سب قبیلہ
انہیں خلد میں بسانا مدنی مدینے والے

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

نماز اشراق

دو فرامین مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (۱) جو نماز فجر باجماعت ادا کر کے ذکر اللہ کرتا رہے یہاں تک کہ آفتاب بلند ہو گیا پھر دو رکعتیں پڑھیں تو اسے پورے حج وعمرہ کا ثواب ملے گا۔ (سنن الترمذی، ج ۲، ص ۱۰۰ حدیث ۵۸۶) (۲) جو شخص نماز فجر سے فارغ ہونے کے بعد اپنے مصلے میں (یعنی جہاں نماز پڑھی وہیں) بیٹھا رہا حتیٰ کہ اشراق کے نفل پڑھ لے صرف خیر ہی بولے تو اس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے اگرچہ سمندر کے جھاگ سے بھی زیادہ ہوں۔ (سنن ابی داؤد ج ۲ ص ۴۱ حدیث ۱۲۸۷)

حدیث پاک کے اس حصے ''اپنے مصلے میں بیٹھا رہے'' کی وضاحت کرتے ہوئے حضرت سیدنا ملا علی قاری علیہ رحمۃ اللہ الباری فرماتے ہیں: یعنی مسجد یا گھر میں اس حال میں رہے کہ ذکر یا غور وفکر کرنے یا علم دین سیکھنے سکھانے یا ''بیت اللہ کے طواف میں مشغول رہے'' نیز ''صرف خیر ہی بولے'' کے بارے میں فرماتے ہیں: ''یعنی فجر اور اشراق کے درمیان خیر یعنی بھلائی کے سوا کوئی گفتگو نہ کرے کیونکہ یہ وہ بات ہے جس پر ثواب مرتب ہوتا ہے۔ (مرقاۃ ج ۳ ص ۳۹۶ تحت الحدیث ۱۳۱۷)

Marfat.com

نماز اشراق کا وقت: سورج طلوع ہونے کے کم از کم بیس یا پچیس منٹ بعد سے لے کر ضحوہ کبریٰ تک نماز اشراق کا وقت رہتا ہے۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

نماز چاشت کی فضیلت

حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور پاک، صاحب لولاک، سیاح افلاک ﷺ نے فرمایا: ''جو چاشت کی دو رکعتیں پابندی سے ادا کرتا رہے اس کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں اگر چہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں''۔ (سنن ابن ماجہ، ج ۲ ص ۱۵۳، ۱۵۴ حدیث ۱۳۸۲)

نماز چاشت کا وقت: اس کا وقت آفتاب بلند ہونے سے زوال یعنی نصف النہار شرعی تک ہے اور بہتر یہ ہے کہ چوتھائی دن چڑھے پڑھے۔ (بہار شریعت، حصہ ۴ ص ۲۵) نماز اشراق کے فوراً بعد بھی چاہیں تو نماز چاشت پڑھ سکتے ہیں۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

صلوٰۃ التسبیح

اس نماز کا بے انتہا ثواب ہے، شہنشاہ خوش خصال، پیکر حسن و جمال، دافع رنج و ملال، صاحب جود و نوال، رسول بے مثال، بی بی آمنہ کے لال ﷺ نے اپنے چچا جان حضرت سیدنا عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ اے میرے چچا! اگر ہو سکے تو صلوٰۃ التسبیح ہر روز ایک بار پڑھئے اور اگر روزانہ نہ ہو سکے تو ہر مہینے میں ایک بار اور یہ بھی نہ ہو سکے تو سال میں ایک بار اور یہ بھی نہ ہو سکے تو عمر میں ایک بار۔

(سنن ابی داؤد ج ۲ ص ۴۴، ۴۵ حدیث ۱۲۹۷)

صلوٰۃ التسبیح پڑھنے کا طریقہ

اس نماز کی ترکیب یہ ہے کہ تکبیر تحریمہ کے بعد ثناء پڑھے پھر پندرہ مرتبہ یہ تسبیح پڑھے:

Marfat.com

"سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ" پھر اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ اور بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سورۂ فاتحہ اور کوئی سورت پڑھ کر رکوع سے پہلے دس بار یہی تسبیح پڑھے پھر رکوع کرے اور رکوع میں سبحان ربی العظیم تین مرتبہ پڑھ کر پھر دس مرتبہ یہی تسبیح پڑھے پھر رکوع سے سر اٹھائے اور سمع اللہ لمن حمدہ اور اللّٰھم ربنا ولک الحمد پڑھ کر پھر کھڑے کھڑے دس مرتبہ یہی تسبیح پڑھے پھر سجدہ میں جائے اور تین مرتبہ سبحان ربی الاعلی پڑھ کر پھر دس مرتبہ یہی تسبیح پڑھے پھر سجدہ سے سر اٹھائے اور دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھ کر دس مرتبہ یہی تسبیح پڑھے پھر دوسرے سجدہ میں جائے سبحان ربی الاعلی اور تین مرتبہ پڑھے پھر اس کے بعد یہی تسبیح دس مرتبہ پڑھے اسی طرح چار رکعت پڑھے اور خیال رہے کہ کھڑے ہونے کی حالت میں سورۂ فاتحہ سے پہلے پندرہ مرتبہ اور باقی سب جگہ یہ تسبیح دس دس بار پڑھے یوں ہر رکعت میں 75 مرتبہ تسبیح پڑھی جائے گی اور چار رکعتوں میں تسبیح کی گنتی تین سو مرتبہ ہوگی۔ (بہار شریعت حصہ ۴ ص ۳۲)

تسبیح انگلیوں پر نہ گنے بلکہ ہو سکے تو دل میں شمار کرے ورنہ انگلیاں دبا کر۔ (ایضاً، ص ۳۳)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

استخارہ

حضرت سیدنا جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اکرم نور مجسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم کو تمام امور میں استخارہ تعلیم فرماتے جیسے قرآن کی سورت تعلیم فرماتے تھے، فرماتے ہیں: "جب کوئی کسی امر کا قصد کرے تو دو رکعت نفل پڑھے پھر کہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُکَ بِعِلْمِکَ وَ اَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ وَاَسْأَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ؕ اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ

Marfat.com

وَدُنْيَایَ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَقَدِّرْهُ لِیْ وَیَسِّرْهُ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّهٗ شَرٌّ فِیْ دِیْنِیْ اَوْ دُنْیَایَ اَوْ عَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَقَدِّرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ ثُمَّ رَضِّنِیْ بِهٖ ؕ

اے اللہ (عزوجل) میں تیرے علم کے ساتھ تجھ سے خیر طلب کرتا (کرتی) ہوں اور تیری قدرت کے ذریعہ سے طلب قدرت کرتا (کرتی) ہوں اور تجھ سے تیرا فضل عظیم مانگتا (مانگتی) ہوں کیونکہ تو قدرت رکھتا ہے اور میں قدرت نہیں رکھتا (رکھتی) تو سب کچھ جانتا ہے اور میں نہیں جانتا (جانتی) اور تو تمام پوشیدہ باتوں کو خوب جانتا ہے اے اللہ (عزوجل) اگر تیرے علم میں یہ امر (جس کا میں قصد وارادہ رکھتا (رکھتی) ہوں) میرے دین وایمان اور میری زندگی اور میرے انجام کار میں دنیا وآخرت میں تیرے لیے بہتر ہے تو اس کو میرے لیے مقدر کردے اور میرے لیے آسان کردے پھر اس میں میرے واسطے برکت کر دے۔ اے اللہ (عزوجل) اگر تیرے علم میں یہ کام میرے لیے برا ہے میرے دین وایمان میری زندگی اور میرے انجام کار دنیا وآخرت میں تو اس کو مجھ سے اور مجھ کو اس سے پھیر دے اور جہاں کہیں بہتری ہو میرے لیے مقدر کر پھر اس سے مجھے راضی کردے۔

(صحیح البخاری، ج ۱ ص ۳۹۳ حدیث ۱۱۶۲، ردالمحتار، ج ۲، ص ۵۶۹)

او قال عاجل امری میں "او" شک راوی ہے، فقہاء فرماتے ہیں کہ جمع کرے یعنی یوں کہے **و عاقبة امری و عاجل امری واجله**۔ (غنیہ، ص ۴۳۱)

مسئلہ:۔ حج اور جہاد اور دیگر نیک کاموں میں نفس فعل کے لیے استخارہ نہیں ہوسکتا، ہاں تعیین وقت (یعنی وقت مقرر کرنے) کے لیے کرسکتے ہیں۔ (ایضاً)

نماز استخارہ میں کون سی سورتیں پڑھیں

مستحب یہ ہے کہ اس دعا کے اول آخر الحمد للہ اور درود شریف پڑھے اور پہلی رکعت میں قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ اور دوسری میں قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھے اور بعض مشائخ فرماتے ہیں

Marfat.com

کہ پہلی میں وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَيَخْتَارُ ؕ مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿۶۹﴾ (القصص)
اور دوسری میں وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ؕ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ﴿۳۶﴾ (پ ۲۲، الاحزاب:36) پڑھے۔ (ردالمحتار، ج ۲، ص ۵۷۰)

بہتر یہ ہے کہ سات بار استخارہ کرے کہ ایک حدیث میں ہے: ''اے انس! جب تو کسی کام کا قصد کرے تو اپنے رب عزوجل سے اس میں سات بار استخارہ کر پھر نظر کر تیرے دل میں کیا گزرا کہ بیشک اسی میں خیر ہے۔ (ایضاً)

اور بعض مشائخ کرام رحمہم اللہ السلام سے منقول ہے کہ دعائے مذکور پڑھ کر باطہارت قبلہ رو سو رہے اگر خواب میں سفیدی یا سبزی دیکھے تو وہ کام بہتر ہے اور سیاہی یا سرخی دیکھے تو برا ہے اس سے بچے۔

استخارہ کا وقت اس وقت تک ہے کہ ایک طرف رائے پوری جم نہ چکی ہو۔

(بہار شریعت حصہ ۴، ص ۳۲)

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيْبِ! صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ

صلوٰۃ الاوبین کی فضیلت

حضرت سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ تاجدار رسالت، شہنشاہ نبوت، مخزن جود وسخاوت، پیکر عظمت وشرافت، محبوب رب العزت، محسن انسانیت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''جو مغرب کے بعد چھ رکعتیں اس طرح ادا کرے کہ ان کے درمیان کوئی بری بات نہ کہے تو یہ چھ رکعتیں بارہ سال کی عبادت کے برابر ہوں گی''۔

(سنن ابن ماجہ، ج ۲ ص ۴۵ حدیث ۱۱۶۷)

نماز اوابین کا طریقہ

مغرب کی تین رکعت فرض پڑھنے کے بعد چھ رکعت ایک ہی نیت سے پڑھے، ہر دو

Marfat.com

رکعت پر قعدہ کیجئے اور اس میں التحیات، درود ابراہیم اور دعا پڑھئے، پہلی، تیسری اور پانچویں رکعت کی ابتداء میں ثناء تعوذ وتسمیہ (یعنی اعوذ اور بسم اللہ) بھی پڑھئے۔ چھٹی رکعت کے قعدے کے بعد سلام پھیر دیجئے۔ پہلی دو رکعتیں سنت مؤکدہ ہوئیں اور باقی چار نوافل۔ یہ ہے اوابین (یعنی توبہ کرنے والوں) کی نماز۔ (الوظیفۃ الکریمۃ ص ۲۴، ملخصا) چاہیں تو دو دو رکعت کر کے بھی پڑھ سکتے ہیں۔ بہار شریعت حصہ ۴ صفحہ 15 اور 16 پر ہے: بعد مغرب چھ رکعتیں مستحب ہیں ان کو صلوٰۃ الاوبین کہتے ہیں، خواہ ایک سلام سے سب پڑھے یا دو سے یا تین سلام سے یعنی ہر دو رکعت پر سلام پھیرنا افضل ہے۔
(درمختار، ردالمحتار ج ۲، ص ۵۴۷)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

تحیۃ الوضو

وضو کے بعد اعضا خشک ہونے سے پہلے دو رکعت نماز پڑھنا مستحب ہے۔ (درمختار، ج ۲، ص ۳۶۵) حضرت سیدنا عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، فرماتے ہیں کہ نبی کریم، رءوف رحیم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''جو شخص وضو کرے اور اچھا وضو کرے اور ظاہر و باطن کے ساتھ متوجہ ہو کر دو رکعت پڑھے، اس کے لیے جنت واجب ہو جاتی ہے''۔
(صحیح مسلم ص ۱۴۴ حدیث ۲۳۴)

غسل کے بعد بھی دو رکعت نماز مستحب ہے۔ وضو کے بعد فرض وغیرہ پڑھے تو قائم مقام تحیۃ الوضو کے ہو جائیں گے۔ (ردالمحتار، ج ۲، ص ۵۶۳) مکروہ وقت میں تحیۃ الوضو اور غسل کے بعد والی دو رکعتیں نہیں پڑھ سکتے۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

صلوٰۃ الاسرار

دعاؤں کی مقبولیت اور حاجتوں کے پورا ہونے کے لیے ایک مجرب (یعنی آزمودہ) نماز صلوٰۃ الاسرار بھی ہے جس کو امام ابوالحسن نورالدین علی بن جریر لخمی شطنوفی نے بہجۃ الاسرار

Marfat.com

میں اور حضرت ملا علی قاری علیہ رحمۃ اللہ الباری اور شیخ محمد عبدالحق محدث دہلوی علیہ رحمۃ اللہ القوی نے حضور غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہوئے تحریر فرمایا ہے۔اس کی ترکیب یہ ہے کہ بعد نماز مغرب سنتیں پڑھ کر دو رکعت نماز نفل پڑھے اور بہتر یہ ہے کہ الحمد کے بعد ہر رکعت میں گیارہ گیارہ مرتبہ قل ھواللہ پڑھے سلام کے بعد اللہ عزوجل کی حمد و ثنا کرے (مثلاً حمد وثنا کی نیت سے سورۃ الفاتحہ پڑھ لے) پھر نبی ﷺ پر گیارہ بارہ درود و سلام عرض کرے اور گیارہ بار یہ کہے: **یا رسول اللّٰہ یا نبی اللّٰہ اغثنی و امددنی قضاء حاجتی یا قاضی الحاجات** ۔ترجمہ: اے اللہ عزوجل کے رسول! اے اللہ عزوجل کے نبی! میری فریاد کو پہنچئے اور میری مدد کیجئے، میری حاجت پوری ہونے میں، اے تمام حاجتوں کے پورا کرنے والے۔ پھر عراق کی جانب گیارہ قدم چلے اور ہر قدم ر یہ کہے: **یا غوث الثقلین یاکریم الطرفین اغثنی وامددنی فی قضاء حاجتی یا قاضی الحاجات** ترجمہ: اے جن وانس کے فریادرس اور اے دونوں طرف (یعنی ماں باپ دونوں ہی کی جانب) سے بزرگ! میری فریاد کو پہنچئے اور میری مدد کیجئے میری حاجت پوری ہونے میں اے حاجتوں کے پورا کرنے والے) پھر حضور اقدس ﷺ کو وسیلہ بنا کر اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت کے لیے دعا مانگے۔(عربی دعاؤں کے ساتھ ترجمہ پڑھنا ضروری نہیں) (بہار شریعت حصہ ۴ ص ۳۵ بحوالہ الاسرار ص ۱۹۷)

حسن نیت ہو، خطا پھر کبھی کرتا ہی نہیں
آزمایا ہے یگانہ ہے دو گانہ تیرا

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

صلوٰۃ الحاجات

حضرت سیدنا حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ "جب حضور اکرم، نور مجسم، شاہ بنی آدم، رسول محتشم، شافع امم ﷺ کو کوئی امر اہم پیش آتا تو نماز پڑھتے"۔
(سنن ابوداؤد، حدیث ۱۳۱۹ ج ۲ ص ۵۲)

Marfat.com

اس کے لیے دو یا چار رکعت پڑھے۔ حدیث پاک میں ہے: ''پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ اور تین بار آیۃ الکرسی پڑھے اور باقی تین رکعتوں میں سورۂ فاتحہ اور قُلْ هُوَاللّٰهُ اَحَدٌ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ایک ایک بار پڑھے، تو یہ ایسی ہیں جیسے شب قدر میں چار رکعتیں پڑھیں''۔ (بہار شریعت، حصہ ۴ ص ۳۴) مشائخ کرام رحمہم اللہ السلام فرماتے ہیں: کہ ہم نے یہ نماز پڑھی اور ہماری حاجتیں پوری ہوئیں (ایضاً)۔

حضرت سیدنا عبداللہ بن اوفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ فرماتے ہیں: جس کی کوئی حاجت اللہ عزوجل کی طرف ہو یا کسی بنی آدم (یعنی انسان) کی طرف تو اچھی طرح وضو کرے پھر دو رکعت نماز پڑھ کر اللہ عزوجل کی ثنا کرے اور نبی ﷺ پر درود بھیجے پھر یہ پڑھے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ ۘ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۘ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۘ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ ۘ لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝ (سنن الترمذی، حدیث ۴۷۸ ج ۲ ص ۲۱)

ترجمہ: اللہ عزوجل کے سوا کوئی معبود نہیں جو حلیم و کریم ہے، پاک ہے اللہ عزوجل مالک ہے عرش عظیم کا، حمد ہے اللہ عزوجل کے لیے جو رب ہے تمام جہاں کا، میں تجھ سے تیری رحمت کے اسباب مانگتا (مانگتی) ہوں اور طلب کرتا (کرتی) ہوں تیری بخشش کے ذرائع اور ہر نیکی سے غنیمت اور ہر گناہ سے سلامتی کو، میرے لیے کوئی گناہ بغیر مغفرت نہ چھوڑ اور ہر غم کو دور کر دے اور جو حاجت تیری رضا کے موافق ہے اسے پورا کر دے اے سب مہربانوں سے زیادہ مہربان۔

Marfat.com

نابینا کو آنکھیں مل گئیں

حضرت سیدنا عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک نابینا صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بارگاہِ رسالت میں حاضر ہو کر عرض کی: اللہ عزوجل سے دعا کیجئے کہ مجھے عافیت دے۔ ارشاد فرمایا: ''اگر تو چاہے تو دعا کروں اور چاہے تو صبر کر اور یہ تیرے لیے بہتر ہے''۔ انہوں نے عرض کی: حضور! دعا فرما دیجئے۔ انہیں حکم فرمایا: کہ وضو کرو اور اچھا وضو کرو اور دو رکعت نماز پڑھ کر یہ دعا پڑھو:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ وَاَتَوَجَّہُ اِلَیْکَ بِنَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ نَّبِیِّ الرَّحْمَۃِ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ قَدْ تَوَجَّھْتُ بِکَ اِلٰی رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ ھٰذِہٖ لِتُقْضٰی لِیْ اَللّٰھُمَّ فَشَفِّعْہُ فِیَّ

ترجمہ:۔ اے اللہ عزوجل! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور توسل کرتا ہوں اور تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں تیرے نبی محمد ﷺ کے ذریعے سے جو نبی رحمت ہیں یا رسول اللہ! (عزوجل و ﷺ) میں حضور ﷺ کے ذریعے سے اپنے رب عزوجل کی طرف اس حاجت کے بارے میں متوجہ ہوتا ہوں، تاکہ میری حاجت پوری ہو۔ ''الٰہی! ان کی شفاعت میرے حق میں قبول فرما''۔

سیدنا عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: ''خدا کی قسم! ہم اٹھنے بھی نہ پائے تھے، باتیں ہی کر رہے تھے کہ وہ ہمارے پاس آئے، گویا کبھی اندھے تھے ہی نہیں''۔

(سنن ابن ماجہ، ج ۲ ص ۱۵۶ حدیث ۱۳۸۵ سنن الترمذی، ص ۳۳۶ ج ۵ حدیث ۱۳۵۸۹ المعجم الکبیر، ج ۹ ص ۳۰ حدیث ۸۳۱۱، بہار شریعت، حصہ ۴ ص ۳۴)

پیارے بھائیو! شیطان جو یہ وسوسہ ڈالتا ہے کہ صرف ''یا اللہ'' کہنا چاہیے ''یا رسول اللہ'' نہیں کہنا چاہیے، الحمد للہ عزوجل اس حدیث مبارک نے شیطان کے اس انتہائی خطرناک وسوسے کو بھی جڑ سے اکھاڑ دیا کہ اگر ''یا رسول اللہ'' کہنا جائز نہ ہوتا تو خود ہمارے پیارے آقا مدینے والے مصطفیٰ ﷺ اس کی کیوں تعلیم دیتے؟ بس جھوم جھوم کر

"یارسول اللہ" کے نعرے لگاتے جائیے۔

یارسول اللہ کے نعرے سے ہم کو پیار ہے
جس نے یہ نعرہ لگایا اس کا بیڑا پار ہے

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

گہن کی نماز

حضرت سیدنا ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ شہنشاہ خوش خصال، پیکر حسن و جمال، دافع وملال، صاحب جود ونوال، رسول بے مثال، بی بی آمنہ کے لعل ﷺ ورضی اللہ تعالیٰ عنہا کے عہد کریم (یعنی مبارک زمانے) میں ایک مرتبہ آفتاب میں گہن لگا، آپ ﷺ مسجد میں تشریف لائے اور بہت طویل قیام ورکوع وسجود کے ساتھ نماز پڑھی کہ میں نے کبھی ایسا کرتے نہ دیکھا اور یہ فرمایا کہ اللہ عزوجل کسی کی موت وحیات کے سبب اپنی یہ نشانیاں ظاہر نہیں فرماتا، بلکہ ان سے اپنے بندوں کو ڈراتا ہے، لہٰذا جب ان میں سے کچھ دیکھو تو ذکر ودعا واستغفار کی طرف گھبرا کر اٹھو۔ (صحیح البخاری، ج ۱ ص ۳۶۳ حدیث ۱۰۵۹)

سورج گہن کی نماز سنت مؤکدہ اور چاند گہن کی نماز مستحب ہے۔ (درمختار، ج ۳ ص ۸۰)

گہن کی نماز پڑھنے کا طریقہ

یہ نماز اور نوافل کی طرح دو رکعت پڑھیں یعنی ہر رکعت میں ایک رکوع اور دو سجدے کریں نہ اس میں اذان ہے، نہ اقامت، نہ بلند آواز سے قراءت، اور نماز کے بعد دعا کریں یہاں تک کہ آفتاب کھل جائے اور دو رکعت سے زیادہ بھی پڑھ سکتے ہیں خواہ دو، دو رکعت پر سلام پھیریں یا چار پر۔ (بہار شریعت، حصہ ۴ ص ۱۳۶)

ایسے وقت گہن لگا کہ اس وقت نماز پڑھنا ممنوع ہے تو نماز نہ پڑھیں، بلکہ دعا میں مشغول رہیں اور اسی حالت میں ڈوب جائے تو دعا ختم کر دیں اور مغرب کی نماز پڑھیں۔

(الجوہرۃ النیرۃ، ص ۱۲۴، ردالمحتار ج ۳ ص ۷۸)

Marfat.com

تیز آندھی آئے یا دن میں سخت تاریکی چھا جائے یا رات میں خوفناک روشنی ہو یا لگاتار کثرت سے مینہ برسے یا بکثرت اولے پڑیں یا آسمان سرخ ہو جائے یا بجلیاں گریں یا بکثرت تارے ٹوٹیں یا طاعون وغیرہ وبا پھیلے یا زلزلے آئیں یا دشمن کا خوف ہو یا اور کوئی دہشت ناک امر پایا جائے ان سب کے لیے دو رکعت نماز مستحب ہے۔

(عالمگیری، ج ۱ ص ۱۵۳، درمختار، ج ۳، ص ۸۰، وغیرہما)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

نماز توبہ

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور پاک، صاحب لولاک، سیاح افلاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں: ''جب کوئی بندہ گناہ کرے پھر وضو کر کے نماز پڑھے پھر استغفار کرے، اللہ تعالیٰ اس کے گناہ بخش دے گا''۔ پھر یہ آیت پڑھی: وَالَّذِیْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ۫ وَمَنْ یَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۫ وَلَمْ یُصِرُّوْا عَلٰی مَا فَعَلُوْا وَهُمْ یَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾ (آل عمران)

ترجمۂ کنزالایمان: اور وہ کہ جب کوئی بے حیائی یا اپنی جانوں پر ظلم کریں اللہ (عزوجل) کو یاد کر کے اپنے گناہوں کی معافی چاہیں اور گناہ کون بخشے سوا اللہ (عزوجل) کے؟ اور اپنے کیے پر جان بوجھ کر اڑ نہ جائیں۔ (سنن الترمذی، ج ۱، ص ۴۱۵ حدیث ۴۰۶)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

عشاء کے بعد دو نفل کا ثواب

حضرت سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، انہوں نے فرمایا: جو عشاء کے بعد دو رکعت پڑھے گا اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پندرہ بار قل ھو اللہ احد پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت میں دو ایسے محل تعمیر کرے گا جسے اہل جنت دیکھیں گے۔ (تفسیر درمنثور ج ۸ ص ۶۸۱)

Marfat.com

سنت عصر کے بارے میں دو فرامین مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: (۱) جو عصر سے پہلے چار رکعتیں پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کے بدن کو آگ پر حرام فرما دے گا۔ (المعجم الکبیر للطبرانی، ج ۲۳ ص ۲۸۱ حدیث ۶۱۱)۔ (۲) ''جو عصر سے پہلے چار رکعتیں پڑھے، اسے آگ نہ چھوئے گی''۔ (المعجم الاوسط للطبرانی، ج ۲ ص ۷۷ حدیث ۲۵۸۰)

ظہر کے آخری دو نفل کے بھی کیا کہنے

ظہر کے بعد چار رکعت پڑھنا مستحب ہے کہ حدیث پاک میں فرمایا: جس نے ظہر سے پہلے چار اور بعد میں چار پر محافظت کی اللہ تعالیٰ اس پر آگ حرام فرما دے گا۔ (سنن النسائی ص ۳۱۰ حدیث ۱۳۱۸)۔ علامہ طحطاوی علیہ رحمۃ القوی فرماتے ہیں: سرے سے آگ میں داخل ہی نہ ہوگا اور اس کے گناہ مٹا دیئے جائیں گے اور اس پر (حقوق العباد یعنی بندوں کی حق تلفیوں کے) جو مطالبات ہیں اللہ تعالیٰ اس کے فریق کو راضی کر دے گا یا یہ مطلب ہے کہ ایسے کاموں کی توفیق دے گا جن پر سزا نہ ہو۔ (حاشیۃ الطحطاوی علی الدر ج ۱ ص ۲۸۴) اور علامہ شامی قدس سرہ السامی فرماتے ہیں: اس کے لیے بشارت یہ ہے کہ سعادت پر اس کا خاتمہ ہوگا اور دوزخ میں نہ جائے گا۔ (ردالمحتار ج ۲ ص ۵۴۷)

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! الحمدللہ عزوجل جہاں ظہر کی دس رکعت نماز پڑھ لیتے ہیں وہاں آخر میں مزید دو رکعت نفل پڑھ کر بارہویں شریف کی نسبت سے 12 رکعت کرنے میں دیر ہی کتنی لگتی ہے! استقامت کے ساتھ دو نفل پڑھنے کی نیت فرما لیجئے۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

Marfat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

فضائلِ روزہ

درود شریف کی فضیلت

رسول اکرم، نور مجسم، رحمت عالم، شافع بنی آدم، رسول محتشم ﷺ کا فرمان رحمت نشان ہے: قیامت کے روز اللہ عزوجل کے عرش کے سوا کوئی سایہ نہیں ہوگا، تین شخص اللہ عزوجل کے عرش کے سائے میں ہوں گے۔ (۱) وہ شخص جو میرے امتی کی پریشانی کو دور کرے۔ (۲) میری سنت کو زندہ کرنے والا (۳) مجھ پر کثرت سے درود شریف پڑھنے والا۔ (البدور السافرۃ فی امور الاخرۃ للسیوطی رحمہ اللہ ص ۱۳۱ حدیث ۳۶۶)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ! صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

نفل روزوں کے دینی و دنیوی فوائد

پیارے بھائیو! فرض روزوں کے علاوہ نفل روزوں کی بھی عادت بنانی چاہیے کہ اس میں بے شمار دینی و دنیوی فوائد ہیں۔ اور ثواب تو اتنا ہے کہ جی چاہتا ہے بس روزے رکھتے ہی چلے جائیں۔ مزید دینی فوائد میں ایمان کی حفاظت، جہنم سے نجات اور جنت کا حصول شامل ہیں اور جہاں تک دنیوی فوائد کا تعلق ہے تو دن کے اندر کھانے پینے میں صرف ہونے والے وقت اور اخراجات کی بچت، پیٹ کی اصلاح اور بہت سارے امراض سے حفاظت کا سامان ہے۔ اور تمام فوائد کی اصل یہ ہے کہ اللہ عزوجل راضی ہوتا ہے۔

''یاغوث الاعظم'' کے گیارہ حروف کی نسبت سے
نفلی روزوں کے فضائل پر مشتمل 11 روایات

۱۔جنت کا انوکھا درخت

حضرت سیدنا قیس بن زید جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، اللہ کے محبوب، دانائے غیوب، منزہ عن العیوب عزوجل و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان جنت نشان ہے: ''جس نے ایک نفلی روزہ رکھا اللہ عزوجل اس کے لیے جنت میں ایک درخت لگائے گا جس کا پھل انار سے چھوٹا اور سیب سے بڑا ہوگا۔ وہ (موم سے الگ نہ کیے ہوئے) شہد جیسا میٹھا اور (موم سے الگ کئے ہوئے خالص شہد کی طرح) خوش ذائقہ ہوگا۔ اللہ عزوجل بروز قیامت روزہ دار کو اس درخت کا پھل کھلائے گا۔ (المعجم الکبیر ج ۱۸ ص ۳۶۶ حدیث ۹۳۵)

۲۔40 سال کا فاصلہ دوزخ سے دوری

تاجدار رسالت، شفیع روز قیامت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ڈھارس نشان ہے: ''جس نے ثواب کی امید رکھتے ہوئے ایک نفل روزہ رکھا اللہ عزوجل اسے دوزخ سے چالیس سال (کا فاصلہ) دور فرمادے گا''۔ (کنز العمال، ج ۸ ص ۲۵۵ حدیث ۲۴۱۴۸)

۳۔دوزخ سے 50 سال کی مسافت دوری

اللہ عزوجل کے پیارے نبی، مکی مدنی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان عافیت نشان ہے: ''جس نے رضائے الٰہی عزوجل کے لیے ایک دن کا نفل روزہ رکھا تو اللہ عزوجل اس کے اور دوزخ کے درمیان ایک تیز رفتار سوار کی پچاس سالہ مسافت کا فاصلہ فرمادے گا''۔
(کنز العمال ج ۸ ص ۲۵۵ حدیث ۲۴۱۴۹)

۴۔زمین بھر سونے سے بھی زیادہ ثواب

اللہ عزوجل کے پیارے حبیب، حبیب لبیب، ہم گناہوں کے مریضوں کے طبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان رغبت نشان ہے: ''اگر کسی نے ایک دن نفل روزہ رکھا اور زمین بھر سونا اسے

Marfat.com

دیا جائے جب بھی اس کا ثواب پورا نہ ہوگا اس کا ثواب تو قیامت ہی کے دن ملے گا"۔
(المسند ابی یعلی ج ۵ ص ۳۵۳ حدیث ۶۱۰۴)

۵۔ جہنم سے بہت زیادہ دوری

حضرت سیدنا عتبہ بن عبد سلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ اللہ عزوجل کے پیارے رسول، رسول مقبول، سیدہ آمنہ کے گلشن کے مہکتے پھول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ورضی اللہ تعالیٰ عنہا کا فرمان رحمت نشان ہے: "جس نے اللہ عزوجل کی راہ میں ایک دن کا فرض روزہ رکھا، اللہ عزوجل اسے جہنم سے اتنا دور کر دے گا جتنا ساتوں زمینوں اور آسمانوں کے مابین (یعنی درمیانی) فاصلہ ہے اور جس نے ایک دن کا نفل روزہ رکھا اللہ عزوجل اسے جہنم سے اتنا دور کر دے گا جتنا زمین وآسمان کا درمیانی فاصلہ ہے۔ (المعجم الکبیر ج ۱۷ ص ۱۲۰ حدیث ۲۹۵)

۶۔ ایک روزہ رکھنے کی فضیلت

حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم رءوف رحیم، محبوب رب عظیم عزوجل وصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان رحمت شان ہے: جو اللہ عزوجل کی رضا کے لیے ایک دن کا روزہ رکھتا ہے اللہ عزوجل اسے جہنم سے اتنا دور کر دیتا ہے جتنا فاصلہ ایک کوا بچپن سے بوڑھا ہو کر مرنے تک مسلسل اڑتے ہوئے طے کر سکتا ہے۔
(مسند امام احمد بن حنبل ج ۳ ص ۶۱۹ حدیث ۱۰۸۱۰)

۷۔ بہترین عمل

حضرت سیدنا ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں میں نے عرض کی: یارسول اللہ عزوجل وصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! مجھے کوئی عمل بتائیے۔ ارشاد فرمایا: "روزے رکھا کرو کیونکہ اس جیسا عمل کوئی نہیں"۔ میں نے پھر عرض کی، "مجھے کوئی عمل بتائیے"۔ فرمایا: "روزے رکھا کرو کیونکہ اس جیسا کوئی عمل نہیں"۔ میں نے پھر عرض کی، "مجھے کوئی عمل بتائیے"۔ فرمایا: "روزے رکھا کرو کیونکہ اس کا کوئی مثل نہیں۔ (سنن النسائی ج ۴ ص ۱۶۶)

Marfat.com

۸۔روزے رکھو تندرست ہو جاؤ گے

حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سرکارِ مدینہ راحت قلب و سینہ، فیض گنجینہ، صاحب معطر پسینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جہاد کیا کرو خود کفیل ہو جاؤ گے، روزے رکھو تندرست ہو جاؤ گے اور سفر کیا کرو غنی (یعنی مالدار) ہو جاؤ گے"۔

(المعجم الاوسط ج ۶ ص ۱۴۶ حدیث ۸۳۱۲)

۹۔سونے کے دسترخوان

حضرت سیدنا ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: روزہ دار کا ہر بال اس کے لیے تسبیح کرتا ہے، بروز قیامت عرش کے نیچے روزے داروں کے لیے موتیوں اور جواہر سے جڑا ہوا سونے کا ایسا دسترخوان بچھایا جائے گا جو احاطہ دنیا کے برابر ہوگا، اس پر قسم قسم کے جنتی کھانے، مشروب اور پھل فروٹ ہوں گے وہ کھائیں پئیں گے اور عیش و عشرت میں ہوں گے حالانکہ لوگ سخت حساب میں ہوں گے۔ (الفردوس بماثور الخطاب ج ۵ ص ۴۹۰ حدیث ۸۸۵۳)

۱۰۔ہڈیاں تسبیح کرتی ہیں

حضرت سیدنا بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی رحمت، شفیع امت مالک جنت، محبوب رب العزت عزوجل و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (حضرت سیدنا) بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا، "اے بلال! (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) آؤ ناشتہ کریں"۔ تو (حضرت سیدنا) بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی، "میں روزہ سے ہوں۔ تو رسول اللہ عزوجل و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "ہم اپنا رزق کھا رہے ہیں اور بلال (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کا رزق جنت میں بڑھ رہا ہے"۔ پھر فرمایا، اے بلال! کیا تمہیں معلوم ہے کہ جتنی دیر تک روزہ دار کے سامنے کھانا کھایا جاتا ہے تو اس کی ہڈیاں تسبیح کرتی ہیں اور ملائکہ اس کے لیے استغفار کرتے رہتے ہیں۔

(سنن ابن ماجہ ج ۲ ص ۳۴۸ حدیث ۱۷۴۹)

Marfat.com

۱۱۔روزہ کی حالت میں مرنے کی فضیلت

ام المومنین حضرت سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، سرکار مدینہ منورہ، سلطان مکہ مکرمہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو روزے کی حالت میں مرا، اللہ تعالیٰ قیامت تک کے لیے اس کے حساب میں روزے لکھ دے گا۔

(الفردوس بماثور الخطاب ج ۳ ص ۵۰۴ حدیث ۵۵۵۷)

نیک کام کرنے کے دوران مرنے کی سعادت

اچھے کام کے دوران موت سے ہم آغوش ہونے کی سعادت مقدر والوں ہی کا حصہ ہے۔اس ضمن میں تبلیغ قرآن وسنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک، دعوت اسلامی کے اجتماعی اعتکاف کی ایک مدنی بہار ملاحظہ فرمائیے اور زندگی بھر کیلئے دعوت اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ رہنے کا عزم مصمم کر لیجیے۔ چنانچہ مدینۃ الاولیاء احمد آباد شریف (گجرات، الہند) کے کالو چاچا (عمر تقریباً 60 برس) رمضان المبارک ۱۴۲۵ھ، 2004ء) کے آخری عشرے میں شاہی مسجد (شاہ عالم، احمد آباد شریف) میں ہونے والے تبلیغ قرآن وسنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک، دعوت اسلامی کے اجتماعی اعتکاف میں معتکف ہو گئے۔ یوں تو یہ پہلے ہی سے دعوت اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ تھے مگر عاشقان رسول کے ساتھ اجتماعی اعتکاف میں شمولیت پہلی ہی بار نصیب ہوئی تھی۔ اعتکاف میں بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملا اور ساتھ ہی ساتھ دعوت اسلامی کے 72 مدنی انعامات میں سے پہلی صف میں نماز پڑھنے کی ترغیب والے دوسرے مدنی انعام کا خوب جذبہ ملا۔ چنانچہ انہوں نے پہلی صف میں نماز پڑھنے کی عادت بنالی۔ 2 رشوال المکرم یعنی عید الفطر کے دوسرے روز تین دن کے مدنی قافلے میں عاشقان رسول کے ہمراہ سنتوں بھرا سفر کیا۔ مدنی قافلہ سے واپسی کے پانچ یا چھ دن کے بعد یعنی 11 شوال المکرم ۱۴۲۵ھ (2004) کو کسی کام سے بازار جانا ہوا، مصروفیت بھی تھی مگر تاخیر کی صورت میں پہلی صف فوت ہو جانے کا خدشہ تھا۔ لہٰذا سارا کام چھوڑ کر مسجد کا رخ کیا اور اذان سے قبل ہی مسجد میں پہنچ گئے، وضو کر کے جوں ہی کھڑے

Marfat.com

ہوئے کہ گر پڑے، کلمہ شریف اور درود پاک پڑھتے ہوئے ان کی روح قفس عنصری سے پرواز کرگئی۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ۔

الحمدللہ عزوجل اجتماعی اعتکاف کی برکت سے مدنی انعامات کے دوسرے مدنی انعام پہلی صف میں نماز پڑھنے کے ملے ہوئے جذبے نے کالو چاچا کو انتقال کے وقت بازار کی غفلت بھری فضاؤں سے اٹھا کر مسجد کی رحمت بھری فضاؤں میں پہنچا دیا اور کیسی خوشی نصیبی کہ آخری وقت کلمہ و درود نصیب ہوگیا۔ سبحان اللہ! اور جس کو مرتے وقت کلمہ شریف نصیب ہوجائے ان شاء اللہ عزوجل اس کا قبر و حشر میں بیڑا پار ہے۔ چنانچہ نبی رحمت، شفیع امت، مالک جنت، محبوب رب العزت عزوجل و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان جنت نشان ہے: جس کا آخری کلام لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہو، وہ داخل جنت ہوگا۔ (سنن ابی داؤد ج ۳ ص ۲۵۵ حدیث ۳۱۱۶)

مزید دعوت اسلامی کے مدنی ماحول کی برکت سنیے: چنانچہ انتقال کے چند روز بعد ان کے فرزند نے خواب میں دیکھا کہ مرحوم کالو چاچا سفید لباس میں ملبوس سر پر سبز سبز عمامہ شریف کا تاج سجائے مسکراتے ہوئے فرما رہے ہیں: بیٹا! دعوت اسلامی کے مدنی کاموں میں لگے رہو کہ اسی مدنی ماحول کی برکت سے مجھ پر کرم ہوا ہے۔

موت فضل خدا سے ہو ایمان پر، مدنی ماحول میں کرلو تم اعتکاف
رب کی رحمت سے پاؤ گے جنت میں گھر، مدنی ماحول میں کرلو اعتکاف

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

ہر ماہ تین روزے رکھنے کا ثواب

ہر مدنی ماہ (یعنی سن ہجری کے مہینے) میں کم از کم تین روزے ہر اسلامی بھائی اور اسلامی بہن کو رکھ ہی لینے چاہئیں۔ اس کے بے شمار دنیوی اور اخروی فوائد و فضائل ہیں۔ بہتر یہ ہے کہ یہ روزے "ایام بیض"، یعنی چاند کی ۱۳، ۱۴ اور ۱۵ تاریخ کو رکھے جائیں۔

Marfat.com

''یارب محمد'' کے آٹھ حروف کی نسبت سے ایام بیض کے روزوں کے متعلق 8 روایات

۱۔ام المومنین حضرت سیدتنا حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، اللہ عزوجل کے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چار چیزوں کو نہیں چھوڑتے تھے۔ ۱۔عاشورہ اور ۲۔عشرہ ذوالحجہ اور ۳۔ہر مہینے میں تین دن کے روزے اور ۴۔فجر (کے فرض) سے پہلے دو رکعتیں (یعنی دو سنتیں)۔(سنن النسائی ج ۴ ص ۲۲۰)

۲۔حضرت سیدتنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ طبیبوں کے طبیب، اللہ کے حبیب عزوجل و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایام بیض میں بغیر روزہ کے نہ ہوتے نہ سفر میں نہ حضر (یعنی قیام) میں۔(سنن النسائی ج ۴ ص ۱۹۸)

۳۔ام المومنین حضرت سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا روایت فرماتی ہیں: میرے سرتاج، صاحب معراج صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک مہینے میں ہفتہ، اتوار اور پیر کا جبکہ دوسرے ماہ منگل، بدھ اور جمعرات کا روزہ رکھا کرتے''۔(سنن الترمذی ج ۲ ص ۱۸۶ حدیث ۷۴۶)

۴۔حضرت سیدتنا عثمان بن ابو عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: میں نے سرکار دوعالم، نور مجسم، شاہ بنی آدم، رسول محتشم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا، ''جس طرح تم میں سے کسی کے پاس لڑائی میں بچاؤ کے لیے ڈھال ہوتی ہے اسی طرح روزہ جہنم سے تمہاری ڈھال ہے اور ہر ماہ تین دن روزے رکھنا بہترین روزے ہیں''۔

(صحیح ابن خزیمۃ ج ۳ ص ۳۰۱ حدیث ۲۱۲۵)

۵۔ہر مہینے میں تین دن کے روزے ایسے ہیں جیسے دہر یعنی (ہمیشہ) کے روزے۔

(صحیح البخاری ج ۱ ص ۶۴۹ حدیث ۱۹۷۵)

۶۔رمضان کے روزے اور ہر مہینے میں تین دن کے روزے سینے کی خرابی کو دور کرتے ہیں۔

(مسند امام احمد ج ۹ ص ۳۶ حدیث ۲۳۱۳۲)

Marfat.com

۷۔جس سے ہوسکے ہر مہینے میں تین روزے رکھے کہ ہر روزہ دس گناہ مٹاتا اور گناہ سے ایسا پاک کردیتا ہے جیسا پانی کپڑے کو۔(المعجم الکبیر ج ۲۵ ص ۳۵ حدیث ۶۰)

۸۔جب مہینے میں تین روزے رکھنے ہوں تو ۱۳، ۱۴ اور ۱۵ کو رکھو۔

(سنن النسائی ج ۴ ص ۲۲۱)

''مصطفیٰ'' کے پانچ حروف کی نسبت سے پیر شریف اور جمعرات کے روزوں کے متعلق 5 روایات

۱۔حضرت سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، رسول اللہ عزوجل و ﷺ فرماتے ہیں: پیر اور جمعرات کو اعمال پیش ہوتے ہیں تو میں پسند کرتا ہوں کہ میرا عمل اس وقت پیش ہو کہ میں روزہ دار ہوں۔(سنن الترمذی ج ۲ ص ۱۸۷ حدیث ۷۴۷)

۲۔اللہ کے محبوب، دانائے غیوب، منزہ عن العیوب عزوجل و ﷺ پیر شریف اور جمعرات کو روزے رکھا کرتے تھے اس کے بارے میں عرض کی گئی تو فرمایا، ان دونوں دنوں میں اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کی مغفرت فرماتا ہے مگر وہ دو شخص جنہوں نے باہم جدائی کرلی ہے ان کی نسبت ملائکہ سے فرماتا ہے انہیں چھوڑ دو یہاں تک کہ صلح کرلیں۔

(سنن ابن ماجہ ج ۲ ص ۳۴۴ حدیث ۱۷۴۰)

۳۔ام المومنین حضرت سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا روایت فرماتی ہیں: میرے سرتاج، صاحب معراج ﷺ پیر اور جمعرات کے روزے کا خاص خیال رکھتے تھے۔

(سنن الترمذی ج ۲ ص ۱۸۶ حدیث ۷۴۵)

۴۔حضرت سیدتنا ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں، سرکار نامدار، مدینے کے تاجدار، رسولوں کے سالار، نبیوں کے سردار ﷺ سے پیر شریف کے روزے کا سبب دریافت کیا گیا تو فرمایا، اسی میں میری ولادت ہوئی، اسی میں مجھ پر وحی نازل ہوئی۔

(صحیح مسلم ص ۵۹۱ حدیث ۱۱۶۲)

Marfat.com

۵۔ حضرت سیدنا اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے غلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، فرماتے ہیں کہ سیدنا اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سفر میں بھی پیر اور جمعرات کا روزہ ترک نہیں فرماتے تھے۔ میں نے ان کی بارگاہ میں عرض کی کہ کیا وجہ ہے کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس بڑی عمر میں بھی پیر اور جمعرات کا روزہ رکھتے ہیں؟ فرمایا، رسول اللہ عزوجل و ﷺ پیر اور جمعرات کا روزہ رکھا کرتے تھے۔ میں نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ! کیا وجہ ہے کہ آپ ﷺ پیر اور جمعرات کا روزہ رکھتے ہیں؟ تو ارشاد فرمایا: لوگوں کے اعمال پیر اور جمعرات کو پیش کیے جاتے ہیں۔ (شعب الایمان ج ۳ ص ۳۹۲ حدیث ۳۸۹۵)

''کینہ'' کی تعریف

پیارے بھائیو! ان احادیث مبارکہ سے معلوم ہوا کہ پیر شریف اور جمعرات کو بارگاہ خداوندی عزوجل میں بندوں کے اعمال پیش کیے جاتے ہیں اور ان دونوں ایام میں اللہ عزوجل اپنی رحمت سے مسلمانوں کی مغفرت فرما دیتا ہے۔ مگر آپس میں کسی دنیوی سبب سے جدائی کرنے والوں کو نہیں بخشا جاتا۔ واقعی یہ بے حد تشویش کی بات ہے۔ آج کے دور میں شاید ہی کوئی کینے سے محفوظ ہو۔ دل کی چھپی ہوئی دشمنی کو کینہ کہتے ہیں لہٰذا ہمیں غور کرنا چاہیے جس مسلمان کا دل میں ہماری جانب سے کینہ ہو اس کو دور کرنا چاہیے۔ خصوصاً خاندانی جھگڑے ہوں تو خود آگے بڑھ کر صلح کرنی چاہیے، اخلاص کے ساتھ کامل کوشش کے باوجود بھی اگر جدائی ختم کرنے میں ناکامی ہوئی تو پہل کرنے والا ان شاء اللہ عزوجل بری ہو جائے گا۔ بہر حال پیر شریف اور جمعرات کو ہمارے میٹھے میٹھے آقا ﷺ روزہ رکھا کرتے تھے پیر شریف کے روزے کا ایک سبب اپنی ولادت بھی بتایا، گویا تاجدار رسالت، ماہ نبوت، مالک کوثر و جنت، محبوب رب العزت عزوجل و ﷺ ہر پیر شریف کو روزہ رکھ کر اپنا یوم ولادت منایا کرتے تھے۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

''جنت'' کے تین حروف کی نسبت سے بدھ اور جمعرات کے روزوں کے 3 فضائل

۱۔ حضرت سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے اللہ کے پیارے رسول، رسول مقبول، سیدہ آمنہ کے گلشن کے مہکتے پھول عزوجل و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ورضی اللہ تعالیٰ عنہا کا فرمان بشارت نشان ہے، جو بدھ اور جمعرات کو روزے رکھے اس کے لیے جہنم سے آزادی لکھ دی جاتی ہے۔ (المسند ابی یعلی ج ۵ ص ۱۱۵ حدیث ۵۶۱۰)

۲۔ حضرت سیدنا مسلم بن عبیداللہ قرشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد مکرم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے بارگاہِ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں یا تو خود عرض کی یا کسی اور نے دریافت کیا، یارسول اللہ عزوجل و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ہمیشہ روزہ رکھوں؟ سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاموش رہے۔ پھر دوسری مرتبہ عرض کی، پھر خاموشی اختیار فرمائی۔ تیسری بار پوچھنے پر استفسار فرمایا کہ روزے کے متعلق کس نے سوال کیا؟ عرض کی، میں نے یا نبی اللہ عزوجل و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! تو جواباً ارشاد فرمایا، بے شک تجھ پر تیرے گھر والوں کا حق ہے تو رمضان اور اس سے متصل مہینے (شوال) اور ہر بدھ اور جمعرات کو روزہ رکھ کہ اگر تو ایسا کرے گا تو گویا تو نے ہمیشہ کے روزے رکھے۔ (شعب الایمان ج ۳ ص ۳۹۵ حدیث ۳۸۶۸)

''جس نے رمضان، شوال، بدھ اور جمعرات کا روزہ رکھا تو وہ داخل جنت ہوگا''۔

(السنن الکبریٰ للنسائی ج ۲ ص ۱۴۷ حدیث ۲۷۷۸)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

''کرم'' کے تین حروف کی نسبت سے بدھ جمعرات اور جمعہ کے روزوں کے 3 فضائل

۱۔ حضرت سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، سلطان دو جہان، رحمت عالمیان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان جنت نشان ہے، جس نے بدھ، جمعرات و جمعہ کا روزہ رکھا

اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت میں ایک مکان بنائے گا جس کا باہر کا حصہ اندر سے دکھائی دے گا اور اندر کا باہر ہے۔ (مجمع الزوائد ج ۳ ص ۴۵۲ حدیث ۵۲۰۴)

۲۔ حضرت سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ عزوجل اس کے لیے (یعنی بدھ، جمعرات و جمعہ کے روزے رکھنے والے کے لیے جنت میں) موتی اور یاقوت و زبرجد کا محل بنائے گا اور اس کے لیے دوزخ سے براءت (یعنی آزادی) لکھ دی جائے گی۔

(شعب الایمان ج ۳ ص ۳۹۷ حدیث ۳۸۷۳)

۳۔ حضرت سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی روایت میں ہے، جو ان تین دنوں کے روزے رکھے پھر جمعہ کو تھوڑا یا زیادہ تصدق (یعنی خیرات) کرے تو جو گناہ کیے ہیں بخش دیئے جائیں گے اور ایسا ہو جائے گا جیسے اس دن کہ اپنی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا تھا۔

(المعجم الکبیر، ج ۱۲ ص ۲۶۶ حدیث ۱۳۳۰۸)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

''یانور'' کے پانچ حروف کی نسبت سے جمعہ کے روزوں کے متعلق 5 فضائل

۱۔ سرکارِ مدینہ، قرار قلب وسینہ، فیض گنجینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان باقرینہ ہے: ''جس نے جمعہ کا روزہ رکھا تو اللہ عزوجل اسے آخرت کے دس دنوں کے برابر عطا فرمائے گا اور ان کی تعداد ایام دنیا کی طرح نہیں ہے''۔ (شعب الایمان ج ۳ ص ۳۹۳ حدیث ۳۸۶۲)

مگر تنہا جمعہ کا روزہ نہ رکھا جائے اس کے ساتھ جمعرات یا ہفتہ ملا لینا چاہئے۔ (تنہا جمعہ کا روزہ رکھنے کی ممانعت کی روایت آگے آرہی ہے)

۲۔ حضرت سیدنا ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ مدینے کے تاجور، شفیع روزِ محشر، محبوب رب اکبر عزوجل و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان روح پرور ہے، ''جس نے جمعہ ادا کیا (یعنی نماز جمعہ ادا کی) اور اس دن کا روزہ رکھا اور مریض کی عیادت کی اور جنازے کے ساتھ گیا اور نکاح

Marfat.com

کی گواہی دی تو اس کے لیے جنت واجب ہوگئی۔ (المعجم الکبیر ۸ ص ۹۷ حدیث ۷۴۸۴)

۳۔ حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، رسول اللہ عزوجل وصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جس نے روزے کی حالت میں یوم جمعہ کی صبح کی اور مریض کی عیادت کی اور جنازے کے ساتھ گیا اور صدقہ کیا تو اس نے اپنے لیے جنت واجب کر لی''۔

(شعب الایمان ج ۳ ص ۳۹۴ حدیث ۳۸۶۴)

۴۔ حضرت سیدنا جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ عزوجل و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے بروز جمعہ روزہ رکھا اور مریض کی عیادت کی اور مسکین کو کھانا کھلایا اور جنازے کے ہمراہ چلا تو اسے چالیس سال کے گناہ لاحق نہ ہوں گے۔

(شعب الایمان ج ۳ ص ۳۹۴ حدیث ۳۸۶۵)

۵۔ حضرت سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں، سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بہت کم جمعہ کا روزہ ترک فرماتے تھے۔ (شعب الایمان ج ۳ ص ۳۹۴ حدیث ۳۸۶۵)

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! جس طرح عاشورہ کے روزے کے پہلے یا بعد میں ایک روزہ رکھنا ہے اسی طرح جمعہ میں بھی کرنا ہے، کیونکہ خصوصیت کے ساتھ تنہا جمعہ یا صرف ہفتہ کا روزہ رکھنا مکروہ تنزیہی (یعنی ناپسندیدہ) ہے۔ ہاں اگر کسی مخصوص تاریخ کو جمعہ یا ہفتہ آ گیا تو تنہا جمعہ یا ہفتہ کا روزہ رکھنے میں کراہت نہیں۔ مثلاً 15 شعبان المعظم 27 رجب المرجب وغیرہ۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

''فضل'' کے تین حروف کی نسبت سے تنہا جمعہ کا روزہ رکھنے کی ممانعت کی 3 روایت

۱۔ حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں، میں نے تاجدار مدینہ منورہ، سردار مکہ مکرمہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا، تم میں سے کوئی ہرگز جمعہ کا روزہ نہ رکھے مگر یہ کہ

Marfat.com

اس کے پہلے یا بعد میں ایک دن ملالے"۔(صحیح البخاری ج ۱ ص ۶۵۳ حدیث ۱۹۸۵)

۲۔حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی کریم، رؤف و رحیم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم سے روایت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: راتوں میں شب جمعہ کو قیام کے لیے خاص نہ کرو اور نہ ہی دنوں کے دوران یوم جمعہ کو روزے کے ساتھ خاص کرو مگر یہ کہ تم ایسے روزے میں ہو جو تمہیں رکھنا ہو۔(صحیح مسلم ص ۵۷۶ حدیث ۱۴۴)

۳۔حضرت سیدنا عامر بن لدین اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ عزوجل و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: "جمعہ کا دن تمہارے لیے عید ہے اس دن روزہ مت رکھو مگر یہ کہ اس سے پہلے یا بعد میں بھی روزہ رکھو۔

(الترغیب والترہیب ج ۲ ص ۱۸ حدیث ۲۹۵۱)

ان تینوں احادیث سے معلوم ہوا کہ تنہا جمعہ کا روزہ نہ رکھنا چاہیے۔ہاں اگر کوئی خاص وجہ ہو مثلاً 27 رجب المرجب جمعہ کو ہوگئی تو اب روزہ رکھنے میں حرج نہیں۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

ہفتہ اور اتوار کے روزے کے فضائل پر مشتمل دو روایات

حضرت سیدتنا ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ عزوجل و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہفتہ اور اتوار کا روزہ رکھا کرتے اور فرماتے: "یہ دونوں (ہفتہ اور اتوار) مشرکین کی عید کے دن ہیں اور میں چاہتا ہوں کہ ان کی مخالفت کروں"۔ (ابن خزیمہ ج ۳ ص ۳۱۸ حدیث ۲۱۶۷)

تنہا ہفتہ کا روزہ رکھنا منع ہے۔چنانچہ حضرت سیدنا عبداللہ بن بسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی بہن رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ عزوجل و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "ہفتے کے دن کا روزہ فرض روزوں کے علاوہ مت رکھو" حضرت سیدنا امام ابو عیسیٰ ترمذی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حسن ہے اور یہاں ممانعت سے مراد کسی شخص کا ہفتے کے روزے کو خاص کر لینا ہے کہ یہودی اس دن کی تعظیم کرتے ہیں۔

(سنن الترمذی ج ۲ ص ۱۸۶ حدیث ۷۴۴)

''یاسلطان مدینہ'' کے بارہ حروف کی نسبت سے
روزۂ نفلی کے 12 مدنی پھول

۱۔ماں باپ اگر بیٹے کو نفلی روزے سے اس لیے منع کریں کہ بیماری کا اندیشہ ہے تو والدین کی اطاعت کرے۔(ردالمحتار ج ۳ ص ۴۷۸)

۲۔شوہر کی اجازت کے بغیر بیوی نفلی روزہ نہیں رکھ سکتی۔(درمختار، ردالمحتار ج ۳ ص ۴۷۷)

۳۔نفلی روزہ قصداً شروع کرنے سے پورا کرنا واجب ہو جاتا ہے اگر توڑے گا تو قضاء واجب ہوگی۔(درمختار ج ۳ ص ۴۷۳)

۴۔نفلی روزہ جان بوجھ کر نہیں توڑا بلکہ بلا اختیار ٹوٹ گیا مثلاً عورت کو روزہ کے دوران حیض آ گیا تو روزہ ٹوٹ گیا مگر قضاء واجب ہے۔(ایضاً ص ۴۷۳)

۵۔نفلی روزہ بلا عذر توڑنا ناجائز ہے۔مہمان کے ساتھ اگر میزبان نہ کھائے تو اسے یعنی مہمان کو ناگوار گزرے گا، یا مہمان اگر کھانا نہ کھائے تو میزبان کو اذیت ہوگی تو نفل روزہ توڑنے کے لیے یہ عذر ہے بشرطیکہ یہ بھروسہ ہو کہ اس کی قضا رکھ لے گا یہ بھی شرط ہے کہ ضحوہ کبریٰ سے پہلے توڑے بعد کو نہیں۔(درمختار، ردالمحتار ج ۳ ص ۴۷۵)

۶۔والدین کی ناراضگی کے سبب عصر سے پہلے تک نفلی روزہ توڑ سکتا ہے۔بعد عصر نہیں۔(درمختار، ردالمحتار ۳ ص ۴۷۷)

۷۔اگر کسی اسلامی بھائی نے دعوت کی تو ضحوہ کبریٰ سے قبل روزہ نفل توڑ سکتا ہے مگر قضاء واجب ہے۔(درمختار ج ۳ ص ۴۷۷)

۸۔اس طرح نیت کی کہ ''کہیں دعوت ہوئی تو روزہ نہیں اور نہ ہوئی تو ہے''۔یہ نیت صحیح نہیں، بہرحال روزہ دار نہیں۔(عالمگیری ج ۱ ص ۱۹۵)

۹۔ملازم یا مزدور اگر نفلی روزہ رکھیں تو کام پورا نہیں کر سکتے تو ''مستاجر'' (یعنی جس نے ملازمت یا مزدوری پر رکھا ہے) کہ اجازت ضروری ہے اور اگر کام پورا کر سکتے ہیں تو

اجازت کی ضرورت نہیں۔(درمختار ج ۳ ص ۴۷۸)

۱۰۔حضرت سیدنا داؤد علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام ایک دن چھوڑ کر ایک دن روزہ رکھتے تھے۔اس طرح روزے رکھنا ''صوم داؤدی'' کہلاتا ہے اور ہمارے لیے یہ افضل ہے۔جیسا کہ رسول اللہ عزوجل وصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:''افضل روزہ میرے بھائی داؤد (علیہ السلام) کا روزہ ہے کہ وہ ایک دن روزہ رکھتے اور ایک دن نہ رکھتے اور دشمن کے مقابلے سے فرار نہ ہوتے تھے''۔(سنن الترمذی ج ۲ ص ۱۹۷ حدیث ۷۷۰)

۱۱۔حضرت سیدنا سلیمان علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام تین دن مہینے کے شروع میں، تین دن وسط میں اور تین دن آخر میں روزہ رکھا کرتے تھے اس طرح مہینے کے اوائل، اواسط اور اواخر میں روزہ دار رہتے تھے۔(کنز العمال ج ۸ ص ۳۰۴ حدیث ۲۴۶۲۴)

۱۲۔سارا سال روزے رکھنا مکروہ تنزیہی ہے۔(درمختار ج ۳ ص ۳۳۷)

یارب مصطفیٰ عزوجل وصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمیں زندگی، صحت اور فرصت کو غنیمت جانتے ہوئے خوب خوب نفلی روزے رکھنے کی سعادت عطا فرما، انہیں قبول بھی کر اور ہماری اور ہمارے میٹھے میٹھے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ساری امت کی مغفرت فرما۔اٰمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب!　　صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّابَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

فضائلِ ایّام

اتوار کا دن

اتوار کی فضیلت

اتوار دنیا کے دنوں کا پہلا دن ہے۔ سیدنا حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب محبوب خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اتوار کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا۔

یوم غرس وعمارۃ قالوا کیف ذالک یارسول اللّٰہ قال لان فیہ ابتداء اللّٰہ تعالٰی الدنیا و عمارتھا (غنیۃ الطالبین، ج ۲، ص ۷۳)

"یہ دن بونے اور عمارت بنانے کا ہے۔ صحابہ کرام علیہم الرضوان نے عرض کیا یہ کس طرح یارسول اللہ! (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آپ نے فرمایا کہ اتوار کو اللہ تعالیٰ نے دنیا اور اس کی عمارت کی ابتداء فرمائی"۔

اسی لیے اتوار کے دن کھیت بونا اور درخت لگانا اور مکان کی تعمیر کرنا باعث برکت ہے۔ اتوار نصرانیوں کا عید کا دن ہے۔ حضرت سیدنا عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ السلام نے اپنی قوم کو جمعہ کے دن عید منانے کا حکم فرمایا تو انہوں نے کہا کہ ہم یہ نہیں چاہتے کہ ہماری عید کے بعد یہودیوں کی عید ہو کیوں کہ یہودیوں کی عید ہفتہ کے روز ہوتی ہے۔ چنانچہ انہوں نے اتوار کو عید کا دن بنایا کہ ان کے خیال کے مطابق یہ کاموں کی ابتداء کے لیے بہتر دن ہے۔
(عجائب المخلوقات ص ۴۳)

اتوار کے دن کا روزہ

امام الانبیاء حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔

Marfat.com

صوموا یوم السبت والاحد وخالفوا الیھود والنصاری (غنیۃ الطالبین ص ۷۴)

ہفتہ اور اتوار کو روزہ رکھو اور یہودیوں اور نصرانیوں کی مخالفت کرو۔

اتوار کے دن کے نفل

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ سید دو عالم ﷺ نے فرمایا کہ جو مسلمان اتوار کے دن چار رکعت نماز نفل پڑھے اور اس کی ہر رکعت میں ایک دفعہ سورت فاتحہ اور اٰمَنَ الرَّسُوْلُ (آخر تک) پڑھے۔ تو جس قدر نصرانی مردوں اور عورتوں کی تعداد ہے ان کی گنتی کے موافق اس کو اللہ تبارک وتعالیٰ نیکیاں عنایت فرمایا ہے اور اس کو ایک پیغمبر کا ثواب اور بھی مرحمت فرماتا ہے اور حج اور عمرہ کا ثواب بھی اس کے نام لکھ دیتا ہے۔ اور ہر ایک رکعت کے عوض میں ہزار نماز کا ثواب عطا فرماتا ہے اور ہر ایک حرف کے بدلے میں اس کو بہشت میں ایک شہر بخشتا ہے۔ جو مشک واذفر سے بھرا ہوا ہوگا۔ سیدنا حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم راوی ہیں کہ سید الاولین والآخرین ﷺ نے فرمایا کہ اتوار کے دن نماز (نفل) بہت پڑھا کرو۔ اور اللہ تبارک وتعالیٰ کو وحدہ لاشریک جانو اور اگر کوئی اتوار کے دن نماز ظہر کے بعد یعنی جب فرض وسنتیں پڑھ چکے تو چار رکعت نماز نفل پڑھے اور اس کی پہلی رکعت میں سورت فاتحہ اور الم السجدہ پڑھے اور دوسری رکعت میں سورت فاتحہ اور سورت ملک یعنی تَبٰرَكَ الَّذِیْ پڑھے اور تشہد کے بعد سلام پھیرے۔ اور اس کے بعد دو نفل اور پڑھے اور اس کی دونوں رکعتوں میں سورت فاتحہ اور سورت جمعہ پڑھے۔ سلام کے بعد جو حاجت رکھتا ہو اپنے معبود حقیقی سے اس کی درخواست کرے اللہ کریم اپنے کرم سے اس کی وہ حاجت پوری فرما دے گا۔ اور اسے دین نصاریٰ سے محفوظ رکھے گا۔

(غنیۃ الطالبین ص ۱۴۰، احیاء العلوم ص ۲۰۴)

اتوار کی رات کے نفل

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے سید الانس والجان ﷺ سے یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جو کوئی اتوار کی رات بیس رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں

Marfat.com

الحمد شریف ایک مرتبہ اور قل ھو اللہ احد (سورت اخلاص) پچاس مرتبہ اور معوذتین ایک ایک دفعہ پڑھے اور بعد از نماز سو مرتبہ استغفار پڑھے اور سو مرتبہ اپنے لیے اور اپنے والدین کے لیے استغفار کرے اور سید الانبیاء ﷺ پر سو مرتبہ درود شریف پڑھے اور لاحول ولا قوۃ الا باللّٰہ پڑھے اور خدا تعالیٰ کی طاقت اور قوت کی طرف متوجہ ہو اور پھر یہ پڑھے۔

اشھد ان لااله الا اللّٰه واشهد ان ادم صفوة اللّٰه وفطرته وابراهيم خليل اللّٰه و موسٰی کلیم اللّٰه و عیسٰی روح اللّٰه و محمد حبیب اللّٰه تو اس شخص کو ان لوگوں کی تعداد کے برابر اجر و ثواب دیا جائے گا۔ جو اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے لیے بیٹا قرار دیتے ہیں اور جو اللہ تعالیٰ کے لیے بیٹا ثابت نہیں کرتے۔

نیز اللہ کریم قیامت کے روز اس کو ان لوگوں کے ساتھ اٹھائے گا جو امن پانے والے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے ذمہ کرم پر ہے کہ اسے انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ جنت میں داخل فرمائے۔ (احیاء العلوم جلد اول ص ۲۰۴ ،غنیۃ الطالبین جلد ثانی ص ۱۴۲)

پیر کا دن

پیر کے دن کی فضیلت اور اس کے اہم واقعات

پیر کا دن بڑا مبارک دن ہے۔ اس میں سفر اختیار کرنا اور تجارت وغیرہ کا کاروبار کرنا باعث برکت ہے۔ حضرت سیدنا انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ محبوب خدا ﷺ سے پیر کے دن کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے ارشاد فرمایا۔

یوم سفر و تجارة قالوا کیف ذالک یا رسول اللّٰه قال لان فیه سافر شیث علیه السلام للتجارة وربح فی تجارته

(غنیۃ الطالبین جلد دوم ص ۳۷ کتاب السبعیات فی مواعظ البریات ص ۴۵)

"یہ سفر اور تجارت کا دن ہے۔ صحابہ کرام علیہم الرضوان نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! (ﷺ) یہ کس طرح؟ فرمایا: "کہ (سیدنا) حضرت شیث علیہ السلام نے اس روز تجارت کے لیے سفر اختیار فرمایا۔ اور تجارت میں (بڑا) نفع ہوا۔"

Marfat.com

علماء حضرات فرماتے ہیں کہ اللہ جل شانہ نے پیر کے دن کو سات فضیلتوں سے مخصوص فرمایا۔

۱۔ سیدنا حضرت ادریس علیہ الصلوٰۃ والسلام نے پیر کے روز آسمان کی طرف صعود فرمایا اور جنت میں داخل ہوئے۔

۲۔ سیدنا حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام پیر کے روز طور پر تشریف لے گئے۔

۳۔ ''وحدانیت'' اللہ تبارک وتعالیٰ کی دلیل پیر کے روز نازل ہوئی۔

۴۔ پیر کے دن میں سید العالمین ﷺ کی ولادت باسعادت ہوئی۔

۵۔ پیر کے دن سیدنا حضرت جبرئیل علیہ الصلوٰۃ والسلام محبوب رب العالمین ﷺ پر پہلی مرتبہ نازل ہوئے۔

۶۔ امت کے اعمال پیر کے روز سید دو عالم ﷺ پر پیش کیے جاتے ہیں۔

۷۔ سید العالمین ﷺ نے پیر کے دن دار فانی سے دار بقا کی طرف رحلت فرمائی۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ۔ (کتاب السبعیات فی مواعظ البریات ص ۴۵)

محبوب رب العالمین ﷺ نے پیر کے روز مکہ مکرمہ سے ہجرت فرمائی اور پیر کے دن مدینہ منورہ میں داخل ہوئے (عجائب المخلوقات) اسی پیر مبارک کو مکہ معظمہ فتح ہوا اور اسی روز سورت مائدہ نازل ہوئی (ماثبت بالسنۃ) پیر کا وہ مبارک روز ہے کہ جس میں آسمان کے دروازے کھل جاتے ہیں اور گنہگار مسلمانوں کی مغفرت ہوتی ہے۔

سیدنا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ سید الانس والجان ﷺ نے فرمایا کہ جب پیر اور جمعرات کا روز آتا ہے تو آسمان کے دروازے کھل جاتے ہیں اور مولائے کریم ہر بندے کو جس نے شرک کا ارتکاب نہیں کیا ہوتا، بخش دیتا ہے۔ مگر جس آدمی کے دل میں اپنے بھائی کے لئے کینہ اور بغض ہوتا ہے اس کو مہلت دیتا ہے تاکہ وہ آپس میں صلح صفائی کر لیں۔ (غنیۃ الطالبین جلد دوم ص ۷۴)

پیر کے دن کا روزہ

قاعدہ ہے کہ اوقات فاضلہ اور ایام فاضلہ میں ہر عبادت کا ثواب زیادہ ملتا ہے۔ چونکہ

Marfat.com

پیر کا روز ایام فاضلہ میں سے ہے۔ یہی وہ دن ہے کہ جس میں مخلوقات کے لیے نعمت عظمیٰ نازل ہوئی۔ یعنی دونوں جہان کے والی کی ولادت باسعادت ہوئی خود سید العالمین محبوب رب العالمین ﷺ پیر کے دن روزہ رکھا کرتے تھے۔ سیدنا حضرت ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔

سئل رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم عن صوم الاثنتین فقال فیہ ولدت وفیہ انزل علی (رواہ مشکوٰۃ شریف ۱۸۰)

رسالت مآب ﷺ سے پیر کے روز کے روزہ رکھنے کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا کہ اسی روز میری ولادت مبارک ہوئی، اور اسی دن مجھ پر وحی نازل ہوئی۔

نیز پیر کے روز لوگوں کے اعمال بارگاہِ خداوندی میں پیش کیے جاتے ہیں لہٰذا اس روز روزہ رکھنا اللہ جل شانہ کو بہت پسند ہوتا ہے۔ حدیث پاک میں ہے

عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم تعرض الاعمال یوم الاثنین والخمیس فاحب ان یعرض عملی وانا صائم

(رواہ الترمذی، مشکوٰۃ شریف ص ۱۸۰)

سیدنا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول خدا ﷺ نے فرمایا کہ پیر اور جمعرات کے روز اعمال پیش کیے جاتے ہیں پس دوست رکھتا ہوں کہ جب میرے عمل پیش ہوں تو میں روزہ دار ہوں۔

ام المومنین سیدہ حضرت عائشہ صدیقہ بنت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتی ہیں۔

کان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم یصوم الاثنین والخمیس۔

(رواہ الترمذی والنسائی، مشکوٰۃ شریف ص ۱۷۹)

رسول خدا ﷺ پیر اور جمعرات کو روزہ رکھا کرتے تھے۔

پیر کے دن کے نفل

سیدنا حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ امام الانبیاء حضرت احمد مجتبیٰ محمد

Marfat.com

مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ پیر کے روز جب آفتاب بلند ہوتو جو مسلمان اس وقت دو رکعت نماز پڑھتا ہے اور ہر رکعت میں سورت فاتحہ ایک دفعہ اور آیت الکرسی ایک دفعہ اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ایک دفعہ اور معوذتین یعنی قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ایک مرتبہ پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد دس دفعہ استغفار پڑھے اور دس مرتبہ محبوب خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف بھیجے۔ تو خداوند کریم اس کے تمام گناہوں کو بخش دے گا۔

اور ثابت بنانی سیدنا انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حبیب خدا شفیع روز جزاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اگر کوئی آدمی پیر کے روز ہ بارہ رکعت نماز (نفل) پڑھے کہ ہر رکعت میں ایک دفعہ سورۃ فاتحہ اور آیت الکرسی پڑھے اور نماز سے فارغ ہو کر بارہ مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھے اور بارہ مرتبہ استغفار پڑھے۔ تو قیامت کے دن ایک صدا کرنے والا اس کو پکار کر کہے گا کہ فلاں بن فلاں کہاں ہے وہ حاضر بارگاہِ الٰہی ہو اور بارگاہِ ایزدی سے اپنے ثواب کا حصہ حاصل کرے۔

جب وہ شخص حاضر ہوگا تو اس کو ایک ہزار بہشتی جوڑے دیئے جائیں گے اور اس کے سر پر بزرگی کا تاج رکھا جائے گا اور پھر اسے کہا جائے گا کہ بہشت میں داخل ہو۔ تو لاکھ فرشتے اس کا استقبال کریں گے اور ہر ایک فرشتہ کے ہاتھ میں تحفہ ہوگا اور یہ فرشتے اس کے پیچھے چلیں گے یہاں تک کہ وہ ایک ہزار نورانی محلات سے گزرے گا۔

(احیاء العلوم ج ۱ ص ۲۰۴ غنیۃ الطالبین ج ۲ ص ۱۴۰)

پیر کی رات کے نفل

سیدنا حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سید الانس والجان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص پیر کی رات چار رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں الحمد شریف ایک دفعہ اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ دس بار پڑھے۔ دوسری رکعت میں الحمد شریف ایک بار اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ بیس دفعہ پڑھے تیسری رکعت میں الحمد شریف ایک مرتبہ اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ تیس مرتبہ پڑھے

Marfat.com

چوتھی رکعت میں الحمد شریف ایک دفعہ اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ چالیس مرتبہ پڑھے۔ پھر تشہد پڑھ کر سلام پھیرے اور پچھتر مرتبہ سرور دو جہاں ﷺ پر درود شریف پڑھے۔ پھر بارگاہِ خداوندی میں اپنی حاجت طلب کرے تو اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے کرم سے اس کی حاجت پوری فرمادے گا اور اس نماز کا نام نماز حاجت ہے۔

نیز سیدنا حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سید العالمین ﷺ نے فرمایا کہ جو آدمی پیر کی رات اس طرح دو رکعت نماز پڑھے کہ ہر رکعت میں الحمد شریف ایک بار اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پچیس مرتبہ پڑھے اور سلام کے بعد پندرہ دفعہ آیت الکرسی پڑھے۔ اور پندرہ دفعہ استغفار پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کا نام جنتیوں کی فہرست میں لکھ دے گا اگرچہ وہ دوزخ کے قابل ہو اس کے سب ظاہری گناہ بخش دیے گا اور ہر آیت کے بدلے حج اور عمرہ کا ثواب لکھ دے گا۔ اگر وہ اس پیر سے لے کر دوسرے پیر کے درمیان مر گیا تو شہیدوں میں داخل ہوگا۔ (احیاء العلوم جلد ا ص ۲۰۶۔ غنیۃ الطالبین جلد ۲ ص ۱۴۳)

منگل کا دن

منگل کا دن

منگل کا دن یوم امراض ہے۔ اسی روز اللہ تبارک وتعالیٰ نے امراض کو پیدا کیا جیسا کہ حدیث ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں ہے۔

خلق اللّٰه الامراض یوم الثلاثاء و فیه انزل ابلیس الی الارض وفیه خلق اللّٰه جهنم وفیه سلط اللّٰه ملک الموت علی ارواح بنی ادم و فیه قتل قابیل هابیل و فیه توفی موسی و هارون و فیه ابتلی ایوب۔

(فیض القدیر شرح جامع صغیر للعلامۃ المناوی جلد اول ۴۷)

"اللہ تعالیٰ نے منگل کے روز مرضوں کو پیدا کیا اور منگل کے دن ابلیس زمین کی طرف اتارا گیا اور اسی روز اللہ تعالیٰ نے جہنم کو پیدا کیا اور اسی دن اللہ تعالیٰ نے ملک الموت کو بنی آدم پر مسلط کیا اور منگل کے روز قابیل نے حضرت ہابیل کو قتل کیا اور اسی روز سیدنا حضرت موسیٰ و

Marfat.com

سیدنا حضرت ہارون علیٰ نبینا وعلیہما السلام نے وفات پائی اور اسی دن میں سیدنا حضرت ایوب علیہ السلام مرض میں مبتلا ہوئے۔

نیز منگل کا دن، روز دم یعنی خون کا دن ہے۔ اس دن خون جوش میں ہوتا ہے اور اس میں ایک ساعت ایسی ہوتی ہے کہ اگر کوئی اس میں سینگی لگوائے یا فصد کرائے تو خون بند نہیں ہوتا۔ بسا اوقات آدمی مر جاتا ہے۔

ابن جریر فرماتے ہیں کہ حضرت زہیر نے فرمایا ہے کہ ہمارے علم میں ہے کہ تین شخصوں نے منگل کے روز سینگی لگوائی اور مر گئے مگر اس ساعت کو پوشیدہ رکھا گیا ہے تا کہ لوگ سینگی لگوانے سے سارا دن پرہیز کریں تا کہ مصائب کا مقابلہ نہ کرنا پڑے۔

(فیض القدیر، جلد ثانی، ص ۵۴۹)

حدیث پاک میں ہے۔

ان یوم الثلاثاء یو الدم و فیه ساعة لایرقاء (جامع صغیر جلد ثانی ص ۵۴۹)

منگل کا روز خون کا دن ہے۔ اس میں ایک ساعت (لحظہ) ہے جس میں خون نہیں تھمتا۔

حضرت سیدنا انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ سید العرب والعجم ﷺ سے منگل کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا۔

یوم دم قالوا و کیف ذالک یارسول اللّٰہ قال صلی اللّٰہ علیه وسلم لان فیه حاضت حوا و قتل ابن آدم اخاه (غنیۃ الطالبین جلد دوم ص ۷۳)

خون کا دن ہے۔ صحابہ کرام علیہم الرضوان نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ یہ کس طرح؟ فرمایا۔ اس لیے کہ منگل کے روز حضرت حواء کو خون حیض جاری ہوا۔ اور آدم کے بیٹے (قابیل) نے اپنے بھائی (ہابیل) کو قتل کیا۔

منگل کے دن کے نفل

یزید رقاشی حضرت سیدنا انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور پرنور شافع یوم النشور ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اگر کوئی آدمی منگل کے دن جب

Marfat.com

آفتاب بلند ہوتو دس رکعت نماز پڑھتا ہے اور ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورت فاتحہ اور ایک دفعہ آیت الکرسی اور تین دفعہ قل ھواللہ احد پڑھتا ہے تو ستر دن تک اس آدمی کے اعمال نامہ میں اس کا کوئی گناہ درج نہیں ہوتا اور اگر ستر دن کے اندر مر جائے تو اس کو شہید کا رتبہ عطا کیا جاتا ہے اور اس کے ستر برس کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔

(احیاء العلوم جلد اول، ص ۲۰۴، غنیۃ الطالبین جلد دوم ص ۱۴۰)

منگل کی رات کے نفل

حبیب خدا شفیع روز جزا ﷺ نے فرمایا کہ جو منگل کی رات میں بارہ رکعت نماز پڑھے کہ ہر رکعت میں سورت فاتحہ ایک مرتبہ اور سورۂ نصر پانچ مرتبہ پڑھے تو اللہ تبارک وتعالیٰ اس کے لیے جنت میں ایک ایسا محل بناتا ہے جس کے عرض وطول میں دنیا کی سات مثلیں سما جائیں۔ (غنیۃ الطالبین جلد دوم ص ۱۴۳)

احیاء العلوم میں ہے کہ جو شخص منگل کی رات دو رکعت نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں الحمد شریف ایک مرتبہ اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پندرہ دفعہ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ پندرہ دفعہ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پندرہ دفعہ پڑھے۔ پھر سلام پھیرنے کے بعد پندرہ مرتبہ آیت الکرسی اور پندرہ دفعہ استغفار پڑھے تو اسے بہت ثواب ملے گا۔

حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سید دو عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص منگل کی رات دو رکعت نماز پڑھے کہ ہر رکعت میں الحمد شریف ایک دفعہ اور اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ سات سات بار پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو دوزخ کی آگ سے آزاد فرمادے گا اور قیامت کے روز جنت میں داخل کرے گا۔ (احیاء العلوم جلد اول ص ۲۰۴)

بدھ کا دن

بدھ کا روز

بدھ کا روز (کفار کے لیے) منحوس ہے۔ حضرت سیدنا علی اور سیدنا حضرت جابر اور حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے مرفوعاً روایت ہے کہ بدھ کا دن منحوس ہے

Marfat.com

اور سیدنا حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ مہینہ کا آخری بدھ دائمی منحوس ہے۔ اور سیدنا حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔

سئل رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم عن یوم الاربعاء قال نحس قیل وکیف ذالک یارسول اللّٰہ قال غرق اللّٰہ فیہ فرعون و اھلک عادا و ثمودہ (مدارک، غنیۃ الطالبین ص ۷۳)

رسول خدا ﷺ سے بدھ کے دن کے متعلق دریافت کیا گیا تو ارشاد فرمایا کہ یہ دن منحوس ہے عرض کیا گیا کہ یہ کس طرح یارسول اللہ؟ (ﷺ) فرمایا اللہ تعالیٰ نے اس دن فرعون کو غرق کیا اور عاد اور ثمود کو ہلاک کیا۔

علمائے شرع فرماتے ہیں کہ بدھ کا دن منحوس ہے مگر کافروں کے لیے منحوس ہے اور مسلمانوں کے لیے مبارک دن ہے۔ (تفسیر صاوی جلد چہارم ص ۱۲۵)

کیونکہ بدھ کے دن کو یوم نور فرمایا گیا ہے۔ واقعی مسلمانوں کے لیے یوم نور ہے۔ اسی لیے بزرگان دین تدریس کی مجلس کا انعقاد بدھ کے روز فرماتے ہیں کیونکہ علم نور ہے۔ تو اس کی ابتداء نور کے روز ہی مناسب ہے۔ بعض روایتوں میں ہے کہ بدھ کے روز ناخن تراشنے سے منع کیا گیا ہے۔ کیونکہ اس سے برص کی بیماری پیدا ہونے کا خطرہ ہے۔

بدھ کا روزہ

حبیب خدا ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص بدھ وار اور جمعرات اور جمعہ کے دن روزہ رکھے گا تو اس کے لیے جنت میں موتیوں اور یاقوت وزمرد سے محل تیار کیا جائے گا۔

(غنیۃ الطالبین جلد دوم ص ۷۳)

بدھ کے دن کے نفل

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ محبوب رب العالمین امام المتقین شفیع المذنبین ﷺ نے فرمایا کہ اگر کوئی آدمی بدھ کے روز جب آفتاب بلند ہو بارہ رکعت نماز ادا کرے اور ہر رکعت میں ایک دفعہ سورت فاتحہ اور ایک دفعہ آیت الکرسی اور تین

Marfat.com

بار قل ھواللہ احد اور تین دفعہ معوذتین پڑھے تو اس آدمی کو عرش الٰہی کے پاس سے ایک فرشتہ پکار کر کہتا ہے۔ اے خدا کے بندے! تیرے پچھلے تمام گناہ معاف کر دیئے گئے ہیں اور قبر کے عذاب کی تنگی اور تاریکی بھی دور کر دی گئی ہے اور قیامت کی سختی سے بھی تجھے محفوظ رکھا گیا ہے اب تو آئندہ کے واسطے نیک عمل کر اور پھر اس دن اس کا عمل مثل نبیوں کے اٹھایا جائے گا۔

(احیاء العلوم جلد اول ص ۲۰۵، غنیۃ الطالبین ج ۲ ص ۱۴۱)

بدھ کی رات کے نفل

۱۔ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص بدھ کی رات دو رکعت نماز پڑھے کہ پہلی رکعت میں الحمد شریف ایک بار اور قل اعوذ برب الفلق دس بار پڑھے اور دوسری رکعت میں الحمد شریف ایک مرتبہ اور قل اعوذ برب الناس دس دفعہ پڑھے تو ستر ہزار فرشتے ہر آسمان سے اترتے ہیں اور اس کا ثواب قیامت کے دن تک لکھتے رہیں گے۔

(احیاء العلوم جلد اول ص ۲۰۶، غنیۃ الطالبین جلد دوم ص ۱۴۳)

۲۔ سید دو عالم ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص بدھ کی رات چھ رکعت پڑھے کہ ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ آخر آیت تک پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد یہ دعا پڑھے جزی اللّٰہ محمدا عنا ما ھو اھلہ۔ تو اللہ تعالیٰ اس کے ستر سال کے گناہ بخش دیتا ہے اور اس کے لیے دوزخ سے آزادی کی سند لکھ دیتا ہے۔

(احیاء العلوم جلد اول ص ۲۰۶)

جمعرات کا دن

جمعرات کی فضیلت

جمعرات ہفتہ بھر میں صاحب فضیلت روز ہے۔ حدیث پاک میں اس کی رات کو روشن رات فرمایا گیا ہے۔ محبوب رب العالمین رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین ﷺ نے فرمایا۔

لیس عند اللہ یوم ولا لیلۃ تعدل اللیلۃ الغراء والیوم الازھر

Marfat.com

اللہ تعالیٰ کے نزدیک کوئی دن اور رات جمعرات اور جمعہ کے برابر نہیں۔

(جامع صغیر، جلد ۵ ص ۳۷۲)

حدیث شریف میں ہے کہ جمعرات اور جمعہ میں چوبیس ساعتیں ہوتی ہیں اللہ تعالیٰ ہر ساعت میں چھ لاکھ کافروں کو اسلام کی توفیق دے کر دوزخ سے آزادی عطا فرماتا ہے۔

(فیض القدیر جلد ۵ ص ۳۹۵)

جمعرات کے روز بندوں کے اعمال بارگاہِ خداوندی میں پیش کیے جاتے ہیں۔ تو اللہ کریم اپنے کرم سے ان کی مغفرت فرماتا ہے سوائے ان لوگوں کے جو آپس میں بغض وعناد رکھتے ہیں یا قاطع رحم ہوں۔

تعرض الاعمال علی اللّٰہ تعالیٰ یوم الاثنین والخمیس فیغفر اللّٰہ الا ما کان من متشاحنین او قاطع رحم

بروز پیر اور جمعرات اعمال بارگاہ خداوندی میں پیش کیے جاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ مغفرت فرماتا ہے مگر بغض وعناد رکھنے والوں اور قطع رحم کرنے والوں کی مغفرت موقوف رکھتا ہے جب تک وہ باز نہ آئیں۔ (جامع صغیر جلد ۳ ص ۲۵۰)

اسی طرح جمعرات کے روز جنت کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور ہر مومن بندہ کی مغفرت کی جاتی ہے۔ سوائے اس شخص کے جو کسی بھائی سے عناد رکھتا ہو۔ حدیث پاک میں ہے۔

تفتح ابواب الجنة یوم الاثنین ویوم الخمیس فیغفر فیهما لکل عبد لایشرک باللّٰہ شیئا الا رجل کانت بینه و بین اخیه شحناء فیقال انظروا هذین حتی یصطلحا

بروز پیر اور جمعرات کو جنت کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور ہر مومن غیر مشرک کی مغفرت کی جاتی ہے سوائے اس شخص کے کہ اس کے اور اس کے بھائی کے درمیان بغض ہو۔ کہا جاتا ہے ان کو مہلت دو یہاں تک کہ آپس میں صلح کر لیں۔

Marfat.com

جمعرات کے روز جو کام باعث برکت ہیں

جمعرات کا دن اتنا بابرکت ہے کہ اس دن سفر پر جانا باعث ظفر و کامیابی ہوتا ہے۔ شہنشاہ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جنگ کے لیے جمعرات کے روز سفر کرتے تھے۔

کان یحب ان یخرج اذا غزا یوم الخمیس

سردار دو جہان سید کون و مکان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب جنگ کے لیے جانا چاہتے تو جمعرات کے دن کو دوست رکھتے تھے۔

اور عام سفر بھی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جمعرات کو اختیار فرماتے تھے۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے۔

کان یستحب اَن یسافر یوم الخمیس

حبیب خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جمعرات کے روز کو سفر کرنا دوست رکھتے تھے۔

ام المومنین سیدہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ سید العالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمایا کرتے تھے کہ اگر میری امت کو دشواری نہ ہوتی تو میں اس کو حکم دیتا کہ بدھ کے دن سفر نہ کریں بلکہ جمعرات کے روز سفر اختیار کریں مجھے یہی بات محبوب ہے۔

(فیض القدیر شرح جامع صغیر جلد اول ص ۴۶)

امام قزوینی رحمۃ اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جمعرات کا دن بڑا مبارک دن ہے خاص کر طلب حاجت اور ابتدائے سفر کے لیے اور حضرت صخر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جمعرات کو سفر پر جاتے تھے اور بڑے مال دار بن گئے۔ (فیض القدیر شرح جامع صغیر جلد ثانی ص ۱۰۴)

اگر کسی شخص کی حاجت پوری نہ ہوتی ہو تو اسے جمعرات کے روز طلب کرلے ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور پوری ہوگی۔ چنانچہ حدیث شریف میں سیدنا حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جمعرات کا روز حاجتوں کے پورا ہونے کا دن ہے۔ جب آپ سے اس کی وجہ دریافت کی گئی تو فرمایا کہ ابراہیم خلیل اللہ علیہ صلوات اللہ وسلامہ بادشاہ مصر کے ماس جمعرات کے دن تشریف لے

گئے تو اس نے آپ کی حاجت پوری کی اور آپ کو حضرت ہاجرہ عطا کی۔

(غنیۃ الطالبین جلد دوم ص ۳۷)

علم حاصل کرنے کیلئے صبح سویرے بیٹھنا مندوب ہے۔اور علم کا شروع کرنا یعنی کسی دینی کتاب کی ابتداء کرنی جمعرات کے روز خصوصاً صبح سویرے بہت بہتر ہے۔اگرچہ بزرگان دین نے علم کی ابتداء بروز بدھ فرمائی ہے۔ کیونکہ بدھ یوم نور ہے اور علم بھی نور ہے۔تاہم جمعرات کے دن علم کو شروع کرنا باعث برکت ہے۔(فیض القدیر جلد دوم ص ۱۷)

بعض جامع علم و ولایت وصیت فرماتے ہیں کہ تالیف و قرأت کی ابتداء بروز پیر اور جمعرات ہونی چاہئے۔(فیض القدیر جلد دوم ص ۱۷)

جمعرات کے دن ناخن اتارنا اور بغلوں کے بال اکھیڑنا اور پیڑو کے بال اکھیڑنا، یعنی پاکی کرنا، اور غسل، خوشبو اور نیا لباس پہننا جمعہ کے دن۔(جامع صغیر)

اور جمعہ کی رات حٰمٓ دخان سورت کی تلاوت باعث برکت ہے اس سے پڑھنے والے کی بخشش ہوتی ہے اور اس کے لیے جنت میں محل تیار ہوتا ہے۔چنانچہ

حدیث شریف میں ہے۔

من قرأ حم الدخان فی لیلة جمعة او یوم جمعة بنی اللّٰه له بیتا فی الجنة۔

(جامع صغیر جلد ۶ ص ۲۰۰)

من قرأ حم الدخان فی لیلة الجمعة غفر له۔

جو جمعہ کی رات حم دخان پڑھے گا اس کی بخشش کی جائے گی۔

جمعرات کا روزہ

امام غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ ہفتہ میں تین دن بڑے شرف و فضل والے ہیں۔وہ پیر، جمعرات، اور جمعہ ہیں۔ان میں روزہ رکھنا مستحب ہے۔جس کا اجر و ثواب ان کی

برکت سے بہت ملتا ہے۔(احیاء العلوم جلد اول ص ۲۴۴)

حدیث شریف میں ہے کہ حضور اقدس ﷺ بروز پیر اور جمعرات روزہ رکھتے تھے۔ جب اس کے متعلق دریافت کیا گیا تو فرمایا کہ پیر اور جمعرات بندگان خدا کے اعمال بارگاہ خداوندی میں پیش کیے جاتے ہیں۔ ہر مسلمان کی مغفرت کی جاتی ہے۔ سوائے ان دو کے جو آپس میں قطع تعلق رکھتے ہیں۔ (کسی دنیاوی غرض سے) پس اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ان کو چھوڑ دو یہاں تک کہ آپس میں صلح کرلیں۔(جامع صغیر جلد ۵ ص ۱۶۸)

ام المومنین سیدہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول خدا ﷺ پیر اور جمعرات کو روزہ رکھتے تھے۔(ترمذی)

جمعرات کے دن کے نفل

حضرت سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول خدا ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص جمعرات کے روز ظہر اور عصر کے درمیان دو رکعت نماز پڑھے اور پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد آیۃ الکرسی سو مرتبہ پڑھے اور دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ سو مرتبہ پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد درود شریف سو مرتبہ پڑھے تو اللہ تبارک وتعالیٰ اس کو رجب اور شعبان اور رمضان شریف کے روزہ رکھنے والوں کے برابر ثواب عطا کرتا ہے۔ نیز اس کو اتنا ثواب دیا جاتا ہے کہ جتنا خانہ کعبہ کے حاجیوں کو ملتا ہے اور اس کے واسطے اتنی نیکیاں لکھی جاتی ہیں جتنے مومن ہیں۔

(احیاء العلوم جلد اول ص ۲۰۵، غنیۃ الطالبین جلد دوم ص ۱۴۱)

جمعرات کے رات کے نفل

سید العالمین ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص جمعہ کی رات کو مغرب اور عشاء کے درمیان دو رکعت نماز پڑھے کہ ہر رکعت میں ایک مرتبہ فاتحہ شریف اور پانچ مرتبہ آیۃ الکرسی اور پانچ مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اور پانچ مرتبہ معوذتین پڑھے اور جب نماز سے فارغ ہو تو پندرہ مرتبہ استغفار پڑھے اور ثواب اپنے والدین کو بخشے۔ تو ایسا کرنے سے اس نے اپنے ماں باپ کا

Marfat.com

حق ادا کر دیا اگر چہ وہ ان کا نافرمان بھی رہا ہو۔ اور اللہ تعالیٰ اس کو صدیقوں اور شہیدوں کا ثواب عطا فرماتا ہے۔ (احیاء العلوم جلد اول ص ۲۰۶، غنیۃ الطالبین جلد دوم ص ۱۴۳)

۲۔ حضور پرنور شافع یوم النشور ﷺ نے فرمایا کہ اگر کوئی آدمی جمعہ کی رات مغرب اور عشاء کے درمیان بارہ رکعت نماز نفل پڑھے کہ ہر رکعت میں ایک دفعہ سورت فاتحہ شریف اور گیارہ مرتبہ قل ھو اللہ احد پڑھے تو گویا اس نے بارہ سال تک مسلسل روزہ رکھا اور ان کی راتوں میں مصروف عبادت رہا۔ (احیاء العلوم جلد اول ص ۲۰۷)

جمعۃ المبارک کا دن

جمعۃ المبارک کے دن کی فضیلت

جمعۃ المبارک کے فضائل بکثرت ہیں ان میں سے کچھ ذکر کیے جاتے ہیں۔

۱۔ قرآن مجید میں جمعہ مبارک کا خصوصاً ذکر ہے جو اس کی فضیلت ظاہر کرتا ہے اللہ تبارک و تعالیٰ فرماتا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ (سورۃ جمعہ)

اے ایمان والو! جب نماز کے لیے جمعہ کے دن اذان دی جائے تو ذکر خدا (خطبہ) کی طرف دوڑو۔ اور خرید و فروخت چھوڑ دو یہ تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم جانتے ہو۔

۲۔ بخاری اور مسلم شریف میں حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ سید الانس والجان ﷺ نے فرمایا: "ہم پچھلے ہیں یعنی دنیا میں آنے کے لحاظ سے اور قیامت کے دن پہلے ہوا اس کے نہیں کہ انہیں ہم سے پہلے کتاب ملی اور ہمیں ان کے بعد۔ یہی جمعہ وہ دن ہے کہ ان پر فرض کیا گیا۔ یعنی یہ کہ اس کی تعظیم کریں وہ اس سے خلاف ہو گئے اور ہم کو اللہ نے بتا دیا دوسرے لوگ ہمارے تابع ہیں۔ یہود نے دوسرے دن کو وہ دن مقرر کیا یعنی ہفتہ کو۔ اور نصاریٰ نے تیسرے دن کو یعنی اتوار کو مسلم شریف کی دوسری روایت میں ہے کہ ہم اہل دنیا سے پیچھے ہیں اور قیامت کے دن پہلے، کہ تمام مخلوق سے پہلے ہمارے لیے فیصلہ

Marfat.com

ہو جائے گا۔ (مشکوٰۃ شریف ص ۱۱۹)

۳۔ مسلم اور ابوداؤد و ترمذی اور نسائی حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی ہیں کہ سید دو عالم ﷺ نے فرمایا کہ بہتر دن کہ آفتاب نے اس پر طلوع کیا جمعہ کا دن ہے۔ اسی میں سیدنا حضرت آدم صفی اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام پیدا کیے گئے اور اسی میں جنت میں داخل کیے گئے اور اسی میں جنت سے اترنے کا انہیں حکم ہوا۔ اور قیامت جمعہ ہی کے دن قائم ہوگی۔ (مشکوٰۃ ص ۱۱۹)

۴۔ ابن ماجہ ابولبابہ بن عبدالمنذر اور احمد سعد بن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی ہیں کہ محبوب خدا ﷺ نے فرمایا کہ جمعہ کا دن تمام دنوں کا سردار ہے۔ اور اللہ کے نزدیک سب سے بڑا ہے اور وہ اللہ کے نزدیک عیدالضحیٰ اور عیدالفطر سے بڑا ہے اس میں پانچ خصلتیں ہیں۔

۱۔ اللہ تعالیٰ نے اسی میں آدم علیہ السلام کو پیدا کیا۔

۲۔ اور اسی میں زمین پر انہیں اتارا۔

۳۔ اور اسی میں انہیں وفات دی۔

۴۔ اور اس میں ایک ایسی ساعت ہے کہ بندہ اس وقت جس چیز کا سوال کرے وہ اسے دے گا جب تک حرام کا سوال نہ کرے۔

۵۔ اور اسی دن میں قیامت قائم ہوگی، کوئی فرشتہ مقرب اور آسمان و زمین اور ہوا اور پہاڑ اور ایسا نہیں کہ جمعہ کے دن سے ڈرتا نہ ہو۔ (مشکوٰۃ شریف ص ۱۲۰)

۵۔ بخاری اور مسلم شریف میں حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین ﷺ نے فرمایا کہ جمعہ میں ایک ایسی ساعت ہے کہ مسلمان بندہ اگر اسے پالے اور اس وقت اللہ تعالیٰ سے بھلائی کا سوال کرے تو وہ اسے دے گا۔

اور مسلم کی روایت میں یہ بھی ہے کہ وہ وقت بہت تھوڑا ہے رہا یہ کہ وہ کون سا وقت ہے۔ اس میں روایتیں بہت ہیں۔ ان میں دو قوی ہیں ایک یہ کہ امام کے خطبہ کے لیے بیٹھنے

Marfat.com

سے ختم نماز تک ہے۔ اس حدیث کو مسلم ابو بردہ بن ابی موسیٰ سے وہ اپنے والد سے وہ حضور اقدس ﷺ سے روایت کرتے ہیں اور دوسری یہ کہ وہ جمعہ کی پچھلی ساعت ہے۔

(مشکوٰۃ شریف ص ۱۲۰)

۶۔ امام مالک اور ابوداؤد و ترمذی اور نسائی اور احمد حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی ہیں وہ کہتے ہیں کہ میں کوہِ طور کی طرف گیا اور کعب احبار سے ملا۔ ان کے پاس بیٹھا انہوں نے توریت کی روایتیں سنائیں اور میں نے ان سے رسول اللہ ﷺ کی حدیثیں بیان کیں۔ ان میں ایک حدیث یہ بھی تھی کہ حبیب خدا شفیع یوم جزا ﷺ نے فرمایا: بہتر دن کہ آفتاب نے اس پر طلوع کیا جمعہ کا دن ہے۔ اسی میں آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام پیدا کیے گئے اور اسی میں انہیں اترنے کا حکم ہوا۔ اور اسی میں ان کی توبہ قبول ہوئی۔ اور اسی میں ان کا انتقال ہوا اور اسی میں قیامت قائم ہوگی اور کوئی جانور ایسا نہیں کہ جمعہ کے دن صبح کے وقت آفتاب نکلنے تک قیامت کے ڈر سے چیختا نہ ہو سوائے آدمی اور جن کے اور اس میں ایک ایسا وقت ہے کہ مسلمان بندہ نماز پڑھنے میں اسے پالے تو اللہ تعالیٰ سے جس شے کا سوال کرے وہ اسے دے گا"۔

کعب نے کہا سال میں ایسا ایک دن ہے میں نے کہا بلکہ ہر جمعہ میں ہے کعب نے توریت پڑھ کر کہا کہ محبوب رب العالمین رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین ﷺ نے سچ فرمایا۔

حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ پھر میں عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملا اور کعب احبار کی مجلس اور جمعہ کے بارہ میں جو حدیث بیان کی تھی اس کا ذکر کیا۔ اور یہ کہ کعب نے کہا تھا یہ ہر سال میں ایک دن ہے۔ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا۔ کعب نے غلط کہا ہے میں نے کہا۔ پھر کعب نے توریت پڑھ کر کہا بلکہ وہ ساعت ہر جمعہ میں ہے۔ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے کہا کعب نے سچ کہا ہے۔ پھر سیدنا حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ تمہیں معلوم ہے یہ کون سی ساعت ہے؟

Marfat.com

میں نے کہا مجھے بتاؤ اور بخل نہ کرو۔ کہا جمعہ کے دن کی پچھلی ساعت ہے میں نے کہا پچھلی ساعت کیسے ہوسکتی ہے حضور اقدس ﷺ نے تو فرمایا ہے کہ مسلمان بندہ نماز پڑھنے میں اسے پالے اور وہ نماز کا وقت نہیں۔ سیدنا حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کیا حضور اقدس ﷺ نے یہ نہیں فرمایا کہ جو کسی مجلس میں انتظار نماز میں بیٹھے وہ نماز میں ہے میں نے کہا فرمایا تو ہے کہا تو وہ یہی ہے یعنی نماز پڑھنے سے نماز کا انتظار مراد ہے۔ (مشکوٰۃ شریف ص ۱۱۹)

۷۔ امام احمد اور ترمذی سیدنا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی ہیں کہ سید العالمین رحمۃ للعالمین ﷺ فرماتے ہیں کہ جو مسلمان جمعہ کے دن یا جمعرات کی رات مرے گا اللہ تعالیٰ اسے قبر کے فتنہ سے بچالے گا۔ (مشکوٰۃ شریف ص ۱۲۱)

۸۔ ترمذی شریف میں سیدنا حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ انہوں نے یہ آیت پڑھی۔

اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا

آج میں نے تمہارا دین کامل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی اور تمہارے لیے اسلام کو پسند فرمایا۔

ان کی خدمت میں ایک یہودی حاضر تھا۔ اس نے کہا یہ آیت ہم پر نازل ہوتی تو ہم اس دن کو عید بناتے۔ حضرت سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا یہ آیت دو عیدوں کے درمیان اتری جمعہ اور عرفہ کے دن یعنی ہمیں اس دن کو عید بنانے کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ اللہ عزوجل نے جس دن یہ آیت اتاری اس دن دوہری عید تھی کہ جمعہ و عرفہ یہ دونوں دن مسلمانوں کے لیے عید کے ہیں۔ اور اس دن میں یہ دونوں جمع تھے کہ جمعہ کا دن تھا اور نویں ذی الحجہ۔ (مشکوٰۃ شریف ص ۱۲۱)

۹۔ جمعہ کا دن یوم غفران ہے حدیث شریف میں ہے۔

لایترک اللّٰہ احدا یوم الجمعۃ الا غفر

Marfat.com

رب غفور جمعہ کے روز کسی (مسلمان) کو نہیں چھوڑتا مگر اس کی بخشش کی جاتی ہے۔
(جامع الصغیر جلد ۶ ص ۴۴۳)

۱۰۔ جمعہ کا دن تمام دنوں کا سردار ہے اور سب سے افضل ہے۔ حدیث مبارک میں ہے۔

افضل الایام عنداللہ یوم الجمعہ۔ (جامع صغیر جلد دوم ص ۲۸)

اللہ کریم کے نزدیک تمام دنوں سے افضل جمعہ کا دن ہے

جمعۃ المبارک کے روز نیک کام

چونکہ جمعہ کا روز تمام دنوں کا سردار ہے اور اس میں رحمت الٰہی کی بارش ہوتی ہے دوزخ کی آگ کو ٹھنڈا کیا جاتا ہے اس میں مندرجہ ذیل کام باعث اجر و برکت ہیں۔

۱۔ جمعہ کے دن اور اس کی رات کو بکثرت درود شریف پڑھنا چاہیے رحمۃ للعالمین ﷺ بہت خوش ہوتے ہیں۔ حضرت سیدنا ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے۔

قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم اکثروا الصلوۃ علی یوم الجمعۃ فانہ مشہود یشہدہ الملائکۃ وان احدا لم یصل علی الا عرضت علی صلوتہ حتی یفرغ منہا قال قلت وبعد الموت قال ان اللّٰہ حرم علی الارض ان تأکل اجساد الانبیاء فنبی اللّٰہ حی یرزق۔

فرمایا رسول خدا ﷺ نے جمعہ کے دن مجھ پر درود کی کثرت کرو کہ یہ یوم مشہود ہے اس میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں اور مجھ پر جو درود پڑھے گا پیش کیا جائے گا ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں میں نے عرض کی اور موت کے بعد فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ نے زمین پر انبیاء کرام کے جسم کھانا حرام کر دیا ہے اللہ کا نبی زندہ ہے روزی دیا جاتا ہے۔

۲۔ جمعہ کے دن یا رات کو سورۂ کہف کی تلاوت افضل ہے اور زیادہ بزرگی رات میں پڑھنے کی ہے۔ نسائی و بیہقی بسند صحیح ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی ہیں کہ فرماتے کہ جو شخص سورۂ کہف جمعہ کے دن پڑھے اس کے لیے دونوں جمعوں کے درمیان نور روشن ہوگا۔ اور دارمی کی روایت میں ہے کہ جو شب جمعہ میں سورۂ کہف پڑھے اس کے لیے وہاں سے

کعبہ معظمہ تک نور روشن ہوگا۔

ابوبکر بن مردویہ کی روایت سیدنا ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے کہ فرماتے ہیں جو جمعہ کے دن سورۂ کہف پڑھے اس کے قدم سے آسمان تک نور بلند ہوگا جو قیامت کو اس کے لیے روشن ہوگا۔ اور دو جمعوں کے درمیان جو گناہ ہوئے بخش دیئے جائیں گے اور حم الدخان پڑھنے کی بھی فضیلت آئی ہے طبرانی نے ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص جمعہ کے دن یا رات میں حم الدخان پڑھے اس کے لیے اللہ تعالیٰ جنت میں ایک گھر بنائے گا اور سیدنا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ اس کی مغفرت ہو جائے گی اور ایک روایت میں ہے کہ جو کسی رات میں حم الدخان پڑھے اس کے لیے ستر ہزار فرشتے استغفار کریں گے۔ جمعہ کے دن یا رات میں میں جو سورت یٰسین پڑھے اس کی مغفرت ہو جائے گی۔ (بہار شریعت حصہ چہارم ص ۱۰۴)

سیدنا حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جو شخص جمعہ کے دن ستر مرتبہ یہ دعا پڑھے تو دو جمعہ نہ گزریں گے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اس کو غنی کر دے گا۔ دعا یہ ہے۔

اللّٰھم اغننی بفضلک عمن سواک و بحلالک عن حرامک

(نزہۃ المجالس جلد اول ص ۱۰۸)

۳۔ جمعہ کے روز غرباء کو کھانا کھلانا باعث اجر وثواب ہے۔ بعض بزرگ فرماتے ہیں کہ جو شخص جمعہ کے روز کسی غریب مسکین کو کھانا کھلائے پھر سویرے جامع مسجد کو جائے اور جب امام سلام پھیرے تو یہ دعا پڑھے۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم ط الحی القیوم اسئلک ان تغفرلی و ترحمنی وان تعافینی من النار

پھر اپنی حاجت کے لیے دعا مانگے اس کی دعا قبول ہوگی۔ (نزہۃ المجالس جلد اول ص ۱۰۸)

۵۔ جمعہ کے دن بیمار پرسی کرنا۔ جنازہ پڑھنا۔ صدقہ کرنا بہت ثواب ہے۔

حدیث شریف میں ہے۔

Marfat.com

من اصبح یوم الجمعة صائما وعاد مریضًا وشهد جنازة وتصدق بصدقة فقد او جب۔ (جامع صغیر ج۶ ص ۶۸)

جو جمعہ کے روز روزہ رکھے اور بیمار کی بیمار پرسی کرے اور جنازہ میں حاضر ہو اور خیرات کرے تو اس کے لیے جنت واجب ہو جاتی ہے۔

۶۔ جمعۃ المبارک کے روز ناخن ترشوانا بیماری سے شفا ہے۔ اور فقر و فاقہ دور ہوتا ہے سیدنا حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جو شخص جمعہ کے روز ناخن تراشے تو اللہ تعالیٰ اس کی بیماری کو دور کرتا ہے اور صحت مرحمت فرماتا ہے۔

علامہ اصمعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں جمعہ کے روز ہارون رشید کے پاس حاضر ہوا تو وہ ناخن تراش رہے تھے اور فرماتے تھے کہ جمعہ کے دن ناخن تراشنا سنت ہے اور اس سے افلاس و غربت دور ہوتی ہے۔ میں نے کہا امیر المومنین! کیا تم بھی غربت سے ڈرتے ہو؟ تو کہا کہ مجھ سے زیادہ غربت سے ڈرتے والا کوئی نہیں۔ (عجائب المخلوقات ص ۴۳)

خود محبوب رب العالمین ﷺ جمعہ کے روز ناخن وغیرہ ترشواتے تھے اور امت کو اس کا حکم دیا ہے۔

کان صلی اللّٰہ علیه وسلم یقلم اظفاره ویقص شاربه یوم الجمعة قبل ان یروح الی الصلوة۔ (جامع صغیر ج۵ ص ۲۳۸)

سرور کائنات ﷺ جمعہ کے دن ناخن تراشتے اور مونچھیں کاٹتے نماز سے جانے سے پہلے۔

اور فرمایا:

من قلم اظفاره یوم الجمعة حفظ من الجمعة الی الجمعة

جو شخص یوم جمعہ ناخن ترشوائے تو اس جمعہ سے دوسرے جمعہ تک محفوظ رہے گا۔

(نزہۃ المجالس جلد اول ص ۱۱۲)

۷۔ جمعہ کے دن غسل کرنا، خوشبو لگانا اور مسواک کرنا باعث ثواب اور سنت ہے۔ سیدنا

Marfat.com

حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ امام الانبیاء والمرسلین رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین ﷺ نے فرمایا

لایغتسل رجل یوم الجمعة ویتطهر ما استطاع من طهر و یدهن من دهنه او یمس من طیب بیته ثم یخرج فلا یفرق بین اثنین ثم یصلی ما کتب له ثم ینصت اذا تکلم الامام الا غفرله ما بینه وبین الجمعه الاخری۔

جو شخص جمعہ کے دن نہائے اور جس کو طہارت کی استطاعت ہو کرے اور تیل لگائے اور گھر میں جو جو شبو ہو ملے پھر نماز کو نکلے اور دو شخصوں میں جدائی نہ کرے یعنی دو شخص بیٹھے ہوئے ہوں تو انہیں ہٹا کر بیچ میں نہ بیٹھے، اور جو نماز اس کے لیے لکھی گئی ہے پڑھے اور امام جب خطبہ پڑھے تو چپ رہے اس کے لیے ان گناہوں کی جو اس جمعہ اور دوسرے جمعہ کے درمیان میں مغفرت کی جاتی ہے۔ رواہ البخاری (مشکوٰۃ ص ۱۲۲)

۲۔عن ابی سعید و ابی هریرة قالا قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من اغتسل یوم الجمعة ولبس من احسن ثیابه و مش من طیب ان کان عنده ثم اتی الجمعة فلم یتخط اعناق الناس ثم صلی ما کتب الله له ثم انصت اذا خرج امامه حتی یفرغ من صلوته کانت کفارة لما بینها وبین جمعته التی قبلها۔

حضرت ابو سعید اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول خدا ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص جمعہ کے روز غسل کرے اور اچھے کپڑے پہنے اگر اس کے پاس خوشبو ہو تو ملے پھر نماز جمعہ کو آئے اور لوگوں کی گردنیں نہ پھلانگے۔ پھر نماز پڑھے جو اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے لکھی ہے پھر چپ رہے جب امام نکلے یہاں تک کہ نماز سے فارغ ہو تو یہ ان گناہوں کا کفارہ ہو جائے گی تو اس جمعہ اور اس سے پہلے جمعہ میں ہوں۔ رواہ ابوداؤد۔ (مشکوٰۃ ص ۱۲۲)

۳۔عن عبید بن السباق مرسلا قال قال رسول الله صلی الله علیه

Marfat.com

وسلم فی جمعة من الجمع یامعشر المسلمین ان هذا یوم جعله اللّٰه عیدا فاغتسلوا ومن کان عنده طیبه فلا یضره ان یمس منه وعلیکم بالسواک

فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جمعوں سے ایک جمعہ میں کہ اے مسلمانوں کے گروہ بے شک اس دن (جمعہ) کو اللہ تعالیٰ نے عید بنایا ہے۔ پس نہاؤ اور جس کے پاس خوشبو ہو تو اسے مل لینا مضر نہیں یعنی خوشبو استعمال کرو اور مسواک لازم پکڑ لو۔ (رواہ مالک، مشکوٰۃ ص ۱۲۳)

۴۔عن اوس بن اوس قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من غسل یوم الجمعة واغتسل وبکر وابتکر ومشی ولم یرکب ودنا من الامام واستمع ولم یلغ کان له بکل خطوة عمل سنة اجر صیامها و قیامها۔ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو نہلائے اور نہائے جمعہ کے دن اور اول وقت آئے اور شروع خطبہ میں شریک ہو اور چل کر آئے سواری پر نہ آئے اور امام کے قریب ہو اور کان لگا کر خطبہ سنے اور لغو کام نہ کرے تو اس کے لیے ہر قدم کے بدلے سال بھر کا عمل ہے ایک سال کے روزے اور راتوں کے قیام کا اس کے لیے اجر ہے۔ رواہ الترمذی وابوداؤد ونسائی وابن ماجہ (مشکوٰۃ ص ۱۲۲)

فائدہ: اس حدیث پاک میں آیا ہے کہ "نہلائے"۔ اس کے دو مطلب ہیں ایک یہ کہ دوسرے مسلمان کو نہانے کا سامان تیل صابن پانی مہیا کرے تا کہ وہ نہا سکے۔ اور دوسرا یہ کہ اپنی عورت سے جماع کرے اہل علم حضرات کے نزدیک اس روز عورت سے ہمبستر ہونا مستحب ہے رات کو ہمبستری کرے تا کہ صبح کے وقت عورت اور مرد نہالیں۔ مگر یہ نہانا جنابت دور کرنے کے لیے ہے جمعہ کے لیے دوسرا غسل کرنا پڑے گا۔ ایسا ہی حدیث شریف میں آیا ہے۔

۸۔ جب کوئی نیا کپڑا پہنے تو جمعہ کے روز پہنے اور پرانا کپڑا کسی غریب کو دے دے۔ محبوب رب العالمین رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں۔

من لبس ثوبا جدیدا فقال الحمد للّٰه الذی کسانی ما اواری به

Marfat.com

عورتی واتجمل به فی حیاتی ثم عمدالی الثوب الذی اخلق فتصدق به کان فی کنف اللّٰہ تعالٰی و فی حفظ اللّٰہ و فی ستر اللّٰہ حیا ومیتا۔

جوشخص نیالباس پہنے پس کہے اللہ کی تعریف ہے جس نے مجھے وہ لباس پہنایا ہے جس سے میں اپنی عورت کو ڈھانکتا ہوں اور زندگی میں اس سے خوب صورتی حاصل کرتا ہوں پھر پرانے کپڑے کی طرف قصد کرلے اور اس کو صدقہ کردے تو وہ اللہ کی حرز اور حفاظت اور ستر میں ہوگا زندگی میں بھی اور موت میں بھی۔ رواہ الترمذی، (مشکوٰۃ ص ۳۷۷)

۹۔ جمعہ مبارک کے دن بہترین لباس اپنی بساط کے مطابق پہن کر جامع مسجد جائے۔ کیونکہ جمعہ بھی عیدوں میں سے ایک عید کا دن ہے خاتم الانبیاء احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود اچھا لباس زیب تن فرمایا کرتے تھے اور اپنے غلاموں کو بھی اچھا لباس پہننے کا حکم فرمایا کرتے تھے۔ سیدہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ شہنشاہ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے واسطے دو کپڑے (خاص) تھے۔ جن کو جمعہ کے روز زیب تن فرمایا کرتے تھے اور جب واپس تشریف لاتے تو ہم ان کو لپیٹ کر رکھ دیتے تھے۔ (فیض القدیر شرح جامع صغیر للمناوی جلد پنجم ص ۷۴)

اور سیدنا حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے ایک خاص قسم کی چادر تھی جس کو آپ دونوں عیدوں اور جمعہ مبارک کے دن پہنا کرتے تھے۔ (جامع صغیر جلد ۵ ص ۱۷۴)

سیدنا حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے۔

قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم ما علی احدکم ان وجد ان یتخذ قوبین لیوم الجمعة سوی ثوبی مهنته

فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تمہارے کسی ایک پر کوئی خوف نہیں کہ اگر میسر ہوں تو دو کپڑے جمعہ کے دن کے لیے بنائے سوائے دو کپڑے خدمت کے یعنی گھر میں کاروبار کے لیے جو کپڑے پہنے جاتے ہیں ان کے علاوہ اچھے کپڑے جمعہ کے روز پہنے۔

رواہ ابن ماجہ (مشکوٰۃ ص ۱۲۲)

Marfat.com

اور کپڑے صاف ستھر ہوں اور سفید رنگ کے ہوں۔ کیونکہ ان میں نظافت اور پاکیزگی زیادہ ہوتی ہے محبوب رب العالمین ﷺ نے بھی سفید لباس پہننے کا حکم دیا ہے فرماتے ہیں۔

البسوا الثیاب البیض فانها اطهر و اطیب و کفنوا فیها موتاکم۔

سفید لباس پہنو بے شک وہ پاکیزہ زیادہ اور زیادہ پسندیدہ ہے اور ان میں اپنے مردوں کو کفن دو۔ رواہ احمد والترمذی والنسائی وابن ماجہ (مشکوٰۃ ص ۳۷۴)

اور ہر روز بالعموم اور جمعہ مبارک کو بالخصوص دستار باندھنی چاہیے۔ یہ فرشتوں کی علامت ہے یوم بدر فرشتوں نے اپنے سروں پر دستار باندھی ہوئی تھی۔ رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین ﷺ نے ارشاد فرمایا۔

علیکم بالعمائم فانها سیماء الملائکة وارخوها خلف ظهور کم

دستاروں کو لازم پکڑو بے شک یہ فرشتوں کی علامت ہے اور ان کی طرفوں کو پشت کی جانب چھوڑو۔ (مشکوٰۃ شریف ص ۳۷۷)

اور فرمایا

ان اللّٰه وملائکته یصلون علی اصحاب العمائم

بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے اصحاب دستار پر درود بھیجتے ہیں۔

(احیاء العلوم جلد اول ص ۱۸۷)

اور علمائے دین فرماتے ہیں کہ دستار کے ساتھ ایک نماز پڑھنی پچیس نمازوں سے جو بغیر دستار کے ہوں افضل ہے۔ اور ایک جمعہ دستار کے ساتھ پڑھنا ستر جمعوں سے افضل ہے جو بغیر عمامہ کے ہوں۔ (نزہۃ المجالس جلد اول ص ۱۱۲)

۱۰۔ جمعہ کی پہلی اذان سنتے ہی جمعہ پڑھنے کے لیے جامع مسجد میں پہنچ جانا چاہیے اس میں اس کو اتنا ثواب ملے گا جتنا اونٹ کی قربانی کا ثواب ہوتا ہے۔ سرکار مدینہ ﷺ فرماتے ہیں۔

اذا کان یوم الجمعة وقفت الملائکة علی باب المسجد یکتبون

Marfat.com

الاول فالاول و مثل المهجر عکمثل الذی یهدی بدنة ثم کالذی یهدی بقرة ثم کبشا ثم دجاجة ثم بیضة فاذاخرج الامام طووا صحفهم و یستمعون الذکر

جب جمعہ کا دن ہوتا ہے فرشتے مسجد کے دروازے پر کھڑے ہوتے ہیں اور حاضر ہونے والے کو لکھتے ہیں۔ سب سے پہلا پھر اس کے بعد والا سب سے اول آنے والا ایسا ہوتا ہے کہ اونٹ کی قربانی کی ہو۔ پھر اس کے بعد ایسا ہے کہ گائے کی قربانی کی ہو پھر دنبہ پھر مرغی پھر انڈے کی قربانی کا ثواب ہے۔ پھر امام خطبہ کو نکلا تو فرشتے اپنے دفتر لپیٹ لیتے ہیں اور ذکر (خطبہ) سنتے ہیں۔ (مشکوٰۃ ص ۱۲۲)

۱۱۔ جمعہ کے روز ہر مسلمان آزاد تندرست، عاقل، بالغ، شہری پر نماز جمعہ ادا کرنا فرض ہے۔ اس کے تارک پر شدید وعید ہے کہیں فرمایا گیا ہے کہ تارک کے دل پر مہر کر دی جائے گی اور کہیں فرمایا کہ وہ منافق ہے البتہ عورت اور مسافر اور بچے اور غلام اور بیمار پر یہ نماز فرض نہ ہوگی۔ (عامہ کتب)

۱۲۔ جمعہ کے روز نکاح کرنا باعث برکت ہے اور سنت انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام ہے۔ سیدنا حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ سردار دو جہان سید کون و مکان ﷺ سے جمعہ کے دن کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ یہ دن خطبہ پڑھنے اور نکاح کرنے کا ہے کیوں کہ اکثر انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام نے اسی دن میں نکاح کیا۔

(غنیۃ الطالبین جلد دوم ص ۷۳)

علمائے دین ارشاد فرماتے ہیں کہ سات انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام اور اولیائے کرام علیہم الرضوان نے جمعہ کے روز نکاح کیے۔

۱۔ سیدنا حضرت آدم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام اور حواء نے۔

۲۔ سیدنا حضرت یوسف علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام اور زلیخا نے۔

۳۔ سیدنا حضرت موسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام اور صفورا نے۔

Marfat.com

۴۔سیدنا حضرت سلیمان علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام اور بلقیس نے۔
۵۔احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ ﷺ اور حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے۔
۶۔حضرت سید العالمین ومحبوب رب العالمین ﷺ اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے۔
۷۔سیدنا حضرت شیر خدا علی مرتضیٰ اور حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے۔
(کتاب السبعیات ص ۱۱۰)

جمعہ کے دن کے نوافل

سیدنا حضرت علی مرتضیٰ شیر خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ محبوب رب العالمین ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جمعہ کا سارا دن نماز پڑھنے کے واسطے ہے جو مسلمان جب کہ آفتاب نیزہ بھر بلند ہو یا اس سے کچھ زیادہ تو اس وقت کامل وضو کرے اور ایمان ویقین سے ضحیٰ کی دو رکعت نماز پڑھے تو اللہ تبارک وتعالیٰ دو سو نیکیاں اس کو عطا فرماتا ہے اور اس کی دو سو برائیاں دور کر دیتا ہے۔

اگر کوئی چار رکعت نماز پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے واسطے چار سو درجے بہشت میں بلند کرتا ہے۔

اگر کوئی آدمی آٹھ رکعت نماز پڑھے تو اللہ کریم اس کے لیے آٹھ سو درجے جنت میں بلند کرتا ہے اور اس کے تمام گناہ معاف کر دیتا ہے۔

اگر کوئی بارہ رکعت نماز پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو دو ہزار اور دو سو نیکیاں مرحمت فرماتا ہے اور دو ہزار دو سو گناہ مٹا دیتا ہے اور اس کے لیے جنت میں دو ہزار دو سو درجے بلند کرتا ہے۔
(احیاء العلوم جلد اول ص ۲۰۵، غنیۃ الطالبین جلد دوم ص ۱۴۱)

سیدنا حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ سید دو عالم ﷺ نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص جمعہ کے روز جامع مسجد میں داخل ہو اور نماز سے پہلے چار رکعت اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں الحمد شریف اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پچاس مرتبہ پڑھے تو مرنے سے

Marfat.com

پہلے اپنا ٹھکانا جنت میں دیکھ لے گا۔ (احیاء العلوم جلد اول ص ۲۰۵)

سیدنا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ محبوب خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اگر کوئی مسلمان جمعہ کے دن صبح کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھے پھر آفتاب نکلنے تک مسجد میں بیٹھا رہے اور خدا کو یاد کرتا رہے تو اللہ تعالیٰ اپنے کرم سے اسے ستر درجے بہشت میں عطا فرمائے گا اور ہر درجہ کے درمیان اس قدر فاصلہ ہوگا جتنا کہ تیز رفتار گھوڑے کی دوڑ ہوتی ہے جو ستر سال دوڑے۔

اور اگر کوئی جمعہ کی نماز باجماعت پڑھے تو اس کو بہشت میں پچاس درجے عطا کیے جائیں گے اور ہر درجہ کے درمیان اس قدر فاصلہ ہوتا ہے جتنا تیز گام گھوڑا پچاس سال میں دوڑ کر فاصلہ طے کرتا ہے۔

اور جو کوئی عصر کی نماز باجماعت ادا کرتا ہے تو وہ ایسا ہوتا ہے کہ گویا اس نے سیدنا حضرت اسماعیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اولاد میں سے آٹھ غلاموں کو آزاد کیا ہو۔

اور اگر کوئی مغرب کی نماز جماعت کے ساتھ ادا کرے تو گویا وہ ایک مقبول حج اور مقبول عمرہ ادا کرتا ہے۔

سیدنا حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اگر کوئی مسلمان جمعہ کے دن ظہر اور عصر کی نماز کے درمیان دو رکعت نماز ادا کر کے پہلی رکعت میں الحمد للہ شریف ایک مرتبہ اور آیت الکرسی ایک مرتبہ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ پچیس مرتبہ پڑھے۔ اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ ایک دفعہ اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ایک دفعہ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ بیس مرتبہ پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد پچاس مرتبہ لاحول ولاقوۃ الا باللّٰہ العلی العظیم پڑھے تو یہ شخص اپنے مرنے سے پہلے خواب میں اپنے پروردگار کی زیارت کا شرف حاصل کر لے گا۔ اور یہ بھی دیکھ لے گا کہ بہشت میں میری جگہ کہاں ہے۔ (غنیۃ الطالبین جلد دوم ص ۱۴۱)

ایک روایت میں ہے کہ ایک اعرابی دربار رسالت میں حاضر ہوا۔ اور عرض کی یا رسول

Marfat.com

اللہ! ﷺ ہم لوگ مدینہ طیبہ سے بہت فاصلہ پر ایک جنگل میں رہتے ہیں۔ اور اتنی طاقت نہیں کہ ہر جمعہ میں ہم آپ کی خدمت اقدس میں حاضر ہو سکیں۔ آپ مجھے کوئی ایسی تدبیر بتا دیں کہ میں اپنی قوم میں جمعہ کی فضیلت اور جماعت کی حاضری کی بزرگی حاصل کر سکوں۔ اور اپنی قوم کے لوگوں کو بھی اس سے خبردار کروں۔

تو اس کے جواب میں رسول خدا ﷺ نے فرمایا کہ اے اعرابی جمعہ کے دن جب آفتاب بلند ہو تو اس وقت دو رکعت نماز پڑھا کر اور اس کی پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پڑھنا۔ سلام کے بعد بیٹھ کر سات دفعہ آیت الکرسی پڑھنا اور اس کے بعد چار چار رکعت کر کے آٹھ رکعت نماز پڑھنا۔ اور سلام کے بعد ستر مرتبہ **لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم** پڑھنا اس خدا کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں محمد (ﷺ) کی جان ہے جو مومن مرد یا عورت اس نماز کو ویسا ہی ادا کرے جیسا میں نے فرمایا ہے۔ تو میں اس بات کا ضامن ہوں کہ وہ بہشت میں داخل ہوگا اور ابھی وہ اپنی جگہ سے نہ اٹھے گا کہ اللہ کریم اس کے ماں باپ کو بخش دے گا۔ جب کہ وہ مسلمان ہوں گے اور عرش کے نیچے سے ایک پکارنے والا یہ صدا دے گا کہ جس قدر تو نے پہلے گناہ کیے تھے وہ سب بخش دیئے گئے ہیں اور اب نئے سرے سے عمل شروع کر۔ اور آپ نے اس نماز کی بڑی فضیلت بیان فرمائی۔ (غنیۃ الطالبین جلد دوم ص ۱۴۲)

ہفتہ کا دن یعنی سنیچر

سنیچر کا دن یہودیوں کا عید کا دن ہے اور عبادت کا دن ہے۔ سیدنا حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بنی اسرائیل کو حکم دیا تھا کہ وہ ہفتہ بھر میں ایک دن ایسا مقرر کریں جس میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کیا کریں۔ تو انہوں نے سنیچر کا دن عبادت کے لیے پسند کیا اور کہا کہ اللہ تعالیٰ نے اسی دن اشیاء کو پیدا کرنے سے فراغت حاصل کی تھی۔ العیاذ باللہ۔

(عجائب المخلوقات ص ۴۳)

گویا ان بدمذہبوں کے نزدیک اللہ تعالیٰ سنیچر کے روز چھٹی کرتا ہے اور کوئی کام نہیں

Marfat.com

کرتا۔ حالانکہ یہ عقیدہ سراسر اسلامی عقیدہ کے خلاف ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ ہر روز نئے کام میں ہوتا ہے۔

سنیچر کا دن مکروفریب کا دن ہے

سیدنا حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ ہم سرکار مدینہ ﷺ سے دنوں کے متعلق پوچھتے تھے۔ جب یہ سنیچر کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا کہ یہ دن مکروفریب کا دن ہے۔ عرض کی یارسول اللہ ﷺ وہ کیسے؟ تو فرمایا کہ اہل قریش نے اسی دن دارالندوہ میں میرے ساتھ مکروفریب کیا تھا۔ (غنیۃ الطالبین جلد دوم ص ۷۳)

دارالندوہ ایک سرائے کا نام ہے جس کو اہل مکہ نے تعمیر کیا تھا۔ اس میں سب قریش کے سردار جمع ہوئے اور آپس میں مشورہ کیا کہ کسی طرح رسول خدا ﷺ کو معاذ اللہ شہید کر دیں۔ تو اس وقت اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب پاک صاحب لولاک ﷺ کو حکم فرمایا کہ آپ یہاں سے ہجرت کر جائیں۔

سنیچر کے دن کا روزہ

سنیچر کے دن روزہ رکھنا چاہیے۔ بڑا ثواب ہے۔ محبوب کبریا ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ مسلمانو! تم سنیچر اور اتوار کے دن روزہ رکھو۔ اور یہود و نصاریٰ کی مخالفت کرو۔

(غنیۃ الطالبین جلد دوم ص ۷۴)

سنیچر کے دن کے نفل

سیدنا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سنیچر کے دن چار رکعت نماز ادا کرے اور ہر حرف کے عوض ایک سال کے دنوں کے روزوں اور سال کی راتوں کے قیام کا اجر عنایت فرماتا ہے۔ اور ہر حرف کے بدلے ایک شہید کا ثواب عطا فرماتا ہے اور قیامت کے روز انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام اور شہدائے عظام کے ساتھ عرش الٰہی کے نیچے جگہ پائے گا۔

(احیاء العلوم ج ۱ ص ۲۰۵ غنیۃ الطالبین ص)

سنیچر کے رات کے نفل

سید العالمین خاتم النبیین ﷺ نے فرمایا کہ جو آدمی سنیچر کی رات مغرب اور عشاء کے درمیان بارہ رکعت نفل ادا کرے تو اس کے لیے جنت میں محل تیار کیا جاتا ہے اور گویا اس نے ہر مومن مرد اور مومنہ عورت پر صدقہ کیا۔ اور یہودیت سے بیزار ہو جاتا ہے اور اللہ کریم کے ذمہ کرم پر ہے کہ اس کی مغفرت فرمائے۔

(احیاء العلوم ج ۱ ص ۲۰۷، غنیۃ الطالبین ج ۲ ص ۱۴۴)

Marfat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

فضائلِ شہور

مبارک مہینے

درود شریف کی فضیلت

حضرت سیدنا ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ شفیع المذنبین رحمۃ للعلمین ﷺ کا ارشاد دلنشین ہے۔

مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ حِیْنَ یُصْبِحُ عَشْرًا وَحِیْنَ یُمْسِیْ عَشْرًا اَدْرَکَتْهُ شَفَاعَتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ

ترجمہ: ”جس نے مجھ پر صبح وشام دس دس مرتبہ درود پاک پڑھا وہ قیامت کے دن میری شفاعت کو پائے گا۔ (اجمع الزوائد، جلد ۱۰، صفحہ ۱۶۳، حدیث ۱۷۰۲۲)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ! صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

محرم الحرام

اسلامی سال ماہ محرم الحرام سے شروع ہوتا ہے۔ یہ بہت سی عظمت و برکت والا مہینہ ہے، جو ہمیں صبر و ایثار کا درس دیتا ہے۔ اس ماہ مبارک میں عبادت کرنے اور روزہ رکھنے کے بارے میں متعدد فضائل وارد ہوئے ہیں، نیز اسی ماہ میں یوم عاشورہ جو اپنی خصوصیات میں ممتاز ہے۔

رمضان کے بعد افضل روزے

حضرت سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے حضور اکرم، نور مجسم، شاہ بنی

Marfat.com

آدم، رسول محتشم، شافع امم ﷺ فرماتے ہیں: ''رمضان کے بعد محرم کا روزہ افضل ہے اور فرض کے بعد افضل نماز صلوٰۃ اللیل (یعنی رات کے نوافل) ہے''۔

(صحیح مسلم، صفحہ ۵۹۱، حدیث ۱۱۶۳)

ایک مہینے کے روزوں کے برابر

طبیبوں کے طبیب، اللہ کے حبیب، حبیب لبیب عزوجل و ﷺ کا فرمان رحمت نشان ہے: محرم کے ہر دن کا روزہ ایک مہینہ کے روزوں کے برابر ہے۔

(المعجم الصغیر للطبرانی، جلد ۲، صفحہ ۷۱)

''اس حسین ابن حیدر پہ لاکھوں سلام'' کے پچیس حروف کی نسبت سے عاشورہ کو واقع ہونے والے 25 اہم واقعات

(1) 10 محرم الحرام عاشورہ کے روز حضرت سیدنا آدم صفی اللہ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی توبہ قبول کی گئی (2) اس دن انہیں پیدا کیا گیا (3) اسی دن انہیں جنت میں داخل کیا گیا (4) اسی دن عرش (5) کرسی (6) آسمان (7) زمین (8) سورج (9) چاند (10) ستارے (11) جنت پیدا کیے گئے (12) اسی دن حضرت سیدنا ابراہیم خلیل اللہ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام پیدا ہوئے (13) اسی دن انہیں آگ سے نجات ملی (14) اسی دن حضرت سیدنا موسیٰ کلیم اللہ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام اور آپ کی امت کو نجات ملی اور فرعون اپنی قوم سمیت غرق ہوا (15) حضرت سیدنا عیسیٰ روح اللہ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام پیدا کیے گئے (16) اسی دن انہیں آسمانوں کی طرف اٹھایا گیا (17) اسی دن حضرت سیدنا نوح علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی کشتی کوہ جودی پر ٹھہری (18) اسی دن حضرت سیدنا سلیمان علی نبینہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ملک عظیم عطا کیا گیا (19) اسی دن حضرت سیدنا یونس علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام مچھلی کے پیٹ سے نکالے گئے (20) اسی دن حضرت سیدنا یعقوب علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی بینائی کا ضعف دور ہوا (21) اسی

Marfat.com

دن حضرت سیدنا یوسف علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام گہرے کنویں سے نکالے گئے (22)اسی دن حضرت سیدنا ایوب علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی تکلیف رفع کی گئی (23) آسمان سے زمین پر سب سے پہلی بارش اسی دن نازل ہوئی اور (24)اسی دن کا روزہ امتوں میں مشہور تھا یہاں تک کہ یہ بھی کہا گیا کہ اس دن کا روزہ رمضان المبارک سے پہلے فرض تھا پھر منسوخ کر دیا گیا (مکاشفہ القلوب، صفحہ ۶۵۰) (25)امام الہمام، امام عالی مقام، امام عرش مقام، امام تشنہ کام سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مع شہزادگان و رفقاء تین دن بھوکا رکھنے کے بعد اسی عاشورہ کے روز دشت کربلا میں انتہائی سفاکی کے ساتھ شہید کیا گیا۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

عاشورہ کے دن اہل وعیال پر خرچ کی برکات

حضرت سیدنا عبداللہ بن مسعود صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سرور، دو جہاں کے تاجور، سلطان بحر و بر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص عاشورہ کے دن اپنے بال بچے کے کھانے پینے میں خوب زیادہ فراخی اور کشادگی کرے گا یعنی زیادہ کھانا تیار کرا کر خوب پیٹ بھر کر کھلائے گا اللہ تعالیٰ سال بھر تک اس کے رزق میں وسعت اور خیر و برکت عطا فرمائے گا۔ (ماثبت من السنۃ اشہر المحرم، صفحہ ۱۷)

سارا سال امراض سے حفاظت

مفسر شہیر حکیم الامت حضرت مفتی احمد یار خان علیہ رحمۃ الحنان فرماتے ہیں: محرم کی نویں اور دسویں کو روزہ رکھے تو بہت ثواب پائے گا۔ بال بچوں کے لیے دسویں محرم کو خوب اچھے اچھے کھانے پکائے تو ان شاء اللہ عزوجل سال بھر تک گھر میں برکت رہے گی۔ بہتر ہے کہ کھچڑا پکا کر حضرت شہید کربلا سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فاتحہ کرے۔ بہت مجرب (یعنی موثر و آزمودہ) ہے۔ اسی تاریخ یعنی 10 محرم الحرام کو غسل کرے تو تمام سال ان شاء اللہ عزوجل بیماریوں سے امن میں رہے گا کیونکہ اس دن آب زمزم تمام پانیوں میں

Marfat.com

پہنچتا ہے (روح البیان، جلد ۴، صفحہ ۲۴۱، کوئٹہ) سرور کائنات، شاہ موجودات ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص یوم عاشورہ اثمد سرمہ آنکھوں میں لگائے تو اس کی آنکھیں کبھی بھی نہ دکھیں گی۔ (شعب الایمان، جلد ۳، صفحہ ۳۶۷، حدیث ۳۷۹۷)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

عاشورہ کی خیرات کی برکات

عاشورہ کے روز ملک ''رے'' میں قاضی صاحب کے پاس ایک سائل آ کر عرض گزار ہوا: میں ایک بہت نادار وعیال دار آدمی ہوں آپ کو یوم عاشورہ کا واسطہ! میرے لیے دو سیر روٹی، پانچ سیر گوشت، اور دس درہم کا انتظام فرما دیجیے، اللہ تعالیٰ آپ کی عزت میں برکت دے۔ قاضی صاحب نے کہا: ظہر کے بعد آنا۔ فقیر ظہر کے بعد آیا تو کہا: عصر کے بعد آنا۔ وہ عصر کے بعد پہنچا تب بھی کچھ نہیں دیا خالی ہاتھ ہی ٹرخا دیا۔ فقیر کا دل ٹوٹ گیا۔ وہ رنجیدہ رنجیدہ ایک نصرانی (کرسچین) کے پاس پہنچا اور اس سے کہا: آج کے مقدس دن کے صدقے مجھے کچھ دے دو۔ اس نے پوچھا: آج کون سا دن ہے؟ جواب دیا: آج یوم عاشورہ ہے۔ یہ کہنے کے بعد عاشورہ کے کچھ فضائل بیان کیے۔ اس نے سن کر کہا کہ آپ نے بہت ہی عظمت والے دن کا واسطہ دیا، اپنی ضرورت بیان کیے۔ سائل نے اس سے بھی وہی ضرورت بیان کر دی۔ اس آدمی نے دس بوری گیہوں، سو سیر گوشت اور بیس درہم پیش کرتے ہوئے کہا، یہ آپ کے اہل وعیال کے لیے زندگی بھر ہر ماہ اس دن کی فضیلت و حرمت کے صدقے مقرر ہے۔ رات کو قاضی صاحب نے خواب دیکھا کہ کوئی کہہ رہا ہے نظر اٹھا کر دیکھ! جب نظر اٹھائی تو دو عالی شان محل نظر آئے، ایک چاندی اور سونے کی اینٹوں کا اور دوسرا سرخ یاقوت کا تھا۔ قاضی نے پوچھا: یہ دونوں محل کس کے ہیں؟ جواب ملا، اگر تم سائل کی ضرورت پوری کر دیتے تو یہ تمہیں ملتے مگر چونکہ تم نے اسے دھکے کھلانے کے باوجود بھی کچھ نہ دیا اس لیے اب یہ دونوں محل فلاں نصرانی (کرسچین) کے لیے ہیں۔ قاضی صاحب بیدار ہوئے تو بہت پریشان تھے۔ صبح ہوئی تو نصرانی (کرسچین) کے پاس گئے اور اس سے

Marfat.com

دریافت کیا کہ کل تم نے کون سی ''نیکی'' کی ہے؟ اس نے پوچھا، آپ کو کیسے علم ہوا؟ قاضی صاحب نے اپنا خواب سنایا اور پیشکش کی کہ مجھ سے ایک لاکھ درہم لے لو اور کل کی نیکی مجھے بیچ دو۔ نصرانی نے کہا: میں روئے زمین کی ساری دولت لے کر بھی اسے فروخت نہیں کروں گا، رب العزت جل جلالہ کی رحمت وعنایت بہت خوب ہے۔ لیجئے میں مسلمان ہوتا ہوں یہ کہہ کر اس نے پڑھا: **اشهدان لا اله الا الله واشهدان محمدعبده ورسوله** یعنی میں گواہی دیتا ہوں اللہ عزوجل کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور گواہی دیتا ہوں محمد اس کے بندۂ خاص اور اس کے رسول ہیں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ (روض الریاحین، صفحہ ۱۵۲)

شب عاشورہ کی نفل نماز

عاشورہ کی رات میں چار رکعت نماز نفل اس ترکیب سے پڑھے کہ رکعت میں الحمد کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار اور سورۂ اخلاص تین تین بار پڑھے اور نماز سے فارغ ہو کر ایک سو مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ گناہوں سے پاک ہوگا اور بہشت میں بے انتہا نعمتیں ملیں گی۔
(جنتی زیور، صفحہ ۱۵۷)

''حسین'' کے چار حروف کی نسبت سے عاشورہ کے روزے کے 4 فضائل

(1) حضرت سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا ارشاد گرامی ہے: رسول اللہ (عزوجل وصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) جب **مدینة المنورة زادها الله شرفا و تعظيما** میں تشریف لائے، یہود کو عاشورہ کے دن روزہ دار پایا تو ارشاد فرمایا: یہ کیا دن ہے کہ تم روزہ رکھتے ہو؟ عرض کی: یہ عظمت والا دن ہے کہ اس میں موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام اور ان کی قوم کو اللہ تعالیٰ نے نجات دی اور فرعون اور اس کی قوم کو ڈبو دیا۔ لہٰذا موسیٰ علیہ الصلوٰۃ السلام نے بطور شکرانہ اس دن کا روزہ رکھا تو ہم بھی روزہ رکھتے ہیں۔ ارشاد فرمایا: موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی موافقت کرنے میں بہ نسبت تمہارے ہم زیادہ حق دار اور زیادہ قریب ہیں۔ تو سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Marfat.com

نے خود بھی روزہ رکھا اور اس کا حکم بھی فرمایا۔ (صحیح البخاری، جلد ۱، صفحہ ۶۵۶، حدیث ۲۰۰۴)

(2) حضرت سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں: ''میں نے سلطان دو جہان، شہنشاہ کون و مکان، رحمت عالمیان ﷺ کو کسی دن کے روزہ کو اور دن پر فضیلت دے کر جستجو فرماتے نہ دیکھا مگر یہ کہ عاشورہ کا دن اور یہ کہ رمضان کا مہینہ''۔

(صحیح البخاری، جلد ۱، صفحہ ۶۵۷۔ صفحہ ۲۰۰۴)

(3) نبی رحمت، شفیع امت، شہنشاہ نبوت، تاجدار رسالت ﷺ نے ارشاد فرمایا: یوم عاشورہ کا روزہ رکھو اور اس میں یہودیوں کی مخالفت کرو، اس سے پہلے یا بعد میں بھی ایک دن کا روزہ رکھو۔ (مسند امام احمد، جلد ۱، صفحہ ۵۱۸، حدیث ۲۱۵۴)

یعنی عاشورہ کا روزہ جب بھی رکھیں تو ساتھ ہی نویں یا گیارہویں محرم الحرام کا روزہ بھی رکھ لینا بہتر ہے۔

(4) حضرت سیدنا ابو قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ عزوجل و ﷺ فرماتے ہیں: مجھے اللہ پر گمان ہے کہ عاشورہ کا روزہ ایک سال قبل کے گناہ مٹا دیتا ہے۔ (صحیح مسلم، صفحہ ۵۹۰، حدیث ۱۱۶۲)

دعائے عاشورہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا قَابِلَ تَوْبَۃِ اٰدَمَ یَوْمَ عَاشُوْرَاءَ

یَا فَارِجَ کَرْبِ ذِی النُّوْنِ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ

یَا جَامِعَ شَمْلِ یَعْقُوْبَ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ

یَا سَامِعَ دَعْوَۃِ مُوْسٰی وَھٰرُوْنَ یَوْمَ عَاشُوْرَاءَ

یَا مُغِیْثَ اِبْرَاھِیْمَ مِنَ النَّارِ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ

یَا رَافِعَ اِدْرِیْسَ اِلَی السَّمَآءِ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ

یَا مُجِیْبَ دَعْوَۃِ صَالِحٍ فِی النَّاقَۃِ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ

یَا نَاصِرَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ ﷺ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ

Marfat.com

يَارَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَرَحِيْمَهُمَا
صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ وَ
الْمُرْسَلِيْنَ وَاقْضِ حَاجَاتِنَا فِى الدُّنْيَا
وَالْاٰخِرَةِ وَاَطِلْ عُمْرَنَا فِىْ طَاعَتِكَ وَ
مَحَبَّتِكَ وَ رِضَاكَ وَاَحْيِنَا حَيٰوةً طَيِّبَةً
وَّتَوَفَّنَا عَلَى الْاِيْمَانِ وَالْاِسْلَامِ بِرَحْمَتِكَ
يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ، اَللّٰهُمَّ بِعِزِّ الْحَسَنِ
وَاَخِيْهِ وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ وَجَدِّهٖ وَ بَنِيْهِ
فَرِّجْ عَنَّا مَا نَحْنُ فِيْهِ ، پھر سات بار پڑھے

سُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ الْمِيْزَانِ وَمُنْتَهَى الْعِلْمِ وَ مَبْلَغَ الرِّضٰى
وَزِنَةَ الْعَرْشِ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَأَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ ط
سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ الشَّفْعِ وَالْوَتْرِ وَعَدَدَ كَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ
كُلِّهَا نَسْئَلُكَ السَّلَامَةَ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ، وَ هُوَ
حَسْبُنَا وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ، نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ، وَلَا
حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ، وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ
وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ عَدَدَ ذَرَّاتِ الْوُجُوْدِ وَعَدَدَ
مَعْلُوْمَاتِ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ،

Marfat.com

ربیع النور شریف

درود شریف کی فضیلت

جس نے مجھ پر دس مرتبہ درود پاک پڑھا اللہ تعالیٰ اس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

(الترغیب والترغیب، جلد ۲، صفحہ ۳۲۳)

ماہ ربیع النور شریف تو کیا آتا ہے ہر طرف موسم بہار آ جاتا ہے۔ میٹھے میٹھے مکی مدنی مصطفےٰ ﷺ کے دیوانوں میں خوشی کی لہر دوڑ جاتی ہے بوڑھا ہو یا جوان ہر حقیقی مسلمان گویا دل کی زبان سے بول اٹھتا ہے۔

نثار تیری چہل پہل پر ہزار عیدیں ربیع الاول
سوائے ابلیس کے جہاں میں سبھی تو خوشیاں منا رہے ہیں

جب کائنات میں کفر و شرک اور وحشت و بربریت کا گھپ اندھیرا چھایا ہوا تھا۔ بارہ ربیع النور شریف کو مکہ مکرمہ میں حضرت سیدتنا آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے مکان رحمت نشان سے ایک ایسا نور چمکا جس نے سارے عالم کو جگمگ جگمگ کر دیا۔ سسکتی ہوئی انسانیت کی آنکھ جن کی طرف لگی ہوئی تھی وہ تاجدار رسالت، شہنشاہ نبوت، مخزن جود و سخاوت، پیکر عظمت و شرافت، محبوب رب العزت، محسن انسانیت عزوجل و ﷺ تمام عالمین کے لیے رحمت بن کر مادر گیتی پر جلوہ گر ہوئے۔

مبارک ہو کہ ختم المرسلین تشریف لے آئے ﷺ
جناب رحمۃ للعلمین تشریف لے آئے ﷺ

صبح بہاراں

خاتم المرسلین، رحمۃ للعالمین، شفیع المذنبین، انیس الغریبین، سراج السالکین، محبوب رب العلمین، جناب صادق و امین ﷺ قرار ہر قلب محزون و غمگین بن کر ۱۲ ربیع النور شریف کو صبح صادق کے وقت جہاں میں تشریف لائے اور آ کر بے سہاروں، غم کے ماروں، دکھیاروں، دلفگاروں اور در در کی ٹھوکریں کھانے والے بے چارے کی شام غریباں کو صبح

بہاراں بنادیا۔

مسلمانو! صبح بہاراں مبارک وہ برساتے انوار سرکار آئے ﷺ

معجزات

۱۲ ربیع النور شریف کو اللہ عزوجل کے نور ﷺ کی دنیا میں جلوہ گری ہوتے ہی کفرو ظلمت کے بادل چھٹ گئے، شاہ ایران ''کسریٰ'' کے محل پر زلزلہ آیا، چودہ کنگرے گر گئے، ایران کا جو آتش کدہ ایک ہزار سال سے شعلہ زن تھا وہ بجھ گیا، دریائے ساوہ خشک ہو گیا، کعبے کو وجد آ گیا اور بت سر کے بل گر پڑے۔

تیری آمد تھی کہ بیت اللہ مجرے کو جھکا
تیری ہیبت تھی کہ ہر بت تھرتھرا کر گر گیا

تاجدار رسالت ﷺ جہاں میں فضل و رحمت بن کر تشریف لائے اور یقیناً اللہ عزوجل کی رحمت کے نزول کا دن خوشی و مسرت کا دن ہوتا ہے چنانچہ اللہ تبارک وتعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۵۸﴾ (یونس)

ترجمہ کنزالایمان: ''تم فرماؤ اللہ (عزوجل) ہی کے فضل اور اسی کی رحمت اور اسی پر چاہیے کہ خوشی کریں۔ وہ ان کے سب دھن دولت سے بہتر ہے''۔

اللہ اکبر! رحمت خداوندی پر خوشی منانے کا قرآن کریم حکم دے رہا ہے۔ اور کیا ہمارے پیارے آقا ﷺ سے بڑھ کر بھی کوئی اللہ عزوجل کی رحمت ہے؟ دیکھیے مقدس قرآن میں صاف صاف اعلان ہے۔

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۷﴾ (الانبیاء)

ترجمہ کنزالایمان: ''اور ہم نے تمہیں نہ بھیجا مگر رحمت سارے جہان کے لیے''۔

شب قدر سے بھی افضل رات

حضرت سیدنا شیخ محمد عبدالحق محدث دہلوی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں: ''بے

Marfat.com

شک سرور عالم ﷺ کی شب ولادت شب قدر سے بھی افضل ہے کیونکہ شب ولادت سرکار مدینہ ﷺ کے اس دنیا میں جلوہ گر ہونے کی رات ہے جب کہ لیلۃ القدر سرکار ﷺ کو عطا کردہ شب ہے اور جو رات ظہور ذات سرور کائنات ﷺ کی وجہ سے مشرف ہو وہ اس رات سے زیادہ شرف وعزت والی ہے جو ملائکہ کے نزول کی بناء پر مشرف ہے۔

(ماثبت من السنۃ صفحہ ۷۳ باب المدینہ کراچی)

ایمان کی حفاظت کا نسخہ

شیخ الاسلام حضرت علامہ ابن حجر مکی علیہ رحمۃ اللہ القوی (النعمۃ الکبری صفحہ ۲۴) فرماتے ہیں، حضرت سیدنا جنید بغدادی علیہ رحمۃ الہادی نے فرمایا، محفل میلاد مصطفےٰ ﷺ میں ادب وتعظیم کے ساتھ حاضری دینے والے کا ایمان سلامت رہے گا۔ ان شاء اللہ

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

جشن ولادت منانے کا ثواب

شیخ محمد عبدالحق محدث دہلوی علیہ رحمۃ القوی فرماتے ہیں، سرکار مدینہ ﷺ کی ولادت کی رات خوشی منانے والوں کی جزاء یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں فضل وکرم سے جنات النعیم میں داخل فرمائے گا۔ مسلمان ہمیشہ سے محفل میلاد منعقد کرتے آء ہیں اور ولادت کی خوشی میں دعوتیں دیتے، کھانے پکواتے اور خوب صدقہ وخیرات دیتے آئے ہیں۔ خوب خوشی کا اظہار کرتے اور دل کھول کر خرچ کرتے ہیں نیز آپ ﷺ کی ولادت باسعادت کے ذکر کا اہتمام کرتے ہیں اور اپنے مکانوں کو سجاتے ہیں اور ان تمام افعال حسنہ کی برکت سے ان لوگوں پر اللہ عزوجل کی رحمتوں کا نزول ہوتا ہے۔

(ماثبت بالسنۃ، صفحہ ۷۴، مرکز الاولیاء لاہور)

پیارے بھائیو! ماہ ربیع النور شریف میں خوب اجتماع ذکر ونعت کیجئے۔ اس ماہ میں درود پاک کی خوب کثرت فرمایئے۔ خوب خوب نوافل پڑھ کر اور دیگر نیک کام کر کے آقائے مدینہ قرار قلب وسینہ ﷺ کی بارگاہ بے کس پناہ میں ایصال ثواب کیجئے۔

رجب المرجب

جنت کی نہر

حضرت سیدنا انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، کہ نور کے پیکر تمام نبیوں کے سرور، دو جہاں کے تاجور، سلطان بحر و بر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جنت میں ایک نہر ہے جسے ''رجب'' کہا جاتا ہے جو دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ مٹھی ہے تو جو کوئی رجب کا ایک روزہ رکھے تو اللہ عزوجل اسے اس نہر سے سیراب کرے گا''۔

(شعب الایمان، جلد ۳، صفحہ ۳۶۷، حدیث ۳۸۰۰)

جنت کا محل

حضرت سیدنا ابو قلابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں رجب کے روزہ داروں کے لیے جنت میں ایک محل ہے۔ (شعب الایمان، جلد ۳، صفحہ ۳۶۸، حدیث ۳۸۰۲)

ستائیسویں شب کی فضیلت

رجب میں ایک رات ہے کہ اس میں نیک عمل کرنے والے کو سو برس کی نیکیوں کا ثواب ہے اور وہ رجب کی ستائیسویں شب ہے۔ جو اس میں بارہ رکعت اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ اور کوئی سی ایک سورت اور ہر دو رکعت پر التحیات پڑھے اور بارہ پوری ہونے پر سلام پھیرے، اس کے بعد ۱۰۰ بار یہ پڑھے: سُبْحٰنَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَر، استغفار سو بار، درود شریف سو بار پڑھے اور اپنی دنیا و آخرت سے جس چیز کی چاہے دعا مانگے اور صبح کو روزہ رکھے تو اللہ تعالیٰ اس کی سب دعائیں قبول فرمائے سوائے اس دعا کے جو گناہ کے لیے ہو۔

(شعب الایمان، جلد ۳، صفحہ ۳۷۴، حدیث ۳۸۱۲)

ستائیسویں رجب کے روزے کی فضیلت

میرے آقا اعلیٰ حضرت، امام اہلسنت، ولی نعمت، عظیم البرکت، عظیم المرتبت، پروانۂ شمع

رسالت، مجدد دین وملت، حامی سنت، ماحی بدعت، عالم شریعت، پیر طیرقت، باعث خیر و برکت، حضرت علامہ مولانا الحاج الحافظ القاری شاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن فرماتے ہیں کہ ''فوائد ہناد'' میں حضرت سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم، رؤف رحیم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا: ستائیس رجب کو مجھے نبوت عطا ہوئی جو اس دن کا روزہ رکھے اور افطار کے وقت دعا کرے دس برس کے گناہوں کا کفار ہو''۔

(فتاوی رضویہ مخرجہ، جلد ۱۰، صفحہ ۶۴۸)

سو سال کے روزے کا ثواب

حضرت سیدنا سلمان فارسی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، اللہ کے محبوب، دانائے غیوب، منزۃ عن العیوب عزوجل وصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ذیشان ہے: ''رجب میں ایک دن اور رات ہے جو اس دن روزہ رکھے اور رات کو قیام (عبادت) کرے تو گویا اس نے سو سال کے روزے رکھے اور یہ رجب کی ستائیس تاریخ ہے۔ اسی دن محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ عزوجل نے مبعوث (مب، عو، ث) فرمایا''۔ (شعب الایمان، جلد ۳، صفحہ ۳۷۴۔ حدیث ۳۸۱۱)

شعبان المعظم

آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مہینہ

رسول اکرم، نور مجسم، شاہ بنی آدم، شافع امم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا شعبان المعظم کے بارے میں فرمان مکرم ہے، شعبان میرا مہینہ ہے اور رمضان المبارک اللہ عزوجل کا مہینہ ہے۔

(الجامع الصغیر الحدیث، ۴۸۸۹، صفحہ ۳۰۱)

رمضان کے بعد کون سا مہینہ افضل ہے؟

مکی مدنی سرکار، محبوب پروردگار عزوجل وصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ بے کس پناہ میں عرض کی گئی کہ رمضان کے بعد کون سا روزہ افضل ہے؟ ارشاد فرمایا: ''تعظیم رمضان کے لیے شعبان کا''۔ پھر عرض کی گئی کون سا صدقہ افضل ہے؟ فرمایا: رمضان کے ماہ میں صدقہ کرنا۔

(سنن الترمذی، جلد ۲، صفحہ ۱۴۶، حدیث ۶۶۳)

Marfat.com

پندرہویں شب میں تجلی

ام المومنین حضرت سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، تاجدار رسالت، سراپا رحمت، محبوب رب العزت عزوجل وصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل شعبان کی پندرہویں شب میں تجلی فرماتا ہے۔ استغفار (یعنی توبہ) کرنے والوں کو بخش دیتا اور طالب رحمت پر رحم فرماتا اور عداوت والوں کو جس حال پر ہیں اسی پر چھوڑ دیتا ہے"۔

(شعب الایمان، جلد ۳، صفحہ ۳۸۳، حدیث ۳۸۳۵)

بھلائیوں والی راتیں

ام المومنین حضرت سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا روایت فرماتی ہیں: میں نے نبی کریم، رؤف رحیم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کو فرماتے ہوئے سنا، اللہ عزوجل (خاص طور پر) چار راتوں میں بھلائیوں کے دروازے کھول دیتا ہے (1) بقرعید کی رات (2) عید الفطر کی رات (3) شعبان کی پندرہویں رات کہ اس رات میں مرنے والوں کے نام اور لوگوں کا رزق اور (اس سال) حج کرنے والوں کے نام لکھتے جاتے ہیں (4) عرفہ (نو ذوالحجہ) کی رات، اذان (فجر) تک۔ (الدر المنثور، جلد ۷، صفحہ ۲۰۴)

مغرب کے بعد چھ نوافل

مغرب کے فرض وسنت وغیرہ کے بعد چھ رکعت خصوصی نوافل ادا کرنا معمولات اولیائے کرام رحمہم اللہ تعالیٰ سے ہے۔ مغرب کے فرض وسنت وغیرہ ادا کر کے چھ رکعت نفل دو دو رکعت کر کے ادا کیجئے۔ پہلی دو رکعتیں شروع کرنے سے قبل یہ عرض کیجئے: اللہ عزوجل! ان دو رکعتوں کی برکت سے مجھے درازی عمر بالخیر عطا فرما۔ دوسری دو رکعتیں شروع کرنے سے قبل عرض کیجئے: اللہ تعالیٰ عزوجل! ان دو رکعتوں کی برکت سے بلاؤں سے میری حفاظت فرما۔ تیسری دو رکعتیں شروع کرنے سے قبل اس طرح عرض کیجئے: اللہ عزوجل! ان دو رکعتوں کی برکت سے مجھے صرف اپنا محتاج رکھ اور غیروں کی محتاجی سے بچا۔ ہر دو رکعت کے بعد اکیس بار قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ یا ایک بار سورۂ یاسین پڑھیے بلکہ ہو سکے تو دونوں ہی پڑھ

Marfat.com

لیجئے، یہ بھی ہوسکتا ہے کہ ایک اسلامی بھائی یاسین شریف بلند آواز سے پڑھیں اور دوسرے خاموشی سے سنیں، اس میں یہ خیال رکھے کہ دوسرا اس دوران زبان سے یاسین شریف نہ پڑھے۔ ان شاء اللہ عزوجل رات شروع ہوتے ہی ثواب کا انبار لگ جائے گا۔ ہر بار یاسین شریف کے بعد دعائے نصف شعبان بھی پڑھیے۔

دعائے نصف شعبان المعظم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ يَا ذَا الْمَنِّ وَلَا يُمَنُّ عَلَيْهِ ۚ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۚ يَا ذَا الطَّوْلِ وَالْاِنْعَامِ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ ظَهْرَ اللَّاجِيْنَ ۚ وَجَارَ الْمُسْتَجِيْرِيْنَ ۚ وَاَمَانَ الْخَآئِفِيْنَ ۚ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ كَتَبْتَنِيْ عِنْدَكَ فِيْ اُمِّ الْكِتٰبِ شَقِيًّا اَوْ مَحْرُوْمًا اَوْ مَطْرُوْدًا اَوْ مُقَتَّرًا عَلَيَّ فِي الرِّزْقِ فَامْحُ ۚ اَللّٰهُمَّ بِفَضْلِكَ شَقَاوَتِيْ وَحِرْمَانِيْ وَطَرْدِيْ وَاقْتِتَارَ رِزْقِيْ ۚ وَاَثْبِتْنِيْ عِنْدَكَ فِيْ اُمِّ الْكِتٰبِ سَعِيْدًا مَرْزُوْقًا مُوَفَّقًا لِلْخَيْرَاتِ ۚ فَاِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ ۚ فِيْ كِتَابِكَ الْمُنَزَّلِ ۚ عَلٰى لِسَانِ نَبِيِّكَ الْمُرْسَلِ ۚ يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ ۛ وَعِنْدَهٗٓ اُمُّ الْكِتٰبِ ۝ اِلٰهِيْ بِالتَّجَلِّي الْاَعْظَمِ ۚ فِيْ لَيْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَهْرِ شَعْبَانَ الْمُكَرَّمِ الَّتِيْ يُفْرَقُ فِيْهَا كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ وَّيُبْرَمُ ۚ اَنْ تَكْشِفَ عَنَّا مِنَ الْبَلَآءِ وَالْبَلْوَآءِ مَا نَعْلَمُ ۚ وَاَنْتَ بِهٖ اَعْلَمُ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَكْرَمُ ۚ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ ۚ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

ترجمہ: اللہ عزوجل کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا۔ اے اللہ عزوجل! اے احسان کرنے والے کہ جس پر احسان نہیں کیا جاتا! اے بڑی شان وشوکت والے! اے فضل وانعام والے! تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو پریشان حالوں کا مددگار، پناہ مانگنے والوں کو پناہ اور خوفزدوں کو امان دینے والا ہے۔ اے اللہ عزوجل! اگر تو اپنے یہاں ام الکتاب (لوح محفوظ) میں مجھے شقی (بدبخت) محروم، دھتکارا ہوا اور رزق میں تنگی دیا ہوا لکھ چکا ہو تو اے اللہ عزوجل! اپنے فضل سے میری بدبختی، محرومی، ذلت اور رزق کی تنگی کو مٹادے اور اپنے پاس ام الکتاب میں مجھے خوش بخت، رزق دیا ہوا اور بھلائیوں کی توفیق دیا ہوا ثبت (تحریر) فرمادے کہ تو نے ہی تیری نازل کی ہوئی کتاب میں تیرے ہی بھیجے ہوئے نبی ﷺ کی زبان پر فرمایا اور تیرا (یہ) فرمانا حق ہے کہ "اللہ جو چاہتا مٹاتا ہے اور ثابت کرتا (لکھتا) ہے اور اصل لکھا ہوا اسی کے پاس ہے"۔ (کنز الایمان، پارہ ۱۳، رعد ۳۹) خدایا اللہ عزوجل! تجلی اعظم کے وسیلے سے جو نصف شعبان المکرم کی رات میں ہے کہ جس میں بانٹ دیا جاتا ہے جو حکمت والا کام اور اٹل کر دیا جاتا ہے۔ (یا اللہ!) مصیبتوں اور رنجشوں کو ہم سے دور فرما کہ جنہیں ہم جانتے اور نہیں بھی جانتے جب کہ تو انہیں سب سے زیادہ جاننے والا ہے۔ بے شک تو سب سے بڑھ کر عزیز اور عزت والا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمارے سردار محمد ﷺ پر اور آپ ﷺ کے آل واصحاب رضی اللہ تعالیٰ عنہم پر درود وسلام بھیجے۔ سب خوبیاں سب جہانوں کے پالنے والے اللہ عزوجل کے لئے ہیں۔

قبر پر موم بتیاں جلانا

شب براءت میں اسلامی بھائیوں کا قبرستان جانا سنت ہے (اسلامی بہنوں کو شرعاً اجازت نہیں) قبروں پر موم بتیاں نہیں جلاسکتے ہاں اگر تلاوت وغیرہ کرنا ہو تو ضرورتاً اجالا حاصل کرنے کے لیے قبر سے ہٹ کر موم بتی جلاسکتے ہیں اسی طرح حاضرین کو خوشبو پہنچانے کی نیت سے قبر سے ہٹ کر اگر بتیاں جلانے میں حرج نہیں۔ مزارات اولیاء رحمہم اللہ تعالیٰ پر چادر چڑھانا اور اس کے پاس چراغ جلانا جائز ہے کہ اس طرح لوگ متوجہ ہوتے اور ان

Marfat.com

کے دلوں میں عظمت پیدا ہوتی اور وہ حاضر ہو کر اکتساب فیض کرتے ہیں۔ اگر اولیاء اور عوام کی قبریں یکساں رکھی جائیں تو بہت سارے دینی فوائد ختم ہو کر رہ جائیں۔

آتش بازی حرام ہے

افسوس! آتش بازی کی ناپاک رسم اب مسلمانوں میں زور پکڑتی جارہی ہے، مسلمانوں کا کروڑہا کروڑ روپیہ ہر سال آتش بازی کی نذر ہو جاتا ہے اور آئے دن یہ خبریں آتی ہیں کہ فلاں جگہ آتش بازی سے اتنے گھر جل گئے اور اتنے آدمی جھلس کر مر گئے وغیرہ وغیرہ۔ اس میں جان کا خطرہ، مال کی بربادی اور مکان میں آگ لگنے کا اندیشہ ہے، پھر یہ کام اللہ عزوجل کی نافرمانی بھی ہے۔ حضرت مفتی احمد یار خان علیہ رحمۃ الرحمٰن فرماتے ہیں۔ ''آتش بازی بنانا، بیچنا، خریدنا اور خریدوانا، چلانا اور چلوانا سب حرام ہے''۔

(اسلامی زندگی صفحہ ۷۸)

تجھ کو شعبان معظم کا خدایا واسطہ　　بخش دے رب محمد تو مری ہر اک خطا

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب!　　صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

رمضان المبارک

درود شریف کی فضیلت

اللہ کے محبوب دانائے غیوب، منزہ عن العیوب عزوجل وصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان تقرب شان ہے۔ ''بے شک بروز قیامت لوگوں میں سے میرے قریب تر وہ ہوگا جو مجھ پر سب سے زیادہ درود بھیجے''۔ (سنن ترمذی، جلد ۲، صفحہ ۲۷، حدیث ۴۸۴)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب!　　صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! خدائے رحمٰن عزوجل کا کروڑہا کروڑ احسان کہ اس نے ہمیں ماہ رمضان جیسی عظیم الشان نعمت سے سرفراز فرمایا۔ ماہ رمضان کے فیضان کے کیا کہنے! اس کی تو ہر گھڑی رحمت بھری ہے۔ اس مہینے میں اجر و ثواب بہت ہی بڑھ جاتا ہے۔ نفل کا ثواب فرض

Marfat.com

کے برابر اور فرض کا ثواب ستر گنا کر دیا جاتا ہے۔ بلکہ اس مہینے میں تو روزہ دار کا سونا بھی عبادت میں شمار کیا جاتا ہے۔ عرش اٹھانے والے فرشتے روزہ داروں کی دعا پر امین کہتے ہیں اور ایک حدیث پاک کے مطابق "رمضان کے روزہ دار کے لیے دریا کی مچھلیاں افطار تک دعائے مغفرت کرتی رہتی ہیں"۔ (الترغیب والترہیب، جلد ۲، صفحہ ۵۵، حدیث ۶)

سونے کے دروازے والا محل

حضرت سیدنا ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، مکی مدنی سلطان، رحمت عالمیان ﷺ کا فرمان رحمت نشان ہے: "جب ماہ رمضان کی پہلی رات آتی ہے تو آسمانوں کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور آخر رات تک بند نہیں ہوتے جو کوئی بندہ اس ماہ مبارک کی کسی بھی رات میں نماز پڑھتا ہے تو اللہ عزوجل اس کے ہر سجدہ کے عوض (یعنی بدلہ میں) اس کے لیے پندرہ سو نیکیاں لکھتا ہے اور اس کے لیے جنت میں سرخ یاقوت کا گھر بناتا ہے۔ جس میں ساٹھ ہزار دروازے ہوں گے۔ اور ہر دروازے کے پٹ سونے کے بنے ہوں گے جن میں یاقوت سرخ جڑے ہوں گے۔ پس جو کوئی ماہ رمضان کا پہلا روزہ رکھتا ہے تو اللہ عزوجل مہینے کے آخر دن تک اس کے گناہ معاف فرما دیتا ہے، اور اس کے لیے صبح سے شام تک ستر ہزار فرشتے دعائے مغفرت کرتے رہتے ہیں۔ رات اور دن میں جب بھی وہ سجدہ کرتا ہے اس کے ہر سجدہ کے عوض (یعنی بدلے) اسے (جنت میں) ایک ایسا درخت عطا کیا جاتا ہے کہ اس کے سائے میں گھڑ سوار پانچ سو برس تک چلتا رہے"۔ (شعب الایمان، جلد ۳ صفحہ ۳۱۴، حدیث ۳۶۳۵)

سبحان اللہ عزوجل پیارے بھائیو! خدائے حنان ومنان عزوجل کا کس قدر عظیم احسان ہے کہ اس نے ہمیں اپنے حبیب ذیشان، رحمت عالمیان ﷺ کے طفیل ایسا ماہ رمضان عطا فرمایا کہ اس ماہ مکرم میں جنت کے تمام دروازے کھل جاتے ہیں۔ اور نیکیوں کا اجر خوب خوب بڑھ جاتا ہے۔ بیان کردہ حدیث کے مطابق رمضان المبارک کی راتوں میں نماز ادا کرنے والے کو ہر ایک سجدہ کے بدلے میں پندرہ سو نیکیاں عطا کی جاتی ہیں نیز جنت کا

Marfat.com

عظیم الشان محل مزید برآں۔اس حدیث مبارک میں روزہ داروں کے لیے یہ بشارت عظمیٰ بھی موجود ہے کہ صبح تا شام ستر ہزار فرشتے ان کے لیے دعائے مغفرت کرتے رہتے ہیں۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

پیارے بھائیو! الحمدللہ عزوجل تبلیغ قرآن وسنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک، دعوت اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ عاشقان رسول کی صحبت حاصل ہونے کی صورت میں ماہ رمضان المبارک کی برکتیں لوٹنے کا بہت ذہن بنتا ہے ورنہ بری صحبتوں میں رہ کر اس مبارک مہینے میں بھی اکثر لوگ گناہوں میں پڑے رہتے ہیں۔آیئے! گناہوں کے دلدل میں پھنسے ہوئے ایک فنکار کا واقعہ پڑھیے جسے دعوت اسلامی کے مدنی ماحول نے مدنی رنگ چڑھا دیا۔

میں فنکار تھا

اورنگی ٹاؤن (باب المدینہ کراچی) کے ایک اسلامی بھائی کے بیان کا لب لباب ہے: افسوس صد کروڑ افسوس! میں ایک فنکار تھا، میوزیکل پروگرامز اور فنکشنز کرتے ہوئے زندگی کے انمول اوقات برباد ہوئے جارہے تھے، قلب ودماغ پر غفلت کے کچھ ایسے پردے پڑے ہوئے تھے کہ نہ نماز کی توفیق تھی نہ ہی گناہوں کا احساس۔صحرائے مدینہ ٹول پلازہ سپر ہائی وے باب المدینہ کراچی میں باب الاسلام سطح پر ہونے والے تین روزہ سنتوں بھرے اجتماع ۱۴۲۴ھ، 2003ء) میں حاضری کے لیے ایک ذمہ دار اسلامی بھائی نے انفرادی کوشش کر کے ترغیب دلائی۔زہے نصیب! اس میں شرکت کی سعادت مل گئی۔تین روزہ اجتماع کے اختتام پر رقت انگیز دعا میں مجھے اپنے گناہوں پر بہت زیادہ ندامت ہوئی، میں اپنے جذبات پر قابو نہ پا سکا، پھوٹ پھوٹ کر رویا، بس رونے نے کام دکھا دیا، الحمدللہ عزوجل مجھے دعوت اسلامی کا مدنی ماحول مل گیا۔اور میں نے رقص وسرود (س،رو،د) کی محفلوں سے توبہ کر لی اور مدنی قافلوں میں سفر کو اپنا معمول بنالیا۔25 دسمبر 2004 کو میں جب مدنی قافلے میں سفر پر روانہ ہورہا تھا کہ چھوٹی ہمشیرہ کا فون آیا بھرائی ہوئی آواز میں

انہوں نے اپنے یہاں ہونے والی نابینا بچی کی ولادت کی خبر سنائی اور ساتھ ہی کہا: ڈاکٹروں نے کہہ دیا کہ اس کی آنکھیں روشن نہیں ہوسکتیں۔ اتنا کہنے کے بعد بندٹوٹا اور چھوٹی بہن صدمے سے بلک بلک کر رونے لگی۔ میں نے یہ کہہ کر ڈھارس بندھائی کہ ان شاء اللہ عزوجل مدنی قافلے میں دعا کروں گا۔ میں نے مدنی قافلے میں خود بھی بہت دعائیں کیں اور مدنی قافلہ والے عاشقان رسول سے بھی دعائیں کروائیں۔ جب مدنی قافلے سے پلٹا تو دوسرے ہی دن چھوٹی بہن کا مسکراتا ہوا فون آیا اور انہوں نے خوشی خوشی یہ خبر فرحت اثر سنائی کہ الحمدللہ عزوجل میری نابینا بیٹی مہک کی آنکھیں روشن ہوگئی ہیں اور ڈاکٹرز تعجب کر رہے ہیں کہ یہ کیسے ہوگیا کیوں کہ ہماری ڈاکٹری میں اس کا کوئی علاج ہی نہیں تھا۔ یہ بیان دیتے وقت الحمدللہ عزوجل مجھے باب المدینہ کراچی میں علاقائی مشاورت کے ایک رکن کی حیثیت سے دعوت اسلامی کے مدنی کاموں کے لیے کوششیں کرنے کی سعادتیں حاصل ہیں۔

آفتوں سے نہ ڈر، رکھ کرم پر نظر　　روشن آنکھیں ملیں، قافلے میں چلو
آپ کو ڈاکٹر، نے گو مایوس کر　　بھی دیا مت ڈریں، قافلے میں چلو

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب!　　صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

پیارے بھائیو! دیکھا آپ نے دعوت اسلامی کا مدنی ماحول کتنا پیارا پیارا ہے۔ اس کے دامن میں آکر معاشرہ کے نہ جانے کتنے ہی بگڑے ہوئے افراد باکردار بن کر سنتوں بھری باعزت زندگی گزارنے لگے نیز مدنی قافلے کی بہاریں بھی آپ کے سامنے ہیں۔ جس طرح مدنی قافلوں میں سفر کی برکت سے بعضوں کی دنیوی مصیبت رخصت ہو جاتی ہے۔ انشاء اللہ عزوجل اسی طرح تاجدار رسالت، شہنشاہ نبوت، سراپا رحمت، شفیع امت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت سے آخرت کی آفت بھی راحت میں ڈھل جائے گی۔

ٹوٹ جائیں گے گنہگاروں کے فوراً قید و بند
حشر کو کھل جائے گی طاقت رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی

Marfat.com

پانچ خصوصی کرم

حضرت سیدنا جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رحمت عالمیان، سلطان دو جہان شہنشاہ کون ومکان، حبیب رحمٰن عزوجل وصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ذی شان ہے: ''میری امت کو ماہ رمضان میں پانچ چیزیں ایسی عطا کی گئیں جو مجھ سے پہلے کسی نبی علیہ السلام کو نہ ملیں۔ (1) جب رمضان المبارک کی پہلی رات ہوتی ہے تو اللہ عزوجل ان کی طرف رحمت کی نظر فرماتا ہے اور جس کی طرف اللہ عزوجل نظر رحمت فرمائے اسے کبھی بھی عذاب نہ دے گا (2) شام کے وقت ان کے منہ کی بو (جو بھوک کی وجہ سے ہوتی ہے) اللہ تعالیٰ کے نزدیک مشک کی خوشبو سے بھی بہتر ہے (3) فرشتے ہر رات اور دن ان کے لیے مغفرت کی دعائیں کرتے رہتے ہیں (4) اللہ تعالیٰ جنت کو حکم فرماتا ہے ''میرے (نیک) بندوں کے لیے مزین (یعنی آراستہ) ہو جا عنقریب وہ دنیا کی مشقت سے میرے گھر اور کرم میں راحت پائیں گے (5) جب ماہ رمضان کی آخری رات آتی ہے تو اللہ عزوجل سب کی مغفرت فرما دیتا ہے۔ قوم میں سے ایک شخص نے کھڑے ہو کر عرض کی: یارسول اللہ عزوجل وصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا یہ لیلۃ القدر ہے؟ ارشاد فرمایا: ''نہیں کیا تم نہیں دیکھتے کہ مزدور جب اپنے کاموں سے فارغ ہو جاتے ہیں تو انہیں اجرت دی جاتی ہے''۔

(الترغیب والترہیب، جلد ۲، صفحہ ۵۶، حدیث ۷)

صغیرہ گناہوں کا کفارہ

حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، حضور پرنور، شافع یوم النشور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان پرسرور ہے: ''پانچوں نمازیں اور جمعہ اگلے جمعہ تک اور ماہ رمضان اگلے ماہ رمضان تک گناہوں کا کفارہ ہیں جب تک کہ کبیرہ گناہوں سے بچا جائے''۔

(صحیح مسلم، صفحہ ۱۴۴، حدیث ۲۳۳)

توبہ کا طریقہ

سبحان اللہ عزوجل رمضان المبارک میں رحمتوں کی چھما چھم بارشیں اور گناہ صغیرہ کے

Marfat.com

کفارے کا سامان ہو جاتا ہے۔ گناہ کبیرہ توبہ سے معاف ہوتے ہیں۔ توبہ کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ جو گناہ ہوا خاص اس گناہ کا ذکر کر کے دل کی بیزاری اور آئندہ اس سے بچنے کا عہد کر کے توبہ کرے۔ مثلاً جھوٹ بولا، تو بارگاہ خداوندی عزوجل میں عرض کرے، یا اللہ! عزوجل میں نے جو یہ جھوٹ بولا اس سے توبہ کرتا ہوں اور آئندہ نہیں بولوں گا۔ توبہ کے دوران دل میں جھوٹ سے نفرت ہو اور ''آئندہ نہیں بولوں گا''۔ کہتے وقت دل میں یہ ارادہ بھی ہو کہ جو کچھ کہہ رہا ہوں ایسا ہی کروں گا جبھی توبہ ہے۔ اگر بندے کی حق تلفی کی ہے تو توبہ کے ساتھ ساتھ اس بندے سے معاف کروانا بھی ضروری ہے۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

توبوا الی اللہ! استغفر اللہ

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

ہر شب ساٹھ ہزار کی بخشش

حضرت سیدنا عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ شہنشاہ ذیشان، مکی مدنی سلطان، رحمت عالمیان، محبوب رحمٰن عزوجل و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان رحمت نشان ہے: ''رمضان شریف کی ہر شب آسمانوں میں صبح صادق کی ایک منادی یہ ندا کرتا ہے، اے اچھائی مانگنے والے! مکمل کر (یعنی اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی طرف آگے بڑھ) اور خوش ہو جا۔ اور اے شریر! شر سے باز آجا اور عبرت حاصل کر۔ ہے کوئی مغفرت کا طالب! کہ اس کی طلب پوری کی جائے۔ ہے کوئی توبہ کرنے والا! کہ اس کی توبہ قبول کی جائے۔ ہے کوئی دعا مانگنے والا! کہ اس کی دعا قبول کی جائے۔ ہے کوئی سائل! کہ اس کا سوال پورا کیا جائے۔ اللہ تعالیٰ رمضان المبارک کی ہر شب میں افطار کے وقت ساٹھ ہزار گناہگاروں کو دوزخ سے آزاد فرما دیتا ہے۔ اور عید کے دن سارے مہینے کے برابر گنہگاروں کی بخشش کی جاتی ہے۔ (الدر المنثور، جلد ۱، صفحہ ۴۴۶)

مدینے کے دیوانو! رمضان المبارک کی جلوہ گری تو کیا ہوتی ہے، ہم غریبوں کے

Marfat.com

وارے نیارے ہو جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے رحمت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور خوب مغفرت کے پروانے تقسیم ہوتے ہیں۔ کاش! ہم گنہگاروں کو بطفیل ماہ رمضان سرورکون ومکان، مکی مدنی سلطان، رحمت عالمیان محبوب رحمٰن عزوجل و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رحمت بھرے ہاتھوں جہنم سے رہائی کا پروانہ مل جائے۔ امام اہل سنت علیہ رحمۃ الرحمٰن بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں عرض کرتے ہیں:

تمنا ہے فرمایئے روز محشر　　یہ تیری رہائی کی چٹھی ملی ہے

روزانہ دس لاکھ گنہگاروں کی دوزخ سے رہائی

اللہ تعالیٰ کی عنایتوں اور بخششوں کا تذکرہ کرتے ہوئے ایک موقع پر سرکار نامدار، مدینے کے تاجدار، رسولوں کے سالار، نبیوں کے سردار، باذن پروردگار دو عالم کے مالک و مختار، شہنشاہ ابرار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جب رمضان کی پہلی رات ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کی طرف نظر فرماتا ہے اور جب اللہ عزوجل کسی بندے کی طرف نظر فرمائے تو اسے کبھی عذاب نہ دے گا۔ اور ہر روز دس لاکھ (گنہگاروں) کو جہنم سے آزاد فرماتا ہے اور جب انتیسویں رات ہوتی ہے تو مہینے بھر میں جتنے آزاد کیے ان کے مجموعہ کے برابر اس ایک رات میں آزاد فرماتا ہے۔ پھر جب عید الفطر کی رات آتی ہے۔ ملائکہ خوشی کرتے ہیں اور اللہ عزوجل اپنے نور کی خاص تجلی فرماتا ہے اور فرشتوں سے فرماتا ہے: اے گروہ ملائکہ! اس مزدور کا کیا بدلہ جس نے کام پورا کرلیا؟ فرشتے عرض کرتے ہیں ''اس کو پورا پورا اجر دیا جائے''۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ''میں تمہیں گواہ کرتا ہوں کہ میں نے ان سب کو بخش دیا''۔

(کنز العمال، جلد ۸، صفحہ ۲۱۹، حدیث ۲۳۷۹۲)

جمعہ کی ہر ہر گھڑی میں دس لاکھ کی مغفرت

حضرت سیدنا عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ محبوب رب العلمین، سید الانبیاء والمرسلین، شفیع المذنبین، جناب رحمۃ للعلمین عزوجل وصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان دلنشین ہے، ''اللہ عزوجل ماہ رمضان میں روزانہ افطار کے وقت دس لاکھ ایسے گنہگاروں کو

جہنم سے آزاد فرماتا ہے جن پر گناہوں کی وجہ سے جہنم واجب ہو چکا تھا، نیز شب جمعہ اور روز جمعہ (یعنی جمعرات کو غروب آفتاب سے لے کر جمعہ کے غروب آفتاب تک) کی ہر ہر گھڑی میں ایسے دس دس لاکھ گنہگاروں کو جہنم سے آزاد کیا جاتا ہے جو عذاب کے حق دار قرار دیئے جا چکے ہوتے ہیں۔ (کنز العمال، جلد ۸، صفحہ ۲۲۳، حدیث ۲۳۷۱۶)

عصیاں سے کبھی ہم نے کنارہ نہ کیا　　پر تو نے دل آزردہ ہمارا نہ کیا
ہم نے تو جہنم کی بہت کی تجویز　　لیکن تری رحمت نے گوارا نہ کیا

پیارے بھائیو! بیان کردہ احادیث مبارکہ میں رب الانام عزوجل کے کس قدر عظیم الشان انعام واکرام کا ذکر ہے۔ سبحان اللہ! عزوجل! رمضان المبارک میں روزانہ دس لاکھ ایسے گنہگاروں کی بخشش ہو جایا کرتی ہے جو اپنے گناہوں کے سبب جہنم کے حق دار قرار پا چکے ہوتے ہیں۔ نیز شب جمعہ اور روز جمعہ کی تو ہر ہر گھڑی میں دس دس لاکھ گنہگار عذاب نار سے آزاد قرار دیئے جاتے ہیں۔ اور پھر رمضان المبارک کی آخری شب کی تو کیا خوب بہار ہے کہ سارے ماہ رمضان میں جتنے بخشے گئے ہیں اس کے شمار کے برابر گنہگار اس ایک رات میں عذاب نار سے نجات پاتے ہیں۔ اے کاش! اللہ تعالیٰ ہم گنہگاروں اور بدکاروں کو بھی ان مغفرت یافتگان میں شامل کر لے۔ آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جب کہا عصیاں سے میں نے سخت لاچاروں میں ہوں
جن کے پلے کچھ نہیں ہے ان خریداروں میں ہوں
تیری رحمت کے لیے شامل گنہگاروں میں ہوں
بول اٹھی رحمت نہ گھبرا میں مددگاروں میں ہوں

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب!　　صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

خرچ میں کشادگی کرو

حضرت سیدنا ضمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبیوں کے سلطان، سرور ذیشان، رحمت عالمیان، سردار دو جہان، محبوب رحمٰن عزوجل و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان برکت نشان

Marfat.com

ہے: ”ماہ رمضان میں گھر والوں کے خرچ میں کشادگی کرو کیونکہ ماہ رمضان میں خرچ کرنا اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنے کی طرح ہے“۔ (الجامع الصغیر، صفحہ ۱۶۲، حدیث ۲۷۱۶)

پیارے بھائیو! ماہ رمضان کے فضائل سے کتب احادیث مالا مال ہیں۔ رمضان المبارک میں اس قدر برکتیں اور رحمتیں ہیں کہ ہمارے پیارے آقا، مکے مدینے والے مصطفیٰ ﷺ نے یہاں تک ارشاد فرمایا: ”اگر بندوں کو معلوم ہوتا کہ رمضان کیا ہے تو میری امت تمنا کرتی کہ کاش پورا سال رمضان ہی ہو“۔ (صحیح ابن خزیمۃ، جلد ۳، صفحہ ۱۹۰، حدیث ۱۷۷۶)

شوال المکرّم

عید کے تین حروف کی نسبت سے شش عید کے روزوں کے تین فضائل نومولود کی طرح

گناہوں سے پاک

حضرت سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سرور، دو جہاں کے تاجور، سلطان بحر و بر ﷺ فرماتے ہیں: ”جس نے رمضان کے روزے رکھے پھر چھ دن شوال میں رکھے تو گناہوں سے ایسے نکل گیا جیسے آج ہی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہے“۔ (مجمع الزوائد، جلد ۳، صفحہ ۴۶۵، حدیث ۵۱۰۲)

گویا عمر بھر کا روزہ رکھا

حضرت سیدنا ابو ایوب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، سرکار نامدار مدینے کے تاجدار ﷺ کا فرمان مشکبار ہے: ”جس نے رمضان کے روزے رکھے پھر ان کے بعد چھ شوال میں رکھے۔ تو ایسا ہے جیسے دہر کا (یعنی عمر بھر کے لیے) روزہ رکھا“۔
(صحیح مسلم، صفحہ ۵۹۲۔ حدیث ۱۱۶۴)

سال بھر روزے رکھے

حضرت سیدنا ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، رسول اللہ عزوجل و ﷺ نے فرمایا: ”جس نے عید الفطر کے بعد (شوال میں) چھ روزے رکھ لیے تو اس نے پورے

Marfat.com

سال کے روزے رکھے کہ جو ایک نیکی لائے گا اسے دس ملیں گی۔

(سنن ابن ماجہ، جلد ۲، صفحہ ۳۳۳، حدیث ۱۷۱۵)

ذوالحجۃ الحرام

ابتدائی دس دن کی فضیلت

بعض احادیث مبارکہ کے مطابق ذوالحجۃ الحرام کا پہلا عشرہ (یعنی ابتدائی دس دن) رمضان المبارک کے بعد سب دنوں سے افضل ہے۔

"اللہ" کے چار حروف کی نسبت سے عشرہ ذوالحجۃ الحرام کے متعلق 4 روایات

نیکیاں کرنے کے پسندیدہ ترین ایام

سرکار نام دار، مدینے کے تاجدار، محبوب رب غفار عزوجل و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان نور بار ہے: "ان دس دنوں سے زیادہ کسی دن کا نیک عمل اللہ عزوجل کو محبوب نہیں"۔ صحابہ کرام علیہم الرضوان نے عرض کیا: "یا رسول اللہ عزوجل و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور نہ راہ خدا عزوجل میں جہاد"۔ فرمایا "اور نہ راہ خدا عزوجل میں جہاد، مگر وہ کہ اپنے جان و مال لے کر نکلے پھر ان میں سے کچھ واپس نہ لائے۔ (یعنی صرف وہ مجاہد افضل ہوگا جو جان و مال قربان کرنے میں کامیاب ہوگیا) (صحیح البخاری، جلد ۱، صفحہ ۳۳۳، حدیث ۹۶۹)

شب قدر کے برابر فضیلت

حدیث پاک میں ہے اللہ عزوجل کو عشرہ ذوالحجہ سے زیادہ کسی دن میں اپنی عبادت کیا جانا پسندیدہ نہیں اس کے ہر دن کا روزہ ایک سال کے روزوں اور ہر شب کا قیام شب قدر کے برابر ہے"۔ (سنن الترمذی، جلد ۲، صفحہ ۱۹۲، حدیث ۷۵۸)

عرفہ کا روزہ

حضرت سیدنا ابو قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، سلطان مدینہ، قرار قلب و

Marfat.com

سینہ، فیض گنجینہ، صاحب معطر پسینہ، باعث نزول سکینہ ﷺ کا فرمان باقرینہ ہے: ”مجھے اللہ عزوجل پر گمان ہے کہ عرفہ (یعنی ۹ ذوالحجہ الحرام) کا روزہ ایک سال قبل اور ایک بعد کے گناہ مٹادیتا ہے“۔ (صحیح مسلم، صفحہ ۵۹۰، حدیث ۱۹۶)

ایک روزہ ہزار روزوں کے برابر

ام المومنین حضرت سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، نور کے پیکر، تمام نبیوں کے سرور، دو جہاں کے تاجور، سلطان بحر و بر ﷺ نے ارشاد فرمایا: عرفہ (یعنی ۹ ذوالحجہ الحرام) کا روزہ ہزار روزوں کے برابر ہے۔ (شعب الایمان، جلد ۳، صفحہ ۳۵۷۔ حدیث ۳۷۶۴) مگر حج کرنے والے پر جو عرفات میں ہے اسے عرفہ (یعنی ۹ ذوالحجہ الحرام) کے دن روزہ مکروہ ہے کہ حضرت سیدنا ابن خزیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی کہ حضور پرنور، شافع یوم النشور ﷺ نے عرفہ کے دن (یعنی ۹ ذوالحجہ الحرام کے روز حاجی کو) عرفات میں روزہ رکھنے سے منع فرمایا۔

(صحیح ابن خزیمۃ، جلد ۳، صفحہ ۲۹۲، حدیث ۲۱۰۱)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

Marfat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّابَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

فضائلِ ایصال ثواب

نفاق ونار سے نجات

حضرت سیدنا امام سخاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نقل فرماتے ہیں: سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جس نے مجھ پر ایک بار درود پاک بھیجا اللہ عزوجل اس پر دس رحمتیں نازل فرماتا ہے اور جو مجھ پر دس درود پاک بھیجے اللہ عزوجل اس پر سو رحمتیں نازل فرماتا ہے اور جو مجھ پر سو بار درود پاک بھیجے اللہ عزوجل اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان لکھ دیتا ہے کہ یہ بندہ نفاق اور دوزخ کی آگ سے بری ہے اور قیامت کے دن اس کو شہیدوں کے ساتھ رکھے گا''۔ (القول البدیع، صفحہ ۲۳۳ مؤسسۃ الریان بیروت)

ہے سب دعاؤں سے بڑھ کر دعا درود و سلام
کہ دفع کرتا ہے ہر ایک بلا درود و سلام

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

پیارے بھائیو! جن کے والدین یا ان میں سے کوئی ایک فوت ہو گیا ہو تو ان کو چاہیے کہ ان کی طرف سے غفلت نہ کرے، ان کی قبروں پر بھی حاضری دیتا رہے اور ایصال ثواب بھی کرتا رہے۔ اس ضمن میں سلطان مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے 5 فرامین رحمت نشان ملاحظہ فرمائیں:

(1) مقبول حج کا ثواب

جو بہ نیت ثواب اپنے والدین دونوں یا ایک کی قبر کی زیارت کرے، حج مقبول کے برابر ثواب پائے اور جو بکثرت ان کی قبر کی زیارت کرتا ہو، فرشتے اس کی قبر کی (یعنی جب

Marfat.com

یہ فوت ہوگا) زیارت کو آئیں۔ (کنز العمال، جلد ۶، صفحہ ۲۰۰، حدیث ۴۵۵۳۶)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

(2) دس حج کا ثواب

جو اپنی ماں یا باپ کی طرف سے حج کرے ان کی (یعنی ماں یا باپ کی) طرف سے حج ادا ہو جائے اسے (یعنی حج کرنے والے کو) مزید دس حج کا ثواب ملے۔

(دار قطنی، جلد ۲، صفحہ ۳۲۹، حدیث ۲۵۷۸)

سبحان اللہ عزوجل! جب کبھی نفلی حج کی سعادت حاصل ہو تو فوت شدہ ماں یا باپ کی نیت کر لیں تا کہ ان کو بھی حج کا ثواب ملے، آپ کا بھی حج ہو جائے بلکہ مزید دس حج کا ثواب ہاتھ آئے۔ اگر ماں یا والد میں سے کوئی اس حال میں فوت ہو گیا کہ ان پر حج فرض ہو چکنے کے باوجود وہ ادا نہ کر پائے تھے تو اب اولاد کو حج بدل کا شرف حاصل کرنا چاہئے۔ حج بدل کے تفصیلی احکام کے لیے "رفیق الحرمین" (مطبوعہ مکتبہ المدینہ) کا مطالعہ فرمائیں۔

(3) والدین کی طرف سے خیرات

"جب تم میں سے کوئی کچھ نفل خیرات کرے تو چاہیے کہ اسے اپنے ماں باپ کی طرف سے کرے کہ اس کا ثواب انہیں ملے گا اور اس کے (یعنی خیرات کرنے والے کے) ثواب میں کوئی کمی بھی نہیں آئے گی"۔ (شعب الایمان، جلد ۶، صفحہ ۲۰۵، حدیث ۷۹۱۱)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْبِ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

(4) روزی میں بے برکتی کی وجہ

"بندہ جب ماں باپ کے لیے دعا ترک کر دیتا ہے اس کا رزق قطع ہو جاتا ہے"۔

(کنز العمال، جلد ۱۶، صفحہ ۲۰۱، حدیث ۴۵۵۸۴)

(5) جمعہ کو زیارت قبر کی فضیلت

جو شخص جمعہ کے روز اپنے والدین یا ان میں سے کسی ایک کی قبر کی زیارت کرے اور

Marfat.com

اس کے پاس سورہ یٰسین پڑھے بخش دیا جائے۔(ابن عدی فی الکامل، جلد ۶، صفحہ ۲۶۰)

لاج رکھ لے گنہگاروں کی نام رحمٰن ہے ترا یارب!

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! اللہ عزوجل کی رحمت بہت بڑی ہے جو مسلمان دنیا سے رخصت ہو جاتے ہیں ان کے لیے بھی اس نے اپنے فضل وکرم کے دروازے کھلے ہی رکھے ہیں۔اللہ عزوجل کی رحمت بے پایاں سے متعلق ایک روایت پڑھیے اور جھومیے۔

کفن پھٹ گئے

اللہ عزوجل کے نبی حضرت سیدنا ارمیا علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کچھ ایسی قبروں کے پاس سے گزرے جن میں عذاب ہو رہا تھا۔ایک سال بعد جب پھر وہیں سے گزر ہوا تو عذاب ختم ہو چکا تھا۔انہوں نے بارگاہ خداوندی عزوجل میں عرض کیا، یا اللہ عزوجل! کیا وجہ ہے کہ پہلے ان کو عذاب ہو رہا تھا اب ختم ہو گیا؟ آواز آئی، ''اے ارمیا! ان کے کفن پھٹ گئے، بال بکھر گئے اور قبریں مٹ گئیں تو میں نے ان پر رحم کیا اور ایسے لوگوں پر میں رحم کیا ہی کرتا ہوں''۔(شرح الصدور، صفحہ ۳۱۳)

اللہ کی رحمت سے تو جنت ہی ملے گی اے کاش! محلے میں جگہ ان کے ملی ہو

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

''کرم'' کے تین حروف کی نسبت سے ایصال ثواب کے تین ایمان افروز فضائل دعاؤں کی برکت

مدینے کے تاجدار صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان مغفرت نشان ہے، میری امت گناہ سمیت قبر میں داخل ہو گی اور جب نکلے گی تو بے گناہ ہو گی کیونکہ وہ مومنین کی دعاؤں سے بخش دی جاتی ہے۔(المعجم الاوسط، جلد ۱، صفحہ ۵۰۹، حدیث ۱۸۷۹)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

Marfat.com

ایصال ثواب کا انتظار!

سرکار نامدار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد مشکبار ہے، مردہ کا حال قبر میں ڈوبتے ہوئے انسان کی مانند ہے کہ وہ شدت سے انتظار کرتا ہے کہ باپ یا ماں یا بھائی یا کسی دوست کی دعا اس کو پہنچے اور جب کسی کی دعا اسے پہنچتی ہے تو اس کے نزدیک وہ دنیا و مافیہا (یعنی دنیا اور اس میں جو کچھ ہے) سے بہتر ہوتی ہے۔ اللہ عزوجل قبر والوں کو ان کے زندہ متعلقین کی طرف سے ہدیہ کیا ہوا ثواب پہاڑوں کی مانند عطا فرماتا ہے، زندوں کا ہدیہ (یعنی تحفہ) مردوں کے لیے "دعائے مغفرت کرنا ہے"۔ (شعب الایمان، جلد ۶، صفحہ ۲۰۳، حدیث ۷۹۰۵)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

دوسروں کے لیے دعائے مغفرت کرنے کی فضیلت

"جو کوئی تمام مومن مردوں اور عورتوں کے لیے دعائے مغفرت کرتا ہے، اللہ عزوجل اس کے لیے ہر مومن مرد و عورت کے عوض ایک نیکی لکھ دیتا ہے"۔

(مجمع الزوائد، جلد ۱۰، صفحہ ۳۵۲، حدیث ۱۷۵۹۸)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

اربوں نیکیاں کمانے کا آسان نسخہ

پیارے بھائیو! جھوم جایئے! اربوں، کھربوں نیکیاں کمانے کا آسان نسخہ ہاتھ آ گیا! ظاہر ہے اس وقت روئے زمین پر کروڑوں مسلمان موجود ہیں اور کروڑو بلکہ اربوں دنیا سے چل بسے ہیں۔ اگر ہم ساری امت کی مغفرت کے لیے دعا کریں گے تو ان شاء اللہ عزوجل ہمیں اربوں، کھربوں نیکیوں کا خزانہ مل جائے گا۔ میں اپنے لیے اور تمام مومنین و مومنات کے لیے دعا تحریر کر دیتا ہوں۔ (اول آخر درود شریف پڑھ لیں) ان شاء اللہ عزوجل ڈھیروں نیکیاں ہاتھ آئیں گی۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِکُلِّ مُؤْمِنٍ وَّ مُؤْمِنَۃٍ۔ یعنی اے اللہ میری اور ہر مومن و مومنہ کی

Marfat.com

مغفرت فرما۔ آمین بجاہ النبی الامین ﷺ۔

آپ بھی اوپر دی ہوئی دعا کو عربی یا اردو یا دونوں زبانوں میں ابھی اور ہو سکے تو روزانہ پانچوں نمازوں کے بعد بھی پڑھنے کی عادت بنا لیجئے۔

بے سبب بخش دے نہ پوچھ عمل　　نام غفار ہے ترا یارب!

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب!　　صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

نورانی لباس

ایک بزرگ نے اپنے مرحوم بھائی کو خواب میں دیکھ کر پوچھا کیا زندہ لوگوں کی دعا تم لوگوں کو پہنچتی ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا، ''ہاں اللہ عزوجل کی قسم وہ نورانی لباس کی صورت میں آتی ہے اسے ہم پہن لیتے ہیں''۔ (شرح الصدور، صفحہ ۳۰۵)

جلوہ یار سے ہو قبر آباد　　وحشت قبر سے بچا یارب!

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب!　　صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

نورانی طباق

''جب کوئی شخص میت کو ایصال ثواب کرتا ہے تو جبریل علیہ السلام اسے نورانی طباق میں رکھ کر قبر کے کنارے کھڑے ہو جاتے ہیں اور کہتے ہیں، ''اے قبر والے! یہ ہدیہ (تحفہ) تیرے گھر والوں نے بھیجا ہے قبول کر''۔ یہ سن کر وہ خوش ہوتا ہے اور اس کے پڑوسی اپنی محرومی پر غمگین ہوتے ہیں۔ (ایضاً، صفحہ ۳۰۸)

قبر میں آہ! گھپ اندھیرا ہے　　فضل سے کر دے چاندنا یارب!

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب!　　صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ

مردوں کی تعداد کے برابر اجر

جو قبرستان میں گیارہ بار سورۂ اخلاص پڑھ کر مردوں کو اس کا ایصال ثواب کرے تو مردوں کی تعداد کے برابر ایصال ثواب کرنے والے کو اس کا اجر ملے گا۔ (کشف الخفاء،

Marfat.com

جلد ۱، صفحہ ۲۵۲، حدیث ۲۶۲۹)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

اہل قبور سفارش کریں گے

شفیع مجرمان صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان شاعت نشان ہے، جو قبرستان سے گزرا اور اس نے سورۃ الفاتحہ، سورۃ الاخلاص اور سورۃ التکاثر پڑھی۔ پھر یہ دعا مانگی "یا اللہ عزوجل! میں نے جو کچھ قرآن پڑھا اس کا ثواب مومن مرد و عورت دونوں کو پہنچا تو وہ قبر والے قیامت کے روز اس (ایصال ثواب کرنے والے) کے سفارشی ہوں گے۔ (شرح الصدور، صفحہ ۳۱۱)

ہر بھلے کی بھلائی کا صدقہ اس برے کو بھی کر بھلا یارب!

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

سورۂ اخلاص کا ثواب

حضرت سیدنا حماد کی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں، میں ایک رات مکہ مکرمہ کے قبرستان میں سو گیا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ قبر والے حلقہ در حلقہ کھڑے ہیں میں نے ان سے استفسار کیا، کیا قیامت قائم ہو گئی؟ انہوں نے کہا، نہیں بات دراصل یہ ہے کہ ایک مسلمان بھائی نے سورۃ الاخلاص پڑھ کر ہم کو ایصال ثواب کیا تو وہ ثواب ہم ایک سال سے تقسیم کر رہے ہیں۔ (شرح الصدور، صفحہ ۳۱۲)

سَبَقَتْ رَحْمَتِیْ عَلٰی غَضَبِیْ تو نے جب سے سنا دیا یا رب! عزوجل

اللہ کی رحمت سے تو جنت ہی ملے گی اے کاش! محلے میں جگہ ان کے ملی ہو

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

ام سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے لیے کنواں

حضرت سیدنا سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی، یا رسول اللہ عزوجل و صلی اللہ علیہ وسلم! میری ماں انتقال کر گئی ہیں (میں ان کی طرف سے صدقہ کرنا چاہتا ہوں) کون سا

صدقہ افضل رہے گا؟ سرکار ﷺ نے فرمایا، "پانی" چنانچہ انہوں نے ایک کنواں کھدوایا اور کہا، "یہ ام سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے لیے ہے"۔

(سنن ابی داؤد، جلد ۲، صفحہ ۱۸۰، حدیث ۱۶۸۱، دار الفکر بیروت)

پیارے بھائیو! سیدنا سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا کہنا ہے کہ یہ کنواں ام سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے لیے ہے۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ یہ کنواں سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ماں کے ایصال ثواب کے لیے ہے۔ اِس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ مسلمانوں کا گائے یا بکرے وغیرہ کو بزرگوں کی طرف منسوب کرنا مثلاً یہ کہنا کہ "یہ سیدنا غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بکرا ہے"۔ اس میں کوئی حرج نہیں کہ اس سے مراد بھی یہ ہے کہ یہ بکرا غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ایصال ثواب کے لیے ہے۔ اور قربانی کے جانور کو بھی تو لوگ ایک دوسرے ہی کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ مثلاً کوئی اپنی قربانی کی گائے لیے چلا آ رہا ہو اور اگر آپ اس سے پوچھیں، کہ کس کی گائے ہے؟ تو اس نے یہی جواب دینا ہے، "میری گائے ہے" جب یہ کہنے والے پر اعتراض نہیں تو "غوث پاک کا بکرا" کہنے پر بھی کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا۔ حقیقت میں ہر شے کا مالک اللہ عزوجل ہی ہے اور قربانی کی گائے ہو یا غوث پاک کا بکرا، ہر ذبیحہ کے ذبح کے وقت اللہ عزوجل کا نام لیا جاتا ہے۔ اللہ عزوجل وسوسوں سے نجات بخشے۔ (امین بجاہ النبی الامین ﷺ)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

"دین خیر خواہی کا نام ہے" کے اٹھارہ حروف کی نسبت سے
ایصال ثواب کے 18 مدنی پھول

مدینہ 1۔ فرض، واجب، سنت، نفل، نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج، بیان، درس، مدنی قافلے میں سفر، مدنی انعامات، نیکی کی دعوت، دینی کتاب کا مطالعہ، مدنی کاموں کے لیے انفرادی کوشش وغیرہ ہر نیک کام کا ایصال ثواب کر سکتے ہیں۔

Marfat.com

مدینہ 2۔ میت کا تیجا، دسواں، چالیسواں اور برسی کرنا اچھا ہے کہ یہ ایصال ثواب کے ہی ذرائع ہے۔ شریعت میں تیجے وغیرہ کے عدم جواز (یعنی ناجائز ہونے) کی دلیل نہ ہونا خود دلیل جواز ہے اور میت کے لیے زندوں کا دعا کرنا قرآن کریم سے ثابت ہے جو کہ ایصال ثواب کی اصل ہے۔ چنانچہ

وَالَّذِيْنَ جَآءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ (حشر:10)

''ترجمہ کنز الایمان: اور وہ جو ان کے بعد آئے عرض کرتے ہیں، اے ہمارے رب (عزوجل) ہمیں بخش دے اور ہمارے بھائیوں کو جو ہم سے پہلے ایمان لائے''۔

مدینہ 3۔ تیجے وغیرہ کا کھانا صرف اسی صورت میں میت کے چھوڑے ہوئے مال سے کر سکتے ہیں جب کہ سارے ورثا بالغ ہوں اور سب کے سب اجازت بھی دیں اگر ایک بھی وارث نابالغ ہے تو سخت حرام ہے۔ ہاں بالغ اپنے حصہ سے کر سکتا ہے۔

(ملخص از بہار شریعت، جلد ا، صفحہ ۴، صفحہ ۸۲۲)

مدینہ 4۔ میت کے گھر والے اگر تیجے کا کھانا پکائیں تو (مالدار نہ کھائیں) صرف فقراء کو کھلائیں۔ (ایضاً، صفحہ ۸۵۳)

مدینہ 5۔ ایک دن کے بچے کو بھی ایصال ثواب کر سکتے ہیں، اس کا تیجا وغیرہ بھی کرنے میں حرج نہیں۔

مدینہ 6۔ جو زندہ ہیں ان کو بھی بلکہ جو مسلمان ابھی پیدا نہیں ہوئے ان کو بھی پیشگی (ایڈوانس میں) ایصال ثواب کیا جا سکتا ہے۔

مدینہ 7۔ مسلمان جنات کو بھی ایصال ثواب کر سکتے ہیں۔

مدینہ 8۔ گیارہویں شریف، رجبی شریف (یعنی ۲۲ رجب المرجب کو سیدنا امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کونڈے کرنا) وغیرہ بھی جائز ہے۔ کونڈے ہی میں کھیر کھلانا ضروری نہیں دوسرے برتن میں بھی کھلا سکتے ہیں۔ اس کو گھر سے باہر بھی لے جا سکتے ہیں۔

Marfat.com

مدینہ 9۔ بزرگوں کی فاتحہ کے کھانے کو تعظیماً ''نذر و نیاز'' کہتے ہیں اور یہ نیاز تبرک ہے اسے امیر و غریب سب کھا سکتے ہیں۔

مدینہ 10۔ ایصال ثواب کے کھانے میں مہمان کی شرکت شرط نہیں گھر کے افراد اگر خود ہی کھالیں جب بھی کوئی حرج نہیں۔

مدینہ 11۔ روزانہ جتنی بار بھی کھانا کھائیں اس میں اگر کسی نہ کسی بزرگ کے ایصال ثواب کی نیت کر لیں تو مدینہ ہی مدینہ۔ مثلاً ناشتے میں نیت کریں، آج کا ناشتے کا ثواب سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کے ذریعے تمام انبیاء ے کرام علیہم السلام کو پہنچے۔ دوپہر کو نیت کریں، ابھی جو کھانا کھائیں گے (یا کھایا) اس کا ثواب سرکار غوث اعظم اور تمام اولیائے کرام علیہم الرضوان کو پہنچے، رات کو نیت کریں، ابھی جو کھائیں گے اس کا ثواب امام اہل سنت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن اور ہر مسلمان مرد و عورت کو پہنچے۔

مدینہ 12۔ کھانے سے پہلے ایصال ثواب کریں یا کھانے کے بعد، دونوں طرح درست ہے۔

مدینہ 13۔ ہو سکے تو ہر روز (نفع پر نہیں بلکہ) اپنی بکری کا ایک فیصد اور ملازمت کرنے والے تنخواہ کا ماہانہ کم از کم تین فیصد سرکار غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نیاز کے لیے نکال لیا کریں۔ اس رقم سے دینی کتابیں تقسیم کریں یا کسی بھی نیک کام میں خرچ کریں ان شاء اللہ عزوجل اس کی برکتیں خود ہی دیکھیں گے۔

مدینہ 14۔ مسجد یا مدرسہ کا قیام صدقہ جاریہ اور ایصال ثواب کا بہترین ذریعہ ہے۔

مدینہ 15۔ داستان عجیب، شہزادے کا سر، دس بیبیوں کی کہانی اور جناب سیدہ کی کہانی وغیرہ سب من گھڑت قصے ہیں، انہیں ہرگز نہ پڑھا کریں۔ اسی طرح ایک پمفلٹ بنام ''وصیت نامہ'' لوگ تقسیم کرتے ہیں جس میں کسی ''شیخ احمد'' کا خواب درج ہے یہ بھی جعلی ہے اس کے نیچے مخصوص تعداد میں چھپوا کر بانٹنے کی فضیلت اور نہ تقسیم کرنے کے نقصانات وغیرہ لکھے ہیں ان کا بھی اعتبار نہ کریں۔

Marfat.com

مدینہ 16۔ جتنوں کو بھی ایصال ثواب کریں اللہ عزوجل کی رحمت سے امید ہے کہ سب کو پورا ملے گا۔ یہ نہیں کہ ثواب تقسیم ہو کر ٹکڑے ٹکڑے ملے۔

(ردالمحتار، جلد ۳، صفحہ ۱۸۰ دارالمعرفۃ، بہار شریعت، جلد ۱، حصہ ۴، صفحہ ۸۵۰ ملخصا)

مدینہ 17۔ ایصال ثواب کرنے والے کے ثواب میں کوئی کمی واقعی نہیں ہوتی بلکہ یہ امید ہے کہ اس نے جتنوں کو ایصال ثواب کیا ان سب کے مجموعہ کے برابر اس کو ثواب ملے۔ مثلاً کوئی نیک کام کیا جس پر اس کو دس نیکیاں ملیں اب اس نے دس مردوں کو ایصال ثواب کیا تو ہر ایک کو دس دس نیکیاں پہنچیں گی جب کہ ایصال ثواب کرنے والے کو ایک سو دس اور اگر ایک ہزار کو ایصال ثواب کیا تو اس کو دس ہزار دس وعلی ہذا القیاس۔

(ملخص از فتاوی رضویہ، جلد ۹، صفحہ ۶۲۹ رضا فاؤنڈیشن و بہار شریعت جلد ۱، حصہ ۴، صفحہ ۸۵۰)

مدینہ 18۔ ایصال ثواب صرف مسلمان کو کر سکتے ہیں۔ کافر یا مرتد کو ایصال ثواب کرنا یا اس کو مرحوم کہنا کفر ہے۔

ایصال ثواب کا طریقہ

ایصال ثواب (یعنی ثواب پہنچانا) کے لیے دل میں نیت کر لینا کافی ہے۔ مثلاً آپ نے کسی کو ایک روپیہ خیرات دیا یا ایک بار درود شریف پڑھا یا کسی کو ایک سنت بتائی یا نیکی کی دعوت دی یا سنتوں بھرا بیان کیا۔ الغرض کوئی بھی نیکی کی آپ دل ہی دل میں اس طرح نیت کر لیں مثلاً، ابھی میں نے جو سنت بتائی اس کا ثواب سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پہنچے۔ ان شاء اللہ عزوجل ثواب پہنچ جائے گا۔ مزید جن جن کی نیت کریں گے ان کو بھی پہنچے گا۔ دل میں نیت ہونے کے ساتھ ساتھ زبان سے کہہ لینا سنت صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہے جیسا کہ ابھی حدیث سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں گزرا کہ انہوں نے کنواں کھدوا کر فرمایا۔ "یہ ام سعد کے لیے ہے"۔

ایصال ثواب کا مروجہ طریقہ

آج کل مسلمانوں میں خصوصاً کھانے پر جو فاتحہ کا طریقہ رائج ہے وہ بھی بہت اچھا ہے جن کھانوں کا ایصال ثواب کرنا ہے وہ سارے یا سب میں سے تھوڑا تھوڑا کھانا نیز ایک

Marfat.com

گلاس میں پانی بھر کر سب کچھ سامنے رکھ لیں۔

اب اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ پڑھ کر ایک بار

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ﴿۱﴾ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ﴿۲﴾ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۚ﴿۳﴾
وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ﴿۴﴾ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ؕ﴿۵﴾ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ﴿۶﴾
(ایک بار)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ﴿۱﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ﴿۲﴾ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ﴿۳﴾ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا
اَحَدٌ ﴿۴﴾ (ایک بار)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ﴿۱﴾ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ﴿۲﴾ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ﴿۳﴾
وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۙ﴿۴﴾ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾ (ایک بار)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ اِيَّاكَ
نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ (ایک بار)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ ۚ﴿۱﴾ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۙ﴿۲﴾ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ
بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۙ﴿۳﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ
اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ؕ﴿۴﴾ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى
مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

پڑھنے کے بعد یہ پانچ آیات پڑھیے

Marfat.com

(1) وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶۳﴾ (بقرہ)

(2) اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾ (الاعراف)

(3) وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۷﴾ (الانبیاء)

(4) مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۴۰﴾ (الاحزاب)

(5) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿۵۶﴾ (الاحزاب)

اب درود شریف پڑھیے۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً وَّ سَلَامًا عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

اب ہاتھ اٹھا کر فاتحہ پڑھانے والا بلند آواز سے "الفاتحہ" کہے۔ سب لوگ آہستہ سے سورۃ الفاتحہ پڑھیں۔ اب فاتحہ پڑھانے والا اس طرح اعلان کرے۔ "میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! آپ نے جو کچھ پڑھا ہے اس کا ثواب مجھے دے دیجئے"۔ تمام حاضرین کہہ دیں: "آپ کو دیا"۔ اب فاتحہ پڑھانے والا ایصال ثواب کر دے۔ ایصال ثواب کے الفاظ لکھنے سے قبل امام اہل سنت اعلیٰ حضرت مولانا شاہ احمد رضا خان علیہ رحمۃ اللہ الرحمٰن فاتحہ سے قبل جو سورتیں وغیرہ پڑھتے تھے وہ تحریر کرتا ہوں۔

اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فاتحہ کا طریقہ

ایک بار

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

ایک بار

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ
وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ
وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ﴿۲۵۵﴾

تین بار

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ﴿۱﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ﴿۲﴾ لَمْ یَلِدْ ۙ وَلَمْ یُوْلَدْ ﴿۳﴾ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿۴﴾

ایصال ثواب کے لیے دعا طریقہ

یا اللہ عزوجل جو کچھ پڑھا گیا (اگر کھانا وغیرہ ہے تو اس طرح سے بھی کہیں) اور جو کچھ کھانا وغیرہ پیش کیا گیا ہے بلکہ آج تک جو کچھ ٹوٹا پھوٹا عمل ہو سکا ہے اس کا ثواب ہمارے ناقص عمل کے لائق نہیں بلکہ اپنے کرم کے شایان شان مرحمت فرما۔ اور اسے ہماری جانب سے اپنے پیارے محبوب، دانائے غیوب ﷺ کی بارگاہ میں نذر پہنچا۔ سرکار مدینہ ﷺ کے توسط سے تمام انبیائے کرام علیہم السلام تمام صحابہ کرام علیہم الرضوان تمام اولیائے عظام رحمہم اللہ کی جناب میں نذر پہنچا۔ سرکار مدینہ ﷺ کے توسط سے سیدنا آدم صفی اللہ علیہ السلام سے لے کر اب تک جتنے انسان و جنات مسلمان ہوئے یا قیامت تک ہوں گے سب کو پہنچا اس دوران جن جن بزرگوں کو خصوصاً ایصال ثواب کرنا ہے ان کا نام بھی لیتے جائیں۔ اپنے ماں باپ اور دیگر رشتے داروں اور اپنے پیر و مرشد کو ایصال ثواب کریں۔ (فوت شدگان میں سے جن جن کا نام لیتے ہیں ان کو خوشی حاصل ہوتی ہے۔)

اب حسب معمول دعا ختم کر دیں۔ (اگر تھوڑا تھوڑا کھانا اور پانی نکالا تھا تو وہ دوسرے کھانوں اور پانی میں ڈال دیں)

خبردار!

جب بھی آپ کے یہاں نیاز یا کسی سم کی تقریب ہو، جماعت کا وقت ہوتے ہی کوئی مانع شرعی نہ ہوتو انفرادی کوشش کے ذریعے تمام مہمانوں سمیت نماز باجماعت کے لیے مسجد کا رخ کریں۔ بلکہ ایسے اوقات میں دعوت ہی نہ رکھیں کہ بیچ میں نماز آئے اور سستی کے باعث معاذ اللہ عزوجل جماعت فوت ہوجائے۔ دوپہر کے کھانے کے لیے بعد نماز ظہر اور شام کے کھانے کے لیے بعد نماز عشاء مہمانوں کو بلانے میں غالباً باجماعت نمازوں کے لیے آسانی ہے۔ میزبان، باورچی، کھانا تقسیم کرنے والے وغیرہ سبھی کو چاہیے کہ وقت ہو جائے تو سارا کام چھوڑ کر باجماعت نماز کا اہتمام کریں۔ بزرگوں کی ''نیاز'' کی مصروفیت میں اللہ عزوجل کی ''نماز باجماعت'' میں کوتاہی بہت بڑی غلطی ہے۔

مزار پر حاضری کا طریقہ

بزرگوں کے پاس قدموں کی طرف سے حاضر ہونا چاہیے، پیچھے سے آنے کی صورت میں انہیں مڑ کر دیکھنے کی زحمت ہوتی ہے۔ لہٰذا مزار اولیاء پر بھی پائنتی (قدموں) کی طرف سے حاضر ہوکر قبلہ کو پیٹھ اور صاحب مزار کے چہرے کے طرف رخ کر کے کم از کم چار ہاتھ (دو گز) دور کھڑا ہو اور اس طرح سلام عرض کرے،

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا وَلِیَّ اللّٰہِ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہٗ

ایک بار سورۂ الفاتحہ اور 11 بار سورۃ الاخلاص (اول آخر ایک بار درود شریف) پڑھ کر ہاتھ اٹھا کر اوپر دیئے ہوئے طریقے کے مطابق (صاحب مزار کا نام لے کر بھی) ایصال ثواب کرے اور دعا مانگے۔ احسن الوعاء میں ہے، ولی کے قرب میں دعا قبول ہوتی ہے۔

الٰہی واسطہ کل اولیاء کا مرا ہر ایک پورا مدعا ہو

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

Marfat.com

ظاہری و باطنی بیماریوں کا روحانی علاج

Marfat.com

فضائل وخصائصِ آیات

بیماری میں مبتلا آدمی کے لئے افاقہ

بیہقی، ابن السنی اور ابوعبیدہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے بیماری میں مبتلا آدمی کے کان میں کچھ پڑھا تو اسے افاقہ ہوگیا۔ آقا دوجہاں ﷺ نے ارشاد فرمایا! تم نے اس کے کان میں کیا پڑھا؟ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے عرض کیا:

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾

آیات شفاء

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۴﴾ وَيُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوْبِهِمْ (التوبہ: آیت ۱۴، ۱۵)

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۷﴾ (سورۃ یونس، آیت ۵۷)

يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ (النحل: 69)

وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ﴿۸۲﴾ (سورۃ الاسراء آیت ۸۲)

الَّذِيْ خَلَقَنِيْ فَهُوَ يَهْدِيْنِ ﴿۷۸﴾ وَالَّذِيْ هُوَ يُطْعِمُنِيْ وَ يَسْقِيْنِ ﴿۷۹﴾ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ۔ (سورۃ الشعراء، آیت ۷۸ تا ۸۰)

Marfat.com

قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ؕ (سورۃ فصلت، آیت ۴۴)

فضیلت: ابوالقاسم قشیری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے منقول ہے وہ فرماتے ہیں کہ ان کا بچہ بیمار ہوگیا اس کی بیماری اتنی سخت تھی کہ وہ قریب المرگ ہوگیا وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو خواب میں دیکھا اور حضور کی خدمت میں بچے کا حال عرض کیا حضور ﷺ نے فرمایا! تم آیات شفاء سے کیوں دور رہتے ہو کیوں ان سے تمسک نہیں کرتے اور شفاء نہیں مانگتے۔

میں بیدار ہوگیا اور اس پر غور کرنے لگا تو میں نے ان آیات شفاء کو کتاب الٰہی میں چھ (۶) جگہ پایا۔

میں نے آیات کو لکھا اور پانی میں گھول کر بچے کو پلا دیا اور وہ بچہ اسی وقت شفاء پا گیا گویا کہ اس کے پاؤں سے گرہ کھول دی گئی ہو۔ (مدارج النبوۃ)

جو ان آیات شفاء کو زعفران سے لکھ کر مریض کو پلا دے، ان شاء اللہ شفاء کلی عطا ہوگی۔

زوجین میں محبت کا روحانی علاج

زوجین میں سے کوئی بھی ناراض ہو تو اس آیت کو شیرینی پر دم کر کے کھلا دیں، ان شاء اللہ مہربان ہو جائے گا، مگر اس آیت کو ناجائز کاموں میں استعمال نہ کریں۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ﴿۱۶۵﴾ (سورۂ بقرۃ۔ آیت ۱۶۵)

پھیپھڑے کے درد کا علاج

وظیفہ

(۱) اگر کسی کے پھیپھڑوں میں درد ہو یا پانی بھر گیا ہو تو اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود شریف اور گیارہ مرتبہ سورۃ رحمٰن کی ابتداء "الرحمٰن" سے لے کر انیسویں آیت "مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ

Marfat.com

یَلْتَقِلٰنِ ﴿۱۹﴾ " (سورۃ الرحمٰن، آیت نمبر ۱۹) تک پڑھ کر دم کر کے اکتالیس دن تک مسلسل مریض کو پلایا جائے، ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

دوسرا وظیفہ

یٰس سے لے کر اَحْصَیْنٰهُ فِیْٓ اِمَامٍ مُّبِیْنٍ۔

فضیلت: مریض کو سورۃ یٰس کی شروع کی بارہ آیتیں پانی پر دم کر کے پلائیں، ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

کھانسی کا علاج

وظیفہ

(۲) " وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ ﴿۲۰﴾ (سورۃ ص، ۲۰)

فضیلت: اگر کسی کو کھانسی ہو جائے تو یہ آیت ۲۱ مرتبہ سادہ نمک پر دم کر کے چٹایا جائے۔

بکثرت چھینکوں کا علاج

وظیفہ

(۳) " اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ﴿۱﴾

(سورۃ الکہف)

فضیلت: اگر کسی کو نزلہ کی وجہ سے چھینکیں بکثرت آتی ہیں تو گیارہ مرتبہ اس آیت کو کسی کھانے کی چیز پر پڑھ کر مریض کو کھلا دیا جائے۔

پائیوریا (PHYORRHEA) کا علاج

(۴) اس مرض میں مسوڑھوں میں ورم ہو جاتا ہے اور مسوڑھوں سے بدبودار پیپ نکلتی ہے جس کی وجہ سے منہ سے بدبو آتی ہے۔ اور جب یہ مرض شدت اختیار کرتا ہے تو پھر سانس بھی بدبودار ہو جاتی ہے۔

Marfat.com

پائیوریا کا وظیفہ

(۱) وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۭ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ⑬ (الانعام)

فضیلت: اس آیت کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں ان شاء اللہ پائیوریا کا عارضہ جاتا رہے گا، منہ کی بدبو بھی ختم ہو جائے گی۔

دماغ کی کمزوری کا علاج

وظیفہ

(۱) ''فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ ۚ وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا ۡ وَّسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ ۭ وَكُنَّا فٰعِلِيْنَ ⑲ (سورۃ الانبیاء، آیت نمبر ۷۹)

فضیلت: دماغ کی کمزوری کے واسطے اس آیت کا روزآنہ بعد نماز فجر دس مرتبہ پڑھنا مفید ہے۔

پھولا کا علاج

وظیفہ

اگر کسی کو پھولا (آنکھ کی سیاہی پر سفید دھبّا) کا عارضہ لاحق ہو گیا ہو تو دوسرا شخص باوضو ہو کر نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد ہر روز سورۂ اخلاص پڑھ کر مریض کی آنکھوں پر دم کرے ان شاء اللہ بیماری ختم ہو جائے گی۔

آنکھوں کے جالے کا علاج

وظیفہ

سورۃ تکویر (پارہ ۳۰) پڑھ کر آنکھوں پر دم کرنے سے جالا دفع ہو جاتا ہے۔

ناخونہ کا علاج

وظیفہ

تین بار سورۃ الاخلاص پڑھ کر آنکھوں پر دم کیا جائے تو ان شاء اللہ ناخونہ (آنکھ کی ایک

Marfat.com

بیماری جس میں سفیدی مائل گوشت آنکھ کے کوے میں پیدا ہو جاتا ہے) ختم ہو جائے گا۔

سر میں پانی بھر جانے کا علاج

وظیفہ

فضیلت: دل کی بے سکونی یا گھبراہٹ سے دل ڈوبا جارہا ہو تو اس اسم مبارک کو سو ۱۰۰ مرتبہ روز آنہ پڑھے، ان شاء اللہ بے سکونی اور گھبراہٹ دور ہو جائے گی۔

تہمتِ ناحق سے بدنامی کا ڈر ہو

وظیفہ

یا غَوْثُ مُحِیُّ الدِّیْنِ عَبْدَالْقَادِرُ جِیْلَانِیُ قُطْبُ اللّٰہِ۔

فضیلت: اگر کوئی شخص مصیبت میں ہو یا ناحق تہمت لگنے سے بدنامی کا ڈر ہو تو اسے چاہئے کہ اس اسم کو بعد نماز تہجد ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے، ان شاء اللہ عزت و آبرو محفوظ رہے گی۔

لاعلاج مرض کا علاج

وظیفہ

صَلَّ اللّٰہُ عَلَیْکَ یَا شَفِیْعَ الْمُذْنِبِیْنَ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا اَحْمَدِ مُجْتَبٰی مُحَمَّدِ مُصْطَفٰی وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَاَحْبَابِہٖ وَذُرِّیَّاتِہٖ وَاَھْلِ

Marfat.com

بَیْتِہٖ وَاَھْلِ طَاعَتِکَ اَجْمَعِیْنَ۔

فضیلت: اگر کسی شخص کو کہیں سے بھی شفاء نہ ملے تو روزآنہ تین سو تیرہ ۳۱۳ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیں، ان شاء اللہ شفاء نصیب ہوگی۔

ہائی بلڈ پریشر سے نجات

وظیفہ

وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ

فضیلت: ہائی بلڈ پریشر کے مریض کو یہ دعا سو ۱۰۰ مرتبہ پانی پر دم کر کے اس پانی کو صبح، دوپہر اور شام تین مرتبہ دن میں پلائیں، ساٹھ دن تک یہ عمل جاری رکھیں، ان شاء اللہ شفاء نصیب ہوگی۔

جسم میں خون کی کمی ہو تو

وظیفہ

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا یَنْبَغِی الصَّلٰوۃَ عَلَیْہِ

فضیلت: جسم میں خون کی کمی کے لئے اس درود شریف کو ہر نماز کے بعد پانچ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئیں چالیس روز تک یہ عمل کریں، جسم میں وافر مقدار میں اچھا خون پیدا ہوگا۔

منہ کی بدبو زائل کرنے کے لئے

وظیفہ

ھُوَالْبَارِئُ لَہُ الْأَسْمَآءُ الْحُسْنٰی

فضیلت: اگر کسی کے منہ سے بدبو آتی ہو تو ان کلمات کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر نمک ملے پانی پر دم کر کے غرارہ کرے اس عمل کو صبح سو کر اٹھنے کے بعد اور رات کو سونے سے پہلے دن میں دو مرتبہ کرے، ان شاء اللہ سات روز میں شفاء نصیب ہوگی۔

Marfat.com

مالک مکان خالی نہ کرائے

وظیفہ

اگر مالک مکان ناجائز تنگ کرے اور مکان خالی کرنے کا مطالبہ کرے تو روز آنہ سات سو چھیاسی مرتبہ بسم اللہ شریف اکیس روز تک عشاء کی نماز کے بعد پڑھیں، مالک مکان اپنا مطالبہ واپس لے لے گا۔

آواز میں ترنُّم پیدا کرنے کے لئے

وظیفہ

قاری اور نعت خواں حضرات کے لئے بہترین وظیفہ ہے۔ سونے سے پہلے ایک سو اکیس مرتبہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا کریں ان شاء اللہ آواز میں ترنُّم پیدا ہوگا۔

بیوی کو باحیا اور باپردہ بنانے کے لئے

وظیفہ

شَهِدَ اللّٰهُ أَنَّهٗ لَا إِلٰـهَ إِلَّا هُوَ حَكِيْمٌ

فضیلت: ان کلمات کو ایک سو پچیس (۱۲۵) مرتبہ پڑھ کر شیرنی پر دم کر کے کھلا دیں ان شاء اللہ بیوی باحیاء اور باپردہ ہو جائے گی۔

شادی پسند کے مطابق ہو

وظیفہ

اَغِثْنِیْ، اَغِثْنِیْ، اَغِثْنِیْ یَا مُغِیْثُ

فضیلت: ان کلمات کو روزآنہ ۵۰۰ پانچ سو مرتبہ اکیس دن تک پڑھیں، دوران عمل اپنے دل میں مقصد کا خیال رکھیں، ان شاء اللہ کامیابی نصیب ہوگی۔

ہچکی کا علاج

وظیفہ

تین سانس میں پانی پیئے، اور ہر سانس پر سات مرتبہ "یاحفیظُ" کہے ان شاء اللہ ہچکی بند ہو جائے گی۔

دمہ کا علاج

وظیفہ: اَلشَّکُوْرُ

ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلا دیں ان شاء اللہ شفاء ہو گی۔

خواب میں ڈر لگنا یا چونک پڑنا

وظیفہ

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِہٖ وَعِقَابِہٖ وَشَرِّ عِبَادِہٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّیٰطِیْنِ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ۔

فضیلت: جو شخص خواب میں چونک پڑتا ہو یا نیند نہ آتی ہو، یا خوف معلوم ہوتا ہو تو سوتے وقت یہ دعا پڑھنی چاہیے۔

کسی کے گھر میں اکثر بیماری ہو تو

وظیفہ

اگر کسی کے گھر میں اکثر بیماری رہتی ہو تو جس گلاس سے سب گھر والے پانی پیتے ہوں اس پر روزآنہ ایک سو گیارہ مرتبہ اللہ، السلام، الرحمٰن، پڑھ کر دم کریں، اور اس گلاس سے سب کو پانی پلائیں ان شاء اللہ گھر سے بیماری ختم ہو جائے گی۔

Marfat.com

ظالم کے پنجے سے رہائی پانے کے لئے

وظیفہ

یَا غِیَاثِیْ عِنْدَ کُلِّ کُرْبَۃٍ وَمَعَاذِیْ عِنْدَ کُلِّ شِدَّۃٍ وَ مُوْنِسِیْ عِنْدَ کُلِّ وَحْشَۃٍ وَمُجِیْبِیْ عِنْدَ کُلِّ دَعْوَۃٍ وَرَجَائِیْ حِیْنَ تَنْقَطِعُ حِیْلَتِیْ یَا غِیَاثِیْ۔

فضیلت: جو شخص روزانہ ۹۹ مرتبہ پڑھے ظالم کے شکنجے سے نجات پائے۔

لوگوں میں محترم رہنے کے لئے

وظیفہ

یَا قَرِیْبَ الْمُتَعَالِیْ فَوْقَ کُلِّ شَیْءٍ عُلُوُّ اِرْتِفَاعِہٖ یَا قَرِیْبُ ۔

فضیلت: اس دعا کو پڑھنے کی عادت بنانے والا لوگوں کے نزدیک محترم رہیگا۔

اگر اولاد تنگ کرتی ہو تو

وظیفہ

یَا حَنَّانُ اَنْتَ الَّذِیْ وَسِعْتَ کُلَّ شَیْءٍ رَّحْمَۃً وَّ عِلْمًا یَا حَنَّانُ۔

فضیلت: روزانہ عصر کی نماز کے بعد ایک سو انیس ۱۱۹ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کریں ان شاء اللہ اولاد نیک ہو جائے گی۔

غیبی امداد کے لئے

وظیفہ

یَا کَبِیْرُ اَنْتَ الَّذِیْ لَا تَهْتَدِی الْعُقُوْلُ بِوَصْفِ عَظْمَتِہٖ یَا کَبِیْرِ۔

فضیلت: ادائے قرض اور غیبی امداد کے لیے ۳۶۰ مرتبہ پڑھے۔

Marfat.com

ہر بیماری سے محفوظ رہنے کا نسخہ

وظیفہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاکَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا

فضیلت: تاجدار مدینہ، راحت قلب وسینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص کسی مصیبت زدہ کو دیکھ کر یہ دعا پڑھے گا وہ اس بلا، مصیبت اور بیماری سے محفوظ رہیگا۔ (بخاری شریف) مثلاً، فالج، بلڈ پریشر، ہارڈ اٹیک، ایڈز، کینسر، شوگر، دیگر حادثات، ہیپاٹائیٹس، وغیرہ، یا کسی بھی بیماری میں مبتلا مریض کو دیکھ کر پڑھنے سے خود پڑھنے والا ان شاء اللہ محفوظ و مامون رہے گا۔

سات دنوں کے وظائف

امام غزالی علیہ رحمۃ فرماتے ہیں میں نے ان اوراد سے بہت کچھ پایا۔

جمعہ کے دن اَللّٰهُ هُوَ (سو ۱۰۰) مرتبہ پڑھنے سے تنگی دور ہو جائے گی۔

ہفتہ کے دن لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ (سو ۱۰۰) مرتبہ پڑھنے سے تمام غم دور ہو جائیں گے۔

اتوار کے دن یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ (ایک ہزار ۱۰۰۰) مرتبہ پڑھنے سے غیب سے روزی ملے گی۔

پیر کے دن یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ (ایک ہزار ۱۰۰۰) مرتبہ پڑھنے سے غیب سے روزی بڑھے گی۔

منگل کے دن صَلَّی اللّٰهُ عَلَی النَّبِیِّ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ (ایک ہزار ۱۰۰۰) مرتبہ پڑھنے سے ہر بلا ٹل جائے گی۔

بدھ کے دن (ایک ہزار ۱۰۰۰) مرتبہ اَسْتَغْفَار پڑھنے سے قبر کے عذاب سے نجات ملے گی۔

جمعرات کے دن لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ (ایک ہزار ۱۰۰۰) مرتبہ سے مالا مال ہو جائیگا۔

Marfat.com

دل کے درد اور ہارڈ اٹیک سے نجات کا نسخہ

وظیفہ

جو شخص سنت کے مطابق سوئے، (یعنی سیدھے کروٹ پر لیٹے اور اپنا سیدھا ہاتھ سیدھے رخسار کے نیچے رکھے،) اس طرح سونے والے کو کبھی بھی دل کی بیماریاں نہیں ہوں گی۔ اور وہ دل کے درد اور ہارڈ اٹیک سے محفوظ رہے گا۔

اندھے پن سے محفوظ رہنے کا نسخہ

وظیفہ

جو شخص حضور سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام مبارک پر اپنے انگوٹھوں کو چوم کر آنکھوں سے لگانے کا عادی ہوگا، نہ اس کی کبھی آنکھیں دکھیں گی، اور نہ وہ کبھی اندھا ہوگا۔

دین، جان، مال، اولاد کی حفاظت کا نسخہ

وظیفہ

بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی دِیْنِیْ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی نَفْسِیْ وَوُلْدِیْ وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ۔

فضیلت: تین تین مرتبہ صبح وشام پڑھنے سے دین، جان ومال اور اولاد محفوظ رہیں گے۔

ایمان پر خاتمہ کا نسخہ

وظیفہ

اَبُو الْعَبَّاسْ بَلْیَا بِنْ مَلْکَانْ

فضیلت: یہ حضرت خضر علیہ السلام کی کنیت، نام مع ولدیت ہے۔ جو مسلمان اس کو یاد رکھے گا تو اس کا خاتمہ ایمان پر ہوگا۔

یرقان کا علاج

وظیفہ

تین سو بار ۳۰۰ "یَا حَسِیْبُ" پانی پر دم کر کے (۲۱) اکیس دن تک مریض کو پلائیں ان شاء اللہ یرقان ختم ہو جائے گا۔

بخار اتارنے کا طریقہ

وظیفہ

بخار کے مریض کی پشت پر شہادت کی انگلی سے کلمات اذان لکھیں، ان شاء اللہ فوراً ہی آرام آجائے گا۔

قرض واپس لینے کا طریقہ

وظیفہ

یَا اَللّٰہُ ،یَا فَتَّاحُ ، یَاجَامِعُ

فضیلت: اگر کوئی شخص رقم واپس نہ کرتا ہو تو یہ اسم مبارک سو ۱۰۰ مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھے۔

پاگل پن، کوڑھ، اندھا پن، فالج کا علاج

وظیفہ

سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَ بِحَمْدِہٖ وَ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔

فضیلت: جو شخص اس دعا کو فجر کی نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے گا وہ مذکورہ چاروں بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔

Marfat.com

جادو کے توڑ کے لئے

وظیفہ

اَسْاَلُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَنْ یَّشْفِیَکَ

فضیلت: سات مرتبہ یہ دعا پڑھ کر دم کریں جادو کا اثر ختم ہو جائے گا۔

قرض غیب سے ادا ہونے کا نسخہ

وظیفہ

یَا حَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ

فضیلت: جو شخص روزانہ اس دعا کو سو مرتبہ پابندی سے پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس کا قرض غیب سے ادا فرما دے گا۔

فضیلت: جس جگہ زہریلہ جانور کاٹ لے اس جگہ انگلی گھماتے ہوئے ایک سانس میں سات مرتبہ اس آیت مبارکہ کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے چھینٹا مارے یا کان میں دم کر دیں ،ان شاء اللہ زہر کا اثر جاتا رہے گا۔

نیند میں ڈرنے اور گھبرانے کا علاج

وظیفہ

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِہٖ وَعِقَابِہٖ وَشَرِّ عِبَادِہٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّیٰطِیْنِ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ۔

فضیلت: نیند میں ڈر لگے تو اس وظیفہ کو ۱۲۱ کیس مرتبہ پڑھیں، ڈر بالکل ختم ہو جائے گا۔

نماز میں دل لگانے کا وظیفہ

یَا اَللّٰہُ، یَاغَفَّارُ، یَاقَادِرُ

فضیلت: ان اسماء مبارکہ کو سونے سے قبل ۱۲۱ کیس مرتبہ پڑھ لیں، ان شاء اللہ نیک

اعمال اور نماز میں دل لگے گا۔

سواری بخیر وعافیت پہنچ جائے

وظیفہ: یانَافِعُ

فضیلت: جو سواری پر سوار ہونے کے بعد اس اسم کو ۳۱۳ مرتبہ پڑھے گا، وہ خیر و عافیت کے ساتھ منزل مقصود پر پہنچ جائے گا۔

کسی کام کی تدبیر سمجھ نہ آتی ہو

وظیفہ: یَارَشِیْدُ

فضیلت: جس شخص کو اپنے کسی بھی کام کی تدبیر سمجھ میں نہ آتی ہو کہ کیا کرے وہ مغرب وعشاء کی نماز کے درمیان میں اس اسم مبارک کو ایک ہزار مرتبہ ۱۰۰۰ پڑھے، ان شاء اللہ کام کی تدبیر خواب میں سمجھ آجائے گی، یا دل میں القاء ہو جائے گا۔

سُستی کاہلی دور کرنے کا وظیفہ

وظیفہ: یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ

فضیلت: فجر کی نماز کے بعد سے سورج نکلنے تک اس اسم کو پڑھے، ان شاء اللہ سستی اور کاہلی دور ہو جائے گی۔

نوکری نہ ملتی ہو

وظیفہ: یَا اَللّٰہُ ، یَابَاسِطُ

فضیلت: روزآنہ ان اسمائے مبارکہ کو ۳۱۳ مرتبہ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں، انشاء اللہ اچھی نوکری مل جائے گی۔

Marfat.com

دانتوں کے درد کا خاتمہ

وظیفہ

اعلیحضرت علیہ رحمۃ فرماتے ہیں: جس کے دانتوں میں درد ہو تو وہ وتر کی پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ نصر پڑھے، اور دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ لہب پڑھے، اور تیسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص پڑھے، اس نے ایسا عمل کیا تو ان شاء اللہ اس کے دانت اتنے مضبوط ہو جائیں گے کہ اگر سو سال بھی زندہ رہا تو گنا کھائے گا۔

حاسدین کی زبانیں بند کروانے کے لئے

وظیفہ: اَلصَّبُوْرُ

فضیلت: جو شخص طلوع آفتاب سے پہلے سو (۱۰۰) مرتبہ اس اسم کو پڑھے وہ اس دن ہر مصیبت سے محفوظ رہے گا۔ اور دشمنوں اور حاسدوں کی زبانیں بند رہیں گی۔ کوئی شخص کسی بھی طرح کی پریشانی میں گرفتار ہو، وہ ایک ہزار بیس مرتبہ اس اسم کو پڑھے، ان شاء اللہ اطمینانِ قلب نصیب ہوگا۔

علماء و صلحاء میں عزت پانے کا نسخہ

وظیفہ: یَا کَرِیْمُ

فضیلت: جو شخص روزآنہ سوتے وقت اس اسم کو پڑھتے پڑھتے سو جایا کرے اللہ تعالی اس کو علماء اور صلحاء میں عزت عطا کرے گا۔

امتحان میں کامیابی

وظیفہ: یَا حَسِیْبُ

فضیلت: اگر کسی طالب علم کو نتیجہ برا آتا معلوم ہو تو گیارہ سو گیارہ مرتبہ تین دن تک ایک وقت میں باوضو قبلہ رخ ہو کر پڑھے ان شاء اللہ نتیجہ حسب مراد ہوگا۔

اگر چہرہ بے رونق اور سیاہ ہو جائے

وظیفہ: یَا اَللّٰہُ ، یَا مُصَوِّرُ ، یَامٰلِکُ

فضیلت: اگر چہرہ بے رونق اور سیاہ ہو جائے ، یا سیاہی مائل ہو جائے ، تو ہر نماز کے بعد ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے چہرے پر پھیرے، ان اللہ شفاء نصیب ہو گی۔

اگر سر کے بال گرتے ہوں

وظیفہ: یَا اللّٰہُ ،یا بارِئُ ، یا کَبِیْرُ

فضیلت: ہر نماز کے بعد تین سو تیرہ ۳۱۳ مرتبہ پڑھ کر بالوں پر دم کریں۔

کان کے درد سے نجات کے لئے

وظیفہ: یاسَمِیْعُ

فضیلت: جب کسی کے کان میں درد ہو تو روئی پر اس اسم مبارک کو دم کر کے روئی کان میں رکھ لے، ان شاء اللہ آرام آ جائے گا۔

کمر کے درد سے چھٹکارے کے لئے

وظیفہ: یَا اَللّٰہُ، یَاحَکِیْمُ

فضیلت: اگر کسی کی کمر میں درد ہو تو پانچوں نمازیں پابندی سے ادا کرے، اور ظہر کی نماز کے بعد ۱۴ مرتبہ ان اسمائے مبارکہ کو پڑھیں، ان شاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

جوڑوں اور گھٹنوں کا درد ختم کرنے کے لئے

وظیفہ: یَا مَالِکُ ، یَاقُدُّوْسُ

فضیلت: ہر نماز کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر یائی ۱۷ مرتبہ پڑھیں ، درد ختم ہو جائے گا۔

Marfat.com

گیس کی بیماری سے نجات

وظیفہ: یامُحْیُ

فضیلت: جو شخص سات مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھ کر اپنے سینے پر دم کرے تو ان شاء اللہ گیس کی بیماری سے نجات پائے گا۔

ریڑھ کی ہڈی، جوڑوں کے درد سے نجات

وظیفہ: یاغَنِیُّ

فضیلت: جو شخص چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے، اس اسم مبارک کا ورد کرے گا، ان شاء اللہ اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ اسے ریڑھ کی ہڈی، گھٹنوں، جوڑوں کے درد کے نجات عطا فرمائے گا۔

شراب نوشی، بدکاری سے نجات

وظیفہ: اَلْبَرُّ

فضیلت: جو شخص شراب نوشی، زنا کاری، بدکاری وغیرہ کاموں میں ملوث ہو تو وہ اس اسم مبارک کو روزآنہ سات مرتبہ پڑھے ان شاء اللہ بری خصلتیں ختم ہو جائیں گی۔

Marfat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

مختلف مدنی پھول

درود شریف کی فضیلت

حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی مکرم، نور مجسم رسول اکرم، شہنشاہ بنی آدم ﷺ کا فرمان مشکبار ہے: ”مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ وَاحِدَۃً صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ عَشْرَ صَلٰوتٍ وَحُطَّتْ عَنْهُ عَشْرُ خَطِیَّاتٍ وَ رُفِعَتْ لَهٗ عَشْرُ دَرَجَاتٍ یعنی جس نے مجھ پر ایک بار درود پاک پڑھا، اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے اور اس کے دس گناہ معاف کیے جائیں گے اور اس کے دس درجے بلند کیے جائیں گے“۔
(مشکاۃ المصابیح، جلد 1، صفحہ 189 حدیث 922)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

”مجدّد اعظم مولانا امام احمد رضا کے پچیس حروف کی نسبت سے کھجور کے 25 مدنی پھول

(1) طبیبوں کے طبیب، اللہ کے حبیب، حبیب لبیب عزوجل و ﷺ کا فرمان صحت نشان ہے: عالی رتبہ عجوہ (مدینہ منورہ کی سب سے عظیم کھجور کا نام) میں ہر بیماری سے شفاء ہے۔ علامہ بدرالدین عینی حنفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی روایت کے مطابق ”سات روز تک روزانہ سات عدد عجوہ کھجور کھانا جذام (یعنی کوڑھ) کو روکتا ہے“۔ (عمدۃ القاری، جلد 14، صفحہ 446)

(2) میٹھے میٹھے آقا کی مدنی مصطفیٰ ﷺ کا فرمان جنت نشان ہے: عمدہ کھجور جنت سے ہے، اس میں زہر سے شفا ہے۔ (سنن الترمذی، جلد 4، صفحہ 18، حدیث 2083)

بخاری شریف کی روایت کے مطابق جس نے نہار منہ عجوہ کھجور کے سات دانے کھا

Marfat.com

لیے اس دن اسے جادو اور زہر بھی نقصان نے دے سکیں گے۔
(صحیح البخاری، جلد3، صفحہ540، حدیث5445)

کیا حدیث میں بتایا ہوا علاج ہر ایک کر سکتا ہے؟

احادیث مبارکہ میں بیان کردہ علاج بھی اپنی مرضی سے نہیں کرنے چاہئیں۔ بے شک سرکار مدینہ ﷺ کے فرامین والا شان حق، حق اور حق ہی ہیں۔ مگر جو علاج نبیوں کے سرتاج، صاحب معراج ﷺ نے تجویز فرمائے ہیں ہو سکتا ہے وہ خاص خاص موقعوں، موسموں کی مناسبتوں اور مخصوص لوگوں کے مزاجوں اور طبیعتوں کے موافق ہوں جیسا کہ حضرت مفتی احمد یار خان علیہ رحمۃ الحنان اس حدیث پاک فِی الحَبَّۃِ السوداءِ شِفاءٌ مِّنْ کُلِّ داءٍ اِلَّا السَّامَ یعنی کالا دانہ (کلونجی) میں موت کے سوا ہر بیماری سے شفا ہے"۔ کے تحت فرماتے ہیں: ہر مرض (میں شفا) سے مراد ہر بلغمی اور رطوبت کے امراض میں (شفا ہے)، کیونکہ کلونجی گرم اور خشک ہوتی ہے لہٰذا مرطوب (یعنی تری والی) اور سردی کی بیماریوں میں مفید ہو گی۔ آگے چل کر مزید فرماتے ہیں: یہاں مراد عرب کی عام بیماریاں ہیں (مرقات) یعنی کلونجی عرب کی عام بیماریوں میں مفید ہے۔ خیال رہے کہ احادیث شریفہ کی دوائیں کسی حاذق طبیب (یعنی ماہر طبیب) کی رائے سے استعمال کرنی چاہئیں۔ (اہل عرب کو تجویز کردہ دوائیں) صرف (اپنی) رائے سے استعمال نہ کریں کہ ہمارے (طبعی) مزاج اہل عرب کے (طبعی) مزاج سے جداگانہ ہیں۔ (مراۃ، جلد۶، صفحہ۲۱۶، ۲۱۸، ضیاء القرآن پبلی کیشنز: مرکز الاولیاء لاہور) ساتھوں ساتھ یہ بھی خاص تاکید ہے کہ اس کتاب میں دیا ہوا کوئی بھی نسخہ اپنے طبیب سے مشورہ کیے بغیر استعمال نہ کیا جائے اگرچہ یہ نسخہ اسی بیماری کے لیے ہو جس سے آپ دوچار ہوں۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ لوگوں کی طبعی (طب، ع) کیفیات جدا جدا ہوتی ہیں، ایک ہی دوا کسی کے لیے آب حیات کا کام دکھاتی ہے تو کسی کے لیے موت کا پیام لاتی ہے۔ لہٰذا آپ کی جسمانی کیفیات سے واقف آپ کا مخصوص طبیب ہی بہتر طے کر سکتا ہے کہ آپ کو کون سا نسخہ موافق ہو سکتا ہے اور کون سا

Marfat.com

نہیں۔ کیوں کہ کتاب میں علاج کے طریقے بیان کرنا اور ہے جب کہ کسی خاص مریض کا علاج کرنا اور۔

(3) سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، کھجور کھانے سے قولنج (یعنی بڑی انتڑ کا درد) نہیں ہوتا۔ (کنزل العمال، جلد ۱۰، صفحہ ۱۲، حدیث ۲۸۱۹۱)

(4) طبیبوں کے طبیب، اللہ کے حبیب، حبیب لبیب عزوجل و صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان شفاء نشان ہے: نہار منہ کھجور کھاؤ اس سے پیٹ کے کیڑے مرجاتے ہیں۔

(الجامع الصغیر، ص ۳۹۸، حدیث ۶۳۹۴)

(5) حضرت سیدنا ربیع بن خثیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: میرے نزدیک حاملہ کے لیے کھجور سے اور مریض کے لیے شہد سے بہتر کسی چیز میں شفا نہیں۔ (الدر المنثور، جلد ۵، صفحہ ۵۰۵)

(6) سیدی محمد احمد ذہبی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں: حاملہ کو کھجوریں کھلانے سے ان شاء اللہ عزوجل لڑکا پیدا ہوگا جو کہ خوبصورت بردبار اور نرم مزاج ہوگا۔

(7) جو فاقہ کی وجہ سے کمزور ہو گیا ہو اس کے لیے کھجور بہت مفید ہے کیونکہ یہ غذائیت سے بھرپور ہے اس کے کھانے سے جلد توانائی بحال ہو جاتی ہے، لہٰذا کھجور سے افطار کرنے میں یہ حکمت بھی ہے۔

(8) روزے میں فوراً برف کا ٹھنڈا پانی پی لینے سے گیس، تبخیر معدہ اور جگر کے ورم کا سخت خطرہ ہے، کھجور کھا کر ٹھنڈا پانی پینے سے نقصان کا خطرہ ٹل جاتا ہے، مگر سخت ٹھنڈا پانی پینا ہر وقت نقصان دہ ہے۔

(9) کھجور اور کھیرا یا ککڑی، نیز کھجور اور تربوز ایک ساتھ کھانا سنت ہے۔ اس میں بھی حکمتوں کے مدنی پھول ہیں۔ الحمدللہ عزوجل ہمارے عمل کے لیے تو اس کا سنت ہونا ہی کافی ہے۔ اطباء کا کہنا ہے کہ اس سے جنسی و جسمانی کمزوری اور دبلا پن دور ہوتا ہے۔ حدیث پاک میں ہے سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان صحت بنیاد ہے: کہ مکھن کو کھجور کے ساتھ ملا کر کھاؤ

Marfat.com

اور پرانی کے ساتھ نئی کھجوریں ملا کر کھاؤ کیونکہ شیطان کسی کو ایسا کرتا دیکھتا ہے تو افسوس کرتا ہے اور کہتا ہے کہ پرانی کے ساتھ نئی کھجور کھا کر آدمی تنومند (یعنی مضبوط جسم والا) ہو گیا۔

(سنن ابن ماجہ، جلد ۴، صفحہ ۳۹، حدیث ۳۳۳۰)

(10) کھجور کھانے سے پرانی قبض دور ہوتی ہے۔

(11) دمہ، دل، گردہ، مثانہ، پتا اور آنتوں کے امراض میں کھجور مفید ہے۔ یہ بلغم خارج کرتی، منہ کی خشکی کو دور کرتی، قوت باہ بڑھاتی اور پیشاب آور ہے۔

(12) دل کی بیماری اور کالا موتیا کے لیے کھجور کی گٹھلی سمیت کوٹ کر کھانا مفید ہے۔

(13) کھجور کو بھگو کر اس کا پانی پی لینے سے جگر کی بیماریاں دور ہوتی ہیں۔ دست کی بیماری میں بھی یہ پانی مفید ہے۔ (رات کو بھگو کر صبح نہار منہ اس کا پانی پئیں مگر بھگونے کے لیے فریزر میں نہ رکھیں۔)

(14) کھجور کو دودھ میں ابال کر کھانا بہترین مقوی (یعنی طاقت دینے والی) غذا ہے۔ یہ غذا بیماری کے بعد کی کمزوری دور کرنے کے لیے بے حد مفید ہے۔

(15) کھجور کھانے سے زخم جلدی بھرتا ہے۔

(16) یرقان (یعنی پیلیا) کے لیے کھجور بہترین دواء ہے۔

(17) تازہ پکی ہوئی کھجوریں صفراء (یعنی ''پت'' جس میں قے کے ذریعے کڑوا پانی نکلتا ہے) اور تیزابیت کو ختم کرتی ہے۔

(18) کھجور کی گٹھلیوں کو آگ میں جلا کر اس کا منجن بنا لیجئے۔ یہ دانتوں کو چمکدار اور منہ کی بدبو کو دور کرتا ہے۔

(19) کھجور کی جلی ہوئی گٹھلیوں کی راکھ لگانے سے زخم کا خون بند ہوتا اور زخم بھر جاتا ہے۔

(20) کھجور کی گٹھلیوں کو آگ میں ڈال کر دھونی لینا بواسیر کے مسوں کو خشک کرتا ہے۔

(21) کھجور کے درخت کی جڑوں یا پتوں کی راکھ سے منجن کرنا دانتوں کے لیے درد کے لیے مفید ہے۔ جڑوں یا پتوں کو پانی میں ابال کر اس سے کلیاں کرنا بھی دانتوں کے درد

Marfat.com

میں فائدہ مند ہے۔

(22) جس کو کھجور کھانے سے کسی قسم کا نقصان (Side effect) ہوتا ہو تو انار کا رس یا خشخاش یا کالی مرچ کے ساتھ استعمال کرے ان شاء اللہ عزوجل فائدہ ہوگا۔

(23) ادھ پکی اور پرانی کھجوریں بیک وقت کھانا نقصان دہ ہے۔ اسی طرح کھجور کے ساتھ انگور یا کشمش یا منقہ ملا کر کھانا، کھجور اور انجیر بیک وقت کھانا، بیماری سے اٹھتے ہی کمزوری میں زیادہ کھجوریں کھانا اور آنکھوں کی بیماری میں کھجوریں کھانا مضر یعنی نقصان دہ ہے۔

(24) ایک وقت میں 5 تولہ (یعنی تقریباً 60 گرام) سے زیادہ کھجوریں نہ کھائیں۔ پرانی کھجور کھاتے وقت کھول کر اندر سے دیکھ لیجئے کیوں کہ اس میں بعض اوقات سرسریاں (یعنی چھوٹے چھوٹے لال کیڑے) ہوتی ہیں، لہٰذا صاف کر کے کھایئے۔ جس کھجور میں کیڑے ہونے کا گمان ہو اس کو صاف کیے بغیر کھانا مکروہ ہے۔ (عون المعبود، جلد ۱۰، صفحہ ۲۴۶) بیچنے والے چمکانے کے لیے اکثر سرسوں کا تیل لگا دیتے ہیں۔ لہٰذا بہتر یہ ہے کہ کھجوروں کو چند منٹ کے لیے پانی میں بھگو دیں۔ تا کہ مکھیوں کی بیٹ اور میل کچیل چھوٹ جائے۔ پھر دھو کر استعمال فرمائیں۔ درخت کی پکی ہوئی کھجوریں زیادہ مفید ہوتی ہیں۔

(25) مدینہ منورہ زَادَہَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّ تَعْظِیْمًا کی کھجوروں کی گٹھلیاں مت پھینکئے۔ کسی ادب کی جگہ ڈال دیجئے یا دریا برد فرما دیجئے، بلکہ ہو سکے تو سروتے سے باریک ٹکڑیاں کر کے ڈبہ میں ڈال کر جیب میں رکھ لیجئے اور چھالیہ کی جگہ استعمال کر کے اس کی برکتیں لوٹیے۔ کوئی چیز خواہ دنیا کے کسی بھی خطے کی ہو جب مدینہ منورہ زَادَہَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّ تَعْظِیْمًا کی فضاؤں میں داخل ہوئی تو مدینے کی ہو گئی لہٰذا عشاق اس کا ادب کرتے ہیں۔

(فیضان سنت باب فیضان رمضان جلد ۱، صفحہ ۱۰۱۸)

”شریعت وسنت کی پابندی کرنے میں نجات ہے“

کے تیس حروف کی نسبت سے 30 غلطیوں کی نشاندہی

(1) اس خیال میں ہمیشہ مگن رہنا کہ جوانی اور تندرستی ہمیشہ رہے گی۔

Marfat.com

(2) مصیبتوں میں بے صبر بن کر چیخ و پکار کرنا۔

(3) اپنی عقل کو سب سے بڑھ کر سمجھنا۔ (4) دشمن کو حقیر (کمزور) سمجھنا۔

(5) بیماری کو معمولی سمجھ کر شروع میں علاج نہ کرنا۔

(6) اپنی رائے پر عمل کرنا اور دوسروں کے مشوروں کو ٹھکرا دینا۔

(7) کسی بدکار کو بار بار آزما کر بھی اس کی چاپلوسی میں آجانا۔

(8) بیکاری میں خوش رہنا اور روزی کی تلاش نہ کرنا۔

(9) اپنا راز کسی دوسرے کو بتا کر اسے پوشیدہ رکھنے کی تاکید کرنا۔

(10) آمدنی سے زیادہ خرچ کرنا۔

(11) لوگوں کی تکلیف میں شریک نہ ہونا اور ان سے امداد کی امید رکھنا۔

(12) ایک دو ہی ملاقات میں کسی شخص کی نسبت کوئی اچھی یا بری رائے قائم کر لینا۔

(13) والدین کی خدمت نہ کرنا اور اولاد سے خدمت کی امید رکھنا۔

(14) کسی کام کو اس خیال سے چھوڑ دینا کہ پھر کسی وقت مکمل کر لیا جائے گا۔

(15) ہر شخص سے بدی کرنا اور لوگوں سے اپنے لیے نیکی کی توقع رکھنا۔

(16) گمراہوں کی صحبت میں اٹھنا بیٹھنا۔

(17) کوئی عمل صالح کی تلقین کرے تو اس پر دھیان نہ دینا۔

(18) خود حرام و حلال کا خیال نہ کرنا اور دوسروں کو بھی اس راہ پر لگانا۔

(19) جھوٹی قسم کھا کر جھوٹ بول کر دھوکا دے کر اپنی تجارت کو فروغ دینا۔

(20) علم دین اور دین داری کو عزت نہ سمجھنا۔ (21) خود کو دوسروں سے بہتر سمجھنا۔

(22) فقیروں اور سائلوں کو اپنے دروازے سے دھکا دے کر بھگا دینا۔

(23) ضرورت سے زیادہ بات چیت کرنا۔ (24) اپنے پڑوسیوں سے بگاڑ رکھنا۔

(25) بادشاہوں اور امیروں کی دوستی پر اعتبار کرنا۔

(26) خواہ مخواہ کسی کے گھریلو معاملات میں دخل دینا۔

(27) بغیر سوچے سمجھے بات کرنا۔ (28) تین دن سے زیادہ کسی کا مہمان بننا۔

Marfat.com

(29)اپنے گھر کا بھید دوسروں پر ظاہر کرنا۔

(30)ہر شخص کے پاس اپنے دکھ درد بیان کرنا۔(جنتی زیور، صفحہ ۵۵۷)

49انتہائی کارآمد مدنی پھول

(1)رات کو دروازہ بند کرتے وقت گھر کے اندر اچھی طرح دیکھ بھال کر لیجئے کہ کوئی اجنبی یا کتا، بلی اندر تو نہیں رہ گیا یہ عادت ڈال لینے سے ان شاء اللہ عزوجل گھر میں کوئی نقصان نہیں ہوگا۔

(2) گھر اور گھر کے تمام سامانوں کو صاف ستھرا رکھئے اور ہر چیز کو اس کی جگہ پر رکھیے۔

(3)سب گھر والے آپس میں طے کرلیں کہ فلاں چیز فلاں جگہ پر رہے گی پھر سب گھر والے اس کے پابند ہو جائیں کہ جب اس چیز کو وہاں سے اٹھائیں تو استعمال کر کے پھر اسی جگہ رکھ دیں تا کہ ہر آدمی کو بغیر پوچھے اور بلا ڈھونڈھے وہ مل جایا کرے اور ضرورت کے وقت تلاش کرنے کی حاجت نہ پڑے۔

(4) گھر کے تمام برتنوں کو دھو، مانجھ کر کسی الماری یا طاق پر الٹا کر کے رکھ دیجئے اور پھر دوبارہ اس برتن کو استعمال کرنا ہو تو پھر اس برتن کو بغیر دھوئے استعمال مت کیجئے۔

(5) کوئی جوٹھا برتن یا غذا یا دوا لگا ہوا برتن ہرگز ہرگز نہ رکھ دیا کریں، جوٹھے یا غذاؤں اور دواؤں سے آلودہ برتنوں میں جراثیم پیدا ہوتے ہیں اور طرح طرح کی بیماریوں کے پیدا ہونے کا خطرہ رہتا ہے۔

(6)اندھیرے میں بلا دیکھے ہرگز ہرگز پانی نہ پئیں نہ کھانا کھائیں۔

(7) گھر یا آنگن کے راستہ میں چارپائی یا کرسی یا کوئی برتن یا کوئی سامان مت ڈال دیا کریں ایسا کرنے سے بعض دفعہ روز کی عادت کے مطابق بے کھٹکے چلے آنے والے کو ٹھوکر ضرور لگتی ہے اور بعض مرتبہ تو سخت چوٹیں بھی لگ جاتی ہیں۔

(8) صراحی کے منہ یا لوٹے کی ٹونٹی سے منہ لگا کر ہرگز کبھی پانی نہ پئیں کیونکہ اولاً تو یہ خلاف تہذیب ہے دوسرا یہ خطرہ ہے کہ صراحی یا ٹونٹی میں کوئی کیڑا مکوڑا چھپا ہوا ہوگا تو وہ پانی

Marfat.com

کے ساتھ پیٹ میں چلا جائے۔

(9) ہفتہ یا دس دنوں میں ایک دن گھر کی مکمل صفائی کے لیے مقرر کر لیجئے اس دن پورے مکان کی صفائی کر لیجئے۔

(10) دن رات بیٹھے رہنا یا پلنگ پر سوئے یا لیٹے رہنا تندرستی کے لیے بے حد نقصان دہ ہے۔ اسلامی بھائیوں کو صاف اور کھلی ہوا میں کچھ چل کر پھر لینا اور اسلامی بہنوں کو کچھ محنت کا کام ہاتھ سے کر لینا تندرستی کے لیے بہت ضروری ہے۔

(11) جس جگہ چند آدمی بیٹھے ہوں اس جگہ بیٹھ کر نہ تھوکیں نہ کھنکار نکالیں نہ ناک صاف کریں کہ خلاف تہذیب بھی ہے اور دوسروں کے لیے گھن پیدا کرنے والی چیز ہے۔

(12) دامن یا آنچل یا آستین سے ناک صاف نہ کریں نہ ہاتھ منہ ان چیزوں سے پونچھیں کیونکہ یہ گندگی ہے اور تہذیب کے خلاف بھی۔

(13) جوتی اور کپڑا یا بستر استعمال سے پہلے جھاڑ لیا کریں ممکن ہے کوئی موذی جانور بیٹھا ہو جو بے خبری میں آپ کو ڈس لے۔

(14) چھوٹے بچوں کو کھلاتے بہلاتے کبھی ہرگز ہرگز اچھال اچھال کر نہ کھلائیں خدانخواستہ ہاتھ سے چھوٹ گیا تو بچے کی جان خطرہ میں پڑ جائے گی۔

(15) بیچ دروازہ میں نہ بیٹھا کریں سب آنے جانے والوں کو تکلیف ہوگی اور خود آپ بھی تکلیف اٹھائیں گے۔

(16) اگر پوشیدہ جگہوں میں کسی کے پھوڑا پھنسی یا درد و ورم ہو تو اس سے یہ مت پوچھیے کہ کہاں ہے؟ اس سے خواہ مخواہ شرمندگی ہوگی۔

(17) بیت الخلاء یا غسل خانہ سے کمر بند یا تہبند یا ساڑھی باندھتے ہوئے باہر نہ نکلیں بلکہ اندر ہی سے باندھ کر باہر نکلیں۔

(18) جب آپ سے کوئی شخص کوئی بات پوچھے تو پہلے اس کا جواب دیجئے اس کے بعد ہی دوسرا کام کیجئے۔

(19) جو بات کسی سے کہیں یا کسی کا جواب دیں تو صاف صاف بولیں اور اتنی آواز سے بولیں کہ سامنے والا اچھی طرح سن اور سمجھ لے۔

(20) اگر کسی کے بارے میں کوئی پوشیدہ بات کسی سے کہنی ہو اور وہ شخص اس مجلس میں موجود ہو تو آنکھ یا ہاتھ سے بار بار اس کی طرف اشارہ مت کیجئے کہ ناحق اس شخص کو طرح طرح کے شبہات ہوں گے۔

(21) کسی کو کوئی چیز دینی ہو تو اپنے ہاتھ سے اس کے ہاتھ میں دیجئے یا برتن میں رکھ کر اس کے سامنے پیش کیجئے، دور سے پھینک کر کوئی چیز کسی کو مت دیجئے کہ شاید اس کے ہاتھ میں نہ پہنچ سکے اور زمین پر گر کر ٹوٹ پھوٹ جائے یا خراب ہو جائے۔

(22) اگر کسی کو پنکھا جھلا کریں تو اس کا خیال کریں کہ اس کے سر یا چہرہ یا بدن کے کسی حصہ میں پنکھا لگنے نہ پائے اور پنکھے کو اتنے زور سے نہ جھلا کریں کہ خود آپ یا دوسرے پریشان ہو جائیں۔

(23) میلے کپڑے جو دھوبی کے یہاں جانے والے ہوں ان کو گھر میں ادھر ادھر پڑے یا بکھرے ہوئے زمین پر نہ رہنے دیں بلکہ مکان کے کسی کونے میں لکڑی کا ایک معمولی بکس رکھ لیجئے اور سب میلے کپڑوں کو اسی میں جمع کرتے رہیے۔

(24) اپنے اونی کپڑوں کو کبھی کبھی دھوپ میں سکھا لیا کریں اور کتابوں کو بھی تاکہ کیڑے مکوڑے کپڑوں اور کتابوں کو کاٹ کر خراب نہ کر سکیں۔

(25) جہاں کوئی آدمی بیٹھا ہو وہاں گرد و غبار والی چیزوں کو نہ جھاڑیں۔

(26) کسی دکھ یا پریشانی یا غم اور بیماری وغیرہ کی خبروں کو ہرگز اس وقت تک نہیں کہنا چاہیے جب تک کہ اس کی خوب اچھی طرح تحقیق نہ ہو جائے۔

(27) کھانے پینے کی کوئی چیز کھلی مت رکھیے ہمیشہ ڈھانک کر رکھا کیجئے اور مکھیوں کے بیٹھنے سے بچایئے۔

(28) دوڑ کر، منہ اوپر اٹھا کر نہیں چلنا چاہیے اس میں ٹھوکر لگنے، کسی سے ٹکرا جانے

Marfat.com

وغیرہ کے بہت سے خطرات ہیں۔

(29) چلنے میں پاؤں پورا اٹھایا کریں اور پورا پاؤں زمین پر رکھا کریں پنجوں یا ایڑی کے بل چلنا یا پاؤں گھسیٹتے ہوئے چلنا یہ تہذیب کے خلاف ہے۔

(30) کپڑا پہنے پہنے نہیں سینا چاہیے۔

(31) ہر کسی پر اندھا بھروسہ مت کر لیا کریں جب تک کسی کو ہر طرح سے بار بار آزما نہ لیں اس کا اعتبار مت کر لیا کریں خاص کر اکثر شہروں میں بہت سی عورتیں کوئی حجن صاحبہ بنی ہوئی کعبہ کا غلاف لیے ہوئے، کوئی تعویذ گنڈے جھاڑ پھونک کرتی ہوئی گھروں میں گھستی پھرتی ہیں اور عورتوں کے مجمع میں بیٹھ کر اللہ عزوجل و رسول اللہ ﷺ کی باتیں کرتی ہیں، خبردار! خبردار! ان عورتوں کو ہرگز ہرگز گھروں میں آنے ہی مت دیجئے دروازے ہی سے واپس کر دیجئے۔ ایسی عورتوں نے بہت سے گھروں کا صفایا کر ڈالا ہے ان عورتوں میں بعض چوروں اور ڈاکوؤں کی مخبر بھی ہوا کرتی ہیں جو گھر کے اندر گھس کر سارا ماحول دیکھ لیتی ہیں پھر چوروں اور ڈاکوؤں کو ان کے گھروں کا حال بتا دیتی ہیں۔

(32) جہاں تک ہو سکے کوئی سودا سامان ادھار مت منگایا کریں اور اگر مجبوری سے منگانا ہی پڑ جائے تو دام پوچھ کر تاریخ کے ساتھ لکھ لیجئے اور جب روپیہ آپ کے پاس آ جائے تو فوراً ادا کر دیجئے زبان یا اپنی یادداشت پہ بھروسا مت کیجئے۔

(33) جہاں تک ہو سکے خرچ چلانے میں بہت زیادہ کفایت سے کام لیجئے اور روپیہ پیسہ بہت ہی انتظام سے اٹھایئے بلکہ جتنا خرچ کے لیے آپ کو ملے اس میں سے کچھ نہ کچھ بچا لیا کیجئے۔

(34) جو عورتیں بہت سے گھروں میں آیا جایا کرتی ہیں جیسے دھوبن، کام والیاں وغیرہ ان کے سامنے ہرگز ہرگز اپنے گھر کے اختلاف اور جھگڑوں کو مت بیان کریں کیونکہ اکثر ایسی عورتیں گھروں کی باتیں دس گھروں میں کہتی پھرتی ہیں۔

(35) کوئی شخص تمہارے دروازہ پر آ کر آپ کے گھر کے کسی فرد کا دوست یا رشتہ دار ہونا ظاہر کرے تو ہرگز اس کو اپنے مکان کے اندر مت بلایئے نہ اس کا کوئی سامان اپنے گھر

Marfat.com

میں رکھیے نہ اپنا کوئی قیمتی سامان اس کے سپرد کیجئے۔

(36) محبت میں اپنے بچوں کو بلا بھوک کے کھانا مت کھلایئے نہ اصرار کر کے زیادہ کھلاؤ کہ ان دونوں صورتوں میں بچے بیمار ہو جاتے ہیں جس کی تکلیف آپ کو اور بچوں دونوں کو بھگتنی پڑ سکتی ہے۔

(37) بچوں کے سردی گرمی کے کپڑوں کا خاص طور پر دھیان لازمی ہے بچے سردی گرمی لگنے سے بیمار ہو جایا کرتے ہیں۔

(38) بچوں کو ماں باپ بلکہ دادا کا نام بھی (بلکہ گھر کا ایڈریس بھی) یاد کرا دیجئے اور کبھی کبھی پوچھا کیجئے تا کہ یاد رہے، اس میں یہ فائدہ ہے کہ اگر خدانخواستہ بچہ کھو جائے اور کوئی اس سے پوچھے کہ تیرے باپ کا کیا نام ہے؟ تیرے ماں باپ کون ہیں؟ (تمہارا گھر کہاں ہے) تو اگر بچہ کو نام و پتہ وغیرہ یاد ہوں گے تو بتا دے گا پھر کوئی نہ کوئی اس کو آپ کے پاس پہنچا دے گا یا آپ کو بلا کر بچہ آپ کے سپرد کر دے گا اور اگر بچے کو ماں باپ کا نام (و پتہ) یاد نہ رہا تو بچہ یہی کہے گا کہ میں ابا یا اماں کا بچہ ہوں کچھ خبر نہیں کہ کون ابا؟ کون اماں؟

(39) اسلامی بہنیں چھوٹے بچوں کو اکیلا چھوڑا کر گھر سے باہر نہ چلی جایا کریں کہ ایسا بھی ہوا ہے کہ ایک عورت بچے کے آگے کھانا رکھ کر باہر چلی گئی۔ بہت سے کوؤں نے بچے کے آگے کا کھانا چھین کر کھا لیا اور چونچ مار مار کر بچے کی آنکھ بھی پھوڑ ڈالی۔ اسی طرح ایک بچے کو بلی نے اکیلا پا کر اس قدر نوچ ڈالا کہ بچہ مر گیا۔

(40) کسی کو ٹھہرانے یا کھانا کھلانے پر بہت زیادہ اصرار مت کیجئے بعض مرتبہ اس میں مہمان کو الجھن یا تکلیف ہو جاتی ہے پھر سوچیے کہ بھلا ایسی محبت سے کیا فائدہ جس کا انجام نفرت اور بدنامی ہو۔

(41) وزن یا خطرہ والی کوئی چیز کسی آدمی کے اوپر سے اٹھا کر مت دیا کریں خدانخواستہ وہ چیز ہاتھ سے چھوٹ کر آدمی کے اوپر گر پڑی تو اس کا انجام کتنا خطرناک ہوگا؟

(42) کسی بچہ یا شاگرد کو سزا دینی ہو تو مٹی، لکڑی یا لات گھونسا سے مت ماریں خدا

Marfat.com

نخواستہ اگر کسی نازک جگہ چوٹ لگ جائے تو کتنی بڑی مصیبت سر پر آپڑے گی؟

(43) اگر آپ کسی کے گھر مہمان بن کر جائیں اور کھانا کھا چکے ہوں تو حسب حال جاتے ہی گھر والوں سے کہہ دیں کہ ہم کھانا کھا کر آئے ہیں کیونکہ گھر والے لحاظ کی وجہ سے بغیر پوچھے اور چپکے چپکے کھانا تیار کرلیں گے اور جب کھانا سامنے آگیا تو آپ نے کہہ دیا کہ ہم تو کھانا کھا کر آئے ہیں سوچیے کہ اس وقت گھر والوں کو کتنا افسوس ہوگا؟

(44) مکان میں اگر رقم یا زیور وغیرہ دفن کر رکھا ہے تو اپنے گھر والوں میں سے جس پر بھروسا ہو اس کو بتا دیجئے ورنہ شاید تمہارا اچانک انتقال ہو جائے تو وہ زیور یا رقم ہمیشہ زمین ہی میں رہ جائے گی۔ (اسی طرح دیگر خفیہ اموال وامانات ودستاویزات کے بارے میں کسی کو اعتماد میں لے لینا مفید ہے)

(45) مکان میں جلتا چراغ یا آگ چھوڑ کر باہر مت چلے جایئے چراغ اور آگ کو مکان سے نکلتے وقت بجھا دینا چاہیے۔

(46) اتنا زیادہ مت کھایئے کہ چورن کی جگہ بھی پیٹ میں باقی نہ رہ جائے۔

(47) جہاں تک ممکن ہو رات کو مکان میں تنہا مت رہیں خدا جانے رات میں کیا اتفاق پڑ جائے؟ لاچاری اور مجبوری کی تو اور بات ہے مگر جب تک ہو سکے مکان میں رات کو اکیلے نہیں سونا چاہیے۔ (48) اپنے ہنر پر ناز مت کیجئے۔

(49) برے وقت کا کوئی ساتھی نہیں ہوتا اس لیے صرف خدا پر بھروسا رکھیے۔

(جنتی زیور، صفحہ ۵۵۸ ملخصاً)

''محتاط آدمی سدا سکھی'' کے سولہ حروف کی نسبت سے

16 گھریلو علاج اور کارآمد مدنی پھول

(1) پلنگ کی پائنتی کی جانب اجوائن (ایک دیسی دوا) کی پوٹلیاں باندھنے سے ان شاء اللہ عزوجل اس پلنگ کے کھٹمل بھاگ جائیں گے۔

(2) اگر مچھر دانی میسر نہ ہو اور گرمیوں کے موسم میں مچھر زیادہ تنگ کریں تو بستر پر جا

Marfat.com

بجاتلسی (نامی پودے) کے پتے پھیلا دیجئے ان شاءاللہ عزوجل مچھر بھاگ جائیں گے۔

(3) لکڑی میں کیل ٹھوکتے ہوئے لکڑی کے پھٹنے کا خطرہ ہو تو اس کیل کو پہلے صابون لھصابن میں ٹھوکنے کے بعد لکڑی میں ٹھوکنا چاہیے ان شاءاللہ عزوجل اس طرح لکڑی نہیں پھٹے گی۔

(4) کاغذی لیموں (پتلے چھلکے والا لیموں) کا رس اگر دن میں چند بار پی لیں تو ان شاءاللہ عزوجل ملیریا کا حملہ نہیں ہوگا۔

(5) لو سے بچنے کے لیے تیز دھوپ میں سفر کرتے وقت جیب میں ایک پیاز رکھ لینا چاہیے۔

(6) ہیضہ (نامی خطرناک بیماری) کے حملہ سے بچنے کے لیے سرکہ، لیموں اور پیاز کا بکثرت استعمال کرنا چاہیے۔

(7) سبزیوں کو جلد گلانے اور آٹے میں خمیر جلد آنے کے لیے خربوزہ کے چھلکوں کو خوب سکھائیں اور ان کو باریک پیس کر سفوف (یعنی پاؤڈر) تیار کر لیں پھر اس سفوف کو سبزیوں میں جلد گلانے کے لیے ڈالیں اور آٹے میں خمیر جلد آنے کے لیے تھوڑا سفوف آٹے میں ڈال دیا کریں۔

(8) روغن زیتون (OLIVE OIL) دانتوں پر ملنے سے مسوڑھے اور ہلتے ہوئے دانت مضبوط ہو جاتے ہیں۔

(9) ہچکی آ رہی ہو تو لونگ کھا لینے سے بند ہو جاتی ہے۔

(10) سر میں جوئیں پڑ جائیں تو ست پودینہ (یعنی پودینہ کا عرق) صابون کے پانی میں حل کر کے سر میں ڈالیں اور سر کو خوب دھوئیں دو تین مرتبہ ایسا کر لینے سے ان شاءاللہ عزوجل سب جوئیں مر جائیں گی۔

(11) لیموں کی پھانک (ٹکڑا) چہرہ پر کچھ دنوں ملنے اور پھر صابون سے دھو لینے سے چہرہ کے کیل مہاسے دور ہو جاتے ہیں۔

(12) پیدل چلنے کی وجہ سے اگر پاؤں میں تھکن زیادہ معلوم ہو تو نمک ملے ہوئے گرم پانی میں کچھ دیر پاؤں رکھ دینے سے تھکاوٹ دور ہو جاتی ہے۔

(13) لیموں کو اگر بھوبل (یعنی گرم ریت) میں گرم کر کے یا گرما گرم پتیلے کے اندر

Marfat.com

چادلوں کے اوپر کچھ دیر رکھنے کے بعد نچوڑیں تو ان شاء اللہ عزوجل عرق آسانی کے ساتھ زیادہ نکلے گا۔

(14) آگ سے جل جائیں تو بدن کے جلے ہوئے مقام پر فوراً روشنائی لگائیں یا چونا کا پانی ڈالیں یا برودھ (برگر کے درخت) کا تیل لگائیں یا شکر سفید پانی میں گھول کر لگائیں۔

(15) سانپ یا کوئی زہریلا جانور کاٹ لے تو کاٹنے کی جگہ سے ذرا اوپر فوراً کسی مضبوط دھاگے سے کس کر باندھ دیجئے اور مریض کو سونے مت دیجئے، یہ فوری ترکیب کر کے پھر ڈاکٹر سے رجوع کیجئے۔

(16) اگر کوئی سنکھیا (نامی خطرناک زہر) یا افیون یا دھتورا (ایک پودا جس کا بیج نشہ آور ہوتا ہے) کھالے تو فوراً سویا (ایک خوشبودار ساگ کا نام) کا بیج دو تولہ آدھ سیر پانی میں پکا کر اس میں پاؤ بھر گھی ایک تولہ نمک ملا کر نیم گرم پلائیں اور قے کرائیں جب خوب قے ہو جائے تو دودھ پلائیں اور اگر دودھ سے بھی قے ہو جائے تو بہت اچھا ہے اور مریض کو سونے نہ دیں ان شاء اللہ عزوجل مریض صحت یاب ہو جائے گا۔ (جنتی زیور، صفحہ ۵۶۵)

سانپ، بچھو، کنکھجورا اور چیونٹیوں سے نجات کے طریقے

سانپ: ایک پاؤ نوشادر کو پانچ سیر پانی میں گھول کر گھر کے تمام بلوں، سوراخوں اور کونوں میں چھڑک دیں اگر گھر میں سانپ ہوگا تو بھاگ جائے گا اور کبھی کبھی یہ پانی چھڑکتے رہیں تو اس مکان میں سانپ نہیں آئے گا۔ ان شاء اللہ عزوجل

دوسری ترکیب یہ ہے کہ گھر کے بلوں اور دوسرے سب سوراخوں میں رائی ڈال دیں ان شاء اللہ عزوجل سانپ فوراً مر جائے گا اور اگر اپنے آس پاس رائی ڈال کر سوئیں تو ان شاء اللہ عزوجل سانپ قریب نہیں آسکتا۔

بچھو: مولی کا عرق اگر بچھو کے اوپر ڈال دیا جائے تو ان شاء اللہ عزوجل بچھو مر جائے گا اور اگر بچھو کے سوراخ میں مولی کے چند ٹکڑے ڈال دیئے جائیں تو بچھو سوراخ سے باہر نہیں نکل سکے گا بلکہ سوراخ کے اندر ہی ان شاء اللہ عزوجل ہلاک ہو جائے گا۔

Marfat.com

دوسری ترکیب یہ ہے کہ چرچٹا گھاس کی جڑ اگر بچھونے پر رکھ دی جائے تو بچھو بستر پر نہیں چڑھ سکے گا۔ اگر بچھو ڈنک مارے دے تو بہروزہ کا تیل لگائیں یا چرچٹا کی جڑ گھس کر لگائیں ان شاء اللہ عزوجل زہر اتر جائے گا۔

کنکھجورا: اگر کسی کے بدن میں چمٹ جائے یا کان میں گھس جائے تو شکر اس کے اوپر ڈالیں فوراً ہی اس کے پاؤں کھال سے باہر نکل جائیں گے اور اگر پیاز کا عرق کنکھجورا کے اوپر ڈال دیں تو وہ جگہ بھی چھوڑ دے گا اور پھر فوراً ہی مر جائے گا اور اگر اس کے پاؤں چبھنے سے زخم ہو گیا تو پیاز توے پر بھلبھلا کر اس کے زخم پر باندھنا اکسیر ہے۔

پسو: ایک (پردار زہریلا کیڑا جس کے کاٹنے سے کھجلی ہوتی ہے): اندرائن کے پھل یا اس کی جڑ پانی میں بھگو کر تمام گھر میں پانی چھڑک دیجئے ان شاء اللہ عزوجل اس مکان سے پسو بھاگ جائیں گے۔ چیونٹیاں: ہینگ (ایک درخت کا بدبودار گوند جو پنساری سے مل سکتا ہے) سے بھاگ جاتی ہیں۔

کپڑوں اور کتابوں کا کیڑا: افسنطین (نامی دوا) یا پودینہ یا لیموں کے چھلکے یا نیم کے پتے یا کافور کپڑوں اور کتابوں میں رکھ دیں تو ان شاء اللہ عزوجل کپڑے اور کتابیں کیڑوں کے کھانے سے محفوظ رہیں گی۔ (جنتی زیور، صفحہ ۵۶۷)

''اللہ کی رحمت'' کے دس حروف کی نسبت سے زمانہ حمل کی 10 احتیاطیں اور تدبیریں

(1) حمل کے زمانے میں عورت کو اس کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے کہ ایسی ثقیل (یعنی وزنی) غذائیں نہ کھائے جس سے قبض پیدا ہو جائے اور اگر ذرا بھی پیٹ میں گرانی (بوجھ) معلوم ہو تو ایک دو وقت روٹی چاول نہ کھائے بلکہ صرف شوربا میں گھی ڈال کر پی لے یا دو تین تولہ منقی یا ایک ہڑ کا مربہ کھالے۔

(2) حاملہ عورت اس بات کا خیال رکھے کہ چلنے میں پاؤں زور سے زمین پر نہ پڑے اور نہ دوڑ کر چلے، اسی طرح اونچی جگہ سے نیچے کو ایک دم جھٹکے کے ساتھ نہ اترے، اسی طرح

Marfat.com

سیڑھی پر دوڑ کر نہ چڑھے بلکہ آہستہ آہستہ چڑھے غرض اس بات کا خیال رکھے کہ پیٹ نہ زیادہ ہلے اور نہ پیٹ کو جھٹکا لگنے دے نہ بھاری بوجھ اٹھائے نہ کوئی سخت محنت کا کام کرے نہ غم اور غصہ کرے نہ دست لانے والی دوائیں کھائے نہ زیادہ خوشبو سونگھے۔

(3) حاملہ عورت کو چلنے پھرنے کی عادت رکھنی چاہیے کیونکہ ہر وقت بیٹھے اور لیٹے رہنے سے بادی اور سستی بڑھتی ہے، معدہ خراب ہو جاتا ہے اور قبض کی شکایت پیدا ہو جاتی ہے۔

(4) حاملہ عورت کو شوہر کے پاس نہیں سونا چاہیے خصوصاً چوتھے مہینے سے پہلے اور ساتویں مہینے کے بعد بہت زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے۔

(5) اگر حاملہ عورت کو قے آنے لگے تو پودینہ کی چٹنی یا کاغذی لیموں استعمال کریں۔

(6) اگر حمل کی حالت میں خون آنے لگے تو ''قرص کہربا'' کھائیں اور فوراً لیڈی ڈاکٹر سے علاج کرائیں۔

(7) اگر حمل گر جانے کی عادت ہو تو اس عورت کو چار مہینے تک پھر ساتویں مہینے کے بعد بہت زیادہ احتیاط رکھنے کی ضرورت ہے، گرم غذاؤں سے بالکل پرہیز رکھے اور بہتر ہے کہ لنگوٹ باندھے رہے اور بالکل کوئی بوجھ نہ اٹھائے اور نہ محنت کا کوئی کام کرے اور اگر حمل گرنے کے کچھ آثار ظاہر ہوں مثلاً پانی جاری ہو جائے یا خون گرنے لگے تو فوراً ہی لیڈی ڈاکٹر سے رجوع کرنا چاہیے۔

(8) اگر خدانخواستہ حاملہ کو مٹی (ملتانی مٹی عورتیں شوق سے کھاتی ہیں اور یہ نقصان دہ ہے) کھانے کی عادت ہو تو اس عادت کو چھڑانا ضروری ہے اور اگر مٹی کی بہت ہی حرص ہو تو نشاستہ کی ٹکیاں یا طباشیر (ایک سفید رنگ کی دوائی جو بانس کی گانٹھوں سے نکلتی ہے) کھایا کرے اس سے مٹی کی عادت چھوٹ جاتی ہے۔

(9) اگر حاملہ کی بھوک بند ہو جائے تو مٹھائی اور مرغن (یعنی تیل گھی والی) غذائیں چھڑا دیجئے اور سادہ غذائیں کھلایئے اور اگر پیٹ میں درد اور ریاح (گیس) معلوم ہو تو ''نمک سلمانی'' یا ''جوارش کمونی'' کھلایئے بہرحال تیز دواؤں کے استعمال اور انجکشن

Marfat.com

وغیرہ سے بچنا بہتر ہے ایسی حالت میں علاج سے بہتر پرہیز اور احتیاط ہے۔

(10) بعض حاملہ عورتوں کے پیروں پر ورم آجاتا ہے یہ کوئی خطرناک چیز نہیں ہے ولادت کے بعد خود بخود یہ ورم جاتا رہتا ہے۔ (جنتی زیور، صفحہ ۵۶۸)

(11) حاملہ کو جب نواں مہینہ شروع تو جائے تو بہت زیادہ احتیاط کرنے کرانے کی ضرورت ہے اس وقت میں حاملہ کو طاقت پہنچانے کی ضرورت ہے لہٰذا مندرجہ ذیل تدبیروں کا خاص طور پر خیال رکھنا چاہیے۔ روزانہ گیارہ عدد بادام حسب ضرورت مصری میں پیس کر چٹائیے اور دو عدد ناریل اور شکر دونوں کو ہاون دستہ میں کوٹ کر سفوف (پاؤڈر) بنالیجئے اور دو تولہ روزانہ کھلائیے، گائے کا دودھ، جس قدر ہضم ہو سکے پلائیے، مکھن وغیرہ بھی کھلائیں ان سب دواؤں کی وجہ سے بچہ آسانی سے پیدا ہوتا ہے۔

(12) جب ولادت کا وقت آجائے اور دردزہ شروع ہو جائے تو بائیں ہاتھ میں مقناطیس (MAGNET) لینے سے اور بائیں ران میں مونگے کی جڑ (سرخ نگ کی باریک باریک شاخوں کی مانند ایک پتھر جو سمندر سے نکالا جاتا ہے، پنساری کی دکان سے شام مرجان کے نام سے ملتا ہے) باندھنے سے بچہ پیدا ہونے میں آسانی ہوتی ہے۔

(13) پیدائش کے وقت کسی ہوشیار دائی یا لیڈی ڈاکٹر کو ضرور بلا لینا چاہیے اناڑی دائیوں کی غلط تدبیروں سے اکثر زچہ و بچہ کو نقصان پہنچ جاتا ہے۔

(14) پیدائش کے وقت زچہ کے بدن میں تیل کی مالش بہت مفید ہے جیسا کہ پرانا طریقہ ہے کہ ولادت کے بعد چند دنوں تک مالش کرائی جاتی ہے یہ بہت ہی مفید ہے۔

(15) جس عورت کے دودھ بہت کم ہوتا ہو اگر وہ دودھ آسانی کے ساتھ ہضم کر سکتی ہو تو اس کو روزانہ دودھ پینا چاہیے اور مرغ وغیرہ کا مرغن شوربا اور گاجر کا حلوہ وغیرہ عمدہ غذائیں ہیں اور پانچ ماشہ کلونجی اور پانچ ماشہ تودری (ایک قسم کا بیج جو پنسار کی دکان سے مل جاتا ہے) سرخ دودھ میں پیس کر پلائیں۔ (جنتی زیور، صفحہ ۵۸۰)

Marfat.com

”شہید کربلا علی اصغر“ کے سولہ حروف کی نسبت سے
دودھ پیتے بچوں کے لیے 16 مدنی پھول

پیارے بھائیو! بچوں کو امراض سے بچانے کے لیے شروع میں کی جانے والی احتیاطی تدابیر کافی سودمند ہوسکتی ہیں اس ضمن میں 16 مدنی پھول ملاحظہ فرمایئے (1) بچہ یا بچی کے پیدا ہونے کے فوراً بعد یَا بَرُّ سات بار (اول آخر ایک بار درود شریف) پڑھ کر اگر بچے کو دم کر دیا جائے تو ان شاء اللہ عزوجل بالغ ہونے تک آفتوں سے حفاظت میں رہے گا (2) پیدائش کے بعد بچے کو پہلے نمک ملے ہوئے نیم گرم پانی سے نہلایئے پھر سادہ پانی سے غسل دیجئے تو ان شاء اللہ عزوجل بچہ پھوڑے پھنسی کی بیماریوں سے محفوظ رہے گا (3) نمک ملے ہوئے پانی سے بچوں کو کچھ دنوں تک نہلاتے رہیے کہ یہ بچوں کی تندرستی کے لیے بے حد مفید ہے اور نیز (4) نہلانے کے بعد بدن پر سرسوں کے تیل کی مالش بچوں کی صحت کے لیے اکسیر ہے (5) بچوں کو دودھ پلانے سے پہلے روزانہ دو تین مرتبہ ایک انگلی شہد چٹا دینا کافی فائدہ مند ہے (6) خواہ جھولے میں جھلائیں یا بچھونے پر سلائیں یا گود میں کھلائیں ہر حال میں بچوں کا سر اونچا رکھیے سر نیچا اور پاؤں اونچے نہ ہونے دیجئے کہ نقصان دہ ہے (7) ولادت کے بعد بہت تیز روشنی والی جگہ میں رکھنے سے بچے کی نگاہ کمزور ہو جاتی ہے (8) جب بچے کے مسوڑھے سخت ہو جائیں اور دانت نکلتے معلوم ہوں تو مسوڑھوں پر مرغ کی چربی ملا کریں اور (9) جب دودھ چھڑانے کا وقت آئے اور بچہ کھانے لگے تو خبردار! خبردار! اس کو کوئی سخت چیز نہ چبانے دیجئے، بہت ہی نرم اور جلد ہضم ہونے والی غذائیں کھلائیں (11) گائے یا بکری کا دودھ بھی پلاتے رہیے (12) حسب حیثیت بچوں کو اس عمر میں اچھی خوراک دیجئے کہ اس عمر میں جو کچھ طاقت بدن میں آجائے گی وہ اگر بچہ زندہ رہا تو ان شاء اللہ عزوجل تمام عمر کام آئے گی (13) بچوں کو بار بار غذا نہیں دینی چاہیے۔ جب تک ایک غذا ہضم نہ ہو جائے دوسری غذا ہرگز مت دیجئے (14) ٹافیاں، مٹھائی اور کھٹائی کی عادت سے بچانا بہت بہت بہت ضروری ہے کہ یہ چیزیں بچوں

Marfat.com

کی صحت کے لیے بہت ہی نقصان دہ ہیں (15) بچوں کو سوکھے میوے اور تازہ پھل کھلانا بہت ہی اچھا ہے (16) ختنہ جتنی چھوٹی عمر میں ہو جائے بہتر ہے تکلیف بھی کم ہوتی اور زخم بھی جلدی بھر جاتا ہے۔

مدینہ کے پانچ حروف کی نسبت سے بخار کے 5 مدنی علاج

لَا یَرَوْنَ فِیْهَا شَمْسًا وَّ لَا زَمْهَرِیْرًا ﴿۱۳﴾ (الدہر)

ترجمہ کنز الایمان: ”نہ اس میں دھوپ دیکھیں گے نہ ٹھٹھر (یعنی سخت سردی)“۔

(1) یہ آیت کریمہ سات بار (اول آخر ایک بار درود شریف) پڑھ کر دم کیجئے۔ ان شاء اللہ عزوجل بخار کی شدت میں نمایاں کمی محسوس ہوگی اور مریض سکون محسوس کرے گا۔

(2) حضرت سیدنا امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں، سورۃ الفاتحہ 40 بار (اول آخر ایک بار درود شریف) پڑھ کر پانی پر دم کر کے بخار والے کے چھینٹے ماریے ان شاء اللہ عزوجل بخار چلا جائے گا۔

(3) سرکار نامدار، مدینے کے تاجدار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بخار تھا تو حضرت سیدنا جبریل امین علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ دعا پڑھ کر دم کیا تھا:

بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِیْکَ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ یُّؤْذِیْکَ مِنْ شَرِّ کُلِّ نَفْسٍ اَوْ عَیْنِ حَاسِدٍ اَللّٰهُ یَشْفِیْکَ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِیْکَ، ”اللہ عزوجل کے نام سے آپ پر دم کرتا ہوں ہر اس بیماری کے لیے جو آپ کو ایذا دیتی ہے اور دوسروں کے شر اور حسد کرنے والوں کی بری نظر سے۔ اللہ عزوجل آپ کو شفا عطا فرمائے۔ میں آپ پر اللہ کے نام سے دم کرتا ہوں“۔

(صحیح مسلم، صفحہ ۱۲۰۲، رقم الحدیث ۲۱۸۶)

(4) بخار کے مریض کو بلا ترجمہ صرف عربی میں دعا (اول آخر ایک بار درود شریف) پڑھ کر دم کر دیجئے۔ بخار والا بکثرت بِسْمِ اللّٰهِ الْکَبِیْرِ پڑھتا رہے۔

(5) حدیث پاک میں ہے، جب تم میں سے کسی کو بخار آجائے تو اس پر تین دن تک صبح کے وقت ٹھنڈے پانی کے چھینٹے مارے جائیں۔ (المستدرک للحاکم، جلد ۵، صفحہ ۲۸۲، رقم الحدیث ۷۵۱۵)

Marfat.com

''اجمیری'' کے چھ حروف کی نسبت سے آدھے سر کے درد کے 6 علاج

(1) اگر کسی کو آدھے سر کا درد ہو تو ایک بار سورۃ الاخلاص (اول آخر ایک بار درود شریف) پڑھ کر دم کیجئے، حسب ضرورت تین بار، سات بار یا گیارہ بار اسی طرح دم کیجئے۔ گیارہ کا عدد پورا ہونے سے قبل ہی ان شاء اللہ عزوجل آدھے سر کا درد ٹھیک ہو جائے گا۔

(2) جب درد ہو رہا ہو تو اس وقت سونٹھ (یعنی سوکھی ہوئی ادرک جو کہ پنساری یعنی دیسی دواء والوں سے مل سکتی ہے) کو تھوڑے سے پانی میں گھس کر سونٹھ کا گھسا ہوا حصہ پیشانی پر ملنے سے ان شاء اللہ عزوجل آدھے سر کا درد جاتا رہے گا۔ خشک دھنیا کے تھوڑے دانے اور تھوڑی سی کشمش مٹکے کے ٹھنڈے یا سادہ پانی میں چند گھنٹے بھگو کر پینے سے ان شاء اللہ عزوجل فائدہ ہوگا۔ (3) گرم دودھ میں دیسی گھی ملا کر پینے سے بھی فائدہ ہوتا ہے۔

(4) ناریل کا پانی پینے سے آدھا سیسی (یعنی آدھے سر کا درد) اور پورے سر کے درد میں کمی آتی ہے۔

(5) نیم گرم پانی کے بڑے برتن میں نمک ڈال کر دونوں ۱۲ منٹ کے لیے اس میں ڈالے رہیں ان شاء اللہ عزوجل فائدہ ہو جائے گا۔ (ضرورتاً وقت میں کمی بیشی کر لیجئے)

''مکہ شریف'' کے سات حروف کی نسبت دردسر کے 7 مدنی علاج

(1) لَا یُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَ لَا یُنْزِفُوْنَ ﴿۱۹﴾ ''ترجمہ کنز الایمان: نہ انہیں دردسر ہو نہ ہوش میں فرق آئے''۔ (الواقعہ:19) یہ آیت کریمہ تین بار (اول آخر ایک بار درود شریف) پڑھ کر دردسر والے پر دم کر دیجئے۔ ان شاء اللہ عزوجل فائدہ ہو جائے گا۔

(2) سورۃ الناس سات بار (اول آخر ایک بار درود شریف) پڑھ کر سر پر دم کیجئے اور پوچھیے، اگر ابھی درد باقی ہو تو دوسری بار بھی اسی طرح دم کیجئے۔ اگر اب بھی درد ہو تو تیسری بار بھی اسی طرح دم کیجئے۔ پورے سر کا درد ہو یا آدھے سر کا کیسا ہی شدید درد ہو تین بار میں ان شاء اللہ عزوجل جاتا رہے گا۔

Marfat.com

(3) پورے سر کا درد ہو یا شقیقہ (یعنی آدھے سر کا درد) بعد نماز عصر سورۃ التکاثر ایک بار (اول آخر ایک بار درود شریف) پڑھ کر دم کیجئے ان شاء اللہ عزوجل درد میں افاقہ ہوگا۔

(4) زبان پر ایک چٹکی نمک رکھ کر ۱۲ منٹ کے بعد ایک گلاس پانی پی لیں سر میں کیسا ہی درد ہو ان شاء اللہ عزوجل افاقہ ہو جائے گا۔ (ہائی بلڈ پریشر کے مریض یہ علاج نہ کریں کہ ان کے لیے نمک کا استعمال نقصان دہ ہوتا ہے)

(5) ایک کپ پانی میں ایک چمچ ہلدی ڈال کر جوش دے کر پینے یا بھاپ لینے سے ان شاء اللہ عزوجل سر کا درد دور ہو جائے گا۔ (سالن وغیرہ میں ہلدی ضرور استعمال کیجئے، روزانہ چٹکی بھر (یعنی تقریباً ایک گرام) ہلدی کھانے والا ان شاء اللہ عزوجل کینسر سے محفوظ رہے گا)

(6) دیسی گھی میں تلی ہوئی، گرما گرم تازہ جلیبیاں طلوع آفتاب سے قبل کھانے سے ان شاء اللہ عزوجل دردِ سر میں آرام آجائے گا۔

(7) کبھی اتفاقیہ دردِ سر ہو جائے تو کھانا کھانے کے بعد ڈسپرین (DISPRIN) کی دو ٹکیہ پانی میں گھول کر پی لیجئے ان شاء اللہ عزوجل ٹھیک ہو جائے گا۔ (ہر طرح کے درد کی ٹکیہ کھانے کے بعد ہی استعمال کی جائے کہ خالی پیٹ نقصان دہ ہے)

مدنی مشورہ: اگر دواؤں سے دردِ سر ٹھیک نہ ہوتا ہو تو آنکھیں ٹیسٹ کروا لیجئے اگر نظر کمزور ہو تو عینک پہننے سے ان شاء اللہ عزوجل دردِ سر ٹھیک ہو جائے گا۔ پھر بھی ٹھیک نہ ہو تو دماغ کے خصوصی ڈاکٹر (NEUROLOGIST) سے رجوع کرنا ضروری ہے۔ اس میں کوتاہی بعض اوقات سخت نقصان دہ ثابت ہوتی ہے۔

بدہضمی کے دو مدنی علاج

(1) جس شخص کو بدہضمی کی شکایت ہو اور وہ اس آیت کریمہ کو پڑھ کر اپنے ہاتھ پر دم کر کے اسے اپنے پیٹ پر پھیرے اور کھانے وغیرہ پر دم کر کے کھانا کھایا کرے ان شاء اللہ عزوجل بدہضمی کی شکایت دور ہو جائے گی۔ اللہ تبارک وتعالیٰ پارہ 29 سورۃ المرسلت کی 43 اور 44 آیت مبارکہ میں ارشاد فرماتا ہے:

كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۴﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۲۵﴾

''ترجمہ کنزالایمان: کھاؤ اور پیو رچتا ہوا اپنے اعمال کا صلہ بے شک نیکوں کو ہم ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں''۔ (2) امام کمال الدین دمیری رضی اللہ تعالیٰ عنہ بعض علمائے کرام سے نقل فرماتے ہیں، جس نے کھانا زیادہ کھالیا اور بدہضمی کا خوف ہو وہ اپنے پیٹ پر ہاتھ پھیرتا ہوا تین مرتبہ یہ کہے: اَللَّيْلَةُ لَيْلَةُ عِيْدِیْ يَا كَرِشِیْ وَرَضِیَ اللّٰهُ عَنْ سَيِّدِیْ اَبِیْ عَبْدِاللّٰهِ الْقُرَشِیْ'' اے میرے معدے آج کی رات میری عید کی رات ہے اور اللہ (عزوجل) راضی ہو ہمارے سردار حضرت ابوعبداللہ قرشی سے۔ اور اگر دن کا وقت ہو تو اَللَّيْلَةُ لَيْلَةُ عِيْدِیْ کی جگہ اَلْيَوْمُ يَوْمُ عِيْدِیْ کہے۔ (حیاۃ الحیوان الکبری، جلد ۱، صفحہ ۴۶۰)

قبض کے طبعی علاج

بدہضمی کے کئی علاج ہیں منجملہ یہ کہ (1) قبض ہو تو دو ایک وقت کا فاقہ کر لے ان شاء اللہ عزوجل پیٹ کا بوجھ کم ہو جائے گا اور معدے کو آرام بھی ملے گا (2) مناسب مقدار میں پپیتا کھالے (3) اسپغول کا چھلکا ایک یا تین چمچ پانی سے پھانک لے اگر اس سے کام نہ چلے تو حسب ضرورت اس کی مقدار بڑھالے۔ اگر اکثر قبض رہتی ہو تو ہفتے میں دو ایک بار اسی طرح کرے (4) پسی ہوئی ہڑ چائے کا آدھا چمچ سوتے وقت پانی سے لیجئے ہو سکے تو کم از کم چار ماہ تک روزانہ استعمال کیجئے ان شاء اللہ عزوجل قبض کے ساتھ ساتھ بہت ساری بیماریوں بلکہ حافظہ کے لیے بھی مفید پائیں گے۔

قبض کے چار علاج

''قوت القلوب'' جلد 2، صفحہ 365 پر نقل ہے کہ 6 گھنٹے سے قبل اگر کھانا نکل جائے تب بھی معدہ بیمار اور اگر 24 گھنٹے سے زیادہ وقت تک خارج نہ ہو تب بھی سمجھ لیجئے کہ معدہ بیمار ہے۔ جوڑوں کا درد پیٹ کی ہوا روکنے کا نتیجہ ہے۔ جس طرح نہر کا چلتا پانی اگر روک دیا جائے تو نہر کے کناروں کو نقصان ہوتا اور کنارے ٹوٹ کر پانی بہنے لگتا ہے۔ اسی طرح پیشاب روکنے سے جسم کو نقصان ہوتا ہے۔ (قوت القلوب، جلد ۲، صفحہ ۳۶۰)

Marfat.com

اپنا ہاضمہ درست رکھیے، ورنہ موٹاپے کا علاج مشکل ہے، سبزیوں اور پھلوں کا استعمال کیجئے۔ اگر قبض رہتی ہو تو (1) چار، پانچ عدد بیج سمیت پکے امرود یا (2) مناسب مقدار میں پپیتا کھا لیجئے ان شاء اللہ عزوجل پیٹ صاف ہو جائے گا۔ (3) ہر چوتھے تین چار چمچ اسپغول کی بھوسی یا ایک چمچ کوئی سا بھی ہاضم چورن پانی کے ساتھ نگل لیجئے۔ ان شاء اللہ عزوجل پیٹ کی صفائی ہوتی رہے گی۔ روز روز اگر اسپغول یا ہاضم چورن استعمال کیا جائے تو اکثر بے اثر ہو جاتا ہے نیز (4) اگر آپ کا ڈاکٹر اجازت دے تو ہر دو یا تین ماہ بعد پانچ دن تک صبح و شام ایک ایک ٹکیا گرامیکس 400 ملی گرام GRAMEX400mg (Mertonidazole) استعمال کیجئے۔ اسے قبض، بدہضمی وغیرہ امراض اور پیٹ کی اصلاح کے لیے ان شاء اللہ عزوجل بہترین دوا پائیں گے۔ مگر جب بھی یہ ٹکیا لینا شروع کریں تو مسلسل پانچ دن پورے کرنا ضروری ہے۔ خالی پیٹ میں بھی لے سکتے ہیں۔

بے وقت نیند چڑھنے کا علاج

ایک گلاس پانی (نیم گرم ہو تو زیادہ بہتر) میں ایک چمچ شہد ملا کر نہار منہ (یعنی کچھ کھانے سے قبل) اور روزہ ہو تو افطار کے وقت بلا ناغہ مستقل استعمال کیجئے موٹاپا اور بہت سی بیماریوں بالخصوص پیٹ کے امراض سے ان شاء اللہ عزوجل حفاظت ہوگی، بہتر یہ ہے کہ اس میں ایک ورنہ آدھا لیموں بھی نچوڑ لیا کریں تو ان شاء اللہ عزوجل فوائد زائد ہو جائیں گے۔ اگر مطالعہ (مطا، ل، عہ) کرتے کرتے یا اجتماع وغیرہ میں بیٹھے بیٹھے بے وقت نیند چڑھتی ہوگی تو ان شاء اللہ عزوجل اس سے بھی نجات ملے گی۔

موٹاپے کا سب سے بہترین علاج

سب سے بہترین علاج اللہ عزوجل کے حبیب، حبیب لبیب، طبیبوں کے طبیب ﷺ کا تجویز فرمودہ ہے: ”بھوک کے تین حصے کر لیے جائیں ایک حصہ غذا ایک حصہ پانی اور ایک حصہ ہوا“۔ اگر کھانے میں یہ طریقہ اپنا لیا جائے تو ان شاء اللہ عزوجل نہ کبھی بدن موٹا ہوگا نہ کبھی گیس، بادی، پیٹ میں گڑبڑ، قبض وغیرہ کا عارضہ۔

Marfat.com

کھانسی کا علاج

روزانہ کشمش کے 40 دانے (اگر موافق آتے ہوں تو دگنے کرنے میں بھی حرج نہیں) اور تین عدد بادام لے کر اس پر 11 بار درود شریف پڑھ کر دم کر کے کھا لیجئے اس کے اوپر دو گھنٹے تک پانی نہ پئیں۔ ان شاء اللہ عزوجل کھانسی میں بہت فائدہ ہوگا۔ بلغم نکلے گا اور مزید نہیں بنے گا۔ (ضرورتاً کشمش کی تعداد بڑھا دیجئے) بہت چھوٹے بچوں کے لیے حسب ضرورت مقدار کچھ کم کر دیجئے۔ تا حصول شفا علاج جاری رکھیے۔

حفاظت حمل کے لیے 2 روحانی علاج

(1) لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ 11 مرتبہ کسی رکابی (یا کاغذ) پر لکھ کر دھو کر عورت کو پلا دیجئے ان شاء اللہ عزوجل حمل کی حفاظت ہوگی۔ جس عورت کو دودھ نہ آتا ہو یا کم آتا ہو ان شاء اللہ عزوجل اس کے لیے یہ عمل مفید ہے۔ چاہیں تو ایک ہی دن پلائیں یا کئی روز تک روزانہ ہی لکھ کر پلائیں ہر طرح سے اختیار ہے۔

(2) یا حی یا قیوم 111 بار کسی کاغذ پر لکھ کر حاملہ کے پیٹ پر باندھ دیجئے اور ولادت کے وقت تک باندھے رہیے۔ (ضرورتاً کچھ دیر کے لیے کھولنے میں حرج نہیں) ان شاء اللہ عزوجل حمل بھی محفوظ رہے گا اور بچہ بھی صحت مند پیدا ہوگا۔

عرق النساء کے 2 روحانی علاج

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! عرق النساء کی پہچان یہ ہے کہ اس میں چڑھے (یعنی ران کے جوڑ) سے لے کر پاؤں کے ٹخنے تک شدید درد ہوتا ہے یہ مرض برسوں تک پیچھا نہیں چھوڑتا۔

(1) درد کے مقام پر ہاتھ رکھ کر اول آخر درود شریف، سورۃ الفاتحہ ایک بار اور سات مرتبہ یہ دعا پڑھ کر دم کر دیجئے: اَللّٰھُمَّ اذْھِبْ عَنِّیْ سُوْءَ مَا اَجِدُ (اے اللہ عزوجل مجھ سے مرض دور فرما دے) اگر دوسرا دم کرے تو عَنِّیْ کی جگہ عَنْہُ (یعنی اس سے) کہے۔ (مدت: تا حصول شفا) (2) یَا مُحْیِیُ سات بار پڑھ کر گیس ہو یا پیٹھ یا پیٹ میں تکلیف یا عرق

Marfat.com

النساء یا کسی بھی جگہ درد ہو یا کسی عضو کے ضائع ہو جانے کا خوف ہو، اپنے اوپر دم کر دیجئے ان شاء اللہ عزوجل فائدہ ہوگا۔ (مدت علاج: تا حصول شفا)

منہ کی بدبو کا علاج

اگر کسی چیز کے کھانے کے سبب منہ میں بدبو آتی ہو تو ہرا دھنیہ چبا کر کھایئے نیز گلاب کے تازہ یا سوکھے ہوئے پھولوں سے دانت مانجھئے ان شاء اللہ عزوجل فائدہ ہوگا۔ ہاں اگر پیٹ کی خرابی کی وجہ سے بدبو آتی ہو تو "کم خوری" کی سعادت حاصل کر کے بھوک کی برکتیں لوٹنے سے ان شاء اللہ عزوجل ٹانگوں اور بدن کے مختلف حصوں کے درد، قبض، سینے کی جلن، منہ کے چھالے، بار بار ہونے والے نزلے کھانسی اور گلے کے درد، مسوڑھوں میں خون آنا وغیرہ بہت سارے امراض کے ساتھ ساتھ منہ کی بدبو سے بھی جان چھوٹ جائے گی۔ بھوک باقی رہے اسی طرح کم کھانے میں 80 فیصد امراض سے بچت ہو سکتی ہے۔ (تفصیلی معلومات کے لیے فیضان سنت کے باب "پیٹ کا قفل مدینہ" کا مطالعہ فرمایئے)

اگر نفس کی حرص کا علاج ہو جائے تو کئی جسمانی اور روحانی امراض خود ہی دم توڑ جائیں۔

رضا نفس دشمن ہے دم میں نہ آنا　　کہاں تم نے دیکھے ہیں چندرانے والے

منہ کی بدبو کا مدنی علاج

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ الطَّاھِرِ

مندرجہ بالا درود شریف موقع بہ موقع ایک ہی سانس میں گیارہ مرتبہ پڑھ لیجئے ان شاء اللہ عزوجل منہ کی بدبو زائل ہو جائے گی۔ ایک ہی سانس میں پڑھنے کا بہتر طریقہ یہ ہے کہ منہ بند کر کے آہستہ آہستہ ناک سے سانس لینا شروع کیجئے اور ممکنہ حد تک ہوا پھیپھڑوں میں بھر لیجئے۔ اب درود شریف پڑھنا شروع کیجئے۔ چند بار اس طرح مشق کریں گے تو سانس ٹوٹنے سے قبل ان شاء اللہ عزوجل مکمل گیارہ بار درود شریف پڑھنے کی ترکیب بن جائے گی۔ مذکورہ طریقے پر ناک سے گہرا سانس لے کر ممکن حد تک روک رکھنے کے بعد منہ سے خارج کریں کہ یہ صحت کے لیے انتہائی مفید ہے۔ دن بھر میں جب جب موقع ملے بالخصوص

Marfat.com

کھلی فضاء میں روزانہ چند بار تو ایسا کر ہی لینا چاہیے۔

منہ کی بدبو معلوم کرنے کا طریقہ

اگر منہ میں کوئی تغیر رائحہ (یعنی بدبو) ہو تو جتنی بار مسواک اور کلیوں سے اس (بدبو) کا ازالہ (یعنی دور کرنا ممکن) ہو (اتنی بار کلیاں وغیرہ کرنا) لازم ہے، اس کے لیے کوئی حد مقرر نہیں۔ بدبودار کثیف (گاڑھا) بے احتیاطی کا حقہ پینے والوں کو اس کا خیال (رکھنا) سخت ضروری ہے اور ان سے زیادہ سگریٹ والے کو کہ اس کی بدبو مرکب تمبا کو سے سخت تر اور زیادہ دیرپا ہے اور ان سب سے زائد اشد ضرورت تمبا کو کھانے والوں کو ہے جن کے منہ میں ان کا جرم (یعنی دھوئیں کے بجائے خود تمبا کو ہی) دبا رہتا ہے اور منہ اپنی بدبو سے بسا دیتا ہے۔ یہ سب لوگ وہاں تک مسواک اور کلیاں کریں کہ منہ بالکل صاف ہو جائے اور بو کا اصلاً نشان نہ رہے اور اس کا امتحان یوں ہے کہ ہاتھ اپنے منہ کے قریب لے جا کر منہ کھول کر زور سے تین بار حلق سے پوری سانس ہاتھ پر لیں اور معاً (فوراً) سونگھیں۔ بغیر اس کے اندر کی بدبو خود کم محسوس ہوتی ہے اور جب منہ میں بدبو ہو تو مسجد میں جانا حرام، نماز میں داخل ہونا منع۔ واللہ الہادی (فتاویٰ رضویہ تخریج شدہ، جلد اول، صفحہ ۶۲۳)

منہ کی صفائی کا طریقہ

جو مسواک اور کھانے کے بعد خلال کی سنت ادا نہیں کرتے اور دانتوں کی صفائی کرنے میں سست ہوتے ہیں اکثر ان کے منہ بدبودار ہوتے ہیں۔ صرف رسمی طور پر مسواک اور خلال کا تنکا دانتوں سے مس کر دینا کافی نہیں ہوتا۔ مسوڑھے زخمی نہ ہوں اس احتیاط کے ساتھ ممکنہ صورت میں غذا کا ایک ایک ذرہ دانتوں سے نکالنا ہوگا ورنہ دانتوں کے درمیان غذائی اجزاء پڑے پڑے سڑتے اور سخت سڑانڈ کا باعث بنتے رہیں گے۔ دانتوں کی صفائی کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ کوئی چیز کھانے اور چائے وغیرہ پینے کے بعد اور اس کے علاوہ بھی جب جب موقع ملے مثلاً بیٹھے بیٹھے کوئی کام کر رہے ہیں اس وقت پانی کا گھونٹ منہ میں بھر لیں اور جنبشیں دیتے رہیں یعنی ہلاتے رہیں، اس طرح منہ کا کچرا اور میل کچیل صاف ہوتا

Marfat.com

رہے گا۔ سادہ پانی بھی چل جائے گا اور اگر نمک والا نیم گرم پانی ہو تو یہ ان شاء اللہ عزوجل بہترین ''ماؤتھ واش'' ثابت ہوگا۔

111 مدنی پھولوں کا گلدستہ

(۱) قدم قدم پر سنت کا ثواب کمایئے اور وہ اس طرح کہ کھانے، پینے، کپڑے اتارنے، بتی، پنکھا اور دروازہ کھولنے بند کرنے، کوئی چیز لینے دینے، بچھانے سمیٹنے، اٹھانے رکھنے، لکھنے پڑھنے الغرض ہر صاحب شان جائز کام شروع کرنے سے قبل بسم اللہ پڑھیے۔

(۲) فرمان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے ''جو مجھ پر ایک بار درود پاک بھیجے اور وہ قبول ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اس کے اسی برس کے گناہ مٹا دے گا۔ (بہار شریعت)

(۳) جو وضو کے بعد آسمان کی طرف دیکھ کر سورۃ انا انزلنہ پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی نظر کبھی کمزور نہیں ہوگی۔ (مسائل القرآن)

(۴) سب سے بڑا وظیفہ مرد کے لیے ہے، مسجد کی پہلی صف میں تکبیر اولیٰ کے ساتھ پانچوں وقت باجماعت نماز ادا کرنا۔

(۵) سیدنا مالک بن انس (رضی اللہ عنہ) کو بعد وفات کسی نے خواب میں دیکھ کر پوچھا، اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک فرمایا؟ کہا، سیدنا عثمان غنی (رضی اللہ عنہ) جنازہ کو دیکھ کر کہا کرتے تھے۔ سُبْحٰنَ الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ۔ یعنی وہ ذات پاک ہے جو زندہ ہے اسے کبھی موت نہیں آئے گی (جنازہ دیکھ کر) مجھے اس کلمہ (کہنے) کے سبب بخش دیا۔

(۶) فرمان مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہے: اَفْضَلُ الْعِبَادَاتِ اَحْمَزُھَا۔ یعنی عبادتوں میں افضل عبادت وہ ہے جس میں زحمت (تکلیف) زیادہ ہے۔ (کشف الخفاء)

(۷) یَا خَبِیْرُ، سنتوں کا پابند اور نیک بننے کے لیے چلتے پھرتے پڑھتے رہیں۔

(۸) مسائل قرآن صفحہ ۲۹۰ پر ہے، ہر نماز کے بعد ذیل میں دی ہوئی دعاء اول و آخر درود شریف کے ساتھ ایک بار پڑھ لیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بال بچے سنتوں کے پابند بنیں گے اور گھر میں مدنی ماحول قائم ہوگا۔

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا ھَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا قُرَّۃَ اَعْیُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا ۝

(الفرقان) ترجمہ کنز الایمان: اے ہمارے رب! ہمیں دے ہماری بیبیوں اور ہماری اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک اور ہمیں پرہیزگاروں کا پیشوا بنا۔

(۹) یَا کَبِیْرُ، سات بار ہر نماز کے بعد پڑھ لیا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن، زہریلا جانور اور ہر آفت سے حفاظت ہوگی۔ (اول و آخر درود شریف)

(۱۰) جب کہیں دشمنوں کا خوف ہو اول آخر درود شریف کے ساتھ یہ دعا پڑھ لیجئے۔ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَ نَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ۔ یعنی اے اللہ تعالیٰ! میں تجھ کو ان کے سینوں کے مقابل کرتا ہوں اور ان کی برائیوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

(۱۱) جس وقت دشمن یا ڈاکو کا خوف ہو تو سورۃ القریش (لا یلف) پڑھ لیجئے ان شاء اللہ تعالیٰ ہر آفت سے امن رہے گا۔

(۱۲) ہر نعمت کو دیکھ کر ماشاء اللہ کہنے کی عادت بنائیں کہ جو کسی نعمت کو دیکھ کر ہمیشہ ماشاء اللہ کہتا رہے گا تو ان شاء اللہ تعالیٰ وہ نعمت تمام آفتوں سے محفوظ رہے گی۔ مگر موت برحق ہے۔ (بالتصرف)

(۱۳) انسان کی انسان پر یعنی مرد یا عورت پر اولیائے کرام کی ''سواری'' نہیں آیا کرتی، یہ جنات ہوتے ہیں جو جھوٹ بول کر، لوگوں کی بھیڑ کر کے لطف اندوز ہوتے ہیں۔

(۱۴) قرآن پاک سے ثابت ہے جنات کو علم غیب نہیں ہوتا لہٰذا ''حاضری'' کے جنات سے آئندہ کی خبر (مثلاً میں کیس جیتوں گا یا نہیں وغیرہ) پوچھنا حرام اور جنات کی غیب دانی (یعنی جن کے عالم الغیب ہونے) کا اعتقاد (یعنی یقین) ہو تو کفر۔ (اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

(۱۵) خدا تعالیٰ کے لیے مکان ثابت کرنا کفر ہے کیونکہ وہ مکان سے پاک ہے۔ یہ کہنا کہ ''اوپر خدا ہے نیچے تم'' یہ کلمہ کفر ہے۔ (بہار شریف)

(۱۶) ایک شخص گناہ کرتا ہے لوگوں نے اسے منع کیا تو کہنے لگے: ''اسلام کا کام اسی طرح

کرنا چاہیے"۔یعنی جو گناہ و معصیت کو اسلام کہتا ہے وہ کافر ہے۔(بہار شریعت)

(۱۷) احتیاط روزانہ اسی طرح توبہ کر کے کلمہ پڑھ لیا کریں۔"یا اللہ تعالیٰ! اگر مجھ سے کوئی کفر ہو گیا ہو تو میں اس سے توبہ کرتا ہوں"۔(اول و آخر درود شرف پڑھ لیں)

(۱۸) اگر زندگی بھر کوئی نیک عمل نہیں کر پائے تو مایوس نہ ہوں روزانہ کسی بھی وقت ۱۰۰ مرتبہ یَا اٰخِرُ پڑھ لیا کریں۔ان شاء اللہ تعالیٰ توبہ قبول اور خاتمہ ایمان پر ہوگا۔(اول و آخر درود شریف پڑھ لیں)

(۱۹) ابو العباس بلیا بن ملکان: جو مسلمان حضرت سیدنا خضر علیہ السلام کا (شروع میں دیا ہوا نام بمع ولدیت و کنیت) یاد رکھے گا۔ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا خاتمہ ایمان پر ہوگا۔ (تفسیر صاوی)

(۲۰) زمین پر جو شخص لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ پڑھا ہے اس کے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں اگرچہ سمندر کے جاگ کے برابر ہوں۔(مسند امام احمد)

(۲۱) بولو! سُبْحٰنَ اللّٰهِ۔ جتنی بار سُبْحٰنَ اللّٰهِ کہیں گے آپ کے لیے جنت میں اتنے درخت لگا دیئے جائیں گے۔

(۲۲) بلاوجہ چپ نہ رہیں درود شرف پڑھتے رہیں تاکہ آپ کے ثواب کا "میٹر" جاری رہے۔

(۲۳) مَنْ اَحَبَّ شَيْئًا اَكْثَرَ مِنْ ذِكْرِهٖ (الجامع الصغیر) یعنی جس چیز سے زیادہ محبت ہوتی ہے اس کا کثرت کے ساتھ ذکر کیا جاتا ہے۔

(۲۴) جو شخص مومن کے بارے میں ایسی چیز کہے جو اس میں نہ ہو (یعنی الزام ترشی کرے) اللہ عزوجل اسے "رَدْغَةُ الْخَبَالُ" میں اس وقت تک رکھے گا جب تک اس کی سزا پوری نہ ہو لے" روغۃ الجبال" جہنم میں ایک جگہ ہے جہاں جہنمیوں کا خون اور پیپ جمع ہوگا۔(ابوداؤد)

(۲۵) کچھ لوگوں کو ان کی زبانوں سے لٹکا دیا گیا تھا۔میں نے جبریل (علیہ السلام) سے

Marfat.com

سبب پوچھا تو انہوں نے بتایا، ”یہ لوگوں پر بلاوجہ الزام گناہ لگانے والے تھے“۔ (خواب مصطفیٰ ﷺ)

(۲۶) اگر کوئی تجھے ”سب سے برا“ کہہ دے اور تجھے غصہ آجائے تو سمجھ لے کہ تو واقعی ”سب سے برا ہے“۔

(۲۷) اگر فقیر سفید پوش ہو اور دوسرے کے سامنے خیرات دینے سے اس کی بدنامی ہوتی ہو تو لازم ہے کہ چھپا کر دیں ورنہ (بلا عذر شرعی) اس کو ایذاء پہنچنے کی صورت میں ثواب ضائع اور عذاب لازم۔

(۲۸) خوب جان لو! جو لوگوں کو تکلیف پہنچانے سے باز رہا اس کو اللہ عزوجل لازماً قہر کی تکلیف سے محفوظ فرمائے گا۔ (فرمان مصطفیٰ ﷺ)

(۲۹) فرمان مصطفیٰ ﷺ ہے: جس نے ماہ رمضان میں کوئی گناہ کیا تو اللہ عزوجل اس کے ایک سال کے اعمال برباد فرمادے گا۔ (فرمان مصطفیٰ ﷺ)

(۳۰) کسی کا مذاق اڑانا، طعنہ دینا، برے نام رکھنا (مثلاً گدھا، سور، موٹا، لمبو، ٹھنگو وغیرہ) حرام ہے اور ایسا کرنے والے کو قرآن پاک نے ”فاسق وظالم“ کا فتویٰ دیا ہے۔ (بطور پہچان اشارہ یا زبان سے کسی کو اندھا یا لمبا وغیرہ کہا یا لکھا اور اس کی دل آزاری نہ ہوئی تو حرج نہیں۔)

(۳۱) چور، شراب اور زانی جب مرتے ہیں تو ان پر دو سانپ مسلط کر دیئے جاتے ہیں جو ان کا گوشت نوچ نوچ کر کھاتے رہتے ہیں۔ (شرح الصدور)

(۳۲) فرمان مصطفیٰ ﷺ ہے: جو بھی نیک اولاد اپنے والدین کی طرف محبت کی نظر سے دیکھے اللہ تعالیٰ اسے ہر نظر کے بدلے ایک مقبول حج کا ثواب عطا فرماتا ہے۔ عرض کی گئی چاہے وہ دن میں سو مرتبہ دیکھے؟ ارشاد فرمایا: ہاں، اللہ تعالیٰ سب سے بڑا اور پاک ہے۔ (مشکوٰۃ)

(۳۳) اللہ تعالیٰ نے ہر ایک روزی اپنے ذمہ لی ہے مگر ہر ایک کی مغفرت کا ذمہ نہیں لیا۔ تو

Marfat.com

وہ مسلمان کس قدر نادان ہے جو رزق کے لیے تو مارا مارا پھرے مگر مغفرت کی طلب میں دل نہ جلائے۔

(۳۴) جو آدمی میری ایک بات مان لے میں اسے جنت میں پہنچانے کی بات مانتا ہوں (میری بات یہ ہے) کہ وہ کسی سے کوئی چیز نہ مانگے۔ (الحدیث کرامت اولیاء)

(۳۵) مَنْ کَتَمَ سِرَّہٗ بَلَغَ مُرَادَہٗ، یعنی جس نے اپنے راز کو چھپایا وہ اپنی مراد کو پہنچا۔

(۳۶) مصیبت کا شکوہ اور بلا ضرورت تذکرہ نہ کرنا ''صبر'' ہے (۲) شکریہ یا معاوضہ کی خواہش کے بغیر کسی کے ساتھ اچھا سلوک کرنا ''احسان'' ہے۔ (۳) غصہ پر قابو پا لینا ''حلم'' ہے (۴) کسی کو اپنے آپ سے گھٹیا سمجھنا ''تکبر'' ہے (۵) کسی کی خطاء پر (اپنے نفس کی خاطر) باز پرس نہ کرنا اور معاف کر دینا عفو و درگزر ہے۔

(۳۷) مستحق کو خیرات دے کر دوسروں کے سامنے اس کا تذکرہ کر کے اسے رسوا کرنے، یا طعنہ دینے سے ثواب ضائع اور عذاب لازم آتا ہے۔

(۳۸) دوزخ میں ایک وادی ہے جس سے دوزخ بھی روزانہ چار سو بار پناہ مانگتی ہے۔ وہ امت محمد ﷺ کے ریاء کاروں کے لیے ہے۔ (مکاشفۃ القلوب)

(۳۹) قَصَصُ الْاَوَّلِیْنَ مَوَاعِظُ الْاٰخِرِیْنَ یعنی اگلوں کے قصے پچھلوں کے لیے نصیحت ہوتے ہیں۔

(۴۰) ایک نوجوان صحابی رضی اللہ عنہ کے دل میں جہنم کا خوف بیٹھ گیا، انہوں نے روتے روتے گھر کا کونا سنبھال لیا۔ سرکار مدینہ ﷺ تشریف لائے اور ان کو سینے سے لگا لیا تو ان کی بے قرار روح پرواز کر گئی۔ سرکار ﷺ نے لوگوں سے فرمایا، اپنے صاحب کی تدفین کا انتظام کرو جہنم کے خوف نے اس کا جگر ٹکڑے ٹکڑے کر دیا ہے۔ (المستدرک للحاکم)

(۴۱) بنی اسرائیل کی پانچ سو کنواری لڑکیاں بیت المقدس میں داخل ہوئیں۔ شراب و عذاب کے بارے میں گفتگو چلی تو وہ سب کی سب خوف خدا تعالیٰ کے باعث ایک ہی دن انتقال کر گئیں۔ (احیاء العلوم اردو ج)

Marfat.com

(۴۲)عِنْدَ ذِکْرِ الصّٰلِحِیْنَ تَنَزَّلُ الرَّحْمَۃُ یعنی نیک لوگوں کے تذکرے کے وقت رحمت نازل ہوتی ہے۔(کشف الخفاء)

(۴۳)غافلوں کے تذکرے کے وقت لعنت برستی ہے۔جب تذکرے کا یہ حال ہے تو ان کو دیکھنا(ان کی صحبت میں بیٹھنا کس طرح برابر ہوگا۔

(امام غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کیمیائے سعادت)

(۴۴)فرمان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے:اچھی مجلس مومن کی بیس لاکھ بری مجالس کا کفارہ بنتی ہے۔

(مجمع الزوائد)

(۴۵)جو قبر کو اکثر یاد کرتا ہے وہ مرنے کے بعد اپنی قبر کو خوشنما باغ پائے گا اور جسے قبر کا کبھی خیال نہ آئے وہ اپنی قبر کو جہنم کے خوفناک گڑھوں میں سے ایک گڑھا پائے گا۔

(سفیان ثوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کیمیائے سعادت)

(۴۶)جو اللہ تعالیٰ اور آخرت پر ایمان رکھتے ہیں انہیں چاہیے کہ اچھی بات کہیں یا چپ رہیں۔(بخاری)

(۴۷)علم کے پانچ درجات ہیں (۱) خاموشی (۲) توجہ سے سننا (۳) جو سنا اسے یاد رکھنا (۴) سیکھا اس پر عمل کرنا (۵) جو علم حاصل ہوا اسے دوسروں تک پہنچانا۔

(سیدنا فضیل بن عیاض رضی اللہ تعالیٰ عنہ احیاء العلوم)

(۴۸)خَیْرُ الْکَلَامِ مَا قَلَّ وَ دَلَّ یعنی بہتر گفتگو وہ جو قلیل اور پر دلیل ہو۔

(۴۹)مَنْ کَثُرَ لَغَطُہٗ کَثُرَ غَلَطُہٗ یعنی جو زیادہ بولے گا وہ زیادہ غلطیاں کرے گا۔

(۵۰)مَنْ حَفِظَ لِسَانَہٗ قَلَّتْ نَدَامَتُہٗ یعنی جو اپنی زبان کی حفاظت کرے گا اسے کم سے کم ندامت ہوگی۔

(۵۱)جَرْحُ الْکَلَامِ اَشَدُّ مِنْ جَرْحِ السِّہَامِ یعنی زبان کا زخم تیر کے زخم سے زیادہ سخت ہوتا ہے۔

(۵۲)زبان اور آنکھوں کا ''قفل مدینہ'' لگا کر تجربہ کر لیں،سکون نہ ملے تو کہنا۔

Marfat.com

(۵۳)

دوزخ کی کہاں تاب ہے کمزور بدن میں ہر عضو کا عطار لگا قفل مدینہ
ہر لفظ کا کس طرح حساب بھائی تو دے گا؟ خاموش ہو، چپ ہو جا لگا قفل مدینہ
محشر میں تجھے ورنہ بڑی ہو گی ندامت اے بھائی زبان کا تو لگا قفل مدینہ

(۵۴) اَلصِّدْقُ یُنْجِیْ وَالْکِذْبُ یُهْلِکُ یعنی سچ نجات دلاتا اور جھوٹ ہلاک کر دیتا ہے۔

(۵۵) کسی شخص کے جھوٹا ہونے کے لیے اتنی بات ہی کافی ہے کہ ہر سنی سنائی بات کر دے۔ (مسلم)

(۵۶) قُلِ الْحَقَّ وَاِنْ کَانَ مُرًّا، یعنی حق بات کہو اگر چہ کڑوی ہو۔ (مشکوٰۃ)

(۵۷) مَنْ ضَحِکَ ضُحِکَ یعنی جو (کسی پر) ہنسے اس پر بھی لوگ ہنسیں گے۔

(۵۸) سیدنا یوسف بن حسین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو خواب میں دیکھ کر کسی نے پوچھا، آپ کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے کیا معاملہ فرمایا؟ کہا مجھے بخش دیا۔ پوچھا کس سبب سے؟ فرمایا، میں نے کبھی بھی سنجیدہ بات کو مذاق کے ساتھ نہیں ملایا۔ (احیاء العلوم)

(۵۹) نادان کی زبان اس کی مالک ہوتی ہے اور عقل مند اپنی زبان کا خود مالک ہوتا ہے۔ (یعنی نادان بے سوچے سمجھے بول پڑتا، ذلیل ہوتا اور عقل مند تول کر بولتا، عزت پاتا ہے)

(۶۰) جس میں عقل کم ہوتی ہے وہ غیر ضروری باتیں زیادہ کرتا ہے۔

(۶۱) برے کو دوست بنانے والا معصیت سے بری جگہ جانے والا تہمت سے اور زیادہ بولنے والا ندامت سے بچ نہیں سکتا۔ (امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، مکاشفۃ القلوب اردو)

(۶۲) مَنْ کَثُرَ مِزَاحُهٗ زَالَتْ هَیْبَتُهٗ یعنی جو زیادہ ہنسی مذاق کرے گا اس کی ہیبت جاتی رہے گی۔

(۶۳) اِذَا تَکَرَّرَ الْکَلَامُ عَلَی السَّمْعِ تَقَرَّرَ فِی الْقَلْبِ یعنی جو بات کان پر بار بار دہرائی جائے وہ دل میں قرار پا لیتی ہے۔

(۶۴)وَالْعُذْرُ عِنْدَ كِرَامِ النَّاسِ قَبُوْلٌ اور معذرت کریم لوگوں کے یہاں قبول کر لی جاتی ہے۔

(۶۵)جو نرمی سے محروم کیا گیا وہ بھلائی سے محروم کیا گیا۔(مسلم)

ہے فلاح کامرانی نرمی و آسانی میں ہر بنا کام بگڑ جاتا ہے نادانی میں

(۶۶)

آنکھوں میں پس مرگ نہ بھر جائے کہیں آگ آنکھوں پہ مرے بھائی لگا قفل مدینہ

آقا کی حیاء سے جھکی رہتی تھیں نگاہیں آنکھوں پہ مرے بھائی لگا قفل مدینہ

(۶۷)اپنی تعریف سننے کا شوق برا ہے کہ اس میں آخر کی بربادی کا اندیشہ ہے۔(بخاری و مسلم)

(۶۸)اپنی جھوٹی تعریف کو پسند کرنا صریح حرام قطعی ہے۔کہ اس پر سورۂ آل عمران، آیت نمبر ۱۸۸ میں دردناک عذاب کی وعید بیان کی گئی ہے۔(غیر عالم خود کو ''عالم''، غیر مفتی خود کو ''مفتی'' اصاغرین خود کو ''علامہ'' غیر قاری خود کو ''قاری'' قرآن بھول جانے والا کو خود ''حافظ'' کہلوانے سے بچے۔ بلکہ جن کو معلوم نہ ہو ان پر بلا حاجت اپنے ''دینی یا خاندانی وصف'' مثلاً قاری، خطیب، حافظ، امام مسجد، سید وغیرہ کا از خود اظہار ریاء کاری کی آفت میں مبتلا کر سکتا ہے)

(۶۹)کسی کے لیے ایسی خوبیاں بیان کرنا جو اس کی ذات میں نہ ہوں حرام ہے۔مثلاً معاون نہ ہو پھر بھی کہنا نیک کاموں میں بہت تعاون کرتا ہے، زکوٰۃ تک جو خوش دلی سے نہ دیتا ہو اس کو ''سخی'' مصیبت کا رونا رونے والے کو ''صبر والے'' اور ڈرپوک کو ''ہمت والا'' کہنا۔ (چھوٹے عالم ''علامہ'' (یعنی بڑا عالم) جس کے مخارج تک درست نہ ہوں اس کو ''قاری صاحب'' غیر حاجی ''حاجی صاحب'' کہنے سے بھی بچیں۔)

(۷۰)جب فاسق کی تعریف کی جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ غضب فرماتا اور عرش الٰہی تعالیٰ ہلنے لگتا ہے۔(بیہقی)

(۷۱)کسی کی تعریف کرنی ضروری ہو تو یہ کہے کہ میرے گمان میں فلاں ایسا ہے۔(بخاری و مسلم)

Marfat.com

(۷۴)اَلْاِنْسَانُ حَرِیْضٌ فِیْمَا مُنِعَ یعنی انسان اس چیز کا حریص ہے جس سے اسے منع کیا جائے۔

(۷۳) ثَمَرَۃُ الْعَجَلَۃِ النَّدَامَۃُ جلد بازی کا نتیجہ ندامت ہے۔

(۷۴)ایسے رہا کرو کہ کریں لوگ آرزو ایسے چلن چلو کہ زمانہ مثال دے۔

(۷۵) بہترین انسان وہ جو صرف اپنے عیبوں پر نظر رکھے اور دوسروں کے عیوب کے معاملے میں اندھا ہو۔

(۷۶)

عیبوں کو ڈھونڈتی ہے فقط عیب جی کی نظر جو خوش نظر ہیں ہنر و کمال دیکھتے ہیں

(۷۷)غلام حسین، فدا حسین، غلام علی، نثار حسین نام رکھنے جائز ہیں مگر ان کے آگے ''محمد'' نہ بڑھایا جائے۔(ملخص از فتاویٰ رضویہ)

(۷۸) فرمان سیدنا لقمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہے، کھانے سے پہلے پانی پینا شفاء، بیچ میں دواء اور آخر میں وبا یعنی بیماری ہے۔

(۷۹) روٹی بائیں (یعنی الٹے) ہاتھ میں لے کر داہنے (یعنی سیدھے) ہاتھ سے نوالہ توڑنا دفع تکبر (یعنی غرور دور کرنے) کے لیے ہے۔(فتاوی رضویہ)

(۸۰)سُؤْرُ الْمُؤْمِنِ شِفَاءٌ مومن کے جوٹھے میں شفاء ہے۔

(۸۱) اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اردو ترجمہ قرآن ''کنز الایمان'' خوف خدا و عشق مصطفیٰ ﷺ میں ڈوبا ہوا ہے۔اور اس پر مفتی احمد یار خان نعیمی علیہ رحمتہ القوی کی آسان تفسیر ''نور العرفان'' سونے پر سہاگہ ہے۔''کنز الایمان تفسیر نور العرفان'' سے روزانہ ایک رکوع تلاوت کیجئے۔ان شاء اللہ تعالیٰ مرد حضرات اور خواتین کا جی چاہے گا کہ بس پڑھتے ہی چلے جائیں۔)

(۸۲) پردے کی جگہ کا ابھار نظر آئے اس طرح ایک یا دونوں گھٹنے کھڑے کر کے بیٹھنا بے حیائی ہے، تنہائی میں بھی کرتے کے دامن یا چادر کے ذریعے ''پردے میں پردہ'' کی عادت

Marfat.com

بنائے کہ اللہ تعالیٰ سے حیاء کرنے کا زیادہ حق ہے۔ (مسلمان بہنیں بھی اپنے محارم بلکہ خواتین سے بھی اپنے ''ابھار'' لازماً چھپائیں کہ حیاء عورت کا زیور ہے)

(۸۳) پردے میں پردہ کرنے کا طریقہ یہ ہے، بیٹھنے سے قبل کھڑے کھڑے ہی چادر کے دونوں سرے ہاتھوں سے پکڑ کر ناف سے لے کر قدموں تک پھیلا دیں اب بیٹھ جائیں اور چادر کا کچھ حصہ قدموں تلے دبا لیں۔ جب اٹھنا چاہیں تو اسی طرح دونوں ہاتھوں سے چادر تھامے ہوئے کھڑے ہوں۔ (اگر چادر نہ ہو تو اٹھتے بیٹھتے وقت کرتے کا دامن اچھی طرح پھیلا لا کریں۔ سنت کے مطابق سیدھا گھٹنا (Knee) کھڑا کر کے الٹا پاؤں بچھا کر کھانا کھاتے ہوئے بھی پردہ میں پردہ سخت ضروری ہے، کیونکہ اس وقت معمولی سی بے احتیاطی بھی بہت بھونڈا منظر پیش کرتا ہے۔

(۸۴) چینی میٹھا زہر ہے لہٰذا ممکن ہو تو اپنی غذاؤں اور چائے وغیرہ میں شہد ڈالیں۔ شہد (خالص) میں شفاء ہے۔

(۸۵) چائے پینے کے بعد کپ میں تھوڑا سا پانی (ٹھنڈا نہ ہو) ڈال کر ہلا کر کلی بھر لیا کریں اور چند بار منہ میں پھرا کر پی لیں یا نکال دیں۔ اسی طرح کوئی بھی چیز کھائیں پئیں یہ عمل کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دانت صاف ہو جائیں گے اور بیماریوں سے بھی تحفظ حاصل ہوگا۔

(۸۶) اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّم عَلَی النَّبِیِّ الطَّاھِر جو کوئی ایک سانس میں گیارہ بار یہ درود شریف پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے منہ کی بدبو دور ہو جائے گی۔

(۸۷) گلاب کی پتیاں دانتوں پر ملنے سے منہ کی بدبو دور ہوتی ہے۔

(۸۸) لیموں کو چھلکے سمیت کاٹ کر پیس کر اس میں نمک ملا کر دانت مانجھیں، ان شاء اللہ تعالیٰ چمک دار ہو جائیں گے۔

(۸۹) کھٹی چیزیں کھانے سے بلغم بڑھتا ہے۔ بلغم سے کئی بیماریاں ہوتی ہیں اور حافظہ بھی کمزور ہو جاتا ہے۔

(۹۰) داڑھی والے مرد حضرات روزانہ کم از کم ایک بار ہونٹوں کے اردگرد کے بال صابن

Marfat.com

سے دھولیا کریں تا کہ کھانے کے اثر دھل جائے، ورنہ بالوں میں جراثیم پرورش پائیں گے اور بدبو بھی پیدا ہوگی۔

(۹۱) جوریا کاری سے بچنے کا آرزومند ہے اسے چاہیے کہ جس طرح اپنے گناہوں کو لوگوں سے چھپاتا ہے اس طرح (نفلی) نیکیوں کو بھی چھپائے۔

(۹۲) شوگر کے مریضوں کے لیے یہ فرمانی دعا اڑھائی ماہ تک بلاناغہ روزانہ صبح وشام تین تین بار (اول وآخر درود شریف) پڑھ کر پانی پر دم کر پئیں ان شاء اللہ تعالیٰ شوگر کی بیماری ختم ہو جائے گی۔ دعا یہ ہے: رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ﴿۸۰﴾ (بنی اسرائیل: ۸۰)

(۹۳) کھانے کے وقت الٹا پاؤں بچھا دیں اور سیدھا کھڑا رکھیں یا سرین پر بیٹھ جائیں اور دونوں گھٹنے کھڑے رکھیں یا دوزانو بیٹھیں تینوں میں سے جس طرح بیٹھیں سنت ادا ہو جاء گی۔ چار زانو بیٹھ کر نہ کھائیں "اپنڈکس" ہو جانے کا اندیشہ ہے۔

(۹۴) گدھا ایک ہزار تک زندہ رہتا ہے۔ حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں "جب گدھ بولتا ہے تو کہتا ہے، تو جتنا چاہے جی لے مگر ایک نہ ایک دن تجھے مرنا ہی پڑے گا"۔

(۹۵) ماں باپ اور ذوی الارحام (یعنی جن کے ساتھ خونی رشتہ ہو) کے ساتھ حسن سلوک کرنے سے عمر بڑھتی ہے۔

(۹۶) بیماری اور آفت بھی درحقیقت نعمتیں ہیں اور مسلمان کو ان پر ثواب ملتا اور گناہ معاف ہوتے ہیں۔

(۹۷)

جے سوہنا مرے دکھ وچ راضی میں سکھ نوں چلھے پاواں

"یعنی جب کہ میرا محبوب میری بیماریوں اور پریشانیوں پر خوش ہے تو میں راحتوں کو چولہے میں جھونکتا ہوں"۔

Marfat.com

(۹۸) دعوت اسلامی کے مدنی قافلے میں سفر کر کے دعا کرنے والوں کے مسائل حل ہونے کے کئی واقعات ہیں۔

(۹۹) مدنی انعامات کا فارم پر کر کے دعوت اسلامی کے علاقائی ذمہ دار کو ہر ماہ جمع کروائیں ان شاء اللہ تعالیٰ آپ کی مشکلات حل ہوں گ۔

(۱۰۰) یَا عَلِیمُ 21 بار (اول و آخر ایک بار درود شریف) پڑھ کر پانی پر دم کر کے 40 روز تک نہار منہ پئیں (یا پلائیں) ان شاء اللہ تعالیٰ (پینے والے کا) حافظ مضبوط ہوگا۔ (40 روز تک روزانہ پڑھنا ہوگا۔ ایک دن پڑھ کر دم کر کے پانی رکھ دینا کافی نہیں)

(۱۰۱) ایک بار حضرت سیدنا یحییٰ معاذ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے گھر کا چراغ ہوا کے جھونکے سے بجھ گیا تو آپ خوف سے دیر تک روتے رہے کہ کہیں غفلت کے جھونکے سے میرے ایمان کی شمع نہ بجھ جائے۔ (تذکرۃ الاولیاء)

(۱۰۲) حضرت سیدنا ابو حفص حداد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی ایک بار کسی یہودی پر نظر پڑی تو بے ہوش ہو کر گر پڑے جب ہوش آیا تو لوگوں کے پوچھنے پر فرمایا، ایک شخص کو "لباس عدل" اور خود کو "لباس فضل" میں دیکھ کر ایک دم خوف طاری ہو گیا کہ کہیں میرے لباس کو اور اس کا مجھ کو نہ عطا کر دیا جائے (یعنی آپ سلب ایمان کے خوف سے بے ہوش ہو گئے تھے) (تذکرۃ الاولیاء)

(۱۰۳) آنکھ، کان، ہاتھ، پاؤں وغیرہ سب دو دو مل کر کام کرتے ہیں۔ مگر زبان تنہا ہونے کے باوجود سب پر بھاری ہے۔ 32 سپاہیوں (دانتوں) کا پہرہ بٹھا ہونٹوں کے پھاٹک میں اس کو بند رکھا گیا ہے۔ پھر بھی جب یہ بے قابو ہو کر باہر نکل کر بلا ضرورت چلتی ہے تو دیکھتے ہی دیکھتے گناہوں کا ڈھیر لگا دیتی ہے۔

(۱۰۴) اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلٰینَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَآئِھَا وَعَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَ شِفَآئِھَا وَ نُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا وَاٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ دَآئِمًا اَبَدًا درود شفاء گیارہ بار پڑھ کر جس مریض پر دم کریں۔ ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

(۱۰۵) گمشدہ چیز یا گمشدہ افراد کے لیے یَا خَالِقُ 50 تسبیح 21 دن تک روزانہ پڑھیں۔ (روح البیان)

Marfat.com

(۱۰۶) ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نوجوان لڑکیوں کو فربہ ہونے کے لیے ککڑی اور کھجور ملا کر کھانے کا فرماتی تھیں۔

(۱۰۷) حضرت مولائے کائنات، علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، جو روزانہ سرخ مٹے 21 عدد کھالیا کرے وہ ان تمام امراض سے محفوظ رہے گا جن سے خوفزدہ ہے۔ (ابونعیم)

(۱۰۸) بائی پاس کے آپریشن سے بچنے کے لیے (۱) لیموں کا جوس ایک پیالی (۲) ادرک کا جوس ایک پیالی (۳) لہسن کا جوس ایک پیالی (۴) سیب کا سرکہ ایک پیالی۔ جو چاروں جوس یکجا کر کے ہلکی آنچ پر آدھے گھنٹے تک ابالیں۔ جب ایک پیالی کے برابر جوس کم ہو جائے تو چولہے سے اتار کر اسے ٹھنڈا ہونے دیں۔ جب ٹھنڈا ہو جائے تو تین پیالی شہد اس میں حل کر لیں۔ اس تمام محلول کو یکجا کر کے شیشے کی بوتل میں محفوظ کر لیں۔ روزانہ صبح نہار منہ تین کھانے کے چمچ یہ محلول پئیں۔ اللہ کے کرم سے دل کی جانب جانے والی تمام بند شریانیں کھل جائے گی (یہ نسخہ مجرب اور الاثرات ہے) کم از کم تین ماہ لگاتار پئیں۔ (نمک اور چکنائی سے پرہیز) اول 12 بار درود شریف اور 12 بار بسم اللہ شریف استعمال سے قبل۔

(۱۰۹) گردے کی تکلیف سے بچنے کے لیے فجر کے بعد اور عصر کے بعد ایک کپ نیم گرم پانی 1 یا 2 چائے کا چمچ شہد ڈال کر پئیں۔

(۱۱۰) کھانسی کے علاج کے لیے روزانہ کشمش کے 40 دانے (اگر موافق آتے ہوں تو دگنے کرنے میں بھی حرج نہیں اور تین عدد بادام لے کر اس پر 11 بار درود شریف پڑھ کر دم کر کے کھا لیجئے اس کے اوپر دو گھنٹے تک پانی نہ پئیں۔ ان شاء اللہ عزوجل کھانسی میں بہت فائدہ ہوگا۔ بلغم نکلے گا اور مزید نہیں بنے گا۔

(۱۱۱) قرض سے نجات کے لیے اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ روزانہ فجر کی نماز کے بعد 21 مرتبہ یہ دعاء پڑھیں (اول و آخر 3 بار درود شریف)

Marfat.com

درود لکھی

درود لکھی مسلمانوں کے مشہور بادشادہ سلطان محمود غزنوی رحمتہ اللہ علیہ کی طرف منسوب ہے کہا جاتا ہے کہ سلطان محمود غزنوی کا معمول تھا کہ وہ روزانہ صدق دل سے بطور وظیفہ حضور ﷺ کی ذات گرامی پر ایک لاکھ مرتبہ درود پڑھا کرتے تھے۔ لامحالہ ایک لاکھ مرتبہ درود پڑھنے میں رات دن کا بیشتر حصہ صرف ہو جاتا اس وجہ سے امور سلطنت کو سرانجام دینے کے لیے فرصت کا وقت بہت کم ملتا اس طرح ان کی وسیع و عریض سلطنت میں بعض اوقات انتظام درست نہ رہتا۔ ایک رات عالم خواب میں سلطان محمود غزنوی کو حضور ﷺ کی زیارت ہوئی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خواب میں ہی محمود غزنوی کو یہ درود سکھایا اور فرمایا کہ نماز فجر کے بعد اسے ایک بار پڑھ لیا کرو تو ایک لاکھ مرتبہ درود پڑھنے کا ثواب ملے گا۔ یعنی اس درود پاک کو جتنی بار پڑھا جائے اتنے ہی لاکھ بار ثواب ملے گا محمود غزنوی نے اس نعمت عظمیٰ کو عام کیا اور دوسرے مسلمان بھائیوں کو اس درود شریف کے پڑھنے کی تلقین فرمائی۔

یہ درود مغفرت اور گناہوں کی معافی کے لیے بہت اکسیر ہے اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اس کے مرحوم شدہ آباؤ اجداد کی مغفرت ہو جائے اور عالم برزخ میں انہیں راحت ہو جائے تو اسے چاہیے کہ یہ درود پاک ۱۱ مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھے اس کے بعد اللہ تعالیٰ کے حضور اس درود کے وسیلہ سے ان کی بخشش اور مغفرت کی دعا کرے انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ انہیں معاف کر کے ان کی قبر کو مثل جنت بنا دے گا۔ اس کے علاوہ یہ درود دینی و دنیوی حاجات پوری ہونے کے لیے بھی بہت مؤثر ہے اس لیے اسے ایک مرتبہ روزانہ پڑھنے سے فلاح دارین حاصل ہوتی ہے۔ تہجد کی نماز کے بعد ۱۱ مرتبہ اس درود پاک کا ورد اضافہ رزق کا باعث بنتا ہے اس درود پاک کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ جس گھر میں یہ پڑھا جائے وہاں اتفاق اور برکت پیدا ہوتی ہے۔ لہٰذا اگر کسی گھر میں بے سکونی اور جھگڑا رہتا ہو تو اسے پڑھنے سے گھر میں امن و امان اور آپس میں ہمدردی پیدا ہو جائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ

Marfat.com

درُود لکّھی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوۡلٰنَا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ
رَحۡمَۃِ اللّٰہِ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی سَیِّدِنَا
وَمَوۡلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
بِعَدَدِ فَضۡلِ اللّٰہِ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی
سَیِّدِنَا وَ مَوۡلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ خَلۡقِ اللّٰہِ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ
عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوۡلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ عِلۡمِ اللّٰہِ۔ اَللّٰھُمَّ
صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کَلِمَاتِ اللّٰہِ۔ اَللّٰھُمَّ

Marfat.com

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كَرَمِ
اللّٰهِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ حُرُوْفِ
كَلَامِ اللّٰهِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
بِعَدَدِ قَطَرَاتِ الْاَمْطَارِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى
سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ اَوْرَاقِ الْاَشْجَارِ۔ اَللّٰهُمَّ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ رَمْلِ الْقِفَارِ۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ
مَاخُلِقَ فِي الْبِحَارِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

Marfat.com

سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْحُبُوْبِ وَالثِّمَارِ۔ اَللّٰهُمَّ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ
مَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِ الَّيْلُ وَاَشْرَقَ عَلَيْهِ النَّهَارُ
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ
مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ۔ اَللّٰهُمَّ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّ
عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ اَنْفَاسِ الْخَلَآئِقِ۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ

Marfat.com

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ نُجُوْمِ السَّمٰوٰتِ۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ شَيْءٍ فِى الدُّنْيَا
وَالْاٰخِرَةِ۔ صَلَوَاتُ اللّٰهِ تَعَالٰى وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَاَنْبِيَآئِهٖ
وَرُسُلِهٖ وَجَمِيْعِ الْخَلَآئِقِ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَاِمَامِ
الْمُتَّقِيْنَ وَقَآئِدِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ وَشَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ سَيِّدِنَا
وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَ
ذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاَهْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِيْنَ مِنْ
اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ
الرَّاحِمِيْنَ وَيَآ اَكْرَمَ الْاَكْرَمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَسَلَّمَ
تَسْلِيْمًا دَآئِمًا اَبَدًا كَثِيْرًا وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔
الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ (ﷺ) کی آل پر بے شمار اپنی رحمت کے درود و سلام نازل فرما۔ الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی آل پر بے شمار اپنے فضل کے رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔ الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی آل پر بے شمار اپنی مخلوقات کے رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔ الٰہی ہمارے آقا و

Marfat.com

مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ ﷺ کی آل پر بے شمار اپنی معلومات کے رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔ الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر آپ ﷺ کی آل پر بے شمار اپنے کلمات کے رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔ الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ ﷺ کی آل پر اپنی بزرگی کے برابر رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔ الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ ﷺ کی آل پر کلام اللہ کے حروف کے برابر رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔ الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر آپ ﷺ کی آل پر بارشوں کے قطروں کے برابر رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔ الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ ﷺ کی آل پر درختوں کے پتوں کے برابر رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔ الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ ﷺ کی آل پر صحراؤں کی ریت (کے ذروں) کے برابر رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔ الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ ﷺ کی آل پر بے شمار ہر اس چیز کے جو سمندروں میں پیدا کی گئی رحمت کاملہ اور سلامتی فرما۔ الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ ﷺ کی آل پر دانوں اور پھلوں کی تعداد میں رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔ الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ ﷺ کی آل پر بے شمار راتوں اور دنوں کے رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔ الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ ﷺ کی آل پر بے شمار ان چیزوں کے کہ جن پر رات نے اندھیرا اور دن نے روشنی کی رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔ الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ ﷺ کی آل پر بے شمار ان (نفوس) کے رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما جنہوں نے حضور اقدس ﷺ پر درود بھیجا الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ ﷺ کی آل پر اس قدر رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما جس قدر کہ مخلوق نے سانس لی۔ الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ ﷺ کی آل پر آسمان کے ستاروں کے برابر رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔ الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ ﷺ کی آل پر دنیا اور آخرت کی ہر چیز کے برابر رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔ خدائے برتر کی رحمتیں اور اس کے فرشتوں، نبیوں،

Marfat.com

رسولوں اور تمام مخلوقات کا درود رسولوں کے سردار پرہیز گاروں کے پیشوا درخشاں پیشانی والوں کے راہنما اور گنہگاروں کی شفاعت کرنے والے (یعنی) ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ ﷺ کی آل، آپ ﷺ کے اصحاب، ازواج مطہرات، اولاد اور اہل بیت پر اور تیرے تمام اطاعت شعاروں پر ہو جو آسمانوں اور زمینوں پر رہتے ہیں اے رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحم کرنے والے اور اے کرم کرنے والوں میں سب سے زیادہ کرم کرنے والے اپنی رحمت سے (میری یہ التجا قبول فرما) حق تعالیٰ ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ ﷺ کی آل پر اور تمام صحابہ پر ہمیشہ ہمیشہ رحمت و سلامتی نازل فرمائے بہت بہت۔ اور ہر قسم کی حمد و ثنا حق تعالیٰ ہی کے لیے ہے جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔

عہد نامہ

عہد نامہ توحید الٰہی کا اقرار ہے۔ جب اللہ تعالیٰ نے روحوں کو پیدا کیا تھا تو اس وقت اللہ تعالیٰ نے ان سے عہد لیا تھا کہ کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں تو سب روحوں نے کہا تھا کہ ہاں، اسے یوم میثاق کہتے ہیں یعنی یہ عہد توحید کا تھا اسی عہد کے اقرار کو عہد نامہ کہا جاتا ہے۔ کیونکہ اس عہد نامہ میں اللہ کی وحدانیت کی شہادت اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا اقرار ہے اس کے متعلق چند اسناد حسب ذیل ہیں۔

پہلی روایت حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروری ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک روز اپنے اصحاب کرام سے فرمایا کیا تم اس بات سے عاجز ہو کر صبح و شام اللہ تعالیٰ سے عہد کر لیا کرو؟ عرض کیا گیا کیسے؟ فرمایا جو ہر صبح و شام اس (عہد نامہ) کو پڑھے گا ایک فرشتہ اس پر مہر لگا کر عرش معلیٰ کے نیچے رکھ دے گا اور بروز قیامت منادی ندا کرے گا۔ وہ لوگ کہاں ہیں جن کے لیے اللہ تعالیٰ کے پاس عہد ہے۔ تو وہ جنت میں داخل ہوں گے۔ (تفسیر کبیر)

دوسری روایت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی جس کو ابن ابی شیبہ اور حاتم اور طبرانی اور حاکم نے بتصحیح اور ابن مردویہ نے روایت کیا

Marfat.com

یوں ہے کہ آپ ﷺ نے آیۂ کریمہ لَا یَمْلِکُوْنَ الشَّفَاعَۃَ اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَھْدًا ۔ پڑھ کر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن فرمائے گا۔ جس شخص کا میرے پاس عہد ہو وہ کھڑا ہو جائے تو سوائے اس دعاء (عہد نامہ) کے کوئی کھڑا نہ ہوگا۔

تیسری روایت

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے ہے جس کو حکیم ترمذی نے روایت کیا۔ آپ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص ہر نماز کے سلام کے بعد یہ کلمات پڑھے گا ایک فرشتہ اس کو کاغذ پر لکھ کر مہر لگا کر رکھ دے گا۔ جب بندہ اپنی قبر سے اٹھے گا وہ فرشتہ وہ نوشتہ لائے گا اور ندا کرے گا کہ عہد والے لوگ کہاں ہیں حتیٰ کہ وہ (عہد کیا ہوا) ان کو دے گا۔

ابن حجر رحمتہ اللہ علیہ نے اپنے فتاویٰ میں (عہد نامہ) لکھنے کے جواز میں فتویٰ دیا اور فرمایا کہ اس دعا کے لیے اصل ہے۔ ابن عجیل فقیہ اس کے لیے حکم کیا کرتے تھے۔ مگر کلمہ کی انگلی سے لکھیں روشنائی سے نہ لکھیں ان روایات سے یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ شجرہ یا عہد نامہ قبر میں رکھنا جائز ہے اور بہتر یہ ہے کہ میت کے منہ کے سامنے قبلہ کی جانب طاق کھود کر اس میں رکھیں (بہار شریعت)

عَھْدْ نَامَہْ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ اَنْتَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعْھَدُ اِلَیْکَ فِیْ ھٰذِہِ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَاَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ ۚ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا

Marfat.com

عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ فَلَا تَكِلْنِیْٓ اِلٰی نَفْسِیْ فَاِنَّكَ اِنْ
تَكِلْنِیْٓ اِلٰی نَفْسِیْ تُقَرِّبْنِیْٓ اِلَی الشَّرِّ وَتُبَاعِدْنِیْ مِنَ
الْخَیْرِ وَاِنِّیْ لَآ اَتَّكِلُ اِلَّا بِرَحْمَتِكَ فَاجْعَلْ لِّیْ عِنْدَكَ
عَهْدًا تُوَفِّیْهِ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ
الْمِیْعَادَ ؕ وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ
مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ ؕ
بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ؕ

ترجمہ: اللہ کے نام شروع کرتا ہوں جو بہت مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔
اے میرے اللہ آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے غائب اور حاضر کے جاننے والے تو نہایت مہربان بخشش والا ہے۔ الٰہی میں اس دنیاوی زندگی میں تیرے ساتھ عہد واقرار کرتا ہوں اور اس بات کی شہادت دیتا ہوں کہ تیرے سوا قابل پرستش کوئی نہیں۔ تو یکتا ہے تیرا کوئی شریک اور ساتھی نہیں اور میں اس بات کی بھی گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تیرے بندے اور رسول ہیں۔ پس تو مجھے میرے نفس پر نہ چھوڑ کیونکہ اگر تو مجھے میرے نفس کے حوالے کر دے گا تو یہ مجھے شر کے قریب اور نیکی سے دور کر دے گا اور مجھے تو صرف تیری رحمت کا آسرا ہے۔ پس اپنے ہاں بھی میرا عہد کر دے جسے روز قیامت تک پورا کرے تو ہرگز عہد کی خلاف ورزی نہیں کرتا اور خیر الخلق حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور تمام آل و اصحاب پر اللہ تعالیٰ کی رحمت نازل ہو۔ اے رحم کرنے والوں میں سب سے بڑے رحم کرنے والے اپنی رحمت سے (میری التجا قبول فرما)۔

Marfat.com

الحمدللہ رب العلمین روزانہ پچاس ہزار سے زائد لوگوں میں عزت وتکریم کے ساتھ کھانے اور دیگر ضروریات فراہم کرنے والا منفرد ادارہ

شعبہ جات

- 40 ہزار افراد میں 30 سینٹروں اور ہزار ہا سے زائد گھرانوں میں کھانے کی فراہمی
- سرکاری ہسپتالوں میں علاج معالجہ، ٹیسٹ اور آپریشن کی سہولت
- 100 سے زائد تعلیمی اداروں میں دینی اور دنیاوی تعلیم کی فراہمی
- 1000 سے زائد گھرانوں میں ماہانہ کفالت کی فراہمی (یتیم، بیوا، معذور، لاچار اور دیگر)
- یتیم اور مستحق بچیوں کی شادی میں جہیز کی معاونت
- اجناس اور راشن کی فراہمی
- ضرورت مند گھرانوں میں پیڈسٹل فین، واٹر کولر اور دیگر ضروریات کا سامان
- لاچار، نادار لوگوں میں گیس اور بجلی کے بل کی ادائیگی
- نادار گھرانوں میں ماہانہ کرائے اور گھروں کے ایڈوانس میں معاونت
- نادار اور پسماندہ گھرانوں کے ٹوٹے ہوئے شکستہ مکانات کی مرمت
- نئی آبادیوں میں مکمل مکانات کی تعمیرات
- نوکریوں اور چھوٹے روزگار کی فراہمی
- پڑھے لکھے اور ان پڑھ لوگوں کو ملازمت پر لگانے کی ذمہ داری
- نومسلم خاندانوں کے روزگار اور دیگر معاملات میں معاونت
- غریب اور لاچار خاندانوں میں تجہیز وتکفین کی فراہمی
- چھوٹے قرضداروں کو قرض سے خلاصی
- چھوٹے روزگار کے لئے قرض حسنہ کی فراہمی
- ہسپتالوں میں مریضوں کے لئے 12 اور 24 گھنٹے اسٹریچرز اور وہیل چیئرز کے عملے کے ساتھ خدمت
- مرکز برائے فراہمی سامان معذورین (غریب اور لاچار مریضوں کے لئے اسٹریچرز، وہیل چیئرز، بیساکھی اور مریضوں کا دیگر سامان فی سبیل اللہ عارضی طور پر دیا جاتا ہے)
- پانی کی قلت کے سدباب کے لئے کنوؤں اور بورنگ کے انتظامات
- ہسپتالوں اور دیگر اہم مقامات پر ٹھنڈے پانی کے الیکٹرک کولر
- دینی مدرسوں کا قیام
- خستہ حال مسجدوں کی بحالی اور مرمت
- غریب اور کم آمدنی والے علاقوں میں مسجدوں اور مدرسوں کے امام اور قاری صاحبان کی ماہانہ تنخواہوں کا انتظام
- کراچی بھر سے مقدس اوراق جمع کر کے بحری جہاز کے ذریعے سمندر برد کرنے کا انتظام
- کراچی کے 9 مقامات پر صدقے کے بکروں کی فراہمی اور ذبیحہ کا انتظام
- سالانہ اجتماعی قربانی کے ذریعے شہر کے پسماندہ اور غریب علاقوں میں گھر گھر جا کر ہزار ہا مستحق افراد میں گوشت کی فراہمی
- قیدیوں کی رہائی میں مدد اور معاونت
- مرکز برائے استعمال شدہ فرنیچر اور دیگر اشیاء
- QTV سے پروگرام دکھی دلوں کا سہارا (استخارہ پریشانیوں سے چھٹکارہ) LIVE نشر کیا جاتا ہے جس میں دنیا بھر میں لوگ اپنے جسمانی اور روحانی مسائل کے حل کے لیے رجوع کرتے ہیں ادارے کے سربراہ حضرت بشیر فاروقی قادری صاحب رحمٰن عزوجل کے پاک ناموں سے استخارے کے ذریعے ان کا علاج تجویز کرتے ہیں اس کے علاوہ روزانہ ادارے میں خطوط، ای میل اور ٹیلیفون کالز کے ذریعے دنیا بھر سے بے شمار پریشان حال لوگوں کے روحانی مسائل کے حل اور ان کے سوالات کے جوابات دے کر ان کے مسائل کئے جاتے ہیں
- سالانہ عید پیکیج، اس سال ان شاء اللہ عزوجل 12000 خاندانوں میں راشن اور کپڑوں کی فراہمی

ان تمام کاموں کے لئے ادارے کو ہر ماہ تقریباً 6 کروڑ روپے درکار ہیں

Marfat.com